UnEven Page Numbers Within The Book Only

UNIVERSAL LIBRARY

OU_222748

UNIVERSAL LIBRARY

جواہرِ سخن

یعنی اُردو شعرا کے کلام کا انتخاب

جسے

مولوی محمد مبین کیفیؔ، چریاکوٹی، نے مرتب کیا

پہلی جلد: پہلا دور

پہلا اور دوسرا حصہ

۱۹۳۴

ہندستانی اکیڈمی، صوبۂ متحدہ، الہ آباد

KITABISTAN

جواہرِ سخن

یعنی اُردو شعرا کے کلام کا انتخاب

جسے

مولوی محمد مبین کیفیؔ، چریاکوٹی نے مرتب کیا

پہلی جلد: پہلا دور

پہلا اور دوسرا حصہ

۱۹۳۳

ہندُستانی اکیڈمی صُوبۂ متحدہ، الٰہ آباد

Published by
The Hindustani Academy, (U. P.)
ALLAHABAD

First Edition

Price ...	*Rs. 4/8/-*	*(Paper)*
	,, 5/-	*(Cloth)*

Printed by
S. S. Srivastava at the K. P. Press,
ALLAHABAD

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	تعارف	الف
۲	تمہید	۱

خصوصیات دور اول

حصہ اول

شعراے دکن

۳	ھندی زبان کا اثر	۶
۴	فارسي زبان کا اثر	۱۱
۵	حصہ دوم شعراے دهلی	۱۴
۶	موسوي خاں - فطرت	,,
۷	عبدالقادر - بیدل	۱۵
۸	قبول	,,
۹	سراج الدین علي خاں آرزو ...	,,
۱۰	مراد علي قلي - ندیم	۱۹
۱۱	شمس الدین - فقیر	,,

انتخاب

حصہ اول

دور اول

نمبر شمار	مضمون			صفحہ
۱۲	وجھي ...	...	...	۲۱
۱۳	قطب مشتري	...	...	,,
۱۴	مجلس عيش و طرب ...		...	۲۳
۱۵	غزليں ...	...	...	۲۴
۱۶	محمد قلي قطب شاہ ...		...	۲۶
۱۷	باغ محمد شاھي	...	...	,,
۱۸	ننھي سانولي	...	...	۲۷
۱۹	تين غزليں...	..	...	۲۸
۲۰	اپني سالگرہ کے موقع پر لکھا ھے		...	۳۰
۲۱	متفرقات ...	...	...	۳۷
۲۲	قصيدہ ...	...	...	,,
۲۳	رباعي ...	..	...	,,
۲۴	نوحہ ...	...	...	۳۸
۲۵	سلطان محمد قطب شاہ ...		...	۳۹
۲۶	ساجن کی ياد	...	...	۴۰
۲۷	تھلتی کالا ...	...	...	,,
۲۸	غزل ...	...	...	,,
۲۹	خدا داد محل	.	...	۴۱
۳۰	عبداللہ قطب شاہ	...	...	۴۲

نمبر شمار	مضمون			صفحہ
۳۱	نمونۂ کلام ...	...	...	,,
۳۲	ملا غواصی ...	...	...	۴۴
۳۳	مثنوی بدیع‌الجمال (کشمت و خون)		...	۴۵
۳۴	ایک بدصورت شہزادی ...		...	,,
۳۵	مناجات ...	...	...	۴۶
۳۶	ملا قطبی ...	...	...	۴۷
۳۷	جلیدی ...	...	...	۴۹
۳۸	طبعی ...	...	...	,,

سوال و جواب بہرام و گل‌اندام

۳۹	بہرام کا سوال	...	...	۴۹
۴۰	گل اندام کا جواب	...	...	۵۰
۴۱	حب وطن ...	...	...	,,
۴۲	غور و مشورہ	...	...	۵۱
۴۳	ابن نشاطی	...	...	,,

نمونۂ پھول بن

۴۴	حمد ..	...	...	۵۲
۴۵	نعت ...	...	...	,,
۴۶	منقبت حضرت علی ...		...	,,
۴۷	مدح عبداللہ قطب شاہ		...	,,
۴۸	آغاز کلام ...	...	...	۵۳
۴۹	ابتدائے افسانہ	...	...	,,
۵۰	نوری ...	...	...	۵۴

نمبر شمار	مضمون	صفحه
۵۱	فائز	,,
۵۲	شاهي	۵۵
۵۳	مرزا	۵۶
۵۴	مرثیه	,,
	شعراے بیجاپور	
۵۵	نصرتي	۵۷
	نمونه علی نامه	
۵۶	حمد	۵۷
۵۷	منقبت شیر خدا	۵۸
۵۸	مدح بادشاه	,,
۵۹	مذمت طمع	,,
۶۰	مدح خواجه گیسودراز	,,
	گلشن عشق	
۶۱	مدح	۶۰
۶۲	نعت	,,
۶۳	مدح بادشاه	,,
۶۴	تعریف عقل و عشق	۶۱
۶۵	آغاز داستان	,,
۶۶	خاتمه	,,
۶۷	هاشمي	۶۴
۶۸	حمد	,,

نمبر شمار	مضمون			صفحه
۶۹	مناجات ...	...	...	,,
۷۰	غزل ریختي...	...	...	۶۵
۷۱	عاجز ...	...	...	,,
۷۲	ریختہ ...	...	...	۶۷
۷۳	مثنوي کا نمونہ	...	...	۷۳
۷۴	پنچھي ...	...	...	۷۵
۷۵	بحري ...	...	...	۷۶
۷۶	حمد ...	...	...	,,
۷۷	نعت ...	...	...	,,
۷۸	مدح پیر ...	...	...	,,
۷۹	مدح عالمگیر	...	...	,,
۸۰	امین ...	...	...	۷۸
۸۱	مومن ...	...	...	,,

احاطہ مدارس و بیجاپور

۸۲	ذوقي ...	...	...	۷۹
۸۳	نمونہ غزل ...	...	...	۸۰
۸۴	مجرمي ...	...	...	,,
۸۵	حمد ...	...	...	,,
۸۶	آغاز مثنوی...	...	...	۸۱
۸۷	تاریخ تصنیف	...	...	,,
۸۸	نام ...	...	...	,,
۸۹	نتھر اولیا ...	...	...	۸۲

نمبر شمار	مضمون			صفحہ
۹۰	ولی دکھنی ...	...	...	۸۲
۹۱	مناجات ..	...	...	۸۴
۹۲	مقصود ...	...	...	,,
۹۳	صبائی ...	...	...	۸۵
۹۴	احمد ...	...	...	,,
۹۵	آگاہ ...	...	...	,,
۹۶	آغاز ...	...	...	۸۶
۹۷	آغاز سیرت ...	...	...	۸۷
۹۸	وجدي ...	...	...	۸۸
۹۹	نمونہ باغ جاں فزا	...	...	,,
۱۰۰	آغاز ...	...	...	۹۲
۱۰۱	خاکي ...	...	...	۹۳
۱۰۲	آزاد ...	...	..	۹۸
۱۰۳	نمونۂ کلام ..	..	..	,,

شعرائے اورنگ آباد

۱۰۴	ولي ..	..	..	,,
۱۰۵	نعتیہ ..	..	..	۱۰۵
۱۰۶	مخمس ..	..	..	۱۳۶
۱۰۷	ترجیع بند	..	..	۱۴۰
۱۰۸	قصائد ..	..	..	۱۴۱
۱۰۹	مدح شاہ وجیہ‌الدین	..	..	,,
۱۱۰	نعت ..	..	..	,,

نمبر شمار	مضمون			صفحه
۱۱۱	تعریف شهر سورت	..	..	۱۴۱
۱۱۲	فراق گجرات	..	..	۱۴۳
۱۱۳	قطعات ..	..	..	"
۱۱۴	رباعیات ..	..	..	۱۴۵
۱۱۵	منقبت حضرت علي ..	..	..	"
۱۱۶	مدح بیت‌الحرام	..	..	"
۱۱۷	مدح حضرت میران محی‌الدین		..	۱۴۶
۱۱۸	مدح شاه وجیه‌الدین	..	..	"
۱۱۹	مثنویات ..	..	..	۱۴۶
۱۲۰	فردیات ..	..	..	۱۴۸
۱۲۱	ضمیمه ..	..	..	۱۵۰
۱۲۲	چار در چار ..	..	..	۱۵۳
۱۲۳	مستزاد ..	..	..	"
۱۲۴	قطعه ..	..	..	۱۵۴
۱۲۵	فردیات ..	..	..	۱۵۴
۱۲۶	ترجیع بند	..	..	۱۵۶
۱۲۷	نعت ..	..	..	۱۵۷
۱۲۸	حمد - نعت - منقبت	..	..	۱۵۹
۱۲۹	مدح شاه وجیه‌الدین	..	..	۱۶۱
۱۳۰	مخمسات ..	..	..	۱۶۲
۱۳۱	داؤن ..	..	..	۱۶۳
۱۳۲	عزلت ..	..	..	۱۶۶
۱۳۳	سراج ..	..	..	۱۶۷

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۳۴	رباعی	۱۷۳
۱۳۵	صارم	,,
۱۳۶	شہدا	۱۷۴
۱۳۷	واقف	۱۷۵
۱۳۸	عزیز	۱۷۶
۱۳۹	عاشق	,,
۱۴۰	مہدی	۱۷۷
۱۴۱	مرزا	۱۷۸
۱۴۲	مہر	,,
۱۴۳	ضیا	۱۷۹
۱۴۴	فضلی	۱۸۱
۱۴۵	منورالدولہ	۱۸۲
۱۴۶	شفیق	,,

حصہ دوم

شعراے دھلي

۱۴۷	آرزو	..	..	..	۱۸۵
۱۴۸	بہار	..	..	..	۱۸۸
۱۴۹	آصف	..	..	..	۱۸۹
۱۵۰	آبرو	..	..	..	۱۹۴
۱۵۱	مضمون	..	..	..	۲۰۲
۱۵۲	ناجي	..	..	..	۲۰۸
۱۵۳	مخمس	..	..	..	۲۱۳
۱۵۴	یکرنگ	..	..	..	,,
۱۵۵	مرثیہ	..	..	..	۲۲۰
۱۵۶	کلیم	..	..	..	,,
۱۵۷	رباعی	..	..	..	۲۲۵
۱۵۸	واقف	..	..	..	۲۲۶
۱۵۹	حاتم	..	..	..	۲۳۳
۱۶۰	قطعہ	..	..	..	۲۴۹
۱۶۱	قطعہ	..	...	..	۲۵۰
۱۶۲	امانی	..	..	..	۲۵۱
۱۶۳	فغاں	..	..	..	۲۶۳
۱۶۴	مظہر	..	..	..	۲۷۲

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۶۵	حسرت	۲۷۷
۱۶۶	یقین	۲۸۴
۱۶۷	بیان	۲۹۳
۱۶۸	تاباں	۳۰۰
۱۶۹	شاعر	۳۰۲
۱۷۰	ضیا	۳۰۴
۱۷۱	رباعی	۳۰۹
۱۷۲	احسن	,,
۱۷۳	عشق	۳۱۱
۱۷۴	قدرت	۳۱۳
۱۷۵	مائل	۳۲۴
۱۷۶	حزیں	۳۲۷
۱۷۷	لطف	۳۳۳
۱۷۸	رباعیات	۳۳۹
۱۷۹	رنگین	۳۴۰
۱۸۰	رباعی	۳۴۵
۱۸۱	حمد باری	۳۴۵
۱۷۲	حکایت طوطا	۳۴۷
۱۸۳	نثار	۳۴۸
۱۸۴	حسرت	۳۶۱
۱۸۵	ساقی نامہ	۳۷۳
۱۸۶	قسمت	۳۷۴
۱۸۷	مسلون	۳۷۵

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۸۸	وفا	۳۸۳
۱۸۹	راقم	۳۸۷
۱۹۰	فیض	۳۹۰
۱۹۱	خاموش	۳۹۲
۱۹۲	امین	۳۹۳
۱۹۳	مثنوی	۴۰۰
۱۹۴	حسن	۴۰۱
۱۹۵	گرفتار	۴۰۵
۱۹۶	عظیم	۴۰۷
۱۹۷	رباعی	,,
۱۹۸	مخمس ہجو انشا	۴۱۱
۱۹۹	بقا	۴۱۲

اسماے شعرا

نمبر شمار			نام شعرا
۱	..	..	وجهي
۲	..	..	محمد قلي قطب شاه
۳	..	..	سلطان محمد قطب شاه
۴	..	..	عبدالله قطب شاه
۵	..	..	ملا غواصی
۶	..	..	ملا قطبی
۷	..	..	جنیدی
۸	..	..	طبعي
۹	..	..	ابن نشاطي
۱۰	..	..	نوری
۱۱	..	..	فائز
۱۲	..	..	شاهی
۱۳	..	..	مرزا
۱۴	..	..	نصرتی
۱۵	..	..	هاشمي
۱۶	..	..	عاجز
۱۷	..	..	پنچهي
۱۸	..	..	بحري
۱۹	..	..	امین

نمبر شمار	نام شعرا
۲۰	مومن
۲۱	ذوقی
۲۲	مجرمی
۲۳	نتھر اولیا
۲۴	ولی دکھنی
۲۵	محمود
۲۶	صبائی
۲۷	احمد
۲۸	آگاہ
۲۹	وجدی
۳۰	خاکی
۳۱	آزاد
۳۲	ولی
۳۳	داود
۳۴	عزلت
۳۵	سراج
۳۶	صارم
۳۷	شہدا
۳۸	واقف
۳۹	عزیز
۴۰	عاشق
۴۱	مہدی
۴۲	مرزا

نمبر شمار	نام شعرا
۴۳	مہدی
۴۴	ضیا
۴۵	فضلی
۴۶	منورالدولہ
۴۷	شفیق
۴۸	آرزو
۴۹	بہار
۵۰	آصف
۵۱	آبرو
۵۲	مضمون
۵۳	ناجی
۵۴	یکرنگ
۵۵	کلیم
۵۶	واقف
۵۷	حاتم
۵۸	امانی
۵۹	فغاں
۶۰	مظہر
۶۱	حسرت
۶۲	یقین
۶۳	بیاں
۶۴	تاباں
۶۵	شاعر

نمبر شمار			نام شعرا
۶۶	...	...	ضیا
۶۷	...	...	احسن
۶۸	...	...	عشق
۶۹	...	...	قدرت
۷۰	...	...	مائل
۷۱	...	...	حزیں
۷۲	...	...	لطف
۷۳	...	...	رنگیں
۷۴	...	...	نثار
۷۵	...	...	حسرت
۷۶	...	...	قسمت
۷۷	..	...	ممنون
۷۸	...	...	وفا
۷۹	...	...	راقم
۸۰	...	...	فیض
۸۱	...	...	خاموش
۸۲	...	...	امیں
۸۳	...	...	حسن
۸۴	...	...	گرفتار
۸۵	...	...	عظیم
۸۶	...	...	بقا

تعارف

چھ سال کي مسلسل کوششوں کے بعد اکیڈیمی "جواھر سخن" کي پہلي جلد پبلک کے روبرو پیش کرتي ھے ' اکیڈیمی کي مجلس انتظامیہ نے سنہ ۱۹۲۷ع میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ اردو کے سربر آوردہ سخنوروں کے کلام کا انتخاب شائع کیا جائے ' ضرورت یہ تھی کہ ایک ایسا جامع انتخاب مرتب ہو جس میں نہ صرف غزلوں کا انتخاب ہو بلکہ وہ ہر صنف سخن پر حاوي ہو ' اس میں تاریخي اصول بھي مد نظر رھے تاکہ شعر اور اس کے زمانے کا تعلق عیاں ہو جاے اور زبان کی تدریجی ترقی کی منزلیں نگاہ کے سامنے آ جائیں - اس انتخاب میں اس امر کا بھی لحاظ رکھا جاے کہ نہ تو اتنا مختصر ہو کہ شاعر کي خصوصیات اور اس کے شاھکاروں کی پوري طرح نمایندگی نہ ہوسکے ' نہ اتنا بسیط ہو کہ اس میں کل رطب و یابس شامل ہو جائیں ' چنانچہ یہ انتخاب انھیں اصولوں کے تحت میں تیار ھوا ھے ' اس کے علاوہ اس میں شعرا کے انتخاب کے معاملے میں بھي احتیاط برتي گئي ھے ' جہاں تک ممکن ھوا

ہے ہر ایسا شاعر جس کو صاحب طرز کہہ سکتے ہیں اس میں شامل کیا گیا ہے -

اردو شاعری کے ابتدا سے آج تک متعدد دور قائم کئے گئے ہیں ' ہر دور ایک خاص زمانے تک محدود ہے ' جو شاعر اس زمانے میں ہوے ' یا جو کلام حیطۂ تحریر میں آئے ' تاریخ کی قیود کے مطابق اس دور کے تحت میں جمع کر دئے گئے : آخری دور کے متعلق یہ تحریر کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جو شعرا بہ قید حیات ہیں ان کو اس انتخاب میں جگہہ نہیں دی گئی کیونکہ ان کے کارناموں کے متعلق خامہ فرسائی قبل از وقت معلوم ہوتی ہے -

انتخاب سخن کے علاوہ ' شاعروں کے حالات اختصار کے ساتھہ درج کئے گئے ہیں اور ہر شاعر کے کلام پر بہت مختصر نقد و تبصرہ بھی کر دیا گیا ہے - ہر جلد میں انتخاب سے پہلے خلاصہ دور کی صورت میں ' دور کی شعری خصوصیات پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے ' مقصد یہ ہے کہ ناظرین کو '' جواہر سخن '' کے ذریعہ سے اردو شاعری سے مجملاً واقفیت اور اردو کے ان کارناموں سے تعارف ہو جاے جن پر اردو ادب کی عظمت کا انحصار ہے -

اکیڈیمی کی مجلس انتظامیہ نے یہ کام مولوی محمد مبین کیفی چریا کوتی اردو اسکالر کے سپرد کیا انہوں نے اردو کے کثیر دواوین ' کلیات ' انتخابات ' تذکرے اور سوانح سامنے رکھہ کر یہ انتخاب تیار کیا ' چونکہ شعر کا انتخاب زیادہ تر ذاتی رحجانات کے زیر اثر ہوتا ہے لیکن اکیڈیمی کو یہ منظور تھا

که اس کی طرف سے جو انتخاب نکلے اس میں یه کوشش کی جاے که جہاں تک ممکن هو ایسا هر دلعزیز مجموعه مرتب هو جس سے مختلف‌الطبائع ناظرین لطف اندوز اور محظوظ هو سکیں ، اس لیے مجلس انتظامیه نے ایک کمیٹی انتخاب پر نظر ثانی کی غرض سے مقرر کی ، یه کمیٹي چھ ارکان پر مشتمل تھی ، هر رکن کے سپرد ایک ایک جلد هوئي مثلاً جناب مولانا سید محمد سلیمان صاحب ندوي نے پہلی - جناب مولانا سید مسعود حسن صاحب رضوي ادیب ایم - اے ریڈر لکھنؤ یونیورسٹي نے دوسری جلد - جناب نواب جعفر علي خاں صاحب اثر بی - اے نے تیسري - جناب ڈاکٹر عبدالستار صاحب صدیقي ایم - اے پی ایچ ڈي پروفیسر عربي و فارسی الہ‌آباد یونیورسٹي نے چوتھی - جناب مولانا نعیم‌الرحمان صاحب ایم - اے لکچرر فارسي ، الہ‌آباد یونیورسٹی نے پانچویں اور مرزا محمد عسکری صاحب بی - اے نے چھٹویں جلد کي تصحیح اور اس پر نظر ثانی کي - کمیٹي نے به حیثیت مجموعي ایک دستورالعمل بنایا جس کے تحت هر ممبر یا رکن نے نظر ثانی کي - اس طرح اصل کتاب کی چھ جلدیں تیار هوئیں اور انتخاب کی چھان بین هوئي ، ان جلدوں کے علاوه ایک جلد بسیط مقدمه پر شامل هے جس میں تمام اصناف سخن پر بحث کی گئی هے -

دکني شعرا کے کلام کے انتخاب میں جو غیر معمولي دقتیں پیش آئیں ان میں سب سے زیاده یه هے که ان کے کلام کے جتنے انتخاب اب تک شائع هوئے هیں ان میں بیشتر ایسے هیں جن میں دکني الفاظ کے صحت اور سقم کی چنداں پروا

کرنے کي غرض سے تیار کیا گیا ھے - مکمل انتخاب چھہ جلدوں اور چھہ دوروں میں ختم ھوا ھے - پہلي جلد اور پہلے دور کے دو حصے ھیں - پہلے حصے میں شعراے دکن کے کلام کا نمونہ اور ان کے مختصر حالات ھیں ' دوسرے حصے میں شعراے دھلي کے کلام کا نمونہ اور ان کے مختصر حالات اور خصوصیات درج ھیں -

—

خصوصیات

دور اول

حصہ اول

(شعرائے دکن)

اس دور میں قریب قریب تمام اصناف سخن موجود ھیں ' مسلسل نظمیں ' اخلاقي اشعار ' مناظر قدرت ' مستقل عنوانوں کے تحت میں مستقل نظمیں بھي ھیں -

ریختي کي ابتدا بھی اسي دور میں ھوئي ' مذاقیہ نظمیں جعفر زٹلی نے لکھیں ' لیکن ان پر بیان کی سادگي ' ایر پھیر سے اجتناب غالب ھے ' جو مضمون بیان کیا جاتا ھے بیساختگي سے ' جابجا تناسب لفظي بھي ھے لیکن اس کي صورت اتني ناگوار نہیں کہ اس کے احساس اور ادراک سے نفرت پیدا ھو یا سلسلۂ بیان سے کوئي شے الگ تھلگ معلوم ھو -

دکني شاعري کي لفظي خصوصیات میں یہ امر نمایاں ھے کہ اس نے اپنے فاتحوں کا اثر قبول نہیں کیا ' اس سے جہانتک ھو سکا اپنی ھي زبان کا آئینہ بني رھي اگرچہ اس تعصب اور سخت‌گیري نے اس کو محدود دائرے سے آگے بڑھنے نہیں دیا ' جہاں سے اس میں وسعت شروع ھوئي ھے وھیں سے فارسي زبان کا اثر معلوم ھوتا ھے -

مصنف گل رعنا نے اُردو پر فارسي اثرات کے متعلق یہ الفاظ لکھے ھیں :-

" چونکہ اُردو شاعري کي ابتدا فارسي کي انتہا سے جا ملي ھے لہذا بہت سے خیالات جو خاص ملک فارس سے علاقہ رکھتے ھیں اس میں خودبخود آگئے ' ان خیالوں نے اُردو شاعری کو سنگلاخ بنا دیا ۔ "

ایک طرف اگر یہ تسلیم کر لیا جاے کہ فارسی خیالات کے تتبع نے اُردو کو سنگلاخ بناکر اُس کی اصلي بہار کھو دي یعني جو بات اُس کو ھندوستان کي محسوس اور مرئي اشیا کو پیش نظر رکھنے سے حاصل ھوتي وہ فارس کي غیرمرئي ' اور غیر محسوس اشیا کے پیش نظر رکھنے سے حاصل نہیں ھوئي ' وھیں یہ بھي ماننا پڑیگا کہ فارسي کي طرز ادا اور انداز بیان کي تقلید نے اُردو شاعری کو بہت کچھہ آگے بھی بڑھا دیا ' لیکن باوجود اس کے اس دور کا یہ امتیاز نمایاں ھے کہ اس نے فارسي کا اثر بہت کم قبول کیا ھے ' جو کچھہ ھے وہ براے نام ھے اور اس کا پیوند نمایاں معلوم ھوتا ھے ۔

یہ بیان ظاھری اور لفظي گلکاریوں کے متعلق تھا ' اس کے علاوہ معنوي خصوصیات اور اثرات نے بھي شاعري کو متاثر کیا ھے ۔

اس کي وجہ یہ ھے کہ دکن جس طرح اس وقت ادبی ذوق کا مرکز تھا ' اُسي طرح فقرا کے تبلیغ و اشاعت کے اثر سے بھی مالامال تھا ۔

بہاءالدین باجن ' شاہ علي گام ' شیخ خوب محمد ' امین‌الدین گنج علم ' خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کے ایسے بزرگوں کي تبلیغ و اشاعت اور تصوف کا نغمہ تمام دکن میں گونج رہا

تھا ' اس لئے شاعری کا اس رنگ سے متاثر ہونا ضروری تھا - چنانچہ اس دور کی شاعری میں جو چیز بقدر مشترک موجود ہے وہ مختلف رنگوں اور اصناف میں خدا پرستی ' مذہبی رنگ کا غلو ' تصوف ' تعلیم اخلاق ' وغیرہ کا نمایاں ہونا ہے ' عشق مجازی کی جگہ ' عشق حقیقی کے جذبات جلوہگر ہیں -

چونکہ تصوف کا شمار آل رسول کے ساتھہ محبت اور عقیدت بھی ہے اور ساتھہ ہی بیجاپور و دکن میں جو اسلامی سلطنتیں اس وقت قائم تھیں ' ان کے فرمانروا اکثر شیعہ تھے ' اس لئے اس دور میں مراثی کی فراوانی کے ذریعہ سے حضرت علی اور حسنین علیہم‌السلام کے ساتھہ جوش عقیدت اور ان کے دشمنوں کے ساتھہ نفرت اس دور کا نمایاں رنگ ہے -

توحید و رسالت ' محاورات و مصطلحات تصوف ' جام ' ساغر ' ساقی میخانہ ' میکشی ' شراب عرفان کے مضامین اکثر مسلسل نظموں اور غزلوں کا موضوع خصوصی ہیں - شعرائے دکن نے ان تمام خیالات اور مصطلحات سے اپنی شاعری کو متاثر کیا ہے -

ہندی زبان کا اثر

دکنی زبان اور بالخصوص دکنی شاعری جو اس دور میں نمونہ پیش کرتی ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندی کا اثر دکنی اردو پر پہلے ہی سے وسیع حد میں موجود تھا ' بہک نظر معلوم ہوتا ہے کہ ہندی زبان کے خصوصیات لفظی و معنوی ' ترکیب ' طرز ادا ' جذبات ' تخیل ' تشبیہ و استعارے سب کچھہ دکنی شاعری میں موجود ہیں -

ترکیب اور تشبیہ کی مثال ایک ساتھہ یہ ہے :-

پون سیتی ہت راکھی ہے آپ کمر
سورج چند نمن جھمکے دوزر کمر

شعر کی ترکیب ہندی ہے ' ہندی میں مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان کا لفظ اضافت (کا ' کی ' کے) محذوف ہوتا ہے ' مثلاً '' نیلن نیر '' آنکھوں کے آنسو ' کبھی آنکھوں میں آنسو کے معنی میں بھی آتا ہے - یہ صورت دکنی شاعری میں کثرت سے ہے -

تشبیہ بھی چاند سورج سے اثر دی جاتی ہے ' تخئیل اور طرز ادا بھی اس شعر کی ہندی ہے -

ہندی شاعری کی یہ خصوصیت اُردو کے لئے قابل رشک ہے کہ اس میں اظہار جذبات اکثر سادہ انداز میں کیا جاتا ہے ' یہی وجہ ہے کہ اس کی دلنشینی میں شبہہ نہیں رہتا ' دکنی اردو شعرا نے اس رنگ کو بھی اُڑایا ہے ' ہندی شعرا مشکل اور ناآشنا الفاظ استعمال کرنے سے پرہیز کرتے ہیں ' دکنی شعرا نے اپنی شاعری میں اس کو بھی پیش نظر رکھا ہے بلکہ کہا جا سکتا ہے کہ دکنی اردو شاعری میں جہاں تک اس کا اہتمام ہے شاعری دلچسپ اور اثرانداز ہو گئی ہے -

ہندی میں لفظ ذو معنیین کا استعمال بھی جائز ہے ' مثلاً :-

کنور پیا انکھیو نہیں لاگی
جب سے لگے یہ نین

'' پیارے کنور ! میری آنکھہ نہیں لگی (نیند نہیں آئی)

جب سے یہ آنکھیں لگیں (محبت ہوئي) - آنکھ لگنے کے دو معنے ہیں -

دکني شاعری میں اس کا چربہ بھي اتارا گیا ہے ' ولي کے کلام میں جا بجا اس کي مثال ملےگي مثلاً اس کا ایک شعر اس طرح ہے :-

کیا سہم ہے آفات قیامت سنی اس کوں
کھایا جو گئی تیر تجھہ ابرو کي کماں کا

" سہم " کے معنے ڈر اور تیر دونوں کے ہیں ' یہاں یہ لفظ دونوں معنے ادا کر رہا ہے -

ہندی میں عشق کا اظہار عورت کي زبان سے ہوتا ہے ' دکنی اردوے قدیم میں اس کا نمونہ بھي ہے مثلاً ہاشمی کاشعر ہے :-

سجن آویں تو پردے کے نکل کر بھار بیٹھونگي
بہانہ کر کے موتین کا پروتي ہار بیٹھونگی

فارسي زبان کا اثر

یہ عجیب بات ہے کہ دکني زبان جس قدر آگے بڑھتي گئي ہے اس پر فارسی خیالات ' جذبات ' طرز ادا ' ترکیب ' تشبیہیں اور استعارے قابو پاتے گئے ہیں ' چنانچہ ولي کی شاعري کے بعض حصے دکني سے بالکل علیحدہ معلوم ہوتے ہیں -

گل و بلبل ' سرو ' قمري ' شمع و پروانہ ' تغزل کے اجزا بن گئے اور یہ چیزیں بیشتر اظہار عشق کا ذریعہ بن گئیں ' اس کي وجہ یہ ہے کہ فارسي کي شاعری تغزل سے زیادہ تصوف لیکر آئي اور اس کو فضا نے قبول کر لیا -

خسرو، حافظ، سعدي، جامی، مولانائے روم، صوفی بھي تھے اور شاعر بھي، اس لئے ان کا رنگ غالب رہا، دکن کے صوفیوں نے اس کے لئے زمین پہلے ھي طیار کرلي تھي اس لئے یہ شاعري یہاں آکر پھولی پھلي -

دکنی شاعري کي ابتدا میں عروض، بحر و وزن کي بھي شدید پابندي معلوم نہیں ھوتي، لیکن فطرت سلیم حتي‌الوسع اس راہ سے بھٹکتي ھوئي کم دکھائي دیتي ھے - اس کي وجہ یھي ھے کہ دکني شاعري میں اکثر ھندي بحریں رائج تھیں، فارسي کے تدریجي اثر نے اپني مروجہ بحریں پیش کرا دیں، اس لئے حتي‌الوسع پابندي کے ساتھہ وھی رائج ھو گئیں، پہلے کھینچ تان، تخفیف اور اضافے بالکل کم ھوتے ھوتے معدوم ھو گئے -

اس حصہ کے صاحبان طرز میں قطب شاہ دکن کا سب سے پہلا یا دوسرا شاعر کہا جاتا ھے - اس کا دیوان تمام اصناف سخن پر حاوی ھے - بقول مولوي عبدالحق صاحب، دیوان کی ضخامت کا یہ حال ھے کہ بادشاہ تو بادشاہ اس دور کا کوئي پیشہ‌ور شاعر بھي مقابلہ نہیں کر سکتا -

اس نے مثنویاں، قصائد، مراثي، غزلیں، مستقل نظمیں، اور اصناف اس طرح پیش کي ھیں کہ ھر صنف کو دوسري صنف سے اپني خصوصیات کے ساتھہ علیحدہ اور نمایاں دکھایا ھے - مثنویوں میں اپنے زمانہ کے پھولوں، میووں، ترکاریوں، پرندوں، اور رسم اور رواجوں کو بیان کیا ھے -

نصرتي بھي اس دور اور اس حصہ کا بہت قادرالکلام شاعر

تھا ' اس کے اشعار میں نسبتاً روانی زیادہ ھے - اس کی غزلیں ' مثنویاں ' نظمیں ' خاص رنگ رکھتی ھیں ' علی نامہ اس کا مشہور کارنامہ ھے ' گلشن عشق اور گلدستہ عشق بھی اسی کی تصنیفوں میں سے مشہور ھیں - وجہی کی مثنوی قطب مشتری مشہور ھے ' اس کی رباعیاں بھی خاص درجہ رکھتی ھیں -

غواصی کی ھجو ' بدصورت شہزادی کے عنوان سے قابل ذکر ھے ' اس نے ملا ضیاءالدین نخشبی کے طوطی نامہ کا اردو نظم میں ترجمہ کیا ھے -

قطبی کے مضامین پند و نصائح نظم میں پر اثر جذبات کا مرقع ھیں -

نشاطی کی مثنوی پھول بن اس دور کی مشہور مثنویوں میں سے ھے - اس کی زبان سادہ اور طرز بیان دلکش ھے -

جعفر زتلی کا تمسخر اور مذاق اس دور کا خاص انداز ھے -

ھاشمی کی ریختی اولیت کے اعتبار سے قابل ذکر ھے -

قاضی محمود بحری نے اپنی نظموں میں رموز تصوف بیان کئے ھیں - ان کی مثنوی " من لگن " مشہور ھے -

ھاشم علی نے بہتر مرثیے لکھے -

ولی اس دور کا سب سے بڑا اور مستند شاعر ھے جس نے حقیقتاً اُردو شاعری کی بنیاد رکھی -

حصہ دوم

(شعرائے دہلی)

جو زمانہ دکن میں دکنی اُردو کی ترقی اور بتدریج غلبۂ فارسیت کا تھا وہی دہلی میں شاعری کے آغاز کا تھا ۔

دکن کے خاتم الشعراء ولی جب دہلی آئے تو اُن کے معاصرین حسب ذیل شعراء کا نام اہل تذکرہ لیتے ہیں ۔

قزلباش خاں امید ۔ سلیمان قلی خاں وداد ۔ علی قلی خاں ندیم ۔ شیخ سعداللہ گلشن ۔ مرتضیٰ قلی خاں فراق ۔ میر شمس‌الدین فقیر ۔ مرزا عبدالقادر بیدل ۔ سراج الدین علی خاں آرزو ۔

اِن اساتین شاعری میں سعد اللہ گلشن وہ بزرگ ہیں جن کے فیض صحبت نے ولی کو اُردو کا شاعر بنایا ، سراج الدین علی خاں آرزو وہ شخص ہیں جن کے آغوش تربیت و تعلیم نے میر کے ایسا استاد شعراء طیار کیا ۔

دہلی کی اُردو شاعری پر ابتدا سے فارسی کا غلبہ ہے ، اس کی وجہ تذکرہ نویسوں نے یہ بتائی ہے کہ فارسی‌گو شعرا اس طرف متوجہ ہوے اور ان کی توجہ نے اُردو شاعری کو سند قبول عطا کیا ۔

ان کے کلام کا نمونہ اُردو ٹکسالی کا قدیم‌ترین نمونہ کہا جائےگا ۔ چنانچہ اِن کے بعض نمونے یہ ہیں :۔

۱ ۔ موسوی خاں ، فطرت

از زلف سیاہ تو بدل دھوم پڑی ہے
در گلشن آئینہ گھٹا جھوم پڑی ہے

۲ - عبدالقادر' بیدل

مت پوچھہ دل کي باتیں یہ دل کہاں ھے ہم ھیں
اس جنس بےنشاں کا حاصل کہاں ھے ہم ھیں
جب دل کے آستاں پر عشق آن‌کر پکارا
پردے سے یار بولا بیدل کہاں ھے ھم ھیں

۳ - قبول

بعض تذکرہ‌نویسوں نے قبول کا نام عبدالغني لکھا ھے' مولف "تاریخ ادب اُردو" نے بھي یھي نام لکھا ھے' لیکن میر حسن اپنے تذکرے میں اِن کا نام غني بیگ لکھتے ھیں :-

حاضري بن محل نہیں کھاتا
بیکسي ھے پنیر مدعم کا

۴ - سراج الدین علي خاں' آرزو

وعدے تھے سب خلاف جو اُس لب سے ہم سنے
یہ لعل قیمتي دکھو جھوتا نکل گیا

مرے شوخ خراباتي کي کیفیت نہ کچھہ پوچھو
بہار حسن کو دي آب جب اُن نے چرس کھیلنچا

میخانہ بیچ جاکر شیشے تمام توڑے
زاھد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے

رکھے سیپارۂ گل کھول آگے عندلیبوں کے
چمن میں آج گویا پھول ہیں تیرے شہیدوں کے

دریا عرق میں ڈوبا تجھہ سیمتن کے آگے
موتی نے کان پکڑا تیرے سخن کے آگے

تیرے دہن کے آگے دم مارنا غلط ہے
غنچے نے گانٹھہ باندھا سن کر سخن ہمارا

---

٥ - مراد علي قلي ' ندیم

جدائی میں تري ہم کیا کہیں کس طرح جلتے ہیں
بجاے مو ' بدن سے شعلۂ آتش نکلتے ہیں

بے قرار عشق کو ہے زندگي نقص کمال
مر چکے سیماب تب کہتے ہیں یہ اکسیر ہے

---

٦ - شمس الدین ' فقیر

ترا منہہ دیکھہ بلبل گل ستي بیزار ہو جاے
اگر گل تجھہ تلک پہونچے ' گلے کا ہار ہو جاے

زندگي موج آب ہے گویا
دم کا آنا حباب ہے گویا

خال تھري بھاض گردن پر
نقطۂ انتخاب ہے گویا [۱]

ان مختصر نمونوں پر نظر کرنے سے حسب ذیل خصوصیات معلوم ہوتے ہیں :-

۱ - زبان ' ترکیب ' محاورات خیالات ' اصطلاحات کے اعتبار سے اُردو کی ٹکسالي شاعري نمایاں طور سے فارسی کي پیدا وار ہے -

۲ - جابجا الفاظ پر زیادہ زور دیا گیا ہے ' آرزو کے اشعار میں رعایت لفظی بھی پائي جاتي ہے ' مثلاً '' فقیر '' کے شعر میں گل کي رعایت سے گلے کا ہار ' اس کے علاوہ تجنیس خطی و لفظي کی بھی جھلک ہے -

۳ - اس زمانے کے لوگوں کو ایہام کا کچھ ایسا شوق تھا کہ اُس کے آگے مضمون ' لطف بیان ' سلاست زبان ' کسي چیز کي پروا نہ کرتے تھے -

۴ - مضامین کے اعتبار سے خیالات اور جذبات بالکل فارسي کے ہیں ' ان میں تصوف ' اخلاق ' خمریات و رندي ' واردات عشق کے سلسلے میں گل و بلبل ' ہمہ اوست ' وحدت وجود ' موجود ہے -

یہ ظاہر ہے کہ ان پیش رو شعرا نے جو نئی راہ نکالی وہ مقلدین کے لیے سند تقلید بن گئي - شاعری جس قدر آگے

---

[۱] تذکرۂ میر حسن - گلشن ہند - مخزن نکات - گلرعنا -

بڑھتی گئی معنویت غالب آتی گئی ' چنانچہ مظہر جان جاناں کا کلام اس نظر سے دیکھنے پر اس راے کی تصدیق ہوتی ہے - معنوی ترقیات میں جذبات تصوف کے ساتھ جذبات تغزل کی ابتدا بھی اسی دور میں ہو چکی تھی ' فارسی کے وسیع اثر میں کمی اور اُردو میں ترقی کی طرف قدم اسی دور سے بڑھنے لگا - مظہر کا کلام اِن خصوصیات کا آئینہ ہے - لفظی اہتمام بھی اِس دور میں کم ہے ' مظہر نے خلوص جذبات عشق و تصوف کے ساتھ بیان کی سادگی اور زبان کی بے ساختگی کا بہت خیال کیا ہے ' مظہر ہی پہلے شخص ہیں جنھوں نے کلام میں درد کی چاشنی پیدا کی - اُن کے خصوصیات کی پیروی اُن کے اکثر شاگردوں نے کی ہے -

قواعد عروض ' ردیف اور قافیہ کی صحت کا بھی چنداں خیال نہ تھا ' بندش بالکل معمولی ہوتی تھی - یہ چیزیں قریب قریب اِس دور کے دونوں حصوں میں مشترک ہیں -

البتہ شاہ حاتم نے اصلاح زبان کی طرف توجہ کی اور اکثر ناپسندیدہ الفاظ خارج کر دیے -

بھاشا کے اثر سے زبان کو خالص کرنا بھی اِس دور کے اِسی حصے سے شروع ہوا ' اور دکنی الفاظ بھی اکثر بالالتزام ترک کیے گئے -

اِس دور کے صاحبان طرز میں مظہر اور حاتم بہت مشہور ہیں - تمام اصناف سخن پر غزل گوئی غالب ہے ' اُس کے مقابلے میں دوسرے اصناف بالکل ضمنی معلوم ہوتے ہیں -

دور اول کے دوسرے حصے میں آرزو و حاتم اور مظہر کے علاوہ آبرو ، حسرت ، یقین ، تاباں ، مضمون ، بھی مشہور صاحبان طرز ھیں - کلیم وہ شخص ھیں جن کی تعریف میر نے اپنے تذکرے میں مبالغے کے ساتھ کی ھے -

اِس دور میں عموماً تمام اصناف پر طبع آزمائی کی گئی ھے لیکن زیادہ زور غزل پر دیا گیا ھے - تغزل کے ساتھ زبان میں بھی اس طرح ترقی ھوئی ھے کہ فارسی پر اُردو کا غلبہ نظر آتا ھے ، محاورات کی طرف بھی توجہ کی گئی ھے ، مظہر نے ٹھیٹھ محاورے بھی استعمال کیے ھیں - مثلاً —

خدا کے واسطے اُس کو نہ ٹوکو
یہی اِک شہر میں قاتل رہا ھے

صحت الفاظ کی طرف حاتم نے توجہ کی اور صحت کا معیار وھی قائم کیا جو فارسی میں ھے لیکن " بھرۂ پان " کی ترکیب سے بھی اس دور میں دریغ نہیں کیا جاتا - اِس نوع کی ترکیبیں سودا اور میر کے زمانے تک برابر رایج رھیں -

آخر میں یہ کہنے کی ضرورت ھے کہ ھم نے ترتیب دور میں زیادہ‌تر زبان کی تدریجی ترقی کا خیال رکھا ھے - اگرچہ ترتیب سال و سن سے بھی اعراض نہیں کیا گیا ھے لیکن جہاں کہیں اِن دونوں میں تصادم ھوا ھے ھم نے پہلی شکل کو ترجیح دی ھے -

دور اول حصہ اول میں ترتیب کا تقریباً وھی لحاظ ھے جو عام طور پر رایج ھے - حصہ دوم میں بعض شعرا کی ترتیب نام و سن میں زبان اور شاعری کے لحاظ سے کچھ تقدیم و تاخیر

کي گئي هے - ليکن وہ کل شعرا آگئے هيں جن کا تعلق اس دور سے زبان اور شاعري کے اعتبار سے هے -

پهلي جلد کے انتخاب ميں کوشش کي گئی هے کہ اشعار کی تعداد کے لحاظ سے منتشر نمونے يکجا هو جائيں اِس لئے کہ اِس دور کے شاعروں ميں سے کمتر ايسے هيں جن کے ديوان شايع هوئے هيں -

انتخاب

حصہ اول - دور اول

وجہي [۱]

وجہي تخلص (نام کا پتا نہیں چلتا غالباً تخلص ہی نام بن گیا تھا) گولکنڈے کا رہنےوالا ' ابراہیم قطب شاہ کا درباري شاعر تھا -

کلام میں مضمون‌آفریني ' طرز ادا ' گداز ' سب کچھ ہے ' زبان ٹھیٹھ دکني قدرے فارسی‌آمیز ہے ' مذہب اور ضروریات مذہب کا غلو معلوم ہوتا ہے -

' قطب مشتري ' اور ' سب رس ' اس کی تصنیفیں ہیں -

قطب مشتري

نہ بھئیں پر دسے وہ نہ اسمان میں
رہیا شہ اُسی نار کے دھیان میں

---

[۱] وجہی ' بقول مصنف اُردو شہ‌پارے ابراہیم قطب یعنی محمد قطب شاہ کے باپ کا درباري شاعر تھا -

بعض واقعات اور قرائن بتاتے ہیں کہ وجہي محمد قلی قطب شاہ کي ولیعہدي یا شہزادگی کے زمانے سے پہلے کہنہ مشق پختہ‌کار عمر رسیدہ شاعر ہو چکا تھا اس لئے اس کا نام محمد قلي قطب شاہ سے پہلے آنا چاہئے - تفصیل کے لئے دیکھئے اُردو شہ پارے - مرتب -

لگیا تلملانے بہوت دھات سوں
کہیا جائے نا بات وو بات سوں
نہ یو بات ہر ایک کوں فام ہوئے
وہی جانے جس پر جو یو کام ہوئے
کدھیں جو ہنسے ہور کدھیں کچ روئے
کدھیں سدھ پاوے کدھیں سدھ کھوے
اِسی دھات دن رات رہتا اچھے
اپس میں اپے یوں وہ کہتا اچھے
بھلائی چلچل دھن وو یوں شاہ کوں
کہ لبدائے جیوں کہربا کاہ کوں
اُٹھے ہور پھر سوے شاہ جائے کر
کہ وو نار بھی خواب میں آئے کر
جو ہر بار یوں خواب میں یار آے
تو عاشق کوں بن خواب بھی کچ سلبھائے
پریشان حیران بے تاب تھا
نہ کچ اُس کوں آرام، نا خواب تھا
لگیا شاہ اُساسان بھرن آہ مار
کہ نزدیک نیں ہے وو گلونت نار
کدھیں بے خبر ہوئے کدھیں ہوئے ہشیار
کدھیں پیو پھو کے [۱] کدھیں یار یار
یو سن مہارباں سب خبردار ہوئے
جو مستاں تھے دوں سو ہشیار ہوئے

---

[۱] یعنی ''کہے'' - اِسی طرح آگے ایک شعر میں ''کو'' یعنی ''کہوں'' -

بہوت دہات سوں بات سمجھاے کر
کہے شہ کوں نزدیک آے کر
کہ اے شہ توں جم شاہ خرم ہو آج
نہیں غم تجے توں بے غم ہو آج
جکچہ تج کوں ہونا سو حاضر ہے سب
اُساساں جو بہرتا سو توں کیا سبب
کہیا شاہ دل نیچ دہرنا بہلا
کسی پاس ظاہر نہ کرنا بہلا
کسے گوں کہ ملنج عشق اُس کا اہے
وہی جانے ملنج عشق جس کا اہے

مجلس عیش و طرب

شہنشہ مجالس کیے ایک رات
وزیراں کے فرزند اتہے سب سلگات
ہر اک خوبصورت ہر اک خوش لقا
سو ہر ایک دلکش ہر اک دل ربا
مہابت کے کاماں میں جم جم ہے جیوں
شجاعت کے کاماں میں رستم ہے جیوں
ندیم ہور مطرب ' سگہڑ فہمدار
اتہے شہ سوں ملکر یو سب ایک تہار
صراحی پیالے لے ہاتاں ملے
ندیماں تے مشغول باتاں ملے
لگے مطرباں گانے یوں ساز سوں
کہ دہرتی ہلے مست آواز سوں

جو مطرب وو صحرا میں اس دھات گائے
تو پھر اُن کوں اِس شوق تے حال آئے
جو گاوں وو شہ کوں کماتے اتھے
سو راگاں یہ راگاں جماتے اتھے
ندیماں لطافت میں جو چکہ آئیں
تو روتیاں کو خوش کر گھڑي میں هنسائیں
شراب هور صراحي نقل هور جام
هوئے مست مجلس کے لوگاں تمام
جو هوئی رات آدھي بچھي دو پهر
خبردار یاراں هوئے بے خبر
بسر گئے ندیماں طرز بات کا
گلوائے خبر مطرباں ذات کا

غزلیں

(۱)

پیو اپنے کوں تک آج میں نسر سپنے دیکھي سوے کر
جب پیو چلیا ست سیج ملنج نت سوتے اٹھي روے کر
هاتھ اپنا سارنے ملنج چل چل لاگیا مارنے
نا جاؤں سائیں کارنے بھی اجلوں کہا کہا هوے کر
کیوں ٹالوں برها جھال سکي نوں سکتی هوں سدهال سکي
اب کیونکر پاؤں لال سکي جو بیٹھي هت تے کھوے کر

(۲)

طاقت نہیں دوري کي اب توں بیگی آ مل رے پیا
تج بن ملنجے جھلنا بہوت هوتا هے مشکل رے پیا

کھانا برہ کیتی ھوں میں پانی انجھوں پیتی ھوں میں
تج تے بچھڑ جیتی ھوں میں کیا سخت ھے دل رے پیا
ھر دم توں یاد آتا منجے اب عیش نیں بھاتا منجے
برھا یو سنتاتا منجے تج باج تل تل رے پیا

محمد قلي قطب شاہ

محمد قلي قطب نام - قطب شاہ فارسي اور معاني اُردو میں تخلص ' قطب شاهي خاندان کا فرد محمد ابراهیم قطب شاہ کا بڑا بیٹا گولکنڈہ (دکن) ' کا رهنے والا اور بادشاہ تھا - ادیب ' علم دوست ' زبردست شاعر تھا -

پیچیدگی سے پاک ' صنائع بدائع سے اکثر معرا ' سلیس اور آسان کلام هوتا هے ' تمام اصناف میں یہی خصوصیات مشترک هیں -

تلمذ کا پتا نہیں چلتا -

قیاس هے کہ اس کے جانشین سلطان محمد قطب شاہ نے مشورہ سخن کیا هو کیونکہ اس کے کلام میں وهي رنگ موجود هے -

ضخیم دیوان - تمام اصناف سخن سے مملو کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن میں موجود هے -

سنہ ۹۷۷ھ میں پیدا هوا اور سنہ ۱۰۲۰ھ میں وفات پائي

(باغ محمد شاهي)

محمد نانون تھے بستا محمد کا اے بن سارا
سو طوبان سون سہاتا هے جلت نملے چمن سارا

بہے دم عیسوی دایم چمن میں گُل لگانے تیں
ہرے نہالاں کے جلوے تیں مشاطا ہو پون سارا
چمن کے پھول کھلتے دیکھ سکیاں کا مکھ یاد آیا
سہانا تھا محمد پھل نمن ان (کا) نین سارا
اناراں میں سہے دانے سو جوں یاقوت تبلیاں میں
ہر ایک پھل اس انارن پر سہے سکے نمن سارا
کھجوراں کے دسیں چھونکے کہ جوں مرجان کے پلنجے
سپاریاں لعل خوشے جوں دسیں دن ہو رین سارا
دسین جاموں کے پھل بن میں نیلم کے نمن سالم
نظر لاگے تہوں میویاں کوں را کھیا ہے جتن سارا
چمن آواز سن بلبل اپس میں آپ الاپیں ہیں
سوتس آواز سوں موراں کریں رقصاں اپن سارا [۱]

(ننھی سانولی)

ننھی سانولی پر کیا ہوں نظر
خبر سب گلوا کر ہوا بے خبر
ترا قد سرو نکلے جب چھند سون
دسن جوت منج کوں دسن جیوں قمر
تو دوری ڈروائے منجے دور تجے
وو کیا برجھے مو دل میں ہے تونگر

---

[۱] رسالۂ اُردو ج ۲ اورنگ آباد –

"معانی" کے باتاں تے جھوتا نمک
چے چاکھے کہے ہے نمک سوں شکر [۱]

(تین غزلیں)

(۱)

گرجا ہے مینگھ سر تھے تازہ ہوا ہے بستاں
پھولاں کی باس پایا بلبل ہزار دستاں
اے خوش خبر صبا توں لے جا جو ان قداں کن
چمناں کی آرزو میں بیٹھے ہیں مے پرستاں
او نو نہال پھولاں ہے جام خوئے سوبا دہ
نرگس اپس پلک سوں جھاڑو کرے شبستاں
مکھ نور پر دسے یو مج خط عنبریں او
جوں سوراپر ہے بادل ریحاں سوں گلستاں
بے ہوش میرے دل کوں متھے ادھر جلائے
گلزار ہے عجب او دو لعل شکرستاں
منج عشق کے گدا کوں اورنگ شاہی دیتا
سب عاشقاں منج انکھے ہیں طفل جوں دبستاں
روزی ہوا " قطب شہ " تج عشق کا پیالہ
بھرلے ہیں ہر طرف توں جم شوق کے خمستاں

---

[۱] تذکرۂ محبوب الزمن ص ۷۵۹ -

غزل - ۲

پیا باج پیالا پیا جائے نا
پیا باج یکتل جیا جائے نا
کہے تھے پیا بن صبوری کروں
کہیا جائے اما کیا جائے نا
نہیں عشق جس وہ بڑا کور ہے
کدھیں اوس سے مل بیسیا جائے نا
" قطب شہ " نہ دے مجھ دوانے کو پند
دوانے کو کچھ پند دیا جائے نا

غزل - ۳

اب مست اچھے دایم ہمیں مست اچھنے کا ہنگام ہے
ساقي صراحي نقل ہور پیالے سو ہمنا کام ہے
عاشق اول تھے ہیں ہمیں سر مست ازل تھے ہیں ہمیں
نا آج کل تھے ہیں ہمیں زاہد کونیں یہ فام ہے
ملکتا ہے مد مستاں کنے مد باج نیں سکتا رہنے
میخانے کے کوچے منے تو متقي بدنام ہے
ساقي پیالا ملج پلا پیالہ پیندے ہو تا دلا
اُس پیو کون تولیا کر ملا جس پیو تے مج آرام ہے
" قطبا " نبي کے آدھار تے رحمت ہے نت کر تار تے
تو تج علي کے پیار تے تلتل نوا انعام ہے [1]

---

[1] رسالہ اُردو ج ۲ اورنگ آباد -

سب اختیار میرا تج ہات ہے پیارا
جس حال سوں رکھیگا ہے او خوش حال ہمارا
نیناں انجھوں سوں دھوؤں پگ اب پلک سوں جھاڑوں
جی کو خبر سو لیاوے مکھ پھول کا تمہارا
تج خیال کی ہوس تھی ہے جیو ہمن سو زندہ
او خیال کد نہ جاوے ہم سر تھی تک بہارا

(اپنی سالگرہ کے موقع پر لکھا ہے)

نبی کی دعا تھے برس گانٹھ پایا
خوشیاں کی خبر کے دمامے بجایا
پیا ہوں میں حضرت کے ہت آب کوثر
تو شاہاں اوپر مجھ کلس کر بٹھایا
سورج چند اپے تال ہوکر بجیں تب
بادل ہو فلک تمایاں بجایا
کرے مشتری رقص مجھ بزم میں نت
برس گانٹھ میں زہرہ کلیان گایا
میرا گلستان تازہ اس تھے ہوا ہے
مجھ اس باغ کے میوہ دمیدم کھلایا
خدا کی رضا سوں برس گانٹھ آیا
سہس شکر کر توں برس گانٹھ پایا
دعائے اماماں تھے مجھ راج قایم
خدا زندگانی کا پانی پلایا

نکو پلا مجھے ساقی پیالہ بھر بھر
کہ پیتے ہیں ہمیں دائم پیالہ اُس کے دست
نکو کرو پلکھی تم بال و پر سوں مغروری
کہ یے پلکھاں سیتی تم میں ہوا ہوں مست الست
سدا تو مدح نبی و علی کی کہتا ہے
''معانی'' شعر تہرا تو لکھے ہیں دست بدست

مکھ تیرے کوں دیکھ کر ہوں آج مست
تیرے مکھ کے تیں ہوا ہوں بت پرست
مکھ عرق میں زور مستی ہے عجب
میری زردی میں رنگ لعل لب است
خال ہندو کا بھلا کر ملچ کیا ہے بت پرست
سب خیالاں اپے پست کرتا ہے میرا خیال دست

خورشید مکھ اُوپر دسے ابرو ہلال عید
اِس ابرواں کو سجدہ کیا ہے وصال عید

کرے کن دلیل و دلائل سوں عشق
دلیلاں میں ہلچے ہیں عالم ہزار

میزبانی عید کر جگ میں گنناوو عیش سوں
مطرباں لیا کر گواوو راگ ' ہور لو عبہر

کر دعا توں بھیج صلوٰتاں محمد پر سدا
اس دعا صلوۃ تے ہوگا تجھے فتح کبیر
ہے محمد قطب شہ بارہ اماماں کا غلام
میں سو عاجز داس تہرا یا علی ملچ دستگیر

ہاتف ندا کرے کرو اے زمزم صبوح
میرے دلم میهانه رمز نہانه کر

قصا ہے جگ میں لیلی مجنوں ہور فرہاد کا
اب عشق میرا جلوہ کرتا ہے تیرے پیغام پر
گالیاں سہتی او نازنیں مجھ یاد کرتا کر سلیا
اب دل کروں قربان اُس دشنام کے انعام پر
ہم بت پرستی چھوڑ کر زاهد نہ کہہ پوجو صمد
ہم کام میں تجھ کیا غرض رہ دھیان لا اب کام پر
دنیا کا حکمت نا بوجھیں ہرگز حکیماں علم سوں
گو وترنا عیش کا نس دن پیا کے نام پر
شعر "معانی" آن بندھے موتی ہیں جگ میں حسن کے
بھردی صدف موتی جمیا اب وار ایزد نام پر

اندھارے شہر پر خورشید تاباں تک منور کر
اُبھالاں آہ کے داتے میں ملچ سیلے ملے در کر
تمہارے عکس تے روشن ہوا ہے چاند سب جگ میں
وگر نہ زنگ کا ٹھکرا ہے تج بن خاک سر پر کر

همارى آه کے شعلیاں تھے پایا ہے شفق لالی
آساساں تھے میری یودود اُپر چھایا ہے منظر کر

کھیا عرضہ سدو میں ناز سوں کبھی کام ہے منج کوں
فروری اه کرتے ہیں کتاب اب حسن کي زر کی

کری ایراں زمیں پر بادشاهي تج نہیں ہے غم
مدن کا تباں پہ سوتا ہوں پہا توں دنگھ سر پر کر

سو اس رنجیر زلفاں سوں کیتاں کوں تو کرتا ہے بند
مسا داغ غلامي دے ملجے مجمر میں عنبر کر

خدایا لطف کا باران بھیج اس شعلہ کے اوپر
کہ جیوں نمرود کي آتش میں ابراهیم سرور کر

رقیباں کھلیاں سن کر همارے هوتے ہیں حیراں
"معاني" آپے دل میں علي کا مہر مظہر کر

دنیا کا پھول اُپجتا ہے جفا سوں
پنہ میں رکھ خدایا منج آس آزار

محبت مي دسے اُس مکھ صفا میں
همن پیالے میں مے بھر ساقي گلنار

دیا اوستاد منج تعلیم کچھ ہور
همن کچ دیکھ کر باندھے ہیں زنار

درد جانے حکیم خوب دانا
همارا درد کیا بوجھیں گے اغیار

"معاني" پر نظر اُس یار کا ہے
سدا اُس نین سوں بیدار دیلدار

سو نظر سامنے نہیں ہے بہار
نہیں پانی میں تہرتا دلدار
سامری سحر میں جتا کہ کروں
باطل السحر ہے بچن درکار
دارو کرتے ہزار وضع طبیب
توں دکھا غمزۂ تازے سوں یکبار
بارہے مہرے جہاڑ کوں یا رب
پہول پہل ہووے تا سبہی گلزار

شکل باغ پانی تہے ہوتا ہے پرور
ہمن شاخ میں پانی ہوتا ہے سرور
ہندو ریت کوں دیتے ہیں تم رواجاں
کہ بت خانہ تم نے ہے توپے ہمن سر
بلائے ملنج وو نازنیں مست ہوکر
سدا راکھ یارب وو مستی کا شکر
صفا مکھ تہے پیتا ہوں مے ارغوانی
تو دندیاں سوں لڑتا ہے مریخ اختر

تہرے مکھ کے پانی پہ ظلمات ہے روز
ندستا کہاں پیوں اللہ اکبر
ترے عشق کے تیر تہے میں ہوں زندہ
ازل تہے ہوا ہے یہ روزی مقدر

منجے آگ کوئلیاں کی کرتي نہ تاثیر
تیرے عشق کي آگ کا ھوں سمندر
عشق نے ہمارے اوپر جھو دل سوں
"معاني" کہے بانگ اللہ اکبر

کہاں کیخسرو و دارا و سکندر ، جمشید
دل پیالی میں بھریں ساقي شراب لبریز
شعر تیرا در وگوھر ھے "معاني" سب میں
شعر حافظ کے سر اوپر آھے تاج پرویز

دیکھا ھوں سپھنا کہ میخانہ کا ھووے در باز
کروں گا شکر گزاروں کا سو دگانہ نماز
همن سو عجز کریں او کرے برائي کي بات
سوال نادني سگ کرتا ھوں اُو در پر نیاز
تمھارے مکھ کے کعبے کوں جن طواف کرے
نہیں ھے حاجت اِسے جاؤ نے کوں تا بحجاز

پیا مکھ نور تھے جاوداں ھم عید و ھم نوروز
سورج آوو حمل یا نہ ، عیاں ھم عید و ھم نوروز
شہاں آئے ھیں زینت دیکھنے تم بزم عشرت کا
شہاں کا شاہ دیوے دولتاں ھم عید و ھم نوروز

محمد کي غلامي منج خطابی سر بلندي ہے
سورج کرناں سوں باندے سایہ‌باں ' ہم عید و ہم نوروز

راز نس کا تم ستیں کہنا ہوس
تیری بات انکار کا سننا ہوس
یي کچی کلیاں بھرے باغاں منیں
رس کی کلیاں باغ تج چننا ہوس
بزم تیرا دستا ہے رنگیں بہشت
یکدو باتاں پیالے سوں کہنا ہوس
کونلی ڈالي کوں لگے پھل رنگ رنگ
اُس پھلاں سیتی طرا گُندنا ہوس
سب بہشتی حور اُس باساں جیویں
روح کو اُس باس ہے سنگنا ہوس
شاعراں پڑتے "معانی" شعر لیک
شعر حضرت مدح پر پڑنا ہوس

ہوا فرح بخش ہور ساقي سرکش
سمند ناز پر باندھي ہیں کس پہ ترکش
سو اس لعل کا گرو عنبر ہے کا جیو کا
وو خوشبوئی سگ ہوتے عطار بے غش
سورج چاند کوں کیوں کروں تج برابر
ہمن نین کا نور ہے توں پری وش

"معانی" دیا ترک کر عیش سوں گرچہ
کہ پڑیا ہے تج ہاتھہ آنچل سبز وش

متفرقات

دکھہ ایک ہے ہر تیک کدھن لاکھہ چمن ہے
لکھہ جوت ہے ہر تھاروے تیک رتن ہے
سمدور ہے ایک ' ہور ندیاں ہیں سو ہزاروں
باتاں سو کروڑاں ہیں وے تیک رسن ہے
منج عشق گرمی اگ کا یک چنگی ہے سورج
اس آگ کے شعلہ کا دھواں سات گگن ہے

کفر ریت کیا ہور اسلام ریت
ہر اک ریت میں عشق کا راز ہے

قصیدہ

آج شہ چلیاں شرق نگر تھے شتاب
ڈھالی فلک کی اچا او شہِ عالی جناب
چرک فیل مست سوں مکھہ لال کر
گرم ہو چلنے لگیاں دن لے کتک بے حساب

رباعی

مستی کے ملک میں جما نیانی منجے
خوباں کے دیکھیں میں ہے مسلمانی منجے

حمار کا خم خانہ رہے تھانوں مہرا
هر مد کا سو بند نگیں سلیمانی منجھ

نوحہ

دو جگ اماماں دکھ تھے سب جیو کرتے زاری واے واے
وتن اول کي لکڑیاں جال کر کرتی هیں خم
یک پوت کو دیکتے رھو یک پوت پر کھینچ خنجر
کافر کدے کیسے قہر یو زخم کاري واے واے [۱]

---

[۱] تاریخ زبان اُردو - شمس اللہ قادری م تاج پریس حیدرآباد دکن -
اُردو شہ پارے - محي الدین زور مکتبہ ابراهیمیہ حیدرآباد دکن -
محبوب الزمن عبدالجبار ملکاپوري - مطبع رحماني حیدرآباد دکن -
گل رعنا - رسالہ اُردو ج ۲ (اورنگ آباد) -

سلطان محمد قطب شاہ

محمد قطب (شاہ) نام، ظل‌اللہ تخلص فارسی کلام میں، اور قطب شاہ اردو میں ہے - محمد قلی قطب شاہ کا بھتیجا، شاعر اور عالم تھا -

اس کے کلام میں محمد قلی قطب شاہ کی سی پختگی نہیں لیکن سلاست اور سادگی میں اس سے کم نہیں -

تلمذ کے متعلق کوئی متحقق بات نہیں کہی جاسکتی لیکن محمد قلی قطب شاہ سے تلمذ کا قیاس غالب ہے - [1]

اس کے شاگردوں میں عبداللہ قطب کے علاوہ اور کسی پر قیاس نہیں ہوتا -

اس کی تصانیف کے سلسلے میں بعض کتابوں پر تمہیدوں اور اردو فارسی کلام کے مجموعہ کا نام لیا جاتا ہے - [2]

سنہ ۱۰۰۰ ھ [3] میں پیدائش اور سنہ ۱۰۳۵ ھ میں وفات ہوئی -

---

[1] اردو شہ‌پارے میں بھی اس طرف خفیف اشارہ موجود ہے -

[2] اردو شہ‌پارے -

[3] تاریخ اردوے قدیم - محبوب‌الزمن -

ساجن کي ياد

چھبیلي سوں لگیا هے من همارا
کہ اس بن نہن همن یک تل قرارا
صبوري کو نہیں هے تھار دل میں
صبوري کیوں کرے سو کو تھارا
میا کرنا کرے معشوق اپے هو
کھونا کیا کرے عاشق بچارا

تھلتی کالا

هوا آئي هے لیکے بھي تھلتی کالا
پیا بن سلتا تھا مدن بالی بالا
سجن مکھ شمع باج اجالا نہ بھاوے
بھلایا هے منج جھو کوں او اجالا
جو رات آوے چلدني کي منج کوں ستاوے
کہ چلدنا منجے نیں نین سوز لالا
نبی صدقے "قطبا" اندان سوں مل کر
اپس سائیں سوں پیوے جم ِ د پیالا

غزل

چلے چلدنی میں جب لٹک پیو همارا
اونن عکس دیپے چلدر تھے اپارا
جگوئی مانے هے سائیں کے حسن چھب تھے
اسے مانیں نہ پنتھ میں جگ [یو] سارا

پیا نور بستا ہے ملنج دل جھمک میں
کہ جس نور/ ہے سورج آشکار
نبی صدقے ’’قطبا‘‘ کا من تجھہ سوں لا گیا
کہ اَپ جیو میں تیرا کیتا ہے تھارا

خداداد محل

خداداد محل کوں محمد سنوارے
تو اس میں جنت کے نگاراں نگارے
بلندی محل کا ہے آسماں جیسا
سورج چاند تارے سوں اس تھے سنگارے
نہ اس جگ میں دیکھے کوئی ایسے محل کوں
مگر دھرت پر قدسیاں لہا کے تھارے [۱]

بے دام اس کا خدمت کرتا ھوں اپنے دل سوں
دیتے ھیں دام ان کو ھور کرتے ھیں عنایت
انجانے میں جوانی گیا پند نا سنا
قرآن اور حدیث سوں ترکیب کرے کلام
بکرید عید آیا صلوات بر محمد
آنند علم رچایا صلوات بر محمد

---

[۱] اردو شہ پارے – محبوب الزمن - گل رعنا - رسالہ اردو -

پیا سانولا من ہمارا بھولیا
نزاکت عجب سبز رنگ میں دکھایا

ساقیا آ شراب ناب کہاں
چندر کی پیالے میں آفتاب کہاں
رہن بسا سکي من پیا باج دیکھي
ہوے تن کوں سکھہ جب ملے پیو بالا

میرا دل ہے زر الفت کا کارخانہ
نہیں ملنجکوں بازار واں کا حاجت

عشق کي پتلي ہے گوري رنگیلي
چتر ناریاں میں دستي ہے چھید

سلو لوگ میرے پرم کي کہاني
کہ پیلا ہے رنگ عاشقي کي نشاني

عبداللہ قطب شاہ

عبداللہ قطب (شاہ) نام ' عبداللہ تخلص ' سلطان محمد قطب کا بیٹا اور جانشین تھا -

ادب‌نواز علم‌دوست ' عالم اور شاعر تھا ' دکنی اردو نے اس کے عہد میں بہت ترقی کي -

اس کی زبان میں صفائي اور خلوص نسبتاً زیادہ ھے غالباً محمد قطب شاہ (اپنے والد) کا شاگرد رہا ہوگا -

اس کے شاگردوں کے سلسلے میں کسي کا نام معلوم نہیں ھوتا - فارسی اور اردو اشعار کا مجموعہ (دیوان کي صورت میں) اس کي تصنیف ھے -

سنہ ۱۰۳۵ھ میں پیدا ھوا اور سنہ ۱۰۸۳ھ میں وفات پائي [۱] -

(نمونہ کلام)

اے پری پیکر ترا مکھ آفتاب
دیکھتا ھوں تو رھے نا مجھ میں تاب
قند ھور نبات گلتا ھے اجھوں
دے نہ سک تری مٹھي لب کا جواب

---

[۱] تاریخ اردوے قدیم - گل رعنا - اردو شہ پارے - محبوب‌الزمن

راز کہیا باتاں نبی کے صدقے پوچھے گا اگر
شاہ عبداللہ کو پوچھہ آکر کہ ہے حاضر جواب

آب حیات تھی ہے زیادہ کہ لب ترا
کرتے ھیں ملجھہ سوں خضر علیہ‌السلام بحث

ملا غواصی

نام کا پتا نہیں چلتا ' تخلص غواصی ' گولکنڈے کا رھنے والا اور شہنشاہ جہانگیر کا ہم عصر تھا ۔

کلام میں روانی اور اهتمام زیادہ ہے ۔ مثنوی ان کا میدان معلوم ھوتا ہے ' تلمذ کا پتا نہیں چلتا ' اس کے کسی شاگرد کا ذکر تذکرہ‌نویسوں نے نہیں کیا ہے ۔

اس کی دو تصنیفیں مشہور ھیں ۱ - قصہ سیف‌الملوک و بدیع‌الجمال ۲ طوطی نامہ

پہلی کتاب ' الف‌لیلہ فارسی کے ایک قصے کا مثنوی (اُردو) میں ترجمہ ہے ۔ یہ مثنوی ۱۰۳۵ ھ میں ختم ھوئی ۔ دوسری تصنیف بھی مثنوی ہے ملا ضیاءالدین نخشبی کی فارسی طوطی نامہ کا اُردو میں ترجمہ ہے - جو سنہ ۱۰۴۹ھ میں تمام ھوئی ہے -

سنہ ۱۰۱۴ھ میں پیدا ھوا سن وفات متحقق نہیں [۱] ۔

---

[۱] تاریخ زبان اردو - اردو شہ پارے - تذکرہ میر حسن - تاریخ زبان اردو -

مثنوی بدیع الجمال

(کشت و خون)

ہوئے جمع جنگی ہزبراں تمام
تھی ہور خونخوار امبراں تمام
یک یک جان یک کوہ یا برج جیوں
لے ہاتاں میں قتلے بھرے گرز جیوں
غضبناک ہو جیوں انگے دل ہوئے
کلیجے پہاڑاں کے پھوٹ جل ہوئے
سلح پوش پولاد کے کوٹ جیوں
پرآشوب سمدور کی لوٹ جیوں
اوتالے ہو آفت بھرے عزم سوں
کھڑے آکے میدان میں رزم سوں

(ایک بدصورت شہزادی)

وہ تھوبڑ تھا اس کا سو جیوں فیل کا
سر اس کا سو کالا رنچھ نیل کا
انکھیاں ڈونگیاں ، ڈوکھڈے فلو کے
دو ہیڈے بھکر جیوں تھپر گار کے
نکل بت انگے ٹھوک آ جیوں کھڑا
اسے پیٹ تے سخت پہرو بڑا
بوبلی کھول جاری کی جیوں اوکھلی
مسلی ہسو کے ڈورتی تھی رومالی

لٹکتی جو چتراں پہ چوتی دسے
سو جیوں جھاڑ کی پیڑ موتی دسے
سڑے خوی بغلاں میں تھے یوں جھڑے
گندا نیر مہوریاں میں تھے جیوں پڑے
پون سار اس کے جو ٹک پاس جائے
تو لیا حلق میں انتریاں نہاس جائے
اگر لائیں جس ٹھار مشعل ھزار
ان آدے تو بھترے پڑے آندھکار

الہی جگت کا الہی سو توں
کرنہار جم بادشاہی سو توں
ترے حکم تل نوکر آسمان کے
رعیت ملک تیرے فرمان کے

مناجات

عطا کر ملنجے کچھ ترے نانوں سوں
دے پرواز ملنجکوں بلند دھاوں سوں
جلادے مری جیو کی آنکھ کوں
دے ٹک باس مجھ دل کے پھول باگ کوں
سدا کسب میرا تو اخلاص کر
ترے خاص بندیاں میں ملنج خاص کر
جگا جوت تجھ دھیان کیرا رتن
مرے من کے صندوق میں رکھ تجن

ھسا کر مسلنچھ بسات کے اوج کا
شہنشساہ کسر گہان کسي فسوج کا
مسیحا کا دے ملنچکوں آثسار جسم
مری جیب کوں کسر شکر بار جم

جو توفیق پاکر یو بولیا تمام
مبارک گھڑی میں کیا میں تمام
مبارک گھڑي میں کیا میں تمام
محمد نبي پسر ھزاراں سلام

ملا قطبي

نام کا پتا نہیں چلتا ' قطبی تخلص ' گولکنڈے کا رھنےوالا تھا ' عبداللہ قطب شاہ کے ساتھہ شاید اس نے اپنے تخلص میں نسبت رکھی ھے -

اس کے کلام میں سلاست کي کمي ' ھندي ترکیبوں کی زیادتي ھے -

سنہ ۱۰۴۶ھ میں تحفۃالنصائح کا اُردو نظم میں ترجمہ کیا ھے -

بولوں صفت میں بے گنت
اس خالق جن و بشر
نردھار کر اسماں رکھیا
سورج ستارے ھور چندر

جوں بزرگی دی عرش کوں
پلکھے ارے یکہ پالکی
جوں پچ برساں چار سو
انہوے ہزاں پائے دگر

بتھاں ستر چھہ سات سو
اس وضع سوں میں جو کہا
باباں ہے چالیس پانچ جو
اسکوں یقیں کر تو شمر
چار بھس پندرہ سات سو
ھجرت سوں تھی اس مصطفیٰ
دسویں ربیع آخر جو تھا
ہور صبح صادق دن قمر

نازش جہاں میں میں کیتا
کیتا برائی کے جو بھی
قطبی دھریا اسھد یو
لایا ہوں سب صاحب نظر [۱]

---

[۱] تاریخ زبان اُردو -

جلیدي

شیخ احمد نام ' جلیدي تخلص ھے ' عبداللہ قطب شاہ کا معاصر تھا ' سنہ ۱۰۶۴ھ میں مثنوي ماہ‌پیکر لکھي :—

نبي کي سو ھجرت کا یو تھا قرار
چہار سال تین بیس بھی ایک ھزار

یہ شعر میں اس طرح پڑھا جائے گا :—

نبي کي سو ھجرت کا یو تھا قرار
چَہَر سال تین بیس بھي اک ھزار

اس شعر سے تصنیف کا سنہ بھي معلوم ھوتا ھے -

طبعي

نام معلوم نہ ھو سکا ' طبعی تخلص ' گولکنڈہ کا رھنےوالا اور عبداللہ قطب شاہ کا ھم‌عصر بلکہ درباری شاعر تھا -

کلام میں گداز کے ساتھہ رواني اور لطف زبان دونوں ھیں - اس نے ۱۰۸۱ھ میں نظم گل اندام و بھرام ' ھفت پیکر ھاتفي کي روش پر لکھي ھے ' بعض اخلاقی نظموں کا بھي پتا چلتا ھے -

سوال و جواب

بھرام و گل اندام

بھرام کا سوال

ھوا مجلوں برہ تے سدھہ گنوا میں
اتھا دانا سو دیوانہ ھوا میں

تجے دل میں چھپایا ہوں اپس کے
خرابے میں لگایا ہوں دیوا میں
رچایا ہوں ترے غم کے پہاڑاں
عجب ہے نیں سینا پھٹکر موا میں
صنم تیرے بدل ہوکر برھمن
گلے میں اپنے بہایا جانوا میں
منجے کیا دیکھتی از ماں گل اندام
پرانا ہوں نہیں عاشق نوا میں

گل اندام کا جواب

تجے حاصل نہیں ہے مجھہ تے بن غم
نکو کر غم میں اپنا پا نو محکم
ترا دل ہو گیا پھوڑا دکھوں تے
نہیں اس زخم کا مجھہ پاس مرھم
کدھاں تک غم توں کہا گا بول بارے
منجے توں چھوڑ دے آج بہوت خرم
پیا گا اس چمن میں تے توں میوہ
ہوا کوتہ سخن واللہ اعلم

حب وطن

جکوئی یاد کرتا نیں اپنا وطن
او مردا ہے پیرن ہے اوسکا کفن
اگر کوئی غربت میں شاہی کرے
اگر مال ہور ملکاں اور لاکھاں دھرے

پس کون دیکھے کھول کر جوں انکھیاں
دیوے خاک تن کا وطن کا نشاں

فور و مشورہ

توں اندیشہ پر کام میں بھوت کر
کہ اندیشہ ہے بھوت عالي گھر
نکر کام ھرگز توں اندیشہ باج
کہ اندیشہ ھے کام کے سر پو تاج
کر اندیشہ ہر کام میں بے حساب
کہ اندیشہ بن کام ھوتا خراب [۱]

ابن نشاطي

نام کا پتا نہیں ؟ ابن نشاطي تخلص یا کنیت سے مشہور ھے ' گولکنڈے کا رھنےوالا عبداللہ قطب شاہ کا درباری شاعر تھا زبان زیادہ صاف اور خالص ھے -

اور حال معلوم نہ ھو سکا -

اس کي تصانیف میں ۱ - پھول بن ۲ - طوطي نامہ دو مثنویاں ھیں - اول الذکر کا سنہ تصنیف ۱۰۶۶ھ اور اخرالذکر کا بقول میجر استوارٹ سنہ ۱۰۶۴ھ ھے - [۲]

---

[۱] اُردو شہ پارے -

[۲] تاریخ زبان اُردو - دکن میں اُردو از ھاشمی -

نوٹ - مرتب اُردو شہ پارے کي راے ھے کہ طوطي نامہ ابن نشاطي کی تصنیف نہیں -

نمونہ پھول بن

(حمد)

اول میں حمد ربالعالمیں کا
دل و جاں سوں کہوں جاں آفریں کا
خداوندا تجي هے جسم خدائي
همیشه تجکوں سا جي کبر پائي
ازل سوں نهیں سمجے تیرا هدایت
ابد کو فهم نیں تیرا نهایت

(نعت)

کروں میں لي هات ابتدا نعت
سچیں حق کي پیمبر کا ادا نعت
محمد پیشوا هے سروراں کي
الهي سر خیل سب پیغمبراں کي

(منقبت حضرت علی)

زباں کوں میں ادب کے ساتھہ کھولوں
نبي کی جانشیں کا مدح بولو
علي ساری نیاں میں هے سپهدار
علي ساري ولیاں کا هے سردار

(مدح عبدالله قطب شاہ)

جہاں کا شاہ عبدالله غازي
خدائي هے تري جم پهش بازي

سعادت کي نين کا نور هے توں
شجاعت کی گگن کا سور هے توں

(آغاز کلام)

جکو نئی هے باغباں اس پهول بن کا
چمن لاتا هے یوں تازي سخن کا
کتے ایک شهر مشرق کی کدهن تها
جو اس کا نانوں سو کنچن پٹن تها
حصار اس کا تها دریا کے کنارے
دسے خندق هور دریا تس بندارے

(ابتداے افسانه)

کتے کوئي بادشاه یک اس کدهن تها
حکومت میں سلیماں کے نمن تها
تهے اس کے زیر دیواں جگ کي سارے
پریاں اس حکم تهے نهیں نهیال کنارے
بلکي آدم جیوں خدمت میں یکسر
هوئے تهے و حش و طیر اس کے مسخر
نه تها بیٹا سو کوئي اس شاه کے گهر
هوا تها راج بیٹي پر مقرر

اخر میں لکهتے هیں :—

مسلماناں سو هے امیدواري
سخنداناں سو هے امیدواري

کرینگے تو میرا یے یو پھول بن لہر
کہوں یکبارگي جو عاقبت خہر

نوري

شجاع‌الدین نام ' نوري تخلص ' گجرات کا رهنے والا تانا شاہ کے وزیر (سید مظفر) کے لڑکوں کا معلم تھا - کلام میں طرز ادا کي سادگي کے ساتھہ لطف زبان بھي ھے -

---

نوري ایس کے دل کي کسي سے نہ کہہ بتھا
حاصل بھلا اب اس یے دوانے جو تھا سو تھا [۱]

فائز

نام کا پتا نہیں ؛ فائز تخلص (ھي سے مشہور) ھے ؛ گولکنڈے کا رهنے والا تانا شاہ کے زمانے میں موجود تھا -

کلام میں عربي اور فارسي الفاظ اور ترکیبوں کي آمیزش ھے - صاف اور ستھرا پرسوز کلام ھوتا ھے -

قصہ رضوان شاہ و روح افزا کو سنہ ۱۰۹۴ھ میں نظم کیا ھے [۲] -

اول نام حق کا لے بولوں سخن
بندوں اس کي توحید کھولوں دھن

---

[۱] تاریخ ادب قدیم - تذکرۂ میر حسن -

[۲] اردو شہ پارے - دکن میں اردو -

اتھا جس وقت سال ھجرت ھزار
اس اوپر نود اس کے اوپر چھار
ھوا قصہ رضوان شاہ کا تمام
نبي ھور ولي پر ھزاروں سلام

قصہ کا آغاز اس طرح کرتے ھیں :-

چڑھیا باپ کے تخت رضوان شاہ
جمع ھور وزیراں بھي ساري سپاہ
کیتک کو دے انعام کیتا نہال
کسے مال دیتا کسے گوشمال
قدیمی وزیراں کو عزت دیا
انوجیوں نصیحت کئي یوں کیا

قصہ کا درمیاني حصہ :-

و ساعت بہوت سعد تھي ظاھرہ
کرے کر شفقت یو او ساحرہ

سنے جب ملوچھر کي سب خبر
سو شیشے کو لے سات آئی اتر

شاھی

نام شاہ قلي خاں ، حیدرآباد کا باشندہ ، قطب شاہ کے لشکر میں سپاھی تھا غالباً اسي نسبت سے اپنا تخلص شاھي اختیار کیا -

کلام میں صفائی زیادہ ہے بندش بھی بہتر ہوتی ہے -

ملنا تدن کا غیر سے کوئی جھوٹ کہو/ سچ کچھ کہے
کس کس کا منہہ موندوں سجن کوئی کچھہ کہے کوئی کچھہ کہے

مرزا [۱]

نام ابوالقاسم ، حیدرآباد کے باشندے تانا شاہ کے مصاحب خاص تھے اور حالات معلوم نہ ہو سکے -

کلام میں صفائی اور روانی کے ساتھہ گداز کافی ہے -

عارض نہیں چندر کا ترے گال سوں اچھا
سمجھیں ہمن کلف کر نہ تجھہ خال سوں اچھا
مرزا وہ نونہال کدھر مت گئے چمن
لگتا تھا جن کے ہاتھہ یہ گل ڈال سوں اچھا

(مرثیہ)

الودا الودا اے شاہ شہیداں الودا
الودا ابن علی دو جگ کے سلطاں الودا
اس جفا کے تھر بیٹھے ہیں گگن کے تن اوپر
نین ستارے پھر یو سب دستے ہیں پیکاں الودا
شہہ کا ماتم سن دریا کے موج نت نعرا کرے
غرق ہیں اس غم سوں سب لو لوے مرجاں الودا [۲]

---

[۱] عالمگیر نے جب اورنگ‌آباد فتح کیا اس وقت وہ موجود تھے - ان کو اتنا صدمہ ہوا کہ وہ گوشہ‌نشین ہو کر تھوڑے دنوں کے اندر انتقال کر گئے - تذکرہ میر حسن -

[۲] اردو شہ پارے -

شعرائے بیجاپور

نصرتی

نصرت نام ' نصرتی تخلص ' وطن بیجاپور - ان کے آبا و اجداد فوج میں ملازم ' قوم کے شیخ اور علی عادل شاہ کے درباری شاعر تھے ' ملک‌الشعرا کا خطاب حاصل کیا تھا -

پرگوئی اور کثرت مشق کے باوجود کلام میں روانی کم ہے مذہب کا عنصر غالب ہے -

تین مثنویاں (علی نامہ - گلشن عشق - گلدستہ عشق) مجموعہ قصائد ' دیوان غزلیات ' ان کی تصنیف ہیں -

سنہ پیدایش ۱۰۳۷ھ سے پہلے قیاس کیا جاسکتا ہے سن وفات ۱۰۹۵ھ ہے -

نمونہ علی نامہ

حمد

سرانا سری اس سکت دار کوں
کہ آدھار ہے ان نرادھار کوں
دیا دور رستم کے پلنچے میں زور
پڑیا ڈرتی جس دل میں در یار شور

(منقبت شہر خدا)

زہے پیشۂ لا مکاں کا دلیر
علی ولی او خدا کا شیر
تو ایک کوت ہے برج جس کے تمام
او بارا اماماں علیہ السلام

مدح بادشاہ

قلم آج جو مجھ جہانگیر ہے
صفت شہ کی لکھنے کی تاثیر ہے
زہے شاہ عادل سپی ولی
علی ابن سلطان محمد بلی

(مذمت طمع)

طمع اہل عزت کو کرتی ہے خوار
کرے جگ میں بے قول و بے اختیار
طمع نام و ناموس کا کال ہے
طمع جیوں کو سکھ کے بھولچال ہے

(مدح خواجہ گیسو دراز)

جسے ناؤں عالم میں بندہ نواز
محمد حسینی ہے گیسو دراز

نظارے میں عارف نظر یار کوں
ہمیں ہر طرف قدرت کا موں

اس زمانے کے معترضین نے نصرتي کي زبان پر اعتراض کیا تھا اس کا جواب علي نامہ میں اس طرح دیتے ہیں :—

خریدار کو خوب سودے سے کام
نہ دکان کا دیکھنا سقف و بام
صفا من سوں جابجا بات بول
دکھایا سکت فیض کا حق کے کھول
یکایک فن میں کي سحر کي بہت چھند
خبیثاں کي جیباں کو کیتا ہوں بند
کیا ہوں سخن مختصر بے گماں
کہ یو شاہنامہ دکن کا تو جان
کہ ہر اک زباں حضرت غیب داں
سکھایا سب آدم کو سو تھے نہاں
ہوئی پسکہ جو نسل آدم کي اصل
چکا ناں انھوں کے ہوے فضل فصل
انو میں جو تھے شہر کے اوستاد
گیا رہ زمانہ رہے شعر یاد
سخن بن نزاکت کے نا دیکھ بھول
کہ خوش باس سوں قدر پاتا ہے پھول
نہ کہتا ہوں میں بے وقوفوں کي بات
نہ کم بھول مثالوں تو حاسد نے مات

وے جو سخنداں ھیں صاحب تمیز
که ریجھه اس هنر کو دکھیں نت عزیز

گلشن عشق

(مدح)

عنایت کا تجهه هت هے عالم نواز
کوئی ذره خورشید تهی سرفراز
وه عالم کوں سو چانوں لک بات میں
دیکھنا چھپاتا پی تجهه هات میں
دیا هے توں خاکی کو ایسا شرف
جو تس سجده توری کبھی صف به صف

(نعت)

یو نعت سرور عالم محمد مصطفے کا هے
کھلایا گلشن هستی اول جس نور کا پانی

(مدح بادشاه)

خصوصاً شهنشاه عادل علی
ترا نانوں کا ری جو هے رت بلی
فضیلت میں تجهه اج هے بے خطا
که علم لدنی تجهے هے عطا

توں دانش سوں سب کھول نہ محفوظ اچھے
ترا مدرسہ لوح محفوظ اچھے

(تعریف عقل و عشق)

اچھي عقل یک دولت ناپدید
اچھي عقل مشکل کے چال کي کلید
اچھي عشق خلقت کے جگ کا سبب
اچھي عشق گنجینۂ راز رب

(آغاز داستان)

کہتا ریوں قصہ دلپذیر
کبھي کھول کر بات یوں بے نظیر
کہ یک روز وہ خسرو نیک فن
سخاوت تھي بھرا کہ در عالم زمن
سو مکھہ ہات دھونے تے فارغ ہو سب
کیا اپني راني تی پوچھوں طلب
دنب تار کوں دن کي جھوکي یہ لال
دھری عشرت کا دن بھوجن کا تھال
سنبھیا ہات جیوں شاہ نعمت کی دھیر
پکاریا جھمن نل تلک اک فقیر

(خاتمہ)

ہر اک داستاں بولتا دل کي نین
ہر یک بیت ہر یک محل جانشین

صفائی کی صورت کی ہے آرسی
دکھن کا کیا شعر ہوں فارسی
فصاحت میں کر فارسیاں کا کلام
دھری مغز ہندی بچن پہ مدام
ذکر شعر ہندی کی بعضے ہنر
تسکھن ہے لیا فارسی میں سذور
ملک جگ میں مقبول اچھو پر مدام
بحق محمد علیہ السلام

مولف گل‌رعنا نے ایک معراج نامہ کا ذکر کیا ہے جو عادل شاہ کی مدح پر اس طرح ختم ہوا ہے :—

حمد ہے منعم کیرا خلق پہ اس دور کے
ہے جو سمئی رسول خسرو ملک دکن
منبع لطف و عطا حامئی دین باوفا
معدن جود و سخا ماحئی کفر کہن
غازی صفدر کے دل بل سوں نکلتے نیں
دھاک سوں بھادی بھیاں ترت تربہن
شہ سا لچھن نول کون ہے جگ میں کہو
یاد سے جس اسم کے جاے کدورت متن
راج سوں شہ کے سدا حق تھی دعا امن پا
جیو سے ملکے ہتھہ پسار دور کے سب مرد وزن
لطف سوں دھریا إلہ شاہ کی شاہی تلکما
جگ میں جلک پراچھیں عیش دھرم کے پتن

جام سوں عشرت کے جم بزم یہ معمور اچھو
چرخ میں دن ایں کے کرم ہیں جھوں انجمن
شہ کی ثنا "نصرتی" نغز و نول یوں لکھی
درر کے دفتر اوپر پراچھے ہر اک بچن [۱]

---

[۱] گل رعنا - تاریخ زبان اُردو - سخن شعرا - تذکرۂ میر حسن - دکن میں اُردو -

هاشمي

سید میران نام ' ہاشمی تخلص ' بیجا پور کے رہنے والے سید شاہ ہاشم اس دور کے مشہور بزرگ کے مرید تھے ' پیر کے نام کي نسبت سے اپنا تخلص ہاشمی اختیار کیا - اپے پیر کي فرمایش سے یوسف زلیخا کو سنہ ۱۰۹۹ھ میں دکھني زبان کي مثنوي میں ڈھالا ہے -

کلام میں آورد کا اہتمام زیادہ ہے -

سن پیدائش نا معلوم ' وفات سنہ ۱۱۰۹ھ ہے -

(حمد)

ثنا حمد اس کو سزاوار ہے
سکل خلق جس کا یو ستار ہے

(مناجات)

سکت کسي میں ہے جو کرے سر بسر
ابتا " ہاشمی " تو مناجات کر
مرے شعر کرے بادشاہاں پسند
پسند کر کرورا کہیں جو سب ہوشمند
مرے شعر میں دے شجاعت کا بل
جو خوش ہوے سنکر دلیراں سکل

نوٹ - ہاشمی مادرزاد اندھے تھے ' ہاشمی مولف " دکن میں اردو " کي راے ہے کہ ہاشمي ریختي کے موجد ہیں -مرتب

غزل ریختی

اگر کوئی آکے دیکھےگا تو دل میں کیا کہےگا
مجھے بدنام کیا کرتے کہیں میں جاؤنگي چھوڑو
رضا گر مجھے کو دیتے ھی کرونگي گھر میں میں دارو
اگر مجھه ھوویگي مرمرت صبح پر آؤنگي چھوڑو

عاجز

عارف‌الدین خاں نام ' عاجز تخلص ' دکن کے باشندے تھے ' اورنگ‌زیب کي فتوحات دکن کے وقت موجود تھے - کلام کے اندر گداز ' کہنہ‌مشقي اور طرز ادا کي خوبي موجود ھے - قصہ فیروزشاہ ' قصہ ملکہ مصر ' قصہ لال و گوھر ' مجموعہ اشعار اُردو (دیوان) ان کي تصانیف ھیں -

نہیں چھوڑا انہوں کا نام مجھہ دل میں ترے غم نے
نہیں باور تو ظالم چوک مت جر دے کٹار اپنا
نہ جاوں کیوں کہ پھر پھر کے ظالم کوہ و صحرا میں
وھاں فرھاد اپنا مونس اور مجنوں ھے یار اپنا

بڑا پگڑ بڑا شملہ بڑا کلہ بڑا دھاڑا
بڑھایا ھے بڑي محنت سے زاھد نے وقار اپنا

شوخ مسجد کو چلا شیخ شتابي چھپ جا
دیکھہ ھووےگي ترے دیں کي خرابي چھپ جا

محتسب آج خرابات میں آتا ہے خراب
دختر رز کو بغل مار شتابی چھپ جا

دو بات سے خالی نہیں اشک کا چلنا
آنکھوں کا کہیں لگنا ہے یا دل کا اٹکنا

خوبروئی اس سے کہا ہووےگی خوب
جس نے دیکھا تجھکو سر کو دھن گیا

اِلٰہی کب دل غمگیں ہمارا شاد ہووےگا
یہ اجڑا شہر یا رب کس گھڑی آباد ہو ویگا

عیش کی مستی کی خاطر شیشۂ عشرت نہ توڑ
دل کو لاغر کر ' لہو پی ' جام جم کو بھول جا

ہے سینۂ پرسوز مرا عشق کا آوا
دل داغوں سے ہیگا جلے ایٹونکا پجاوا

تری آنکھوں کی گردش دیکھ کے اے خوش‌نگہ بن میں
ہرن نے کھاکے چکر ' رم کو چوکا چوکڑی بھولا

مہرے لہو کا رنگ نہیں تو کہو شتاب
تھی اس طرح سے لال تمھاری رکاب کب

ریختہ

سجن کا تبسم ' سجن کا تکلم ' سجن کی ادائیں ' سجن کی یہ قامت
ہے فردوس غنچہ ' ہے باغ فصاحت ' سراپا لطافت ' قیامت قیامت
سجن کی جبیں پر ' سجن کے رخ اوپر ' سجن کی بھواں پر' سجن کی کمر پر
ہے زہرہ تصدق ' ہے خورشید مائل ' ہے قربان کمانیں ' فدائے نزاکت
تری کالی آنکھیں ' تری کالی زلفیں' تری کالی پلکیں ' ترا خط مشکیں
سیہ مست آھو ہے ناگن کا جوڑا ' سیہ تاب نشتر ہے ریحان جلت
ہماری زباں ہے ' ہمارا سخن ہے ' ہمارا قلم ہے ' ہمارا رقم ہے
ثناخوان بلبل ' معانی کا گلشن ' نہال مقطع مرصع زراعت
ہماری جوانی ' ہماری ضعیفی ' ہمارا قد خم ' ہمارا تواضع
ہے معدوم ''عاجز'' ہے آثار رحلت ' ہے دام ہلاکت ' ہے ہمدوش تربت

ہماری آہ کو سمجھو کہ ہے بڑی بل بلند
وہ گرز ہے کہ جو توڑے فلک کے ساتوں کھنڈ

ساقی مرا چمن میں کرے کر نگاہ قہر
نرگس کے جام چشم میں تھکے شراب زہر

جہاں آباد سے گرمي میں کوئي ظالم نہیں ملتا
سملدر درد کا هے تو وطن کو آگ دے "عاجز"

کیا کاٹوں کو یوں پامال میں پھر پھر کے صحرا میں
که مجنوں آه کر میرا قدم پکڑا کہا بس بس

محتسب کے هوش کو دارو سے دیتے هیں اڑا
قلعهٔ مینا کو جب مستی سے هلکاتے هیں هم

مسجد میں اذاں و بتکدے میں ناقوس
وصف اس کے کمال کا کہاں هے که نہیں

لالے کي فصل شاید آئی هے گلشنوں میں
سب گلرخوں نے لب پر مسي جمائیاں هیں

مت ستا محتسب اب هم کو که بے جام و شراب
هم تو اُس نرگس مخمور کے متوالے هیں
اس کے هم دام محبت میں پھنسے هیں "عاجز"
بال جس شوخ ستمگر کے گھنگروالے هیں

جب بحر اشک میرا کرتا ہے جوش طوفاں
ساتوں فلک کی چادر تر کر کھنگالتا ہوں

کیونکر آویں شہر کے نزدیک ، صحرا کے غزال
ہے انہوں کی چوکڑی میں دم ہماری آہ سے
شمع کے شعلہ کو کیا طاقت جو تھامے اس کا زور
برق کے اعضا میں ہےگا خم ہماری آہ سے

دل تیری نگاہوں کے ، تیغوں کی نگاہوں میں
کچھ وار نظر آویں ، کچھ یار نظر آویں
ہم آنکھیں تری دیکھیں ، اور تری بھویں دیکھیں
خونریز نظر آویں ، تروار نظر آویں

لکھوں جب اپنی آہ داغ دل کے شور کر " عاجز "
قلم توپ اور سیاہی بس بھری باروت بن جاوے

کیفی نگاہ بن دل رنجور ہو رہا ہے
یہ شیشہ مے کی خاطر سب چور ہو رہا ہے

خیال اس شوخ کا کب مجھ دل بیتاب میں تھہرے
کہاں بجلی کا سایہ چشمۂ سیماب میں تھہرے

محبت کے چمن کا گل جو بویا ھے یہی دل ھے
بہار عشق کا بلبل جو گویا ھے یہی دل ھے

جدائی کے سخن کو جب گریباں پھاڑ لکھتا ھوں
قلم فی‌الفور قیلمچی ھوکے کاغذ کو کترتا ھے

سنگ طفلاں سے گیا شہر سے ڈر کر مجنوں
ہم رھے ھم کو کہاں اتنی یہ دانائی ھے

اے زردپوش تم ھو اگر شاخ زعفران
"عاجز" بھی باغ عشق کا رنگیں پلنگ ھے

تری برگشتہ مژگاں کا خیال آتا ھے یوں دل میں
دکن کی فوج جوں بھالے پکڑ جلگاہ پر آوے
تری بانکی گلی میں ھم گذر کر سر سے بیٹھے ھیں
خدا وہ دن کرے قاتل کہ تو اس راہ پر آوے

جلجال زندگی سے ' کیا ھو گیا جو چھوٹے
"عاجز" ابھی پڑا ھے ملک عدم کا جھگڑا

وہ دوانا ہوں کہ اب شہر کو صحرا سمجھوں
چتر شاہي کو بگولے کا چھلاوا سمجھوں
یار کے کاکل و رخسار میں ایسا ہوں دنگ
کہ اندھیرے کو نہ جانوں نہ اجالا سمجھوں

اگر اس شعلہ‌خو کي بزم میں جوں شمع جل سکتے
پتنگے کي طرح جی سے فدا ہونے کو چل سکتے

عجب شور جنوں ہے ان دنوں میرے خیالوں میں
کبھو مجنوں کو دو دن چپ رہے مجھول بن جاوے
اڑا لوں جب چمن کی خاک سر پر اس رنگیلے بن
سروں پر بلبلوں کے نکہت گل دھول بن جاوے

دوانو کوہ و صحرا پر جنوں میرا ہوا حاکم
کوئي جاکر کہو فرہاد و مجنوں کا وکیل آوے

مجھسے بیدل کي اگر تصویر کھینچا چاہیے
اے مصور صورت دل‌گیر کھینچا چاہیے

دیکھہ دامنگیر محشر میں ترے ہوئیں‌گے ہم
خوں ہمارا اپنے دامن سے نہ اے قاتل چھڑا

"عاجز" ہوں شاہ ' ملک جنوں میرے واسطے
سورج کلاہ و چتر فلک ہے زمین تخت

ہے ہمارے بت کا دل پتھر کے چیرے کي طرح
کیا کروں اس کي صفت ہے سخت ہیرے کي طرح

ہر سحر کیا دیکھتے ہو آرسي اے سادہ‌رو
ہے تمہارے حسن کے دفتر کي دونوں صاف فرد

جب سے اے رنگیں‌ادا تیرا ہے رنگ گل میں نقش
تب سے میری آہ کا ہے سینۂ بلبل میں نقش

"عاجز" بھي آہ شمع جلاتا ہے باغ میں
روشن اگر گلوں سے ہوا ہے چراغ باغ

باغ میں اس لالہ‌رو کے آہ جب جاتے ہیں ہم
دل کے داغوں کو گلوں کے تازہ کر آتے ہیں ہم

عشق سے خوش‌قامتوں کے سبزپوشي کر پسند
سرو کے بوتے قبا پر اپنے چھپواتے ہیں ہم

خوش نگہ کی یاد میں ساغر کو جب گرداں کروں
بے تکلف گردن مینا کو نرگس واں کروں
اس حنائی ہاتھہ کی تعریف خون دل سے لکھہ
ریشۂ نخل قلم کو پنجۂ مژگاں کروں

چمن میں جاکے وہ رنگیں ادا جب مسکراتا ھے
گلوں سے رنگ اڑ کر لال سا جنگل کو جاتا ھے
ھمارا اشک خونیں یاد میں گل‌رو کے بہہ بہہ کر
نگہ کو رشتۂ تسبیح یا قوتی بناتا ھے [۱]

مثنوی کا نمونہ

جنوں کے دشت کا بن کر بگولا
خرد کی راہ کو وحشت سے بھولا
سحر سے شام تک مانند خورشید
طلب کے فرق پر رکھہ پائے مالید
غزالوں کی طرح سرگرم دم تھا
بیاباں اس کو گلزار ارم تھا
برس دو لگ چلا جب راہ میں آہ
نظر میں اس کے آیا دشت جانکاہ

---

[۱] چمنستان شعرا - رائے لچھمن نرائن ' شفیق ' اورنگ‌آباد - م انجمن ترقی اردو اورنگ‌آباد – تاریخ زبان اُردو – دکن میں اُردو –

کروں اس دشت کی کیونکر صفت کو
زباں پر کس طرح ڈالوں لغت کو
وہاں ہرگز نہ تھا پانی کا آثار
اجل کا کھیت تھا وہ دشت خونخوار
بیاباں عدم کے تھا برابر
وہاں ' تھا جہاں عزرائیل کو ڈر
وہاں کي ریت ہیرے کي کنی تھي
وہاں کے کانٹے بھالوں کی انی تھي
وہاں کی گرد تھي پاؤں کي دارو
وہاں کي خاک تھي دوزخ کي بالو

سخن کے درکا مجھکو جوہری کر
سخن سنجوں کو میرا مشتری کر
سخن کا لال دے میری زباں کو
دو مہنہ ہے بھر میرے بیاں کو

پنچھی

حکیم‌الدین نام ' پنچھی تخلص ' بلگرام کے رہنے‌والے تھے - حیدرآباد میں قیام کر لیا تھا -

پہلے اپنا تخلص عاجز کہا لیکن عارف‌الدین خاں " عاجز " کا شہرہ ہوا تو پنچھی رکھہ لیا - اس سے زیادہ حالات معلوم نہ ہو سکے - غزل میں گداز اور طبیعت میں فطرت‌نگاری ہے - [۱]

صنم بنا تو خدائی کا تجھکو کیا نہ ہوا
هزار شکر کہ تو بت ہوا خدا نہ ہوا

قیامت ہے تر گھونگٹ کے اوتوں میں لٹک جانا
ملا انکھیاں سوں انکھیاں مسکرا هنسکر مٹک جانا
نہیں تم سے چلی ہے ناز کی یہ طرح دنیا میں
کہ دکھلا دور سے جھلکی نہ ملنا اور تھٹک جانا

---

[۱] عارف‌الدین خاں عاجز کے معاصر تھے ' بعض تذکرہ‌نویسوں نے ان کا زمانہ سنہ ۱۰۹۹ھ لکھا ہے - مرتب -

اس قدر ناداں نہیں ہوں میں کہ دل باتوں میں دوں
عمر گذری اے سجن تم ہي سے عیاروں کے بیچ

کفر و اسلام کي کچھ بات نہ پوچھو ہم سے
بت عیار کو ہم اپنا خدا کہتے ہیں
در بدر نالہ و فریاد کیا ہم ہر چند
پر کنھوں نے نہیں پوچھا کہ یہ کیا کہتے ہیں

شاید کہ آج آوے "پلچھي" ترا تماشا
پھڑ کے ہے آنکھ ہر دم ، دل کو لگے ہیں دھڑکے

بہ تنگ آیا ہے ایسي قید کے جینے سے جي میرا
قفس میں کب تلک قسمت ہماري ہے خدا جانے [۱]

بحري

قاضی محمود نام ، ان کے والد بحرالدین قاضي دریا کے لقب سے مشہور تھے - قصبہ گوگی کے رہنےوالے تھے - دکني زبان میں ان کے تمام اصناف سخن کا کافي ذخیرہ تھا جو برباد ہو گیا -

---

[۱] چمنستان شعرا -

کلام میں تصوف کا عنصر غالب ہے ' زبان بھي بھتر ہے ' ہر صنف میں سوز و گداز ہے ' سب کے آخیر میں مثنوی " من لگن " لکھي ہے جو نکات تصوف پر مشتمل ہے -

(حمد)

اے روپ ترا رتی رتي ہے   پربت پربت پتی پتی ہے

(نعت)

اوٹ اے قلم اس گھڑي نہ گھر جائیں
تک نعت‌نگر کي سیر کر آئیں
ہے نانوں احد نشاں احمد
سرخي سواحد ہے پان احمد

(مدح پیر)

مولا کے محب نبي کے نائب
مانس نہیں مظہر العجائب
ساگر ہیں سپور معرفت کے
بل عین ہیں نور معرفت کے

(مدح عالمگیر)

اب بول توں مدح بادشہ کا
ہور اس کي کمالیت ک
جس کي یو دوبال پن کي عادت
عالمگیری ہے اور عبادت

یک ملک نہیں جو ان لیا نہیں
یک نقل نہیں جو ان کیا نہیں
دیندار ' دلبر ہور دانا
یک علم نہ سب ملے سیانا

امین

محمد امین نام عالمگیر کے معاصر تھے ' مثنوی یوسف زلیخا کو دکنی زبان میں نظم کیا ہے - نمونہ یہ ہے :—

اول تعریف سن خالق اے یار
کہ وے دونوں جہاں کا ہے کرن ہار

مومن

عبدالمومن نام - قوم پٹھان چھاپٹن قلمرو عادل شاہی میں رہتے تھے اسرار عشق مشہور مثنوی ان کی تصنیف ہے جو سید محمد جونپوری کی سوانح حیات ہے تشبیہات اور استعارات خوبی سے لاتے ہیں ' یہ مثنوی ۱۰۶۳ھ میں تمام ہوئی ہے - [۱]

عجب دن شب کہ منجن سیم کرحل
عروس بدر سر تمنا نور کی جل

---

[۱] دکن میں اردو - تاریخ زبان اُردو -

نوٹ - ۱۱۰۹ھ ان کا زمانہ تھا

تجمل کا دکھائے جب نبی کوں
چوا چوکی کتیں لالی نکہت سوں
کہ تاجا دجلۂ مغرب مدی چل
سورج کی ضو سوں دل جلوا لکی کل
پرت کی ریت میں بھی خوب لاگی
عروس آپیں ہو جانا شوکی جاگی
کھومیتے تھی رکن میں تیربازی
دکھاتی تھی فلک کو تیغ بازی
آتا کر رقص رکت تازہ تبازنا
تنن ناتن تنن ناتن تنانا

(احاطہ مدراس و بیجاپور)

ذوقی

شاہ حسین نام، لقب بحرالعرفان تھا، درویش اور متوکل شخص تھے، کلام میں شکوہ لفظی و معنوی دونوں ہیں، اور زبان کی خوبی بھی۔ وصال العاشقین ان کی مثنوی ہے جو سنہ ۱۱۰۹ھ میں تصنیف ہوئی، نمونہ یہ ہے:-

مگر اے حسن دل کا خوش سرشتہ
لبھایا من کو میرے ہو فرشتہ
اگرچہ ای سرشتہ لے اول بھی
گندھے ہیں ہار تلال شیخ وجہی
ہوا کیا جو انویک تار لے کر
گندھے اپنے موافق ہار لے کر

ھوئے جو بھڑ دونوں مل مقابل
پڑیا لرزا زمیں اسمان کے دل

(نمونۂ غزل)

ھے سروقد سکے کا جوں پھول ڈال نازک
مکھ پھول پھل رھیا ھے جیسا گلال نازک
مکھ پھول نار کی سوں ڈالی پھول پھل رھیا ھے
پلکڑیاں سو پھول کیا ھوں دستیں میں گال نازک
بن کھا کہ ناز کی سوں لٹکی سکی اگن میں
گویا دیاں شفق میں دستے حلال نازک [۱]

مجرمی

شاہ بیراللہ نام، بیجاپور کے رھنےوالے تھے؟ کلام میں روانی کا عنصر کم ھے، لیکن قدرت کا پتا چلتا ھے [۲] ان کی تصنیف مثنوی "گلشن حسن دل" ھے جو سنہ ۱۱۱۴ھ میں لکھی گئی، نمونہ یہ ھے:-

(حمد)

جتا حمد ھے سو خدا کونج ھے
ثنا ھور صفت بھی اسی کونج ھے

---

[۱] دکن میں اُردو-

[۲] دکن میں اُردو-

جو درگاہ اس کی اھے بے نیاز
اپس سول اپس ہے وہ بے نیاز
نہ قادر ہے قدرت میں اس سار کا
نہ پیدا کیا ہے اپس سار کا

(آغاز مثنوی)

زباں اور نظر دونوں مل یار ہو
چلے ہیں تماشے کو اک تھار ہو
چلے جب تماشے کو مل کے ملوک
تو دیکھتے تمیز کر کو کرتے سلوک
سلوک سوں ہر ایک ملک کالے خبر
تو واقف ہو پھرتے تھے کرتے نظر
کتے ہیں ولایت کو اے دونوں
عجائب شہر ایک پائے دونوں

(تاریخ تصنیف)

یو بارویں صدی میں پھر یو قصہ تمام
جو چودا برس نہیں ہوئے تھے تمام

(نام)

اس عاجز کا ناؤں شاہ بہر اللہ فقیر
جو سید میراں اس کا ہے دستگیر [۱]

---

[۱] دکن میں اُردو -

نتھو اولیا

تبر عالم نام ' ایک مثنوی ان کي تصنیف ھے اس کا نمونہ یہ ھے اور حالات معلوم نہ ھو سکے [۱] ۔ کلام میں روانی ھے ۔

عجب میں جو زاھد جھٹک آستیں
تما شبکوں جو جوڑی نظر پاک بیں
ایسے دھات شو گشب میں تھار تھار
جہاں شو کھڑا ھے نہیں واں نہار

بچھایاں مرصع کے کرسی اُدھر
بندیا درمیاں پردہ ' باریک تر

ولی دکھنی [۲]

محمد فیاض نام ' قوم سید ' وطن ویلور (احاطہ مدارس) ھے ۔ عالمگیر کے معاصر تھے ۔

کلام میں ' اُردو زبان پر ھندی عناصر کا غلبہ ھے ' روانی اور سلاست کافی ھے ۔

---

[۱] دکن میں اُردو ۔

[۲] ۔ یہ مشہور شاعر ولی اورنگ آبادی سے کوئی تعلق نہیں رکھتے ' بلکہ بالکل دوسرے شخص ھیں ۔ مرتب ۔

ان کی تصنیف ذیل کی دو مثنویاں ھیں -

[۱] رتن پدم -
[۲] روضة الشهداء -

ریاست خاں ' رئیس سات‌گڑہ نے ان کي بہت قدرداني کي تھي ' کچھہ دنوں ان کے دربار میں تھے ' اس کے بعد نواب عبدالمجید ساکن کڑپا کے پاس آئے ' نواب نے ان کو سد ھوت کے قلعے میں ایک عہدے پر مامور کر دیا -

" رتن پدم " میں ولي نے اپنے ان واقعات کا اس طرح ذکر کیا ھے :—

ریاست خاں امیر ایک نامور تھا
سکونت‌گاہ اس کو سات‌گڑھ تھا
اتھا او اھل درد و نیک اعمال
رفاقت میں اتھا میں اس کي خوشحال
قضاراں واں سوں ھو قسمت نے برخاست
سو آیا میں طرف کڑپا کے دھرخواست
نواب عبدالمجید ' ابن الحمید ایک
اتھا واں نامور ' صوبہ سعید ایک
سو او بھتر شتجا پروانہ لکھہ کر
بہ سلک نوکراں مجھہ منسلک کر
تعین کر مجکوں سدھوت کو روانہ
کیا او صاحب شیریں زمانہ
سو حسب الحکم میں سدھوت کو آیا
رنگارنگ واں تماشے میں نے پایا

" ولي " تیرے کرم کي ہے مجھے آس
نہ کر ' اُس آس سوں ہرگز تو نیراس

" ولي " ہے یو سبب خالي بہانا
اسي کا کام ہے دینا دلانا [۱]

"روضۃالشہدا" میں ولي نے واقعات کربلا نظم کئے ہیں اس کے علاوہ انہوں نے ایک مناجات بھي لکھي ہے جس کا نمونہ یہ ہے :—

(مناجات)

یا الٰہي زھد و تقویٰ نیں ہوا مجھ ہات سوں
کچھ عبادت ہور ریاضت نیں ہوا مجھ ذات سوں
سر بسر ہوں منفعل اس کام ہور اس بات سوں
یا غفورالمذنبیں مجھ حال پر احساں کرو

محمود

محمود بیگ نام ' محمود تخلص تھا - بیجاپور کے رہنے والے ' ولي کے شاگرد فخري کے معاصر تھے - [۲]

نمونۂ کلام یہ ہے :-

لوگاں کہیں پتھر سوں کچھ سخت نہیں و لیکن
جو کوئي پیا سوں بچھڑا وہ سخت ہے پتھر سے

---

[۱] تاریخ زبان اردو -

[۲] تذکرۂ میر حسن - چمنستان شعرا -

صبائي

احمدآباد کے رهنے والے ' ولی کے معاصر تھے [۱] - بالکل عامیانه مذاق میں کهتے تھے -

زر سے ہے آشنائی ' زر سے ملے ہے بھائی
زر نهیں تو ہے جدائی ' دنیا میں جو ہے زر ہے

احمد

احمد نام اور تخلص ' گجرات وطن ہے ' زیادہ حالات معلوم نهیں - عربی فارسی کے علاوہ سنسکرت اور بهاشا زبانوں کے بهی عالم تھے ' ولی کے معاصر تھے - نمونه کلام :-

احمد بتائیں کیا کریں اب راہ عشق میں
سر پر تو سانجھ [۲] پڑگئی اور پانوں تھک گئے

آگاہ [۳]

محمد باقر نام تھا - ذی علم شخص تھے ' تصانیف کثیرہ ان کی طرف منسوب هیں ' زیادہ تر نظم هی ان کا میدان

---

[۱] دکن میں اردو -

[۲] لفظ " سانجھ " بجائے " شام " استعمال کیا ' اس سے ان کے صحت مذاق کا پتا چلتا ہے کیونکه " تو " اور " پڑگئی " کے درمیان " سانجھ " مناسب اور موزوں ہے - مرتب -

[۳] دکن میں اردو

رھا ھے - "آگاہ" پہلے شخص ھیں جنھوں نے اُردو نظم میں سیرت کي مکمل اور صحیح روایات پر مبنی کتاب لکھي ھے ' عروض کی پابندیوں کے ساتھ اپنی وادي میں رواں ھیں ' ان کي تصنیف میں " ١ - ھشت بہشت " " ٢ - من در پن " دو کتابیں ھیں -

پہلی کتاب سیرت میں ھے اور دوسري میں معجزات نبي بیان کئے ھیں -- سنہ ١٢٢٠ھ میں وفات پائي [١] -

"نمونہ من درپن" :-

(آغاز)

بحول و قوت پروردگار اب
میں لکھتا ھوں اسے با اختصار اب
بہ ترتیب لطیف و حسن اسلوب
کہ جو دیکھے سو بولے ھے بہت خوب
اگرچہ ' معجزوں کے ذکر اندر
ھیں نسخے بہوت دکھلي اے برادر
ولے اکثر غلط اس کا بیاں ھے
محدث پاس جھوٹ اس کا عیاں ھے
حدیثوں میں نہ ھو جس کوں ٹھکانا
حرام اس کا ھے پڑنا ھور پڑانا
میں "من درپن" رکھا ھوں نام اس کا
جلا دینا ھے دل کو کام اس کا

---

[١] محبوب الزمن -

جب اِس سے حسن مطلق ہے نمودار
ہوا یہ نام اس کے تئیں سزاوار

نمونہ ھشت بہشت :—

سال نہم میں وفود آے بہت
ایمان اس شاہ اُپر لاے بہت
نام اس سال کا ہے سال وفود
معنے اس کے ہے جماعت سن زود
جو وفود آے ھیں نزد سالار
ساتھ سے کچھ ھیں زیادہ اے یار
ہور اس سال میں ہے جنگ تبوک
جس کی سختی میں نہیں ہے کچھ چوک
اس سبب سے بکلام علام
اس کے تئیں " ساعت عسرت " ہے نام

(آغاز سیرت)

شروع حسن سیرت کو کرتا ہوں اب
بیاں مختصر اس کا کرتا ہوں اب
تھے اخلاق سب شاہ کے باکمال
نہ تھا اول ملے کوئي اس کي مثال
کہا عائشہ پاس آ ایک جوان
" کہ اے مادر مہرباں کر بیاں
شہنشاہ کے اخلاق تھے کس وضا
مجھے یک بیک اس کے تئیں سب سنا "

کہی عائشہ اسکوں اے ہوشیار
ہے تفصیل اس کی نہایت سی بہار
و لیکن میں کہتی ہوں اب مختصر
کہ خُلق اس کا قرآن تھا سر بسر

وجدی

وجیہ‌الدین نام، قوم شیخ، کرنول کے باشندے تھے، کلام میں سلاست زبان کا لطف غالب ہے طرز ادا میں بے ساختگی ہے - دکنی اُردو میں ان کی حسب ذیل مثنویاں ہیں -

۱ - باغ جانفزا ضخیم مثنوی ہے - سنہ ۱۱۴۵ ھ میں تصنیف ہوئی چنانچہ باغ جانفزا تاریخی نام ہے -

۲ - پنچھی باچھا، شیخ فریدالدین عطار کی مشہور مثنوی منطق‌الطیر کا ترجمہ ہے - سنہ ۱۱۴۹ ھ میں تمام ہوئی -

۳ - تحفۂ عاشقاں، یہ بھی شیخ فریدالدین عطار کی مثنوی ''گل و ہرمز'' کا ترجمہ ہے - سنہ ۱۱۵۲ ھ میں ختم ہوئی -

نمونہ باغ جاں فزا

دنیا میں رہ کے دنیا سوں جدا اچھ
جدا ہوکر، طلبگار خدا اچھ
قلندر ہو کے ست دے خود پرستی
دیوانا ہو کے دکھلا جوش مستی

شراب عشق سوں ، کر دل کو سر مست
پکڑلے نیستي نـا هوئے گا ـست
مرادِ دل سمجھہ لے ، نا مرادی
کہ غم سوں پائیگا توں راہ شادي
بہشتي حور طوبے قد ، پري رخ
مبارک شـکـل چـهـرا فـال فرخ

پری صورت ہے توں ، لیکن پري نیں
کہ انسـاں بن یو حسن دلبري نیں
کہ اے روشن گہـر ، ماہ جہاں تاب
سوا تجہ کـوں جوانـي کا اچھـو لاب
فـلـک اک گـوشـۂ ایـوان ، اس کا
زحل سو کمتریں ، دربـان اس کا
کرے مریخ وهـاں ، خنجـر گـذاري
اتي خورشید کـوں ، چوکی کي باری
مقابل مطرباں کا راگ ، هور رنگ
بجي طنبور سر منڈل دف و چنگ
عجب دلکش ہے بـزم مـے پرستاں
خصوصاً هوے جب ، هاے هوے مستاں

کریگا کون ، میـری کارسـازي
دوستی هوئیگي ، عاشق نوازي

---

۱ - باغ جانفزا کي تاريخ اس طرح نکالي هے :—

يو هے بيان خاتمہ جي شکر سوں بوليا هوں ميں
تاريخ جس کے ختم کا ، آيسا هے باغ جاں فزا

---

۲ - پلچهي نامہ يا پلچهي باچها :—

اصل ميں يو تها ، کلام فارسي
اهل معنے کو ، مثال آرسي
خوشترين تصنيف شيخ نامدار
پيشواے عارفان روز کار
شيخ صاحبدل ، فريد نامور
خاص جن کا هے لقب عطار کر

تها ولے جوں ، فارسي ميں ، يو کلام
کم سمجهہ سکتے تهے اس کو، خاص و عام
گرچہ ميں بهي کچهہ نهيں، معنے شناس
کاں مجهے ، اس کے سمجهنے کا قياس
ليکن اس کو ديکهہ کر ، دلچسپ بول
يک بيک يوں دل ملے ، آيا کلول
جو موافق فهم اپني کے ضعيف
اس کتاب خاص کا ، نظم شريف
قصد کر ، دکهني زباں ميں ليکے آؤں
تار هے دنيا ملے ميرا بهي ناؤں

اے پلنچھی پیارے ' سخن آغاز کر
حمد سوں ' حق کے ' بلند آواز کر
شوق سوں ' ایسا روچایا یک چھچا
جو رہے تس لوگ کا ' عالم لوبھا
گلشن وحدت ' ہے تیرا آشیاں
احدیت کا راز ' سب تجھہ پر عیاں
سر کشی سب چھوڑ دے ' ہو سر نگوں
درد سوں کر ' دل کوں اپنے غرق خوں
گر تجھی ہے ' ہمت معنے بلند
دل نکو بردار و تباں سات بند
جانے کا دونوں جہاں سوں کر گذر
بیٹھہ ذوالقرنین کی ' جاھات پر

ایک دن ' سب جگ کی پلنچھی جانوو
مل کر بیٹھے ' جمع ہو یک ٹھار پر
ہے ہر یک فرقہ ' میں یک بادشا
نہیں ہمن کوں بادشاہ ' سو کیا کہا

خاتمہ کی تاریخ لکھتے ہیں :—
جب کہا تارخ کا ' دل میں حساب
تب ہوا میزان کہا خاصا کتاب
سنہ ۱۱۴۶ھ

---

۳ - تحفۂ عاشقان :—

(آغاز)

کروں پاک دل ' ہور زباں پاک سوں
ثنا پاک ' اس عاشق پاک سوں

قضارا دسیا مجکوں ' یک بار کا
گل و ہرمز ' اس شیخ عطار کا
ہوا شوق پیدا ' مدنجھے بعد ازاں
کہ دکنی زباں سو ' کروں ترجماں

قافیہ کے لئے ترجمہ کو ترجمان کیا ہے -

سال تصنیف میں لکھتے ہیں :—

دسے اس کی تاریخ مجکوں عیاں
پچھا نو اسے تحفۂ عاشقاں [۱]
سنہ ۱۱۵۳ھ

---

[۱] دکن میں اردو -
تاریخ اردوے قدیم -

خاکي

سید محمد جمال‌الدین نام ' قادري لقب ' خاکي تخلص تھا ' قریب قریب ھر صنف میں شعر کہے ھیں ' ان سب میں خوبي زبان ' طرز ادا اور مضامین تصوف کا غلبہ ھے - سنہ ۱۱۳۱ھ میں مثنوی '' فیض عام '' لکھي -

جائز نہیں تھیں ' ھجر کي شب کی ' شکایتیں
مجکوں خصوص ' آج تو روز وصال تھا

اپنے معشوق سنگ ھو رھنا
ایک دل ایک رنگ ھو رھنا
حال واصل کا ' ھے یھي '' خاکي ''
دیکھہ دلبر کوں دنگ ھو رھنا

احمد ' اگر ظہور نہ ھوتے جہان میں
پائے خدا کي ذات کوں ' کس کا مجال تھا

صدق ' میں صدیق اکبر ' کبریا
زھد اور تقویٰ ستي او بے ریا

ھیں عمر ، دائم عدل سوں بے بدل
اس صفت سوں ، اُن کوں حق نازل کھا
ھے حیا کے سنگ نت ایماں قرار
صاحب ایماں عثماں با حیا
ھے ولایت اور شجاعت جس پہ یار
او علي مھلي ھیں ابلھا
یو خلیفے چار ، برحق جان توں
بے شبہ ، حق مرتبہ ان کوں دیا

مست ھوکے خیال میں رھنا
گُم اُسي کے جمال میں رھنا
ناقصوں کا ھے کام اے '' خاکي ''
اپنے فخر و کمال میں رھنا

بلبل کوں ، گل سے مطلب ، خاروں کي کب ھے پروا
جو عشق میں دیا سر ، ماروں کي کب ھے پروا

حق کے مخفی راز کا ، سن لے بیاں
پوچھہ مت ھم ، سن تو اخبار بھشت

تاب گل ، ھم میں ، جو تصویر صنم کي دیکھیں
نقش ھوجائیں ، کھو دیکھہ اسے دیوار کے سات

صنم کا ناز ' عاشق کی نیازی
نزاکت ہے ' نزاکت ہے ' نزاکت
ہوا ' جب کعبۂ مقصود مشہور
زیارت ہے ' زیارت ہے ' زیارت

ہوش کھو ' محو ہو رہا ہوں
دیکھہ کر ' میں ترا ادا ' اے شوخ

پیو ' کل میں محیط ہو بالا
ہے او ظاہر ' نہان ' کچھ کا کچھ

هشیار اے ، او ' بے خبر ' ہے جسم میں ترے ' یزید
یا مار کر غازی ہو توں ' یا مر کہ ہو اس سوں شہید

ہوں میں کل قید غیریت سوں ' خلاص
بلکہ دایم ہوں عینیت سوں خلاص
پیو سوں ' نا جدا ہوں ' نا شامل
ہو رہا ہوں میں عبدیت ' سوں خلاص

اب تلک ' منتظر ہیں ہم ' پیو کے
پیو نہ آیا نظر ' خدا حافظ

ھے نگھۂ بان ' در پہ ' مہوش کے
سگ دربان سوں ' ڈروں کب لگ

نہیں ھے مجکوں خوف کچھ ' روز جزا
یا محمد ' توں ھوا ھے جب کفیل

کیوں کروں ' میں غیر کے اوپر نگاہ
نہیں جدا ' میری نظر سوں ' او صنم

نور سون رب کے ' محمد ھے عیاں
ھے عیاں نور نبی سون ' کل جہاں

ھمارے سر کا چھتر ھے ' '' جمال '' اے '' خاکی ''
دئے ھیں ' دست کوں ھم ' سایۂ دار کے ھاتھوں

ارے دل کی ھے روشنی ' جاگنے میں
کہ ھوتا ھے مفلس غنی ' جاگنے میں

تری انکھوں کی کیا کروں ' تعریف
حوض کوثر کے ' خاص کانسے ھیں

ھوش دیکر ' کبھي کریں بےھوش
پھر کبھي ' ھوشیار کرتے ھیں

——

بندگی کون تو چھوڑ بیٹھا ھوں
موں ' خدائي سوں موڑ بیٹھا ھوں

——

دلوں پہ نقش ھوا ھیگا ' یار کے ھاتھوں
بنی ھے صورت زیبا ' نگار کے ھاتوں

——

' خاکی '' سخن کہا ھے ' تصوف کے باب میں
کر غور ' اس کے شعر سوں ' انکار مت کرو

——

اصل تیرا ھے نام ' بسم‌الله
ورد کر ' صبح و شام بسم‌الله

——

کون ھے تجھ بنا مرا والي
جو کروں اس سوں داد و فریادی

——

جسکے بر میں روز و شب دل دار ھے
بت پرستی سوں ' اُسے در کار ھے

عشق بازی میں کرے عاشق غرور
کم نگاہی کی سزا درکار ہے [۱]

آزاد [۲]

فقیراللہ نام ' وطن حیدآباد تھا ' اُن کی غزل پر ولی نے غزلیں لکھی ہیں -

(نمونۂ کلام)

" آزاد " سے لیتا ہوں ' یہ مصرعۂ مناسب
جس سے کہ یار ملتا ' ایسا ہنر نہ آیا

سب صنعتیں جہاں کی ' " آزاد " ہمکو آئیں
پر جس سے یار ملتا ' ایسا ہنر نہ آیا

شعراے اورنگ آباد

۲۰ — ولی اورنگ آبادی

محمد ولی نام ' اورنگ آباد کے رہنے والے تھے -

ولی دہلی ہوی گئے تھے ' بعض تذکرہ نویسوں نے لکھا ہے کہ وہاں اُن کی بہت قدر ہوئی -

---

[۱] سالنامۂ اخبار رہبر دکن - (حیدرآباد دکن) -
[۲] دکن میں اُردو - چمنستان شعرا -

'' شاہ گلشن '' مشہور فقیر اور شاعر سے ' ملاقات کی اور اپنے اشعار سنائے ' انہوں نے صلاح دي کہ

'' ایں ہمہٴ مضامین فارسي کہ بے کار افتادہ اند
در ریختہ بکار ببر از تو کہ محاسبہ خواھد گرفت

(تذکرۃالشعرا - میر)

ولي کے کلام میں سلاست اور رواني اس قدر ھے کہ کہا جا سکتا ھے کہ وہ اس دور کے '' داغ '' ھیں - زبان کو خالص اردو بنانے کي پوري کوشش کرتے ھیں ' اپنا مطلب اس طرح ادا کرتے ھیں کہ سننے والا متاثر ھو جاتا ھے غزلوں میں سوز و گداز ' مثنوي میں روانی ' قصائد میں شکوہ ' رباعیوں کے اختصار میں تفصیل مسائل دور سے نمایاں ھیں -

کلیات ولی - نورالمعرفت (تصوف میں) ان کي تصانیف ھیں - بہقول '' آزاد '' ولي سعداللہ گلشن کے شاگرد تھے - ولی کے شاگردوں میں بعض تذکرہ نویسوں نے مرزا '' داؤد '' کا نام لیا ھے جیسا کہ وہ خود کہتے ھیں :—

کہتے ھیں سب اھل سخن ' اس شعر کو سن کر
تجھہ طبع میں ' '' داؤد '' '' ولي '' کا اثر آیا

سنہ ۱۰۷۹ھ میں بمقام اورنگ‌آباد پیدا ھوئے اور سنہ ۱۱۵۵ھ میں احمدآباد (گجرات) میں وفات پائی -

کہتا ھوں ' ترے نانوں کوں ' میں ورد زباں کا
کیتا ھوں ' ترے شکر کوں ' عنوان بیاں کا

هر ذرۂ عالم میں ہے ' خورشید حقیقی
یو بوجھہ کے ' بلبل ہوں ' ہراک غنچہ دہاں کا
جاري ہوئے آنجھو مرے ' یو سبزۂ خط دیکھہ
اے خضر قدم اِس سیر کر اِس آب رواں کا

کتابت بھیجنی ہے ' شمع بزم دل کوں اے کاتب
پر پروانہ اوپر لکھہ ' سخن مجھہ جانفشاني کا
عزیزاں بعد مرنے کے نہ بوجھو تم ' کہ تنہا ہوں
لکھا ہوں ' پردۂ دل پر ' خیال اس یار جاني کا
شراب جلوۂ ساقي اُسوں ' مت کر منع ' اے زاہد
یہي ہے مقتضا ' عالم میں ' ہنگامِ جواني کا

کیا مدہوش مجھہ دل کو ' انیندي نین ساقی نے
عجب رکھتا ہے کیفیت زمانہ نیم خوابی کا

ہوئي ہے آرسي جوگن ' ترے مکھہ کے تصور میں
بھبھوتی مکھہ پہ لیا ' دم مارتي ہے خاکساري کا

طالب نہیں ' ماہ و مشتری کا
دیوانہ ہوا ' جو تجھہ پری کا

تجھہ تل سے ' اے آفتاب طلعت
ممنون ھوں ' ذرہ پروری کا

——

محبت یار بےپروا کی ' سہلے میں ہے ' رات ہور دن
یہی مطلب ھے ' رات ہور دن نمازی ' ہور نیازی کا

——

شغل بہتر ھے ' عشق بازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا
آج تیری نگہ نے ' مسجد میں
ھوش کھویا ھے ' ھر نمازی کا

——

چاھتا ھے اس جہاں میں گر ' بہشت
جا تماشا دیکھہ ' اس رخسار کا
آرزوئے چشمۂ کوثر ' نہیں
تشنۂ لب ھوں ' شربتِ دیدار کا

——

کیا کرے تعریف دل ' ھے بےنظیر
حرف حرف ' اس مخزنِ اسرار کا
گر ھوا ھے ' طالب آزاد گی
بند مت ھو ' سبحہ و زنّار کا

——

جیوں لالہ ' بجز آتش خاموش لب یار
مرہم نہیں عالم میں ' "ولی" داغ جگر کا

روح بخشی ہے کام ' تجھ لب کا
دم عیسیٰ ہے نام ' تجھ لب کا

آئینہ تجھ سے ہو کے ' ہم زانو
حیرت افزا ہوا ہے ' گلشن کا

اس قد سے ' جس چمن میں ' وہ نو نہال ہوگا
کیا سرو ' کیا صنوبر ' ہر اک نہال ہوگا

یاد آتا ہے مجھے جب ' وہ گلِ باغِ وفا
اشک کرتے ہیں مکاں ' گوشۂ داماں میں آ
حسن تھا پردۂ تجرید میں ' سب سوں آزاد
طالب عشق ہوا ' صورت انسان میں آ
درد مندوں کو بجز درد نہیں صیدِ مراد
اے شہِ ملکِ جنوں ' غم کے بیابان میں آ

نقش دیوار کیوں نہ ہو ' عاشق
حیرت افزا ہے ' بیوفا کی ادا

اے ''ولي'' ' درد سر کي دارو ہے
مجھکوں ' اس صندلي قبا کی ادا

دل عشاق کیوں نہ ہو ' روشن
جب خیال صنم ' چراغ ہوا

جو ''ولي'' ہے ' مرجع ہر جز و کل
وہ مرا مقصودِ جان و تن ہوا

سینۂ بلبل و قمری کو کیا ' مخشر درد
جبکہ اس سرو نے ' سیر گل و شمشاد کیا

تب سے ہوا ہے ' محمل لیلیٰ کي شکل دل
جب سوں ' ترے خیال نے ' دل میں گزر کیا

خدا دیا ہے مجھے ' سو ہزار عجز و نیاز
جو سر سے پاؤں تلک ' تجھکوں شکل ناز کیا

صحن گلشن میں جب ' خرام کیا
سرو آزاد کو ' غلام کیا

غمزۂ شوخ نے ، بہ نیم نگاہ
کام عشاق کا ، تمام کیا

ہے قد ترا سراپا ، معنئی ناز گویا
پوشیدہ میرے دل میں ، آتا ہے راز گویا
ہر یک نگہ میں تیرے ، ہے نغمۂ محبت
ہر تار تجھ نگہ کا ، ہے تار ساز گویا
ہے قبلہ رو ہمیشہ ، محراب میں بھواں کے
کرتی ہیں تیری پلکاں ، مل کر نماز گویا

پی کے ہوتے ، نہ کر تو مہ کی ثنا
معتبر نیں ہے ، حسن دور نما
باعث نشۂ دوبالا ، ہے
حسن صورت کے ساتھ ، حسن ادا
اے گل باغ حسن ، مکھ سوں ترے
جلوہ پیرا ہے ، رنگ و بوے حیا

کم نما ہے نو جواں میرا ، برنگ ماہ نو
ماہ نو ہوتا ہے دائم ، اے عزیزاں کم نما
مدعائے عاشقاں ہر آن ہے ، دیدار یار
یار کے دیدار بن ، دوجا عبث ہے مدعا

کیمیا عاشق کے حق میں ہے' نگاہ گل رخاں
گل رخاں سوں جگ کے' پایا ہوں ''ولی'' یہ کیمیا

(نعتیہ)

لا مکاں پر بلا احمد ' جو بلا بٹھلایا
تب ملائک نے وہیں ' صلوا علیکم گایا
حور و غلماں نے ' ترانے سوں ' وہ نغمے بولے
قاب قوسین کا نوشہ ' تو ہے سب کو بھایا
تھے براتی وہاں ' آدم سوں لگا ' تا عیسیٰ
اور جبرئیل امیں ' گوندھ کے سہرا لایا
حق نے ' لولاک لما حق میں محمد کے' کہا
ان سوا ' کون سے مرسل نے ' یہ رتبہ پایا

کیوں ہو سکے ' جہاں میں ' ترا ہمسر ' آفتاب
تجھ حسن کی اگن کا ہے ' یک اخگر آفتاب
دیکھا جو تجھکوں ' آپ سے روشن جہان میں
سر سوں لیا ' نقاب زریں مکھ پر آفتاب

ترے جلوے سوں ' اے ماہ جہاں تاب
ہوا دل سر بسر ' دریائے سیماب

ملیا وہ گلبدن جس کوں ' اسے گلشن سوں ' کیا مطلب
جو پایا وصل یوسف ' اس کو پیراهن سوں ' کیا مطلب
سخن ' صاحب سخن کا ' سن کے ملنے کي هوس مت کر
جواهر جب هوے حاصل تو پهر معدن سوں ' کیا مطلب

ترے مکھ پر ' اے نازنیں ' یو نقاب
جھلکتا ہے ' جیوں مطلع آفتاب
ادا فہم کي ' دل کي تسخیر کوں
ترا قد ہے ' جیوں مصرعۂ انتخاب

مدت کے بعد ' آج کیا جو ادا سوں بات
کھلنے سے اس لباں کے ' هوئي حل مشکلات
دیکھے سوں مجھکوں آج شب و روز نیک ہے
وہ زلف و رخ ' کہ جن سوں عبارت ہے دن و رات

زبان حال سوں کہتا ہے یو شمشاد ' هر ساعت
پڑیں گے قید میں ' اس قد کوں دیکھ ' آزاد هر ساعت
بچے گا کب تلک ' اے طائر دل ' زور وحشت سوں
نگھ کا دام ' لے آتا ہے وہ صیاد ' هر ساعت

هر درد پہ کر صبر ' '' ولي '' عشق کي رہ میں
عاشق کو نہ لازم ہے ' کرے دکھ سوں شکایت

لب ترے پر ' کہ روح کا ہے قوت
کاتب ناز نے ' لکھا ہے سکوت
جو موا داغ عشق میں ' اس کوں
تختۂ لالہ سوں ' کرو تابوت
اے '' ولي '' سبزۂ لب دلبر
خوشنمائي میں ہے ' لب یاقوت

روایت خضر سے ' پہونچي ہے ' مجھ کو
کہ اس کا خط ہے ' موج آب یاقوت

شوخ میرا ' بے میا ہے ' الغیاث
صاحب جور و جفا ہے ' الغیاث
وہ صنوبر قامت گل‌زار حسن
محشر ناز و ادا ہے ' الغیاث
اس کماں ابرو کا ' ہر تیر بلا
جیوں خدنگ بے خطا ہے ' الغیاث
پائمال قاتل رنگیں ادا
خون عاشق ' جیوں حنا ہے الغیاث
بلبل باغ وفا ہوں ' میں '' ولي ''
وہ سراپا بے وفا ہے ' الغیاث

انکھوں کو تیرے دیکھہ کے ' گلشن میں گلبدن
نرگس ہوا ہے شوق سوں بیمار ' الغیاث

ھے جلوہ گر صنم میں ' بہار عتاب آج
لیتا ھے ' اس کے ناز و ادا کا حساب ' آج
عالم کا ھوش کیونکہ رہے گا ' عجب ھوں میں
چوتا ھے اس کے نین سوں ' رنگ شراب آج
کیا ناز ' کیا غرور ھے اس نوبہار میں
دیتا نہیں ' سلام کا میرے جواب ' آج

جولاں گری میں ' گرم ھے وہ شہسوار آج
سینے سے عاشقوں کے ' اُٹھے ھے غبار آج
بے شک کریگا ' خاطر عشاق باغ باغ
آیا ھے التفات پہ ' وہ نوبہار آج

آخر کو رفتہ رفتہ ' دل خاکسار نے
تیری گلی میں ' آ کے کیا ھے مکان ' آج
شعلے کوں ' دل کے ھیچ ھے - جانا فلک اُپر
برپا کیا ھوں ' آہ سوں میں ' نردبان آج

بے تاب آفتاب ھے ' تب سوں جہان میں
دیکھا ھے تجکوں ' جب سگتی ' اے رشک نور صبح

زھے طرب ' کہ ھوا بزم عیش میں دم ساز
صنم کے لعل سوں ' یاقوت بے بہاے قدح

اگر اشارت ابرو ' کرے وہ ماہ تمام
ہلال بزم میں ' ہو چرخ زن ' بجائے قدح

کیا ہے دفع ' مرے درد سر کوں ' رونے نے
ہوا ہے حق میں مرے خون دیدہ ' صندل سرخ

ہمیشہ ہے ' بہار سرو آزاد
نہ جائے ' دولت حسن خدا داد
خلاصی کیونکہ پائے ' بلبل دل
نگاہ مہرباں ہے ' دام صیاد

گر آرزو ہے تجھکوں ' مقصد کے گل کا کھلنا
تک بلند کر زباں کو ' مکھہ میں ' کلي کے مانا

کُھلا ہے ' عقدۂ دل ' تجھہ پلک کی سوزن سوں
ترے نین کا ' اشارہ ہے ' قفل دل کي کلید

اے " ولي " ترک علائق ' دل کو ' لذت بخش ہے
جیوں ہے ' دنیا دار کو ' فکر سروساماں ' لذیذ

یاد ' تجھہ خط سبز کي ' اے شوخ
زخم دل پر ہے ' مرہم زنگار
بسکہ پایا ہے ' تجھہ جفا سوں شکست
خانۂ دل ' ہوا ہے ' آئینہ وار

شبیہ ' جو تجھہ خط کو دیا ' مشک ختن ' سوں
عالم کوں ' وہ آگاہ کیا ' اپني خطا پر

مت تغافل کو راہ دے ' اے شوخ
جگ ہنسائي نہ کر ' خدا سوں ڈر
ہے جدائی میں ' زندگي ' مشکل
آ جدائي نہ کر خدا سوں ڈر
عاشقاں کوں ' شہید کرکے ' صنم
کف ' حنائی نہ کر ' خدا سوں ڈر
آرسی دیکھہ کر ' نہ ہو مغرور
خود نمائی نہ کر ' خدا سوں ڈر
اس سوں ' جو آشنائے درد نہیں
آشنائی نہ کر ' خدا سوں ڈر
اے " ولي " غیر آستانۂ یار
جبہ سائي نہ کر ' خدا سوں ڈر

رحم بھجا ' ستم برابر ھے
تو رقیباں اُپر ' کرم مت کر

کیا درد کہے ' کون کہے درد مرا ' جا
اے آہ ' مرے درد کی ' تو جا کے خبر کر

اے '' ولي '' آیا ھے ' وہ مقصود دل
خانۂ دل ' خوں سوں ' رنگ آمیز کر

صنعت کے مصور نے ' صباحت کے صفحے پر
تصویر بنائي ھے تری ' نور کو حل کر

میں ' تجھے آیا ھوں ایماں بوجھہ کر
باعث جمعیت جاں ' بوجھہ کر
رحم کر ' اس پر کہ آیا ھے '' ولی ''
درد دل کا تجھکوں ' درماں جان کر

جنون عشق ھوا ' اس قدر زمیں کو محیط
کہ پارسا کو ھوئي ' موج بوریا زنجیر
زبان قال نہیں ' طفل اشک کوں ' لیکن
زبان حال ' سوں کرتے ھیں عشق کي تقریر

ان نے ' پایا ہے منزل مقصود
عشق جس کا ہے ' ہادی و رہبر
ترک لذت کی ' جس کوں ہے لذت
شکر اس کو ہے زہر ' زہر شکر
آشنایاں کوں ' موج آب وفا
ہے محبت کی تیغ کا ' جوہر

ہوا نہیں ' وہ صنم صاحب اختیار ' ہنوز
بجائے خود ہے ' رقیباں کا اعتبار ہنوز
" ولی " جہاں کے گلستاں میں ' ہر طرف ہے خزاں
ولے بحال ہے ' وہ سرو گلعذار ہنوز

آزاد ' اپنے عشق سوں مت کر ' " ولی " کے تئیں
تیرا غلام ' جگ میں کہایا نہیں ' ہنوز

خواب میں دیکھا تھا ' تیری زلف کوں
دل میں ہے ' باقی پریشانی ' ہنوز

تشنہ ' آب زندگانی ہوں
بوسہ دیکر بجھا ' تو میری پیاس

اے " ولی " اس کا زھر ' کیوں اترے
جن نے کھایا ھے ' تیرے عشق کا نیش

ذوق دیدار یار ھے ' جس کو
طلب عشق میں سدا ھے ' حریص

جیوں گل ' شگفتہ رو ھیں ' سخن کے چمن میں ھم
جیوں شمع ' سر بلند ھیں ' ھر انجمن میں ھم

شراب شوق سے ' سرشار ' ھیں ھم
کبھو بے خود ' کبھو ھشیار ھیں ' ھم
دو رنگی سے تری ' اے سرو رعنا
کبھو راضی ' کبھو بیزار ھیں ' ھم

اے آفتاب طلعت ' دل پر مرے نظر کر
تا یک پلک میں ' آوے تجھہ پاس مثل شبنم

صنم کے لعل پر ' وقت تکلم
رگ یاقوت ھے موج تبسم
سختی کے بعد ' عیش کا اُمید وار رہ
آخر ھے روزہ وار کوں ' اک روز عید یہاں

دل ہوا ہے مرا ' خراب سخن
دیکھہ کر ' حسن بےحجاب سخن
راہ مضمون تازہ ' بند نہیں
تا قیامت کھلا ہے ' باب سخن

گریۂ عشاق سوں ' خنداں ہے ' باغ بزم حسن
مغز پروانہ سوں ' روشن ہے ' چراغ بزم حسن

خوبئی اعجاز حسن یار ' اگر انشا کروں
بے تکلف ' صفحۂ کاغذ ' ید بیضا کروں
ہندوئے زلف پری رو ہے ' پریشانی فروش
بیچ دیوے مجھکوں ' سودے میں اگر سودا کروں
رات کو آؤں ' اگر ' تیری گلی میں ' اے حبیب
زیور لب ' ذکر '' سبحان الذي اسرىٰ '' کروں

میری طرف سے ' جا کے کہو ' اس حبیب سوں
گر مجھہ کوں چاہتا ہے تو ' مت مل رقیب سوں
اس بےوفا کی طرز سوں ' شکوہ نہیں '' ولی ''
ہے جنگ ' رات دن مجھے اپنے نصیب سوں

پروانہ وار عشق میں تیرے ' جو جیو دیا
اس کا کفن ہے ' رشتۂ شمع نگاہ سوں

سیہ روئی نہ لے جا ' حشر میں دنیاے فانی سوں
سیہ نامے کو ' دھو اے بےخبر ' أنجھوؤں کی پانی سوں

میری طرف سوں ' جا کہو اس ماہ عالم تاب کوں
یک رات ' فرش خواب کر ' مجھہ دیدۂ کم خواب کوں
گر عشق میں آیا ہے توں ' اے دل! گریباں پارہ کر
لیتے ہیں ' اس بازار میں ' بےتابئی سیماب کوں

خدا یا! ملا صاحب درد ' کون
کہ میرا کہے درد ' بے درد کوں

اس کے قدم کی خاک میں ہے ' حشر کی نجات
عشاق کے کفن میں رکھو ' اس عبیر کوں

بخشی ہے ترے نین نے ' کیفیت مستی
تجھہ مکھہ نے ' خبردار کیا ' بےخبری کوں

کرے فردوس ' استقبال اس کا
تصور جو کرے ' تیری گلی کوں

فدائے دلبرِ رنگیں ادا ' ہوں
شہید شاہد گلگوں قبا ' ہوں
گیا ہوں ' ترک نرگس کا تماشا
طلبگار نگاہ با حیا ' ہوں
سدا رکھتا ہوں شوق ' اس کے سخن کا
ہمیشہ تشنۂ آب بقا ہوں
قدم اس کے پہ رکھتا ہوں سدا سر
" ولی " ہم مشرب رنگ حنا ' ہوں

میں عاشقی میں تب سوں ' افسانہ ہو رہا ہوں
تیری نگہ کا جب سوں ' دیوانہ ہو رہا ہوں
شاید وہ گنج خوبی ' آوے کسو طرف سوں
اس واسطے ' سراپا ویرانہ ' ہو رہا ہوں

میں ' یو تجھ لب کوں ' قند بولا سوں
لب کوں ترے ' قند بولا ہوں
قد کو تیری ' کہا ہوں سرو سہی
بات یو ' میں بلند ' بولا ہوں

تجھ خیال آنے کی ' پاؤں اگر خبر
سجلے کوں ' داغ عشق سوں گلزار کر رکھوں

آے اگر ' وہ شوخ ستمگر ' عتاب میں
جرات جواب کي ' نہ رہے آفتاب میں
تجھ نگاہ مست ' کہ ہے جام بےخودي
رکھتی ہے کیفیت ' کہ نہیں ہے شراب میں

عیاں ہے رنگ کي شوخي سوں ' اے شوخ
بدن تیرا ' قبائے صندلي میں

دل نے تسخیر کیا ' شوخ کوں ' حیرانی میں
آرسی ' شہرۂ عالم ہے ' پري خوانی میں
دل بیتاب ' کہ اک آن نہیں اس کوں قرار
زلف دلدار سے ہمسر ہے ' پریشاني میں

کیونکہ سیری ہو ' حسن سے تیرے
دھوپ کھانے سے ' پیٹ بھرتا نہیں

اے نور جان دیدہ ' ترے انتظار میں
مدت ہوي پلک سوں پلک ' آشنا نہیں

مجھے ، گلشن طرف جانا روا نہیں
اگر گلشن میں ، وہ رنگیں قبا نہیں

مجھ کوں ، تجھ بن کسو سے کام نہیں
فکر ناموس و ننگ و نام نہیں
صف عشاق کو ، بہ کعبہ قسم
بجز آوارگی ، امام نہیں

زندگی ، جام عیش ہے لیکن
فائدہ کیا ، اگر مدام نہیں

خوش قداں ، دل کو ، بلند کرتے ہیں
نام اپنا ، بلند کرتے ہیں

خوبرو ، خوب کام کرتے ہیں
ایک نگہ میں ، غلام کرتے ہیں
کم نگاہی سے ، دیکھتے ہیں وہ
کام اپنا ، تمام کرتے ہیں

گل مقصد کا ، ہار ڈالے ہیں
نقد ہستی ، جو ہار ڈالے ہیں

کیونکہ نکلے ' ہرہ کے کوچے سوں
زلف تیری نے ' مارڈالے ہیں

صدق ہے ' آب و رنگ گلشن دیں
پاک بازی ہے ' شمع راہ یقیں
جبکہ رویا ہوں ' یاد کرکے تجھے
چشم میری ہے ' دامن گلچیں

زلف تری برہمن ' مکھہ ہے ترا آفتاب
مکھہ ہے ترا آفتاب ' زلف تری برہمن

ہے قصۂ دراز کے ' سننے کی آرزو
اُس زلف تابدار کی ' تعریف سر کرو

مت تمہیں ' انتظار ماہ کرو
ماہ رو کو ' چراغ راہ کرو
سفر عشق کا اگر ہے ' خیال
ہمت دل کو ' زاد راہ کرو
سرخ روئی ہے ' عاشقاں کی تمام
گر رقیبوں کو ' روسیاہ کرو

اپني خوبي کے ' اگر طالب ھو
اپنے طالب کو ' جلایا نہ کرو
پاکبازوں میں '' ولی '' ھے مشہور
اس سوں ' چھرے کوں چھپایا نہ کرو

غفلت میں ' وقت اپنا نہ کھو ھشیار ھوشیار ھو
کب لگ رھے گا ' خواب میں بیدار ھو بیدار ھو
وہ نو بہار عاشقي ' ھے جیوں سحر جگ میں عیاں
اے دیدہ ! وقت خواب نیں ' بیدار ھو بیدار ھو

میری طرف ' ساغر بکف آیا ھے ' وہ مست حیا
اے دل ! تکلف بر طرف ' مستانہ ھو مستانہ ھو
مجھ کوں ' خمار ھجر سوں ' پیدا ھوا ھے درد سر
اے گردش چشم پری ' پیمانہ ھو پیمانہ ھو
اے عقل کب لگ وھم سوں ' یکجا کریگي خار و خس
آیا ھے سیل عاشقي ' ویرانہ ھو ویرانہ ھو

ترے حسن کو ' جس نے دیکھا نہیں
نصیبوں میں اس کے ' ندامت اچھو

مبادا محتسب ، سرمست ، سن کر تان میں آوے
طنبورا آہ کا ، اے دل بجا آھستہ آھستہ

وفاداری نے دلبر کی ، بجھایا آتش غم کوں
کہ گرمی ، دفع کرتا ھے ، گلاب آھستہ آھستہ
" ولی " مجھہ دل میں آتا ھے ، خیال یار بےپروا
کہ جیوں انکھیاں منیں آتا ھے ، خواب آھستہ آھستہ

ھوا ظاھر ، خط روئے نگار ، آھستہ آھستہ
کہ جیوں گلشن میں آتی ھے ، بہار آھستہ آھستہ

گریاں ھے ابر ، چشم مری اشکبار دیکھہ
ھے برق بیقرار ، مجھے بیقرار دیکھہ
اے شہسوار تو جو چلا ھے رقیب پاس
سینے میں عاشقوں کے ، اُٹھا ھے غبار دیکھہ

مجھکوں لگتا ھے ، اے پری پیکر
آج تیرا جمال ، کچھہ کا کچھہ
اثر بادۂ جوانی ھے
کر گیا ھوں ، سوال کچھہ کا کچھہ

اے " ولی " دل کوں' آج کرتی ہے
بوے باغ وصال ' کچھہ کا کچھہ

حشر کا خوف " ولی " کو تو نہیں ہے واللہ
ہے شفاعت جو وہاں ' احمد مختار کے ہاتھہ
ہوا ہے جب سوں ' وہ نور نظر انکھاں سوں جدا
نہیں نظر میں مری ' تب سوں فہر بے خوابی

اس سخن سوں آشنا ہے درد مند
درد دوری ہے وبال دوستی
اے " ولی " ہرآن کر مشق وفا
ہے وفاداری ' کمال دوستی

طریقہ عشق بازاں کا ' عجب نادر طریقہ ہے
جو کئی عاشق نہیں ' اس کوں مسلماں کر نہیں گنتے
گریباں جو ہوا نیں چاک ' بے تابی کے ہاتھوں سے
گلے کا دام ہے ' اُس کوں گریباں کر نہیں گنتے

وہ راحت دل و جاں ' جب وہاں مقام کیا
ہوا ہے درد ' دل و جان بےقرار کرے

میں اپنی آنکھوں کو ، واللہ فرش راہ کروں
گزر جو میری طرف کوں ، وہ شہسوار کرے

سست ہونا عشق میں تیرے ، صنم
ناکسی ہے ، ناکسی ہے ، ناکسی
باعث رسوائی عالم ، " ولی "
مفلسی ہے ، مفلسی ہے ، مفلسی

اشک خوں آلود ہے ، سامان طغرائے نیاز
مہر فرمان وفاداری ہے ، داغ عاشقی
گر طلب ہے تجھکوں ، راز خانۂ دل ہو عیاں
آہ کی آتش سوں ، روشن کر چراغ عاشقی

دیکھا ہوں جب سوں ، خواب میں وہ چشم نیمخواب
صورت خیال و خواب ہوئی مجھکوں ، خواب کی

زلف نیں ، تجھہ مکھہ پر ، اے دریاے حسن
موج ہے یہ ، چشمۂ خورشید کی
تجھہ دھن کو دیکھہ کر ، بولا " ولی "
یہ کلی ہے ، گلشن امید کی

بے عزیزاں ، سیر گلشن ہے گل داغ الم
جلت احباب ہے ، معنی میں باغ زندگی
کیوں نہ ہووے اے "ولی" ، روشن شب قدر حیات
ہے نگاہ گرم گل رویاں ، چراغ زندگی

جسے عشق کا تیر کاری لگے
اُسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے
نہ ہووے اُسے جگ میں ہرگز قرار
جسے عشق کی بے قراری لگے

تعریف اُس پری کی ، جسے تم سناؤگے
تا حشر ، اُس کے ہوش کوں ، اُس میں نہ پاؤگے

نہ جاوے تجھکو چھوڑ ، اے گلشن ناز
مرا دل بلبل باغ وفا ہے
مرا دل کیوں نہ جاوے ، اس گلی میں
گلی ، اس دل ربا کی دل کشا ہے
سجن کے حسن کوں ، تک غور سے دیکھ
کہ یہ آئینۂ " معنی نما " ہے
نہیں واں آب ، غیر از آب خنجر
شہادت گاہ عاشق ، کربلا ہے

غنیمت بوجھہ ملنے کوں ' " ولي " کے
نگاہ پاکبازاں کیہا ہے

— —

گر تجھکو ہے ' عزم سیر گلشن
دروازۂ آرسي کُھلا ہے
یک دل نہیں آرزو سے خالی
برجا ہے ' محال اگر خلا ہے
تسخیر کیا ہے گوش گل کوں
بلبل کا ' " ولي " عجب ڈلا ہے

——

عدم ہے ' تجھہ دہن کا جگ میں ثاني ' اے پری پیکر
اگر " بالفرض والتقدیر " ثانی ہے ' تو عنقا ہے

——

قد ترا ' رشک سرو رعنا ہے
معنی نازکي سراپا ہے
ساقي و مطرب ' آج ہیں ہم رنگ
نشۂ بے خودي ' دوبالا ہے
اِس کے پیچوں کا' کچھہ شمار نہیں
زلف ہے ' یا یہ موج دریا ہے
سبب دل ربائي عاشق
مہر ہے ' لطف ہے ' دلاسا ہے

——

آ شتابي ' نہیں تو جاتا ھوں
کیا کروں ' دل اُداس ھوتا ھے
تجھہ جدائي میں ' نین اکھلا میں
درد و غم ' آس پاس ھوتا ھے

مرا دل ' مجھہ سے کرکے بے وفائي
پسند خاطر خوباں ھوا ھے
عزیزاں ! کیا ھے پروانے کے دل میں ؟
کہ جی دینا اسے ' آساں ھوا ھے
برنگ گل ' فراق گل رخاں میں
گریباں چاک ' تا داماں ھوا ھے

دیکھہ ! اُس کي کلاہ بارانی
چاند پر ' آج ابر آیا ھے

ظاھر ھوا ھے مجھہ پہ ' ترے ناز سوں صنم
رنگیں بہار حسن ' بہار عتاب ھے
پوشیدہ حال عشق رھے کیونکر ' اے "ولي"
غماز تار زلف ' خم پیچ و تاب ھے

عاشق بے تاب سوں ' طرز وفا
جوں ادا محبوب کي ' محبوب ھے

لخت دل پر ' خط لکھا ہوں یار کو
داغ دل ' مہر سر مکتوب ہے

" ولی " ! جو عشق بازی میں ' حقیقت سوں نہیں واقف
سخن اُس کا ' قیامت میں ' گل باغ ندامت ہے

غم نہیں ' مجنوں کو ' ہرگز اے " ولی "
خانۂ زنجیر ' اگر آباد ہے

کیوں نہ ہو ' فوارۂ خوں ' جوش زن رگ رگ ستی
ہر نگاہ تیز خوباں ' نشتر فصاد ہے
آسماں اوپر ' نہ بوجھو چادر ابر سفید
جا نماز زاہد عزلت نشیں ' برباد ہے
سرو کی وارستگی اوپر نظر کر ' اے " ولی "
باوجود خود نمائی ' کس قدر آزاد ہے

عشق میں صبر و رضا درکار ہے
فکر اسباب وفا درکار ہے
چاک کرنے جامۂ صبر و قرار
دلبر رنگیں قبا درکار ہے
زلف کو وا کر ' کہ شاہ حسن کوں
سایۂ بال ہما درکار ہے

عزم اس کے وصل کا ھے ' اے "ولي" !
لیکن امداد خدا درکار ھے

مت نصیحت کر " ولي " کو ' اے سخن ناآشنا
ترک کرنا عشق کا ' دشوار ھے ' دشوار ھے

نہ سمجھو خود بخود دل بے خبر ھے
نگہہ میں ' اس پري رو کے ' اثر ھے
مروت ترک مت کر ' اے پری رو
محبت میں مروت معتبر ھے
ترے قد کے تماشے کا ' ھوں طالب
کہ راہ راست بازي ' بے خطر ھے

اگر پوچھے ' وہ بے پروا مرا ناؤں
کہوں " مشتاق رند لا اُبالي "

نثار اس کے قدم اوپر ' کروں انجھواں کے گوھر سب
اگر کرنے کوں دلجوئي ' وہ سرو خوش ادا نکلے

ھر اک نقش قدم سوں ' دستۂ گل جلوہ پیرا ھو
اگر سیر گلستاں کوں ' وہ رشک صد چمن نکلے

چھوڑ اے شوخ ! طرز خود کامي

مت ہو ، ہر دیدہ باز کا ، دامي

اے " ولي " ! پھر عشق ، حرف دگر

پختہ مغزوں کے نزد ہے خامی

سجن ! تیري غلامي میں ، کیا ہوں سلطنت حاصل

مجھے ، تیری گلی کي خاک ہے ، تخت سلیمانی

" ولي " کوں ، گر ترے نزدیک کُئي دیکھے ، تو یوں بوجھے

لگي ہے صفحۂ هستي اُپر ، تصویر حیراني

آغوش میں آنے کی کہاں تاب ہے ، اس کوں

کرتي ہے نگہہ ، جس قد نازک پر گرانی

مت دور ہو، اک آن ، "ولی" پاس سوں ہرگز

اے باعثِ جمعیتِ ایامِ جوانی

ہو میرے حال کي گردش کوں ، دیکھے

اسے گرداب گرداں ، یاد آوے

" ولی " ! میرا جلوں جو کُئي که ، دیکھے

اسے کوہ و بیاباں ، یاد آوے

اُس وقت ، مجھے دعوئے تسخیر ، بجا ہے

جس وقت ، مرے حکم میں ، وہ عشوہ گر آوے

جامے ملیں ' غنچے کی نمن ' رہ نہ سکوں میں
گر بی کی خبر لے کے ' نسیم سحر آوے

سرود عیش گاویں ہم ' اگر وہ عشوہ ساز آوے
بجاویں طبل شادی کے ' اگر وہ دل نواز آوے
جنون عشق میں ' مجھکوں نہیں زنجیر کی حاجت
اگر میری خبر لینے کو ' وہ زلف دراز آوے
" ولی " ! اس گوہر کان حیا کی ' کیا کہوں خوبی
مرے گھر اس طرح آتا ہے ' جیوں سینے میں راز آوے

عالم میں ' ترے ہوش کی تعریف کیا ہوں.
ایسا تو نہ کر کام ' کہ مجھہ پر سخن آوے

مستی نے تجھہ نین کی ' بے خود کیا " ولی " کوں
آوے جو بزم مے میں ' کیوں ہوشیار جاوے

دل چھوڑ کے ' یار کیونکہ جاوے
زخمی ہے شکار ' کیونکہ جاوے
جب لگ نہ ملے ' شراب دیدار
انکھیاں کا خمار ' کیونکہ جاوے
ہے حسن ترا ' ہمیشہ یکساں
جلنت سوں بہار ' کیونکہ جاوے

انچھواں کي ' اگر مدد نہ ہووے
مجھہ دل کا فہار ' کھونکہ جاوے

کہاں ہے آج یارب ! جلوۂ مستانہ ساقي
کہ دل سوں تاب' جي سوں صبر' سر سوں ہوش' لے جاوے

چمن میں جلوہ گر' جب وہ گل رنگیں ادا ' ہو وے
خزانِ خاطرِ عاشق ' بہار مدعا ہووے

آلودہ کیوں نہ ہووے دامان پاک زاہد
جب دست نازنیں میں ' جام شراب ہووے
تیرے لباں کے آگے برجا ہے ' اے پری رو
گر آب زندگاني ' موج سراب ہووے
کیوں بے خودي نہ آوے' اس وقت' اے ''ولي'' مجھہ
وہ سرو نازپیکر ' جب مست خواب ہووے

تجھہ رخ سے جب کنارے صبح نقاب ہووے
عالم تمام روشن ' جیوں آفتاب ' ہووے

وہ ' محبت میں تري ' فاني ہوئے
روز و شب ' جو محو حیراني ہوئے

عشق میں، اُس رشک لیلیٰ کے، ''ولی''
مثل مجنوں کے ' بیابانی ہوئے

عشاق کی تسخیر کوں ' بالا یہ بلا ہے
یا ناز مجسم ہے ' کہ تصویر ادا ہے
یا لفظ ہے رنگین ' ہم‌آغوش معانی
یا بر میں ' گل اندام کے ' گلرنگ ' قبا ہے
جانا نہیں گلشن کی طرف ' صبح وہ گلرو
بوجھا ہے کہ ' وہاں آہ میری باد صبا ہے
بیمارئ عاشق ہے ' تجھ انکھیاں ستی لیکن
صد شکر کہ تجھ لب ملیں ' ہر دکھ کی دوا ہے

تری تعریف کرتے ہیں ملائک
ثنا تیری ' کہاں حد بھر ہے ؟

رگ جاں سوں ' ہوا ہے خوں جاری
یاد تیری پلک کی ' نشتر ہے
مکھ ترا ' بحر حسن ہے جاناں ؟
زلف پر پیچ ' موج عنبر ہے
تجھ بن ' اے نور بخش محفل دل
حال مجلس ' تمام ابتر ہے

زندۂ جاوید ، شہدا کیوں نہ ہوں
موجۂ آب بقا ، شمشیر ہے
کیوں نہ ہوے ، آب سر سوں تا قدم
جوہر کان حیا شمشیر ہے
کعبۂ فتح و ظفر میں ، اے "ولي"
شکل محرابِ دعا شمشیر ہے

کیا کہے حیراں تیری تعریف ، اے آئینہ رو
مو بمو تیرا سراپا ، ناز کي تصویر ہے

غیر حیرت ہے ، خبر اس آئینہ رو کي کسے
راز کے پردے میں ، جس کي خامشي آواز ہے
رو برو ہونے میں اس کے ، حال دل ظاہر ہوا
جلوۂ آئینہ رویاں ، کاشف ہر راز ہے
درد مندوں کي نظر سوں ، اس کا کرنا ہے بجا
جو برنگ طفل اشک عاشقاں ، غماز ہے

کرنے کو ، سیر راہ حجاز و عراق عشق
عشاق پاس ، ساز و نوا سب نیاز ہے

ہے گل رعنا ، بہار حسن کا
ناز تیرا ، جو نیاز آمیز ہے

شوق کے مرکب کوں ، راہ عشق میں
اے سجن ! تری نگہ ، مہمیز ہے
تجھہ تغافل سوں ، ہوا ہے رو نما
گریۂ عاشق ، کہ خوں آمیز ہے

آج گلگشت چمن کا ، وقت ہے اے نوبہار
بادۂ گل رنگ سوں ، ہر جام گل لبریز ہے

ہم کوں شفیع محشر ، وہ دیں پناہ بس ہے
شرمندگی ہماری ، عذر گناہ بس ہے
دل لے گیا ہمارا ، جادو سوں وہ پری رو
دیوانگی ہماری ، اس پر گواہ بس ہے

اے صنم ! تیرے دہن کے شوق سوں
ہر کلی میں ، نغمۂ ناقوس ہے

دیکھنا تجھہ قد کا ، اے نازک کمر
باعث خمیازۂ آغوش ہے
کیوں نہ ہو امید کا ، روشن چراغ
شمع محفل ساقی مے نوش ہے

کیا تری زلف ' کیا ترے ابرو
هر طرف سوں ' مجھے کشا کش ہے
تجھہ بن ' اے داغ بخش سینہ و دل
چمن لالہ ' دشت آتش ہے

مست جام عشق کوں ' کچھہ غم نہیں
خاطر ناصح ' اگر ناصاف ہے
جب سوں ' وہ آتا ہے همراہ رقیب
درد مندان کا مکاں ' اعراف ہے
اے '' ولي '' ! تعریف اس کی ' کیا کروں ؟
هر طرح ' مستغنی از اوصاف ہے

اے دوست ! تیری یاد میں ' دل کو کمال ہے
نقش مراد آئینہ ' تیرا خیال ہے
آ اے مہ دو هفتہ ' مرے پاس ایک روز
هر آن ' تجھہ فراق کے سینے پہ سال ہے
روے زمیں کا ' خال ہے زینت میں اے صنم
تیرا ' جو مثل نقش قدم پائمال ہے

عشق کے راہ کے مسافر کوں
هر قدم ' تجھہ گلی میں منزل ہے

اے "ولی" طرز عشق آساں نہیں
آزمایا ہوں ' میں کہ مشکل ہے

نشہ بخش عاشقاں ' وہ ساقی گلفام ہے
جس کی انکھیاں کا تصور ' بے خودی کا جام ہے
مت قدم رکھہ اس طرف ' اے زاهد خلوت نشیں
غمزۂ خوں خوار اس کا ' دشمن اسلام ہے

تلہا ' نہ بلد عشق میں تیرے ہوا ' "ولی"
یہ زلف حلقہ دار ' دو عالم کا دام ہے

سراپا ناز ہے تو ' اے پری رو
مجھے ' تیرے سراپا کی قسم ہے

وفا کر ' حسن پر مغرور مت ہو
وفاداری ' بہار بے خزاں ہے
'ولی" اس کی جفا سوں خوف مت کر
جفا کرنا ' وفا کا امتحاں ہے

تری یہ زلف ' ہے شام غریباں
جبیں تیری ' مجھے صبح وطن ہے

" ولی " ایراں و توراں میں ہے ' مشہور
اگرچہ ' شاعر ملک دکن ہے

عارفاں پر ' ہمیشہ روشن ہے
کہ فن عاشقی ' عجب فن ہے
دشمن دیں کا ' دین دشمن ہے
راہ زن کا چراغ روشن ہے
عشق میں ' شمع رو کے جلتا ہوں
حال میرا ' سبھوں پہ روشن ہے

کہو زاہد سے ' " جاے اس گلی میں "
اگر ' مشتاق فردوس بریں ہے

گلی میں ' اس ستمگر کے ' نہ جا اے دل نہ جا اے دل
کہ جاں بازی میں آفت ہے ' قیامت ہے ' خرابی ہے

مفلسی ' سب بہار کھوتی ہے
مرد کا اعتبار ' کھوتی ہے
کیونکہ ملنا صنم کا ' ترک کروں
دلبری ' اختیار کھوتی ہے

اے ''ولی'' آب ' اس پری رو کی
مہرے دل کا غبار ' کھوتی ہے

شب فرقت میں ' مونس و ہمدم
بے قراری و آہ و زاری ہے
اے عزیزاں ! مجھے نہیں برداشت
سنگ دل کا فراق بھاری ہے
اب ''ولی'' نے ' یہ تیری صورت حسن
صفحۂ دل اُپر ' اتاری ہے

عشق ' بے تاب جاں گدازی ہے
حسن ' مشتاق دل نوازی ہے
پاک بازوں سوں ' یہ ہوا معلوم
عشق ' مضمون پاک بازی ہے

تجھ سوں ' ہرگز جدا نہ ہوں اے جان
جب تلک ' مجھ میں زندگانی ہے

اے ''ولی'' ! رہنے کوں ' دنیا میں مقام عاشق
کوچۂ یار ہے ' یا گوشۂ تنہائی ہے

مضطرب عشق سوں ہوں ، مجھکو ملامت نہ کرو
تہش دل نے کیا ، رعشۂ سیماب مجھے

کیونکر بیٹھوں گوشۂ آرام میں ؟
کھینچتا ہے ، وہ کماں ابرو مجھے

وفا دشمن نہ ہو ، اے آشنا رو
وفا پر ہے ، مدار آشنائی
مروت کے ہمیشہ ہاتھہ میں ہے
عنان اختیار آشنائی

بات رہ جائیگی قاصد ، وقت رہنے کا نہیں
دل تڑپتا ہے ، شتابی لا خبر دلدار کی
اے "ولی" ! اس بے وفا کی مہربانی پر ، نہ بھول
دل کا دشمن ہے ، مگر کرتا ہے باتیں پیار کی

مخمس

عشق کو ، اے دل ! سدا تجرید کی
عاشقی ہے ، ابتدا توحید کی
ترک مت کر ، گفتگو تفرید کی
جس کوں ، لذت ہے سجن کے دید کی
اس کوں ، خوش وقتی ہے صبح عید کی

چھب ہے تیری ' نشۂ صہبائے حسن
رنگ ہے تیرا ' چمن آرائے حسن
قد ہے تیرا ' رحمت والائے حسن
زلف نہیں' تجھہ مکھہ پہ ' اے دریائے حسن
موج ہے ' یا چشمۂ خورشید کی

ترجیع بند

مرے دل میں ' وہ سرو گلفام ہے
کہ جس شوخ کا ' خوش ادا نام ہے
رخ روشن و زلف مشکین یار
مجھے یاد ' ہر صبح و ہر شام ہے
خلاصي نہیں ' تا دم زندگی
نگہہ شوخ کي ' جیو کا دام ہے
برہ میں ' طلب مت کرو صبر کوں
برہ ' دشمن صبر و آرام ہے
جو دل ' یار کي مجھکو دیوے خبر
نہیں دل ' وہ جمشید کا جام ہے
سدا تجھہ پری رو کي ' خدمت منیں
بھي دردمنداں کا ' پیغام ہے
شتابي خبر لے ' کہ بے تاب ہوں
ترے عشق میں ' بے نوا خواب ہوں

مدح شاہ وجیہ‌الدین

فکر تیری ہے ' آب دانش و ہوش
ہر گل عقل ' تجھ سے ہے سیراب
اے تو ' مجموعۂ فراست تام
دل ترا ' مطلب ہزار کتاب

ہر سحر ' آفتاب کرتا ہے
تیرے روضے اُپر ' زر افشانی
زندگی بخش ہے ' خیال ترا
یاد تیری ہے ' آب حیوانی

کیا کہوں ؟ گنبد شریف کو میں
اُوج میں ہے ' فلک سوں وہ ہمسر
تجھ سے خورشید کوں ' وہ پایا ہے
کیوں نہ ہووے ' فلک سے بالا تر

قصائد

حمد - نعت - منقبت

شکر اُس کا ' محیط اعظم ہے
وہ ہے ' سلطان بارگاہ ازل

جس کی همت کی هے ترازو میں
دو جہاں ، مثل دانۂ خردل
اس کی مجلس میں ، آ هوا هے کھڑا
صف آخر میں ، جو هو اول
هیں یه چاروں ، ستون شرع متین
دیں کا هے ، ان سوں مستقیم محل
مشرق و مغرب و جنوب و شمال
سب کوں ، ان چار ذات سوں ، هے بل
چار عنصر هیں ، دین کے تن کے
چار دیوار باغ شرع نچھل
هیں یه ، اسلام کے صحیفے پر
چار اطراف صورت جدول
هر دو ، سلطان کشور کونین
هر دو ، مقبول شاه روز ازل

عشق تیرا هے ، موج طوفاں جوش
جس سوں ، هے عقل کی بنا میں ، خلل
دل ، جو تجھه زلف بیچ ، بند هوا
کون کھولے ، یه عقدۂ لا حل

عاشقوں پر ، چلا هے یه غمزه
هاتھه میں ، لے کے تیغ تیز اجل

نعت

محمد وہ کہ جس کے حق میں ''لولاک''
کہا ہے ' خالق املاک و افلاک
عجب گلزار ہے وہ مظہر کل
کہ ہے ' جس باغ کا ' خورشید اک گل
اسي کا ذکر ہے ' ایمان مومن
أسي کي یاد ' اطمینان مومن

ہوا جب چار باغ دین ' روشن
شریعت کا کھلا ' اس بیچ گلشن
سنواری ' گرد اس کے چار دیوار
حقیقت میں سمجھ ' ہیں یار وہ چار

تعریف شہر سورت

عجب شہراں میں ہے ' پرنور یک شہر
بلا شک وہ ہے جگ میں مقصد دہر
اہے مشہور اس کا نام سورت
کہ جاوے ' جس کے دیکھے سے کدورت
جگت کے آنکھ کا گویا ہے یہ نور
اچھو اس نور سوں ' ہر چشم بد دور
عجب قلعہ ہے وہاں ' اک با قرینہ
انگوٹھي میں دنیا کے ' جیوں نگینہ

فراق گجرات

گجرات کے فراق سوں ہے خار خار دل
بیتاب ہے سینے میں ' آتش بہار دل
مرے سینے میں آکے چمن دیکھ عشق کا
ہے جوش خوں سوں ' تن میں مرے لالہ‌زار دل

قطعات

(۱)

حسن دلبر کا ' خواب میں دیکھا
نور حق تھا ' حجاب میں دیکھا
خود فنا ہو کے ' ذات میں ملنا
یہ تماشا ' حباب میں دیکھا

---

(۲)

گنج مخفی کی نہیں کنجی ہے ' بسم‌اللہ بن
قفل دل کھلتا نہیں ہرگز ' ہمارا آہ بن
رود نیل انکھوں سوں جاری ہے ' ندی نالے ہیں آب
باولی ہو گئی ہے یوسف کی زلیخا ' چاہ بن

رباعیات

(۱)

اے جیو دو عالم کا ' ترے مکھ پہ فدا
محتاج تري ذات سوں ' سب شاہ گدا
مجھ عاجز و بیکس پہ ' نظر رحم سوں کر
اے منظر ہو ناظر و منظور خدا

منقبت حضرت علي

ہر ایک رنگ میں جو دیکھا ہوں ' چرخ کے نیرنگ
ہوا ہوں ' غنچۂ صفت جگ کے باغ میں ' دل تنگ
جہاں کے گل بدناں ' جلوہ گر ہوے ہیں جہاں
اُڑاے ان کي تجلي سوں ' عاشقاں کا رنگ
ہو دستگیر مجھے ' یا علي ولي اللہ
کہ اس فلک نے کیا ہے ' کمال مجھ کوں تنگ
وہ شہر حق ' کہ جہاں میں وہ ناصر دیں ہے
کہ جس صدا سوں ہیں ' وحشي جنگل کے مست و تنگ

مدح بیت الحرام

خلقت حق میں ' تو عرفاں کي نظر کھول کے دیکھ
ذرے ذرے کي بھتر ' یہاں ہے جدا اک عالم

اس کے مشتاق ھیں ' سب اھل زمیں ' اھل سما
شوق کا جس کے لیا ' چرخ پہ خورشید علم

مدح حضرت میراں محی‌الدین

ترے فراق نے ' عشاق کوں کیا امداد
غذاے خون جگر ' ھور لباس عریانی
تجھہ اشتیاق کی آتش سوں ' سرفرازئی دل
کہ سر پہ آگ کا شعلہ ھے ' تاب سلطانی
ترے چمن کی صبا ' گر کرے چراغ کوں گل
گل چراغ دیے ' جیوں گل گلستانی

مدح شاہ وجیہ‌الدین و روضہ

چراغ یہاں کے ' ستارہ نمن ھیں ' گرداں نت
دئے ھیں چرخ کوں ' تعلیم سبحہ گردانی
تری طبع کوں ' دیا حق نے ' فہم پر مقصد
تری زباں کوں ' سزاوار ھے سخن دانی
ھے ملک دیں میں ' تری ذات کو شہنشاھی
ھے نقد علم ترا ' سکۂ مسلمانی

مثنویاں

الھی ! دل اُپر دے ' عشق کا داغ
یقیں کے نین کوست " کحل ما زاغ "

چمن میں شوق کے ' دل کھول ' جیوں گل
اسی گل کے اُپر ' کر دل کوں بلبل
یہ دل معمور کر ' جیوں شیشۂ دل
پریشانی نہ دے ' مانند سنبل
شتابی سوں ' دے اے ساقی مہرباں
برہ کا جام ' جیوں سورج درخشاں
کہ خورشید نبوت کے ' مدح میں
کنول کا دل کھلا ' سینے کے دح میں
میخانۂ جگ کا ' جسے سر جوش کیا
اس ہاتھہ سوں ' عالم نے قدح نوش کیا
اس سید عالم کوں ' جو دیکھا یکبار
یکبار گی عالم کوں ' فراموش کیا

رکھتا ہوں میں دل میں ' درد جانکاہ ہنوز
اے شوخ ! نہیں ہوا تو آگاہ ہنوز
تجھہ غم سوں ہیں ' گرچہ چشم پر آب ' ولے
سینے میں بجا ہے ' آتش آہ ہنوز

کونین ' حسن حسین کا ' ممنوں ہے
اس یاد سوں ' عشرت کا سن محزوں ہے
ایسوں کے اُپر روا رکھا داغ ' فلک
جس داغ سوں ' لالۂ جگر پر خوں ہے

فردیات

باج حق کے ، نہیں کوئی واقف ، ہماری آہ کا
مد ہے ، یہ دیوان بیتابی کی بسم‌اللہ کا

مذہب عشق میں ، تری صورت
دیکھنا ہم کوں ، فرض عین ہوا

میں نہ جانا تھا ، کہ تو نادان ہے
دل دیا تھا تجھکو ، دانا بوجھکر

اس نہانے کی ، سن خبر آیا
چشمۂ آفتاب گرم ، نکل

کیا غم ہے اس کوں ، گرمیٔ خورشید حشر سوں
بخت سیاہ ، جس کے سر اوپر ہے سائباں

گر تمنا ہے کہ ہوں روشن دلوں میں سر بلند
مجھ سوں پروانے اُپر ہو ، موم دل اے شمع رو

کیا کام اس کوں ' پھر کے شراب طہور سوں
پی ' جس نے تجھہ لباں سے ' شراب دو آتشہ

از بسکہ شکستہ دل ہوں ' غم سوں
لکھتا ہوں ' شکست خط سوں نامہ

ای کعبہ رو ' کھڑا تو ہوا ' جیوں ادا کے ساتھہ
بولے اکابراں نے ' کہ " قدقامت‌الصلواۃ "

لام نستعلیق کا ہے ' اس بت خوش خط کی زلف
ہم تو کافر ہوں ' اگر بندے نہ ہوں ' اسلام کے

اُس ملاحت کے نون کی ' لذت
جس کا دل ہو کباب ' سو جانے

جب کہ تو ' نین میں سماتا ہے
جیو میرا ' انکھاں میں آتا ہے

مکھہ ترا ' بحر حسن و زلفاں موج
گردش چشم ' عین طوفاں ہے

تجھہ طرف اکثر ھیں ' آھن دل رجوع
دل ترا ' کیا ؟ سنگ مقناطیس ھے

شعلہ خو ' جب سوں ' نظر آتا نہیں
تب سوں ' انگاروں پہ لوتے ھے '' ولی ''

ضمیمہ

میں ھوں ' تیرے فراق سوں ' اندھا
مردمک ھو کے ' مجھہ نین میں آ

سوز ' یار گداز ھے ' ھمدم
مونس جاں ھے ' آہ اور نالا

سبزۂ خط نے ' رخ یار کو ' بخشا ھے جلا
دیکھو یہ رنگ عجب ' آئینہ پرواز ھوا

بیداد ھے بیداد کہ وہ یار نہ آیا
فریاد ھے ' فریاد ' کہ غم خوار ' نہ آیا
میں جیو کوں ' رکھیا عشق کے بازار میں لیکن
ھیہات ' مرے جیو کا خریدار ' نہ آیا

آج کی رین ، مجکوں خواب نہ تھا
دونوں انکھیاں میں ، غیر آب نہ تھا
آہ پر آہ کھینچتا تھا میں
آج کي رات ، کچھہ حساب نہ تھا

وہ ہلال ابرو ، برنگ ماہ نو
ان دنوں میں ، کم نما ہے ، الغیاث
پائمال قاتل رنگیں ادا
خون عاشق ، برملا ہے ، الغیاث

سجن کے غم سوں ، نکلتا ہے نالۂ بیتاب
ہر ایک رگ ستي ، تار رباب کے مانند

دیکھے ہے ترے داغ کے جلوے کوں ، جگر پر
کیا خوب ، اُتھا نقش ، عقیق جگري پر

غنیمت جان ، اس تن کے قفس میں ، مرغ دم اپنا
نہ پہونچیگا ، بغیر از شوق تا حب الوطن ہرگز

اُس مکاں سے ' تو بھاگ اے دانا
جس مکاں میں ' ہوے ہیں ناداں جمع

زلف و رخ ہے ترا ' جو لیل و نہار
مجکوں '' واللیل والضحیٰ '' کی قسم
یک قدم ' چھوڑ کر نہ جاؤنگا
مجکوں ہے ' تیری خاک پا کی قسم

کم نگاہی سوں ' دیکھتے ہیں '' ولی ''
کام اپنا ' تمام کرتے ہیں

سوز سوں ' عشق یار کے ' یاراں !
جیوں شمع ' سر سوں گل کے ' جل جاناں

عاشق کوں ہے ' بے تابی و بے طاقتی دل
بن عشق ' جو عالم میں ' فراغت سوں جیا ہے

رہے کیوں ہوش عاشق کا سلامت ' دیکھ یو آفت
تبسم ہے ' نگہہ ہے ' زلف ہے ' چہرا گلابی ہے
ولی " اس بیوفا کے قول پر ' کیا اعتبار آوے
کہ ظالم ہے ' دورنگی ہے ' ستمگر ہے ' شرابی ہے

سدا هم کو ' خیال رنگ روے یار جاني هے
همارے شیشۂ دل میں ' شراب ارغوانی هے
تواضع کي توقع ' نونہالاں سوں ' نہ رکھہ اے دل
کہ بے باکي و شوخی لازم وقت جواني هے

چار در چار

صنم سات ' جب آکے یاري لگے
یو دکھہ ' درد ' آ عمر ساري لگے
جسے عشق کا ' تیر کاري لگے
اُسے جیونا ' پھر کے بھاري لگے

مستزاد

دل چھوڑ کے ' یار کیونکہ جاوے کھتا هے عیاں
زخمي هے ' شکار کیونکہ جاوے بسمل هے یہاں

جس گرد اُپر ' پانوں رکھیں تیرے رسولاں اے بار خدایا
اُس گرد کو ' میں کحل کروں ' دیدۂ جاں کا صدیق هو من سوں

قطعہ

آہ سوں ، مجھ جگر میں چھید ہوے
فاش ، مجھ عاشقی کے بھید ہوے
اس سیہ دل سوں ، جا کہو یاراں
رو رو دیدے مرے ، سفید ہوئے

فردیات

اے پتنگ ! جل کہ تجھ موے پیچھے
شمع ، ثابت قدم ہے جلنے میں

عشق کرنا ، تو ایک سیں ، کرنا
عشق دو ٹھور ، بے حیائی ہے

مکھ ترا ، جیوں روز روشن ، زلف تیری ، رات ہے
کیا عجب یہ بات ہے ، یک ٹھار ، دن اور رات ہے

آج دلبر نے ، مجھ پیام کیا
شکر اللہ ، فلک نے کام کیا

شاخ گُل هے ' یا نہال راز هے
سرو قد هے ' یا سراپا ناز هے

دود آہ شوق مشتاقاں نہیں
خط نہیں یو حسن کا اغاز هے

نبض عاشق میں ' تان کا هے جیو
تانت بجنے میں ' راگ بوجھا هوں

تو هے حق ستي ' هم زباں ' هم کلام
ترا ' قاب قوسین ' ادنی مقام

جب نقش ' اس صنم کا ' نقاش کھینچتا هے
بازو کے ' کھینچنے میں ' وہ هات کھینچتا هے

دیکھہ کر ' پانوں کي ترے ' مہندی
مجھکو ' تلوؤں سے آگ لاگي هے

یار کو دیکھہ ' میں هوا قرباں
اس تجارت میں ' مجھہ کو وارا هے

تا چند کہوں ' بات تري خوش شکلي کي
اے شوخ ' ترے غمزے نے ' جو کي سو بھلی کي

ترجیع بند

مدح شاہ وجیہ‌الدین

اے تـو مقبـول سـرور عـالم
دے تـو فہرست دفتر عـالم
جلوہ گر تو ھے آفتاب یقیں
تجھہ سوں ' روشن ھے پیکر عالم
علم ظاھر و علم باطن سوں
تو ھے عالم میں رھبر عالم
دل عرفـاں سرشت ھے تیرا
مظہر خلـق و مظہر عـالم
ھے زمیں پر یہ آستان شریف
مرجع خلـق و منظر عـالم
نام تیرا ھے ' ورد صاحب درد
ذات تیري ھے مفخـر عـالم
دستگیری ھے تیري ظاھري نت
جب کہ برپا ھو محشر عالم
ھے تیرے نام پر سدا قرباں
روز و شب سال و مہ سر عالم

تجھہ اُپر جیوں سورج ہویدا ہے
مطلب جملہ ' مضمر عالم
اس زمانہ میں حق نے تجکوں کیا
مہتر خلق و بہتر عالم
اے امام جمیع اہل یقیں
قبلۂ راستاں وجیہ الدین

(نعت)

عشق میں لازم ہے اول ذات کوں فانی کرے
ہو فنا فی اللہ دائم یاد یزدانی کرے
یاد کے گلزار پر ' دو نین کر ' ابر بہار
پیچ کھاسیدے میں ' دل کوں سنبلستانی کرے
مرتبہ خلت پناہی کا وہ پاوے گا جو کئی
مثل اسماعیل اول جی کوں قربانی کرے
جوش دے یک بارگی دریا کوں دل کے لہو ستی
گوہر اچھواں کوں ' رو رو رنگ مرجانی کرے
جو اپس تن کوں جلا دے عشق میں ہر صبح و شام
وہچہ کامل ہر سو جیسے ماہ تابانی کرے
سرخرو ہو آبرو دو جگ میں پاوے اے عزیز
دل کوں لوہو کر ' اول لوہو سوں جو پانی کرے
عشق کی آتش میں جا لے تن کوں جو کُئی رات دن
وہ قیامت لگ سو جیوں سورج درخشانی کرے

وهچه پاوے مطلب " راضیۃً مرضیۃً "
محض للّٰہ جگ میں جو اعمال پنہانی کرے
عشق سوں فارغ جو کُڈی وہ نحس اکبر ہے مدام
ساتواں کھیڈ پر اگر ایوان کیوانی کرے
اپنے مطلب کے سوں ' لیلیٰ کا وهی دیکھے جمال
عشق میں دل کو جو مجنوں بیابانی کرے
حشر میں شیریں ہو وہ حق سوں سنے شیریں بچن
شوق میں دل کوں جو فرهاد کہستانی کرے
یا محمد دو جہاں کی عید ہے تجھ ذات سوں
خلق کوں لازم ہے جی کوں تجھ پہ قربانی کرے
وہ اچھے آزاد جو بازار میں تجھ حسن کے
بندگی میں آپ کو ' جیوں ماہ کنعانی کرے

دل جام حقیقت ستی ' جو مست ہوا
ہر مست مجازی سوں ' زبردست ہوا
یہ باغ دسا ' نظر میں تنکے سوں کم
اور عرش عظیم پگ تلے ' پست ہوا

ہے حسن کی اقلیم میں ' توں شاہ ہنوز
خوبی کا تری ' مشتری ہے ماہ ہنوز
اس وقت میں تو ہے ' مالک مصر بہار
یوسف کوں ہے ' تجھ عزیز کی چاہ ہنوز

حمد و نعت و منقبت

لے زباناں پر تو ' اول اول
نام پاک خدائے عزوجل
لائق حمد نیں ہے ' اُس بن اور
اس اُپر متفق ہیں ' اہل ملل
یاد اُسکی ہے ' سب اُپر لازم
شکر اُس کا ہے ' مدعائے سکل
آسمان اور زمین کے ' سب ساکن
یاد کرتے ہیں اُس کون ہر پل پل
شکر اس کا ' محیط اعظم ہے
وہ ہے ' سلطان بارگاہ ازل
اسکے بہیتر ' اگر شناور ہوں
روز محشر تلک ' سکون نہ نکل
بعد حمد خدائے بےھمتا
یاد کر نعت سید مرسل
جسکی ہمت کی ہے ترازو میں
دو جہان مثل دانۂ خردل
اُسکی مجلس میں ' آ ہوا ہے کھڑا
صف آخر میں جوہر اول
گر ہو وہ آفتاب ' گرم عتاب
آسمان جائیں ' مثل موم پگھل
دیکھہ ' اسکے جلال و عظمت کون
بادشاہاں کا دنگ ہے ' دنگل

گو کرے بحر پر ، غضب کی نظر
منھیں جائیں جل کے بھیتر جل

اُس فصاحت کے ، دسے مجھکوں
نطق سحبان عبارت مہمل

کاملاں سوں ، سنا ہوں یہہ نکتہ
عشق اس کا ہے ہادی اکمل

دیکھہ اُس زلف و مکھہ کوں ، بے جا ہے
بحر اور برمیں عنبر و صندل

بعد اُس آفتاب انوو کے
چار ہیں اہل علم و اہل عمل

صاحب صدق و عدل و علم و حیا
ایک سوں ایک اکمل و افضل

اُن کوں اصحاب میں سباقت ہے
دین کوں جو کیے قبول اول

ہیں دجے وہ کہ دین کے بل سوں
کفر کے دست و پا کوں کیئے شل

ہیں تجے وہ کہ جن کے لوہو سوں
رنگ پکڑا کلام عز و جل

ختم خلفا کی کہا کہوں میں بات
جس کے رتبہ کا عرش پر ہے محل

— —

مدح شاہ وجیہ‌الدین

ہوا ہے خلق اُپر ، پھر کے ، فضل سبحانی
کیا ہے ابر نے رحمت سوں گوہر افشانی
یہ آب صاف میں گوہر کوں دیکھ ، خجلت سوں
صدف کے پیٹ میں گل کر ہوا ہے جیوں پانی
تمام پات '' یسبح بحمدہ '' کے بحکم
زبان حال سوں کرتے ہیں ذکر سبحانی
قطار قطرۂ شبنم سوں ، آج سبزۂ خضر
لے سبحہ ہاتھ میں ، کرتا ہے ادعیہ خوانی
ہر اک طرف جو ہوئی ، بسکہ ریزش باراں
کیا ہے آج تفرج نے جوش طوفانی
اِس آب روح فزا کے کمال لطف کوں دیکھ
چھپا ہے پردۂ ظلمت میں آب حیوانی
ہوئی ہے غنچہ نمن ، جگ کوں بسکہ جمعیت
عجب ہے ، اب رہے سنبل میں پریشانی
ہر ایک قطرۂ شبنم ہے غیرت گوہر
ہر ایک پات پہ برسا جو ابر نیسانی
ادب سوں ، حضرت حق کے ، زبسکہ سنتے ہے
ہر اک کلی ہے ، سو جیوں کودک دبستانی
چمن میں اُس کے کرم نے دیا ہے ، حکمت سوں
ہر ایک پھول کی پکھری کوں ، رنگ مرجانی
یہ لطف دیکھ ہوا ہے ، دماغ بسکہ بحال
بدل ہوئی ہے اِتی ، حافظے سوں نسیانی

تمام ملک ہوا حق کے فضل سوں آباد
رہا نہیں ہے جگت میں نشان ویرانی
چراغ گرد میں روضے کے جو ہوئے روشن
ہر اک چراغ ہے جیوں آفتاب نورانی
ہوا ہے بسکہ طراوت سوں ' یہ مکاں سرسبز
ہر اک سفال پہ دستا ہے رنگ ریحانی
ہے ملک دین میں ' تری ذات کوں شہنشاہی
ہے نقد علم ترا سکۂ مسلمانی
ہر اک کوں اس سوں ' خبر نیں ہے جگ کے صفحے پر
تجھے جو کشف ہوئے رازہائے پنہانی
دیا ہے حق نے تجھے جامع الکمالاتی
عطا کیا ہے تری ذات کوں ہمہ دانی
عجب نہیں جو دوے ' عقل کوں وہ آج سبق
جو اس جناب میں آ کر کیا سبق خوانی

مخمسات

تجھ قد نے مجھ نگاہ کوں عالی نظر کیا
تجھ مکھ نے شوق بدر کوں دل سوں بدر کیا
لب نے ترے ' عقیق کوں ' خونیں جگر کیا
مستی نے تجھ نین کی مجھے بے خبر کیا
دل کوں مرے ' بھوؤں نے تری جیوں بھنور کیا
تجھ چشم نیزہ باز کی جرات کوں دل میں رکھ
تیری بھواں کی تیغ کی دہشت کوں دل میں رکھ

پلکاں کے خنجراں کي صلابت کوں دل میں رکھ

تیری نگہ کے تیر کي ہیبت کوں دل میں رکھ

سورج نے تن اپس کا سراسر سپر کیا

ہے تجھکوں مرتبے منیں، کیواں سوں بر تري

تجھ مکھ کوں دیکھ دنگ ہیں: کیا حور، کیا پری

ناهید میں کسي نے نہ دیکھي، یہ دلبری

تجھ مہر کا ہوا ہے، دل و جان سوں، مشتري

جب سوں، ترے جمال پہ مہ نے نظر کیا

داؤد

مرزا داؤد، داؤد، اورنگ‌آبادی، کلام، زبان کے ساتھ سوز و گداز میں ممتاز ہے - سن وفات ۱۱۶۸ھ -

---

عزیزاں! خواب میں دیکھا ہوں، آج اُس سرو قامت کو

ہوا معلوم: وقت آیا ہے میري سر فرازي کا

ہوا ہے ابر گریاں، دیکھ میري چشم گریاں کو

پڑا ہے شور دریا میں، مرے اس اشک جاري کا

قانون شفا، نطق میں ہے یار کے موجود

اے دل، نہ ہوا محتاج طبیباں کی دوا کا

سند یہ بس ہے تجھے مصرعۂ ولی '' داؤد ''
کہ تجھکو شور قیامت سے بے نیاز کیا

مسند ہے اہل دل کو بساط زمیں کا فرش
ہے بے ریا کو ' بوے ریا ' نقش بوریا

لالہ‌رو کو دیکھ کر ' لال کا پھول
داغ دل لے ہاتھ دکھلانے لگا
ہجر میں ابرو کے ' ابر چشم رخ
اشک کا برسات ' برسانے لگا

دیکھ تجھ جام چشم کا اک دور
دل کے تئیں نشۂ شراب ہوا

گل بدن ہنستا ہے ' مجھ رونے کو دیکھ
خندۂ گل گریۂ شبنم ہوا

رنگ کاغذ ہوا ہے فاختئی
جب لکھوں سروقد کے تئیں مکتوب

کرو مت وعدۂ کل جان من عشاق بیکل ہیں
جو آپی کل سوں بیکل ہے اسے کیا کام ہے کل سوں

ہے شراب و کباب و فصل بہار   کوئي اس وقت میں پیا لا دو

کیوں نگھہ کا قدم رہے برجا
مکھ پہ تیرے صنم صفائي سوں

پھر جام چشم مست جسے تم دکھاؤ گے
تا حشر اُس کو ہوش سے اُس کے بھلاؤ گے

محمد مصطفیٰ کي یاد سیتي   میرا دل قلعۂ احمد نگر ہے

اس صنم کے خیال ابرو نے   ناتواں مجھکو جوں ہلال کیا

مجھ بزم میں ' رقیب عبث سرکشي نہ کر
شعلہ پڑا ہے ' شمع پہ مجھہ سوز آہ کا

کہتے ہیں عاشقاں مرا احوال دیکھ کر
شاید تو دل دیا ہے کسي بیوفا کے ہات

دست رنگیں کو ' دیکھ کر تیرے
رنگ مہندی چھپا ہے پانوں پات

کیونکے سحر چاندنی کرنے کو نکلے وہ صنم
دیکھنے مہ کا تماشا ' آفتاب آتا نہیں

تیمم اُس کا اوروں کے وضو کرنے سے افضل ہے
کیا ہے جن نے حاصل خاکساری کی عبادت کو

مرا احوال ' چشم یار سے پوچھ
حقیقت درد کی ' بیمار سے پوچھ
مرے حال پریشاں کی حقیقت
صنم کی زلف کے ہر تار سے پوچھ

اے زاهداں ! اُٹھاؤ جبیں کو زمیں سے
جو سر نوشت ہے اسے کاں لگ مٹاؤ گے

عزلت

سید عبدالولی ' سعداللہ سورتی کے بیٹے تھے - ۱۱۰۴ھ میں پیدا ہوے - فارسی اور بھاشا میں بھی شعر کہتے تھے - موسیقی اور مصوری میں مہارت رکھتے تھے - ۱۱۶۴ھ میں دھلی آئے اور خان آرزو کو کلام دکھاتے رہے کچھ عرصے بعد اورنگ‌آباد جاکر سکونت اختیار کرلی - ۱۱۸۹ھ حیدرآباد میں وفات پائی اور وهیں مہر مومن کے دائرے میں دفن ہیں -

---

سیہ روزی میں ، میری قدر کو احباب کیا جانیں
اندھیری رات میں ، کس کو کوئي پہچانتا ہوگا

اُس کو پہونچي خبر ، کہ مرتا ہوں
کسي دشمن ستي سنا ہوگا

بجز رفاقت تنہائي ، آسرا نہ رہا
سوائے بے کسی ، اب اور آشنا نہ رہا

جلایا مصحف دل تو نے ، کیوں برق تغافل سے
جو سچ بولوں ، تجھے جھوٹي قسم کھانے کے کام آتا

" عزلت " گمان یوں تھا ، کہ جل کر ہوا ہے راکھ
پھر دود آہ دل میں ، مرا دیدہ تر کیا

کدھر بہتا پھرتا ہے ، اے گریۂ غم
کہ آنکھوں سے ، تھرا خریدار ہوں میں

چین ابروے سجن میں ، مرا دل الجھا ہے
دل کھلے گر کبھي ، دونوں میں گرہ پڑ جائے

سدھارے گل کہاں ' سونے پڑے ھیں گلستاں اپنے
گئی ھیں بلبلیں کیدھر ' جلا کر آشیاں اپنے

دیکھہ مت رنگیں چمن کو ' دل مرا غمناک ھے
گل کے ھاتھوں ' خون بلبل کا ' گریباں چاک ھے

اے بلبل ! اتنی روکے دعا ' ھر سحر تو مانگ
حق تیری آہ سرد ' چمن کی ضیا کرے [۱]

سراج

سراج‌الدین نام - قوم سید ' اورنگ‌آباد وطن تھا ' اورنگ‌آباد کے مشہور بزرگوں میں تھے ' فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں مشق سخن کرتے تھے -

بعض اھل رائے کے نزدیک اس دور میں ولی کے بعد تمام خصوصیات میں سراج کا دوسرا درجہ ھے -

فارسی اور اُردو کے دو دیوان ھیں - حمزہ دکنی کے شاگرد تھے [۲] سنہ ۱۱۲۷ھ [۳] میں پیدا ھوے اور سنہ ۱۱۷۷ھ میں [۴] وفات پائی -

---

[۱] چمنستان شعرا -

[۲] تذکرہ میر حسن - نکات‌الشعرا - میر تقی -

[۳] تاریخ زبان اُردو -

[۴] چمنستان شعرا -

نوٹ — " بوستان خیال " نام کی ایک مثنوی بھی ان کی طرف منسوب کی جاتی ھے - اپنے دیوان کا ایک انتخاب بھی طیار کیا تھا - مرتب -

تجھ بنا ، اے " سراج " ، بعد ولي
کوئي صاحب سخن ، نہیں دیکھا

شکر للہ ، ان دنوں تہرا کرم ہونے لگا
شیوۂ جور و ستم ، في الجملہ کم ہونے لگا

ڈورے نہیں ہیں سرخ ، تری چشم مست میں
شاید چڑھا ہے خون ، کسي بے گناہ کا

آہ سوزاں سے مرے ، دامن صحرا میں " سراج "
قبر مجنوں پہ ، چراغاں نہ ہوا تھا سو ہوا

یار کا دیدار پا کر ، اے " سراج "
شکر رحمٰن کر کے ، تو واصل ہوا

آیا پیا ، شراب کا پیالہ ، پیا ہوا
دل کي دیر کے جوت کا کاجل ، دیا ہوا

تجھہ قبا پر ہے ، نرگسي بوٹا
گویا نرگس کا پھول ، ابھی ٹوٹا

لعل تیري بھوؤں کے ، سچے ہیں
کیوں نہ یاقوت کو ، کہوں جھوٹا

عشق میں شوخ سنگدل کے ' " سراج "
شیشۂ ناموس و ننگ کا ' پھوٹتا

سب جگت ڈھونڈھ پھرا ' پیو کو نہ پایا ہرگز
دل کے گوشے میں ' مکاں تھا مجھے معلوم نہ تھا

تو احد ہے ' نام تیرا احمد بے میم ہے
زیب پایا ' تجھ صفت سوں ' ہر ورق قرآن کا

نہیں ہے تاب مجھے ' سامنے ترے جاناں
کہاں " سراج " کہاں آفتاب عالمتاب

شہید خنجر الفت ' ہوا ہوں
سلامت ہے ' سلامت ہے ' سلامت

نہیں حقیقت میں حسن و عشق جدا
طوق قمری ہے ' طرۂ شمشاد

اے " سراج " آرزوے قند نہیں
شعر تیرا ہے ' جوں نبات لذیذ

ہائے رہ گئی ، دل میں دامنگیریوں کی آرزو
سبزۂ تربت مرا ہے پہنچـۂ گیـرا حضـور

کیا شراب محبت نے ، دل کے خم میں جوش
عجب نہیں ، جو قیامت تلک رہوں بیہوش

جام مے الست ہے ، بیخود ہوں اے " سراج "
دور شراب ، شیشۂ پرمل سے ، کیـا فرض

عجب وہ سرو گلزار ادا خوش قد ہوا واقع
پر بلبل ، نشان گل کو دست رد ہوا واقع

شعلہ خو ، جب سے نظر آتا نہیں   لوٹتا ہے تب سے ، انگاروں پہ دل

مجھہ نگین داغ دل پر ، نقش ہے حرف وفا
عشق کي اُمت میں ہوں ، مہر نبوت کي قسم

کافر ہوا ہوں ، رشتۂ زنار کي قسم
تجھہ زلف حلقہ دار کے ، ہرتار کي قسم
ہرگز مریض ہجر کا ، بن وصل نہں علاج
اس کے ادا کی نرگس بیمار کي قسم
درشن دکھا کے ، آتش غم کو مري بجھا
میں تشنۂ لب ہوں ، درشن دیدار کي قسم

نہ پوچھو ' خود بخود کرتا ہوں تعریف اس کے قامت کی
کہ یہ مضمون ' مجھکو عالم بالا سے آتے ہیں

کیا چلے ' دام نگاہ مہربانی سے ترے
صید ہو جاویں یہاں ' صیاد کی صیادیاں

یاد رکھہ اے دل خوں گشتہ ' کہ جوں تکمۂ لعل
جامہ زیبوں کے گریباں کا گلو گیر نہ ہو

مدت سے گم ہوا ' دل بیگانہ اے " سراج "
شاید کہ جا لگا ہے ' کسی آشنا کے ہاتھہ

تم پر فدا ہیں ' سارے حسن و جمال والے
کیا خط و خال والے ' کیا صاف گال والے

خبر تیر عشق میں ' نہ جنوں رہا ' نہ پری رہی
نہ تو تو رہا ' نہ تو میں رہا ' جو رہی سو بے خبری رہی
شہ بے خودی نے عطا کیا ' مجھے اب لباس برہنگی
نہ خرد کی بخیہ گری رہی ' نہ جنوں کی پردہ دری رہی
چلی سمت غیب سے اک ہوا ' کہ چمن سرور کا جل گیا
مگر ایک شاخ نہال غم ' جسے دل کہیں سو ہری رہی
نظر تغافل یار کا ' گلہ کس زباں سے بیاں کروں
کہ شراب حسرت و آرزو ' خم دل میں تھی ' سو بھری رہی

کیا خاک آتش عشق نے ' دل بے نوائے " سراج " کو
نہ خطر رہا ' نہ حذر رہا ' مگر ایک بے خبری رہی

(رباعی)

تجھہ غم میں ہے ' رنگ‌زردیاناں میرا
دشوار ہے ہر کسی کو پاناں میرا
درکار نہیں ' کہ تجھہ گلی میں جاؤں
آنار تیرا بھی ہے ' جاناں میرا

صارم

(میر ' عبدالحئی نام ' صمصام‌الملک خطاب ' اورنگ‌آباد وطن تھا ' سلطنت دکن میں سب سے پہلے " قلمدان بردار تھے " [۱] ۔

کلام میں ذومعنین اور ایہام کا عنصر غالب ہے - سنہ ۱۱۷۲ھ میں وفات پائی :—

اک آن میں ' حیف کھل گئیں یہ آنکھیں
پھر موند پلک ' میں وہ نہ دیکھا رویا

از بسکہ تم ' اب عشق کی سیکھیں گھاتیں
سب بھول گئے شادی کی باتیں

---

[۱] دکن میں اردو -

مجھے ' گر جاں کلی کا حکم ' وہ شیریں دھاں کرتا
کہا اس کا ' خدا کي سوں ' ارے یارو بجاں کرتا

نہیں کھلتا ' بہار و باغ سوں دل
یہی عقدہ ' مجھے مشکل رہا ہے

شیدا

نوازش علي ' شیدا - کلام میں رواني کافي ہے ہندي کا غلبہ کم ہے - ان کی دو مثنویاں مشہور ہیں - ۱ - اعجاز احمد - حضرت رسول‌الله صلعم کي سوانحعمری ' دو جلدوں میں ۲ - روضة‌الاطہار - واقعات کربلا کو نظم کیا ہے -

لکھے راویاں ہیں ' روایت صحیح
میں کرتا بیاں ہوں ' سنو تم صریح
کہ بیٹھے تھے ' اک دن امام‌الرسل
مہاجر و انصار حاضر تھے ' کل
یہودي اک ' آتا ہے با احتشام
تھا نام اُس کا ' عبدالله ابن سلام
شرافت میں اُس سا نہ تھا دوسرا
اتھا عقل میں ' علم میں ' وہ رسا [۱]

اول ' حمد خدا سے ہو سرافراز
کروں میں '' روضة‌الاطہار '' آغاز

---

[۱] اعجاز احمد -

دو عالم ' نام پر ھے اُس کے شہدا
شہادت کا کیا عالم وہ پیدا

دیکھے عباس ' سرور کے علمدار
موے بھائي پڑے ھیں سارے یکبار
کسی کا سر نہیں ھے تن کے اوپر
کسی کے ھات کٹ گئے ھیں ' سراسر
کسي کا تن ھے ' سب زخموں ستي چور
پڑا نزدیک کوئي ھے ' کوئي دور [۱]

واقف [۲]

نورالعین ' واقف - اِن کے کلام میں صفائي ھے ' آورد اور تصنع کا عنصر غالب ھے ' ذومعنیین الفاظ اکثر استعمال کرتے ھیں -

آتي ھے بوے خوں مجھے اس لالہ‌زار سوں
اے باغباں! یہ کس کے شہیدوں کا کھوت ھے

تجھے دماغ نہیں کسو مجھے بلانے کا
کسو سے پوچھ کہ کیا حال ھے فلُانے کا
بہار دیکھی ھے اس باغ کي ' خزاں دیکھی
کوئی بھي ایک قراري نہیں زمانے کا

---

[۱] روضة‌الاطہار -

[۲] واقف ' شفیق اورنگ‌آبادي کے ھم عصر تھے -

قفس میں دھوم مچا خوب سی تو مرغ اسیر
کہ تجھکو فکر نہیں کچھ بھی ' آب و دانے کا

عزیز

عزیزاللہ ' عزیز ' اورنگ‌آبادی ' اپنے وقت کے مشہور بزرگ تھے -

مجھ ناتواں میں کیا سکت ' جو بولوں ولیاں کی صفت
" عاجز " عزیزاللہ پر دکھن کے سب پیراں ' مدد

ڈرتا نہیں ہوں بانک و کٹاری کے زخم سے
بانکی نگاہ دیکھ تری ڈر گیا ہوں میں

عاشق

میر یحییٰ نام (' عاشق علی خاں ' خطاب) برھان‌پور ' دکن کے رھنے والے تھے - کلام میں ایہام کا عنصر غالب ہے -

طبیب عشق سیں پوچھا زلیخا نے علاج اپنا
کہا تجھ پر بھلا ہے سورۂ یوسف کا دم کرنا

جام کو لب سے آشنا مت کر   نام اس کا ' پیا ' کٹورا ہے

جیت ہے میری عشق بازی میں
جب سے دلبر نے مجھ کو ھار دیا

جس وقت جان نکلي ' مجھ پاس کوئي نہ آیا
شمشیر تھري ' اک دم ' بیٹھي تھی میرے سر پر

صاف دل آرسي سا کوئی نہیں
لیک ' منھ دیکھي آشنائي ہے

نکلے ہیں اُجلے بال ' چناتے ہیں تب سے ہم
بڈھوں کے بیچ ' ہم بھي جوانِ چنندہ ہیں

مہدي

محمد مرتضیٰ ' مہدي ' میر دولت کی فوج میں ملازم تھے ' مرھٹوں کے مقابلے میں سنہ ۱۱۷۴ ھ میں مارے گئے - سید عبدالولی '' صاحب '' کے شاگرد تھے - کلام میں آورد زیادہ ہے -

---

نان ' داغ دل ہمارا : آب ' آنکھوں کا سرشک
عشق کي دولت سے ہم نے خوب کچھ کھایا پیا
چار دن بچھڑا سجن ہم پر قیامت آ گئی
''مہدی'' حیرت ہے کہ تنہا خضر اب تک کیوں جیا

ہر کسي مکھ کا تاب دیدہ ہوا
یوں جو آئینہ آبدیدہ ہوا

گرم‌جوشي سٹي خورشيد لقا گھر سے نکل
هو گئي صبح ، دم سرد کے بھرتے بھرتے

کرے هے آج چشم عندلیباں روشن ، آئینه
هوا هے اُس کے عکس رو سے رنگ گلشن ، آئینه

مرزا

محمد بیگ یا محمدی بیگ ، مرزا ، دکن کے باشندے تھے - مضمون آفریني کی کوشش کرتے هیں ، طرز ادا میں بیساختگي زبان میں شیریني هے - ان کے شاگردوں میں مہر علي " مہر " مشہور هیں -

---

مرا غم نامه ، اے قاصد ! سجن کے هاتھ دو ، دیجو
یهي مضمون هے اس کا که انجواں سوں لکھو ، دیجو

" مرزا " کو آج حاجت قاصد نہیں رهي
پیغام بھیجتا هے نگاہ رسا کے هاتھ

مہر

مہر علي ، مہر ، اورنگ‌آباد کے رهنے والے اور مرزا کے شاگرد تھے - کلام میں رندانه مضامین اکثر لاتے هیں -

---

پڑہ نماز با ریا ' ہر وقت رندوں کو نہ چھیڑ
تجھ کو اے زاھد پرائي کیا پڑي ? اپنی نبیڑ
میکدے کی راہ ' اے زاھد ! نہ جا ; جاے خضاب
رند داڑھی کو تری دیویں گے لاٹی سے لتھیڑ

خاک ہونا کیمیاے عشق کي تدبیر ہے
پارۂ بیتابي دل مارنا ' اکسیر ہے

آبرو پائي شجاعت نے عطاے خضر سے
موج ' نقش بوریاے جوھر شمشیر ہے

ترش روئی سے ہوئی زاھد کو کھانسی آخرش
اِس بہانے اُس کو میں دارو پلاؤں تو سہی

دیکھ چشم "مہر" سے ' اے باغباں ! وقت خزاں
عندلیباں پھر کہاں اور یہ بہاراں پھر کہاں ؟

ضیا

مرزا عطا ' ضیا ' نے سنہ ۱۱۸۳ھ میں وفات پائی - ان کے کلام میں میخوشی کے مضمون اکثر آئے ھیں -

---

دیکھتے هي اس کے خط کي شان ' دل مرجها گیا
اس دهویں کو دیکھ آنکھوں میں اندھارا چھا گیا

تجھے کیا یاد هے ساقی وو عالم بے حجابي کا
اِدھر تو جام کا هنسنا اُدھر رونا گلابي کا

اُدھر تو تم بھووں کو تان کر تیوري چڑھاتے هو
اِدھر میں دل میں ' بسم‌الله بسم‌الله ' کهتا هوں

کرتا هے حشر برپا ' ساقی سے جلد کهنا !
گردن اُتھا اُتھا کر شیشے کا دیکھ رهنا

اے ساقي ! غم کي ماروں کي تسلی کر شتابی سے
گلابي کا بھرا آتا هے منه وو بے حجابي سے

رنگ اُڑ گیا سمن کا ' نرگس بھی تک رهي هے
گلشن میں گلبدن بن کھچڑي سی پک رهي هے

تری آنکھوں کو ' ساقي ! دیکھ شاید جان جاتي هے
گلابي بیٹھي ' سلهه میں جام کے ' پاني چواتي هے

فضلی

شاہ فضل‌اللہ ' فضلي ' اورنگ‌آبادی بڑے پائے کے درویش تھے اور غازی‌الدین خاں فیروز جنگ اِن کے بڑے معتقد تھے - شاہ صاحب فارسی میں بھی شعر کہتے تھے - کلام میں ایہام کی کثرت ہے -

---

رکھا ہوں نیم جاں جاناں تصدق تجھ پہ کرنے کو
کیا سب تن کو میں درپن ' اجھوں درشن نہ پائے ہوں

دو بھواں دیکھ کر کہا میں یوں
دو گھڑي رات دن میں آئي کیوں

تجھ ملاحت کے لون کي لذت
جس کا دل ہے کباب ' سو جانے

مصور گر تري تصویر کو چاہے کہ اب کھینچے
لگا دے ایک سارا چاند چہرے کے بنانے کو

زلف کے سلسلے کے طالب کو
پیچ دے کر مرید کرتے ہیں

منورالدوله

امراے دکن کے درباریوں میں تھے - کلام میں گداز اور صفائي دونوں موجود ھیں -

---

گریباں چاک مطعون جہاں بدنامِ عالم ہو
پڑے خاک اس طرح کے ' ھاے ! رسوائي کے جینے میں

صنم نے میرے سخن کو سن سن ' کہا کہ اتنا نہ مضطرب ہو
جو ابتدا کو نہیں سمجھتا ' تو کیا خبر ہوگي انتہا کي

شفیق

لچھمي نرائن ' کائستھ ' شفیق ' اور ' صاحب ' تخلص کرتے تھے - اُردو اور فارسی کے نامور شاعر تھے -

کلام میں کثرت مشق کا ثبوت زیادہ اور اثر کم ھے - میر غلام علی آزاد بلگرامی کے شاگرد تھے -

ان کی تصنیف تذکرہ چمنستان شعرا مشہور ھے -

۱۱۵۸ھ میں پیدا ھوے [۱] -

بہار آئي جنوں نے سر اتھایا ھے ' خدا حافظ
نسیم صبح نے دل کو ستایا ھے ' خدا حافظ

---

[۱] مخزن نکات - چمنستان شعرا - نکات الشعرا - تذکرۂ میر حسن -

تیرے بس میں ھیں ، ھمیں تو چھوڑ دے یا قید رکھ
آپ سے اب دام میں تدبیر کرنا کیا ضرور

بس ڈھاپی رھنے دو یہ بات ، میاں ! مت بولو
ھم تمہیں دیکھ لیا اور تمھارا اخلاص

جیوں جلا آگ کا آتش ستی ھوتا ھے بھلا
عشق کے درد کو تحقیق دوا ھیگا عشق

شیخ جی آتے ھیں کس دھج سے پکڑ تسبی کو ھاتھ
ماریے گردن میں ایسا ، جاے جو مڈکا ڈھلک

کیا کریں عرض حال تیرے پاس
ھم کو دل نیں ، تجھے دماغ نہیں
کوئی بچارا تجھے کہاں ڈھونڈے ؟
ایک جا کا تری سراغ نہیں

لائے جواب وہ کوئی ' صاحب ' کے شعر کا
جس کو کہ ذھن ثاقب و فکر دقیق ھو

ھمیں کلبج چمن میں چھوڑ کر ، صیاد جاتا ھے
خدا جانے کہ ھم سے خوش ھے ، یا ناشاد جاتا ھے

دور اول

حصہ دوم

(شعراے دھلي)

آرزو

سراج الدین علي خاں ' آرزو ' مشائخ اکبرآباد کے خاندان سے تھے ' علوم و فنون کي تحصیل کي اور ۲۴ سال کي عمر میں سند فراغت حاصل کي ' اور فرخ سیر بادشاہ کي طرف سے گوالیار میں ملازم ہوئے - شاعري کا چسکا بچپن سے تھا -

اُردو میں ان کے کلام کي تعداد بہت کم ہے لیکن جو کچھہ ہے تغزل کے اعتبار سے بہتر ہے ' زبان سلیس ' بندش چست ' درد اور جذبات سے لبریز ' اس لئے اثر انداز ہے اُردو میں فارسي محاورات کا غلبہ ہے -

ان کي تصانیف حسب ذیل ہیں :—

۱ - تنبیہ الغافلین - اس میں حزیں کے کلام پر اعتراضات کئے ہیں -

۲ - موہبت عظمیٰ - فن معانی میں -

۳ - عطیہ کبریٰ - فن بیان میں -

۴ - سراج اللغت - لغت اور فرهنگ میں -

۵ - چراغ هدایت - فن اصطلاحات میں -

۶ - سکندر نامه اور قصائد عرفي کي شرح -

۷ - فارسي شعرا کا تذکره -

۱۱۶۹ھ میں وفات پائي [۱] -

رات پروانے کي الفت سےي روتے روتے
شمع نے جان دیا صبح کے هوتے هوتے
داغ چھوٹتا نہیں، یه کس کا لہو هے قاتل
هاتھ بھي دکھ گئے دامن ترا دھوتے دھوتے
کس پریرو سے هوئي شب کو مري چشم دو چار
که میں دیوانه اُٹھا خواب سے سوتے سوتے

عبث دل بیکسي اپني یه توں هر وقت روتا هے
نه کر غم اے دوانے عشق میں ایساهي هوتا هے

میخانے آج جاکر شیشے تمام توڑے
زاهد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے

---

[۱] گلشن هند -- مرزا لطف، رفاه عام اسٹیم پریس، لاهور -

تجھہ زلف میں لٹک نہ رہے دل ' تو کیا کرے
بیگار ہے اٹک نہ رہے دل ' تو کیا کرے

جان تجھہ پر کچھہ اعتماد نہیں
زندگانی کا کیا بھروسا ہے

ہر صبح اڑتا ہے تیری برابری کو
کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشید خاوری کو
دل مارنے کا نسخہ پہونچا ہے عاشقوں تک
کیا کوئی جانتا ہے اس کیمیا گری کو
اس تند خو صنم سے ملنے لگا ہوں جب سے
ہر کوئی مانتا ہے میری دلاوری کو
اپنی فسوں گری سے اب ہم تو ہار بیٹھے
باد صبا یہ کہنا اس دل ربا پری کو
اب خواب میں ہم اسکی صورت کو ہیں ترستے
اے "آرزو" ہوا کیا ' بختوں کی یاوری کو

فلک نے رنج تیر آہ سے میرے زبس کھینچا
لبوں تک دل سے ' شب نالے کو میں نے نیم رس کھینچا
رہا جوش بہار اس فصل گر یوں ہی ' تو بلبل نے
چمن میں دست گلچیں سے عجب رنج اس برس کھینچا
کہا یوں صاحب محمل نے سن کر شور مجنوں کا
تکلف کیا جو نالہ بے اثر مثل جرس کھینچا

نزاکت رشتۂ الفت کي ديکھو سانس دشمن کي
خبردار '' آرزو '' تک گرم کر تار نفس کھينچا

کھول کر بند قبا کو ' ملک دل غارت کيا
کيا حصار قلب ' دلبر نے کھلے بندوں کيا

دکھائي چشم مست اپني جو اس رند شرابی نے
نہ دم مارا کٹورے نے نہ هچکي لي گلابي نے

بہار

ٹيک چند ' بہار ' کلام ميں صفائي اور سوز و گداز بھي ھے سراج‌الدين علی خاں آرزو کے شاگرد تھے -

بہار عجم مشہور لغت ان کي تصنيف ھے - غزل ميں درد اور بلاغت دونوں ھيں ' زبان بھی اُس وقت کے اعتبار سے سليس ھے -

کرے وہ سلطنت يہ عشق ميں شيريں کے سر ديوے
تکلف بر طرف ! خسرو کو کيا فرھاد سے نسبت

کہتے ھيں عندليب گرفتار ' مجکو ديکھہ
اميد چھوٹنے کي نہيں اس بہار ميں

تھی زلیخا مبتلا یوسف کی اور لیلیٰ کا قیس
یہ عجب مظہر ہے ' جسکے مبتلا ہیں مرد و زن

وہی اک ریسماں ہے جس کو ہم تم تار کہتے ہیں
کہیں تسبیح کا رشتہ کہیں زنار کہتے ہیں

ناز بے جا و لطف بے موقع
دلبروں کی ادا ہے کیا کیا کچھ

کریں ہیں یہ ستمگر قتل بے تقصیر کیا کیجے
جو انکے ہاتھ یوں مرنا ہوا تقدیر ' کیا کیجے

نہیں معلوم کیا حکمت ہے شیخ' اس آفرینش میں
ہمیں ایسا خراباتی کیا تجھکو مناجاتی [۱]

آصف

یحییٰ خاں نام ' آصف اور امیر تخلص [۲] ہزبر جنگ ' آصف‌الدولہ ' آصف جاہ القاب اور خطاب ہیں ' شجاع‌الدولہ نواب اودھ کے بیٹے تھے -

---

[۱] چمنستان شعرا -

نوٹ - چونکہ سراج الدین علی خاں کے ہم عصر اور شاگرد تھے ' اس وجہ سے کم و بیش سنہ ۱۱۶۹ ہجری ان کا زمانہ قیاس کیا جا سکتا ہے - مرتب -

[۲] تذکرۂ مصحفی میں ان کی غزلیں امیر کی تخلص سے درج ہیں - مرتب -

سنه ۱۱۸۷ھ میں شاہ عالم بادشاہ کے زمانے میں فیض آباد کے وزیر ہوے ' کچھہ دنوں کے بعد لکھنؤ آئے ' ان کا نام " سخاوت " کے لئے " حاتم " کی طرح مشہور ہے -

غزل میں بہتر رنگ ہے ' آمد کی نرالی شان ہے ' معلوم ہوتا ہے جو کچھہ کہتے ہیں دل کی زبان سے کہتے ہیں سلاست ' روانی سب کچھہ موجود ہے ' الفاظ کے پھیر میں معانی کو گم نہیں کرتے ' سنه ۱۲۱۲ھ میں وفات پائی -

---

جنسِ طاعت سے کچھہ اپنے تو نہیں پاس " امیر "
مگر احمد کا ہوں ' اور ہے احمد میرا

یا ڈر ہے مجھے تیرا کہ میں کچھہ نہیں کہتا
یا حوصلہ میرا ہے کہ میں کچھہ نہیں کہتا
کہتا ہے بہت کچھہ وہ مجھے چپکے ہی چپکے
ظاہر میں یہ کہتا ہے ' کہ میں کچھہ نہیں کہتا

کیا تو نے دیا تھا مجھہ کو ساقی
شیشے میں تو واہ کچھہ نہ نکلا

موا ہے تیرے لئے تیرا عاشق غم کش
ذرا تو فاتحہ پڑہ چل کے ' تا کجا وسواس

جب مرنے لگي بلبل شوريدہ قفس ميں
" آصف " يہی کہتی تھي يہ تکرار دم نزع
صياد تجھے بخش ديا خون ميں اپنا
تک جا کے دکھا وہ مجھے گلزار دم نزع

کل ہنس کے بولا نالۂ بلبل پہ يوں پتنگ
کم ظرف ديکھہ ہم بھی تو آخر ہيں زار شمع
" " کے يہ جواب ديا عندليب نے
انصاف دل ميں کيجيو اے دل فگار شمع
ہے شمع کے بھي دل ميں محبت پتنگ کي
گر ہے پتنگ سوختہ جاں ' بيقرار شمع
پروانے کو جلا کے ہوئي شمع بھي تمام
جينا بغير يار کے ہے ننگ و عار شمع
گل مہرباں سنا ہے کبھی عندليب پر
تو شکر کر کہ مہر و وفا ہے شعار شمع
ميں آہ آہ و نالہ ' نہ کھينچوں تو کيا کروں
جلتي ہيں غم سے ميري رگيں ' مثل تار شمع

جہاں تيغ اس کي علم ديکھتے ہيں
وہاں اپنا سر ہم ' قلم ديکھتے ہيں
جو جلوہ صنم تجھہ ميں ہم ديکھتے ہيں
خدا کي خدائي ميں کم ديکھتے ہيں

بتوں کی گلی میں شب و روز '' آصف ''
تماشہ خدائی کا ، ہم دیکھتے ہیں

دل ہمارا خانۂ اللہ ، گر مشہور تھا
سو بتوں کے عشق میں اب وہ بھی بت خانہ ہوا

بڑی شکوہ سے جاتا ہے قافلہ دل کا
چکے کا روبرو کس کے ، معاملہ دل کا

' آصف '' نہ چھٹے عشق بتاں دل سے ہمارے
سو بار اگر پھر بھی بٹھاویں اسے گھڑ کر

شوخیٔ چشم کی شہرت کو تری ، سن سن کر
شرم سے باغ میں نرگس نے چھپائیں آنکھیں

مرے دل کو ، زلفوں میں زنجیر کیجو
یہ دیوانہ اپنا ہے ، تدبیر کیجو
مرے دل نے زلفوں میں مسکن کیا ہے
یہ مہماں ہے اے شانہ توقیر کیجو

جس جگہہ آنسو گرے ہے ، آبلہ پڑ جاے ہے
آب سے آتش ہوئی کیوں کر بہم ، کیا جانیے

پوچھتے کیا ہو شب ہجر کی حالت ' یارو !
میں ہوں ' اور رات ہے اور بسترِ تنہائی ہے

" آصف " نہ چھوڑ دست سخاوت کو زینہار
لایا ہے کچھ نہ ساتھ ' نہ جاے گا تو لئے

یاں تلک داغ محبت ' دل نے کھائے ہیں کہ بس
سر سے پا تک ایک گویا صورت طاؤس ہے

ہزاروں مردے جیتے دیکھے تیرے بات کرنے سے
لب معجز بیاں میں تیرے ' شاید آب حیواں ہے

تیرے گھر جانے سے یاں اپنا تو ' گھر جاتا ہے
اے مری جان کے دشمن ' تو کدھر جاتا ہے

سرخ چشم ایسی ' کہیں ہوتی ہے بیداری سے
لہو اترا ہے تری آنکھوں میں ' مے خواری سے

جس گھڑی تیرے آستاں سے گئے
ہم نے جانا کہ ' دو جہاں سے گئے
تیرے کوچہ میں نقش پا کی طرح
ایسے بیٹھے کہ پھر نہ واں سے گئے

شمع کي طرح رفتہ رفتہ ہم
سلہو اکے دن کہ جسم و جاں سے گئے

تو اپنے شیوۂ جور و جفا سے کیوں گزرے
تری بلا سے ' مرا دم رھے رھے نہ رھے

ملنے نہ ملنے کا تو وہ مختار آپ ھے
پر ھمکو چاھئے کہ تگ‌ودو لگي رھے [۱]

آبرو

نجم الدین نام ' شاہ مبارک لقب تھا ' لقب ھي سے مشہور تھے ' حضرت محمد غوث گوالیاری کي اولاد میں تھے ' خان آرزو سے قرابت تھي ' ابتداے جوانی میں دھلي آئے اور آخر تک رھے - دیوان مختصر ھے لیکن بہتر ھے ' طبع نہیں ہوا ھے ' اس کا ایک نسخہ '' الاصلاح '' لائبریري دسنہ ' ضلع پٹنہ میں موجود ھے -

کلام میں گو سلاست نہیں لیکن درد ھے - محاورات میں لطف موجود ھے ' زبان کا خیال زیادہ کرتے ھیں - خان آرزو سے تلمذ تھا [۲] -

---

[۱] خمخانۂ جاوید - گلشن ھند - سخن شعرا - تذکرۂ مصحفي -

[۲] گل رعنا -

کم مت گنو ' یه بخت سیاهونکا رنگ زرد
سونا وهي که ' جو هو کسوتي کسا هوا

انداز سے زیادہ نہت ناز ' خوش نہیں
جو خال اپنی حد سے بڑھا سو مسا هوا
قامت کا سب جگت میں دوبالا هوا هے نام
قد اس قدر بلند تمهارا ' رسا هوا

جدائي کے زمانے کي سجن کیسا زیادتی کہئے
که اس ظالم کی هرپر جو گهڑي بیتي ' سو جگ بیتا

چهرے نے سرخ تیرے ' سارے جگت کو موها
اي لعل ' تیرے سر پر یه آج خوب سوها

رخسار کے گل اوپر شبنم هے یه پسینا
کیا سرخ ڈانک پر هے الماس کا نگینا
خجلت سے تجهه نگهه کي ' مے هوگئي هے پاني
کهنا بجا هوا هے ' شیشے کو آبگینا

مشتاق عذر خواهي نهیں " آبرو " تو کیا هے
یوں روٹهه روٹهه چلنا ' چل چل کے پهر ٹهٹهکنا

یہ سبزہ اور یہ آب رواں اور ابر یہ گھرا
دوانا میں نہیں ' گھر میں رہوں کیوں چھوڑ کر صحرا

بوسہ لباں سے دینے کہا ' کہہ کے پھر گیا
پیالہ بھرا شراب کا افسوس گر گیا

نین سے نین جب ملاے گیا
دل کے اندر مرے سماے گیا
تیرے جانے کی سن خبر ' عاشق
یہی کہتا موا ' کہ ہاے گیا
سہو کر بولتا تھا مجھہ سیتی
بوجھہ کر بات کو چباے گیا

مل گئیں آپس میں نظریں ایک عالم ہوگیا
جو کہ ہونا تھا سو کچھہ آنکھوں میں باہم ہوگیا
ساتھہ میں تیرے جو کچھہ تھا سو پیارے عیش تھا
جب سے تو بچھڑا ہے تب سے عیش سب غم ہوگیا

نور دیدہ کم ہوا یعقوب کا گریہ کا جاتا ہے ' خالی قافلا

حق میں عاشق کے مگر لطف ' ستم تھا یا رب
دل لیا جب سے ' مجھے تب سے آزار دیا

زمانے بھی لگے مودی پکڑنے کسب سیکھا چماری نے نری کا

دل تو دیکھو آدم بے باک کا عشق سے بھرتا ہے ' پتلا خاک کا

برہ کی راہ میں جو کوئی گرا ' سو پھر نہ اٹھا
قدم پھرا نہیں یاں آکے دستگیروں کا
وہ اور شکل ہی ' کرتی ہے دل کو جو تسخیر
عبث ہے شہرہ ترا نقش یہ لکیروں کا

دل کے غنچوں کو کھول جب دیکھا
شوق پایا تمام تجھ لب کا
" آبرو " اب زندگی سے لذیذ
جان لیتا ہے جام تجھ لب کا

یہ رسم ظالمی کی ' دستور ہے کہاں کا
دل چھین کر ہمارا ' دشمن ہوا ہے جاں کا

بیتابی دل آج میں دلبر سے کہوں گا
ذرے کی تپش مہر منور سے کہوں گا

ہر گدا گوشۂ قناعت میں شاہ ہے ' ملک بے نیازی کا

لائي هے جب سے بات چمن کی زباں اُپر
رنگیں هوا هے تب سے بیاں عندلیب کا

جسے هو زیب ذاتي ' اسکے تئیں هے عیب آرائش
کرے هے بد نما البتہ حسن ماہ کو گھنا

هم سے چرا کے اور سے آنکھیں ملا گیا
ظالم کسي کو مار ' کسي کو جلا گیا

بیٹھے وہ زرد پوش ' جھلک سے بنا بسنت
چاروں طرف سے آج اتھي جگمگا بسنت

دل نے پکڑي هے یار کي صورت
گُل هوا هے بہار کي صورت
کوئی گل‌رو نہیں تمهاری شکل
هم نے دیکھي هزار کی صورت
وصل کے پیچھے هجر جائے بھول
جوں نشے میں خمار کی صورت
کچھہ تھہرتي نہیں کہ کیا هوگی
اس دل بے قرار کي صورت

هر طرف عشق کی لگی ہے ہاٹ
دل ہمارا ہوا ہے بارہ باٹ

زندگی ہے سراب کی سی طرح
باو بندی حباب کی سی طرح
کون چاہے کا گھر بسے تجھکو
مجھ سے خانہ خراب کی سی طرح
تجھ اوپر خون بے گناہوں کا
چڑھ رہا ہے شراب کی سی طرح

بلبل سے دل کو کھول کہو گل سے تک ہنسے
پھر "آبرو" کا وقت کہاں ؟ جب گئی بہار

آج پھر ہم سے کر دیا ہے اُداس   ان رقیبوں کا جائے ستیا ناس
غیر صحبت میں اب لگ جانے   چھوڑ کر اپنی "آبرو" کا پاس

نہیں تارے بھرے ' ہیں شک کے نقط
اس قدر نسخۂ فلک ہے غلط

سانورے کے روبرو ہے دل ہمارا داغ داغ
دیکھ لو کالے کے آگے آج جلتا ہے چراغ

کب زلیخا شہر میں رسوا ہوئی ' مجنوں سے کم
مرد ہو یا زن کوئی ' ہے سب کے تئیں بدنام عشق

افسردگئی یاس سے ہم کو ہوا وصال
پکڑا ہے آہ سرد کے کانٹے سے ہم نے لال

جلتا ہے اب تلک تری زلفوں کی رشک سے
ہر چند ہو گیا ہے چمن کا چراغ گل

جلتے تھے تجھکو دیکھ کے پھر ' انجمن میں ہم
پہونچے تھے رات شمع کے ہو کر بزن میں ہم

دلدار کی گلی میں مکرر گئے ہیں ہم
ہو آئے ہیں ابھی تو پھر آکر گئے ہیں ہم

جبکہ ایسا ہو گندمی معشوق
نت گنہگار کیوں نہ ہو آدم

غم کیا ؟ اگر شراب کی مجلس میں ہم نہیں
ہم کو تمہارے عشق کا یہ کیف ' کم نہیں

عشق ہے اختیار کا دشمن
ہوش و صبر و قرار کا دشمن

لٹایا چاہتے ہیں خاک و خوں میں مجھ بچارے کوں
سمجھتا ہوں تری شمشیر ابرو کے اشارے کوں

سر سے لگا کے پاؤں تلک دل ہوا ہوں میں
یاں لگ ' ہنر میں عشق کے کامل ہوا ہوں میں

اپنا جمال ' " آبرو " کو ٹک دکھاؤ آج
مدت سے آرزو ہے درس کی بچارے کوں

جب چمن میں جا کے پیارے تم نے زلفیں کھولیاں
لے گئی باد صبا ' خوشبو کی بھر بھر جھولیاں

درد مندی سے اگر دل کے ' ہوئے ہو محروم
رحم فرما کے مرے حال کو اظہار کرو

جلوۂ حسن کو دلدار کے ' گلزار کہو
شوق کو دل کے مرے ' مستئی سرشار کہو
یار سے جاکے مرے درد کا بستار کہو
غم کہو ' رنج کہو ' حسرت دیدار کہو

کس نے ' آ باغ میں حیران کیا نرگس کو
نہیں معلوم کہ یہ دیکھ رہی ہے کس کو

کرے گی شہر میں فتنہ ' سجن! خواہی نخواہی یہ
تری ' آخر کو سر کھینچے گی ظالم کج کلاہی یہ

کیوں ملامت اس قدر کرتے ہو بے حاصل ہے یہ
لگ چکا ' اب چھوٹنا مشکل ہے اس کا ' دل ہے یہ

شوق ہے اس کی اشکباری کا   " ابرو " چشم تر ' قیامت ہے

تم ' نے بجھانے کو جب ہاتھ بیچ ' نے لیے
مجنوں ہوگئے سب ' یہ کس طرح کی ' لے ' لی

کرم فرما ! کہ تیرا نقش پا ' ہم خاکساروں کو
چمن میں سر بلندی کو ' گل دستار ہوتا ہے

پھرتے تھے دشت دشت دوانے کدھر گئے
وے عاشقی کے ' ہائے زمانے کدھر گئے

تمہارا دل اگر ہم سے پھرا ہے. تو بہتر ہے ' ہمارا بھی خدا ہے

تم اپنی بات کے راجا ہو پیارے
کہو ضد سے تمہیں ہووے سوائے

زلف کی شان مکھ اوپر دیکھو
کہ گویا ' عرش میں لٹکتی ہے

تمہاری ' لوگ کہتے ہیں کمر ہے
کہاں ہے ' کس طرح کی ہے ' کدھر ہے ؟

دل کب آوارگی کو بھولا ہے   خاک اگر ہو گیا ' بگولا ہے

زندگانی تو ہر طرح کاٹی   مر کے پھر جینا ' قیامت ہے

تبسم سے مجھے اس کو نظر سے
کیا ہے دو کو راضی کس ہنر سے [۱]

مضمون

شرف الدین نام ' اکبرآباد کے رہنے والے تھے - ابتدائے شباب میں دہلی گئے اور وہیں رہ گئے -

---

[۱] مخزن نکات - گلشن ہند - تذکرۂ مصحفی

کلام میں سلاست اور درد ہے ' ساتھ ہی ساتھ زبان کی چاشنی اور محاورہ بندی بھی ہاتھ سے جانے نہیں دیتے ' خان آرزو کے معاصر اور شاگرد تھے [۱] -

افسوس مار جھٹ پٹ ' دل کو رکھے ہیں اٹکا
کن ساحروں سے سیکھا ' زلفوں نے تھری ' لٹکا

خوبوں کو جانتا تھا ' گرمی کرینگے مجھ سے
دل سرد ہو گیا ہے ' جب سے پڑا ہے پالا

نہیں ہے زاہدوں کو مے سے کچھ کام
لکھا ہے اُن کی پیشانی میں ' سر کا

ہم نے کیا کیا نہ ترے غم میں ' اے محبوب کیا
صبر ایوب کیا ' گریۂ یعقوب کیا

کوچے میں بیوفا کے مارے گئے ہیں عاشق
نکلا ہے ایک '' مضمون '' بھاگوں سے اپنی جھگا

ترا مکھ ہے ' سر چشمۂ آفتاب
نہ لاوے تری حسن کی ماہ ' تاب

---

[۱] گل رعنا - گلشن بے خار -

وہ ہے سونا جو ہووے خوب ؟ کس میں
وہ ہے دلبر ' جو ہووے اپنے بس میں

کرے ہے دار بھی کامل کو سر تاج
ہوا منصور سے یہ نکتہ حل آج

جس طرح سے رہے ہے مال کے اوپر کالا
یوں رہے زلف ترے منھ کے اوپر مار کے پیچ

تجھ بن بس کہ پانی ' جاری کئے ہیں رو کر
چشموں سے میں اب اپنی بیٹھا ہوں ہاتھ دھو کر

نہیں ہیں ہونٹھ تیرے پان سے سرخ
ہوا ہے خون میرا آکے لبریز

تیر مژگاں برستے ہیں مجھ پر
آپ پیکاں کا اس طرف ہے ڈھال

کہا سمجھ بلبل نے باندھا ہے چمن میں آشیاں
ایک تو گل بے وفا اور تس پہ جور باغباں

وهي دلدار خوش آتا هے جو هووے بانکا
خوب لگتي نهیں وہ تیغ جو خمدار نهیں

کیا هوا جو خط مرا پڑھتا نهیں
جانتا هے خوب وہ "مضمون" کو

چلا کشتي میں آگے سے جو وہ محبوب جاتا هے
کبھی آنکھیں بھر آتي هیں کبھي جي ڈوب جاتا هے
یہ میرا اشک قاصد کي طرح اک دم نهیں تھمتا
کسي بیتاب کا گویا لئے مکتوب جاتا هے

یار کے قول کو نهیں هے قرار اس سبتي دل کو بیقراري هے

میرا پیغام وصل، اے قاصد کهیو سب سے اسے جدا کرکے

هم فقیروں میں تمهارا اے میاں کیا کام هے
تم تو طالب زر کے هو اور یاں خدا کا نام هے

کرنا تھا نقش روے زمیں پر همیں مراد
خالي اگر نهیں تو نهیں بوریا تو هے

اُس دھاں بیچ سخن رکھتا ہوں
مجھ پہ اس بات کو اثبات کرو

جب سے چاہا ہے ترا چاہ ذقن
آب چشموں سے مری جاری ہے

نظر آتا نہیں وہ ماہ رو کہیں
گذرتا ہے مجھے یہ چاند خالی

مرے آئینہ دل سے ترا نقش
جو دیکھا تو کسی صورت نہ جاوے

"مضمون" تو شکر کر کہ ترا نام سن رقیب
غصے سے بت سا ہوگیا لیکن جلا تو ہے

نہ یہی فتنہ قد و قامت ہے
ہنس کے پھر دیکھنا قیامت ہے [۱]

---

[۱] چمنستان شعرا - مخزن نکات - نکات الشعرا - تذکرہ میر حسن - گلشن ہند - تذکرہ مصحفی -

ناجی

محمد شاکر نام ' امیر خاں محمد شاهی کے داروغه نعمت خانه تھے - لیکن تیز اور ذهین تھے ' نوجوانی میں انتقال هو گیا -

ان کے کلام میں پلند و نصائح تغزل ' محاورہ بندی کے پهولوں کے ساتھه کسی قدر ابتذال کے کانٹے بھی هیں -

لفظی ایر پهیر میں اکثر معنی کی قربانی کر دیتے هیں [۱] ۰

روا کب هے مجهه اوپر تیغ کو هر دم علم کرنا
مری تقصیر بهی کچهه کی هے ثابت ' یا ستم کرنا

بلند آواز سے گهڑیال کهتا هے که اے غافل
کٹی یهه بهی گهڑی تجهه عمر سے اور تو نهیں چیتا

نمکیں حسن دیکهه کر پی کا رنگ گل کا مجهے لگا پهیکا

تری نگاہ کی کثرت سے اے کماں ابرو
همارے سینے میں تودا هوا هے تیروں کا

مجهکو باتوں میں لگا ' معلوم نهیں کیا کهه گیا
لے چلا جب دل کے تئیں منهه دیکهتا میں رہ گیا

---

۱) گل رعنا - نکات‌الشعرا - تذکرۂ میر حسن -

ڈوب گئے کئی ملک ' جب کھولی لب دریا پہ زلف
حیف '' ناجی '' کو نہ پوچھا کس لہر میں بہ گیا

نہ پوچھو ' خود بخود ہے عارض خورشید کی خوبی
لیا ہے ذرہ ذرہ حسن مہرویاں سے کر چندا

قوس قزح سے ' چرچا کرتا ہے تجھ بھواں کا
شاید کہ سر پھرا ہے اب پھر کر آسماں کا

مت کر آزاد دام زلف سے دل   بال باندھا غلام ہے تیرا

سخن سن ' اس بت کافرادا کا   جیا ہوگا کوئی بندا خدا کا

رنگ تیرا گندمی دیکھ اور بدن مخمل سا صاف
ہوش کھو کر آدمی بھولے ہیں اپنے خور و خواب

دیکھ ! ہم صحبت کی دولت سے نہ رکھ چشم کرم
لب صدف کے تر نہیں ' ہر چند ہے گوہر میں آب

محبت سوں علی کی دیکھ '' ناجی ''
ہوا ہے دل مرا ' اب حیدرآباد

گر سلیماں کا تخت دیں، مت لے
کہ سب آخر کو جائے گا برباد

اغنیا کے دوبدر، مقدور جب تک ہو، نہ جا
سخت حاجت ہو تو جا، لاچارگی ہے جا ضرور

چاہئے اشراف کو، مفلس ہو، مجلس میں نہ جا
گو کہ وہ دبلا نہ ہو پر بوجھتے ہیں سب حقیر

انگوٹھی لعل کی کرتی قیامت آج اگر ہوتی
جلنوں کی آن پہونچی لو مرے وہ ایک چھلے پر

دیکھ دلبر تری کمر کی طرف
پھر گیا مانی اپنے گھر کی طرف
حشر میں پاک باز ہیں "ناجی"
بد عمل جائیں گے سقر کی طرف

کرلے کرم اے مہرباں، پھر ہم کہاں اور تم کہاں
نہیں دیکھ سکتا آسماں، پھر ہم کہاں اور تم

ملنے کو نوخطاں کے، واعظ برا کہے ہے
مجہول ہیں یہ باتیں، ہم خوب جانتے ہیں

نرگس کي تئيں ميں هرگز' لاتا نهيں نظر ميں
ديکهي هيں ميں نے آخر پيارے تمهاري آنکهيں

نہ سير باغ ' نہ ملنا ' نہ ميٹهي باتيں هيں
يہ دن بہار کے اے جان مفت جاتے هيں

عيد هوتي ' جو کوئی افطار کرتا جس کے گهر
اب بتاويں ' هے کا روزہ ديکه کر مہمان کو

هے غرض ملنے ميں نہ الفت کچه اس بيدرد کو
بوجهتا هے کان زر' عاشق کے رنگ زرد کو

آج تو " ناجي '' سجن سے کر تو اپنا عرض حال
مرنے جينے کا نہ کر وسواس هوني هو سو هو

زلف کيوں کهولتے هو دن کو صنم
مکه دکهايا هے تو نہ رات کرو

غم نهيں گر دلبري سے دل کو ليجاتا هے وہ
پاس ميرے تب تو آتا هے جو دل پاتا هے وہ

کیا فردا کا وعدہ سرو قد نے
قیامت کا جو دن سنتے تھے کل ہے

وظیفہ راگنی کے سُر میں زاھد! کفر ہے پڑھہ مت
نہیں تسبیح تیرے ھاتھہ میں یہ راگ مالا ہے

اناالحق بولنے لگتا ہے اس کے زخم کا بسمل
کٹاری آبدار اس شوخ کی' منصور خانی ہے

اس کے رخسار دیکھہ جیتا ہوں
عارضی' میری زندگانی ہے [۱]

پیالہ پیوے ہے سو نھوروں سے   کھولے ہے لب ھزار زوروں سے

ان بتوں کو ھم فقیروں سے کہو کیا کام ہے
یہ تو طالب زر کے ھیں اور یہاں خدا کا نام ہے

تصور سے ترے رخ کے' گئی ہے نیند آنکھوں سے
مقابل جس کے ھو خورشید کیونکر اس کو خواب آوے

---

[۱] مصحفي نے اپنی تذکرے میں لکھا ہے کہ یہ شعر میر عبدالرسول نثار ہے' میں نے ان کي زبان سے سنا ہے - مرتب -

(مخمس)

قضا سے بچ گیا مرنا نہیں تو ٹھانا تھا
کہ میں نشان کے ہاتھی اُپر نشانا تھا
نہ پانی پینے کو پایا وہاں نہ کھانا تھا
ملی تھی دال ' جو شکر تمام چھاڑا تھا
نہ ظرف و مطبخ و دوکاں ' نہ غلۂ بقال [۱]

یکرنگ

مصطفی قلی خاں نام ' خان جہاں لودھی کے نواسے تھے سلسلہ ملازمت شاہی میں وابستہ تھے -

اشعار میں آمد کا رنگ غالب ہے ' تغزل میں گداز موجود ہے ' اکثر اشعار میں سلاست اور صفائی کا آئینہ لگا دیتے ہیں - بعض نے آبرو اور بعض نے آرزو کا شاگرد لکھا ہے بعض مظہر کا شاگرد بتاتے ہیں -

لب شیریں سے تلخ کاموں کو بولنا تلخ ' کام ہے تیرا
ہاتھ اُٹھا جور اور جفا سے تو یہی گویا سلام ہے تیرا

ترک عاشق میں ' ننگ و نام کیا
کام اپنا جو تھا ' تمام کیا

---

[۱] گل رعنا - نکات الشعرا - گلشن ہند - تذکرۂ میر حسن - مخزن نکات -

اس قدر کیا ہے حمایت غیر کی
ہم بھي تو تم سے کبھي تھے آشنا

جب سجن ' گلرخوں سے یار ہوا
خلق کی میں نظر میں خوار ہوا
خلق '' یکرنگ '' کي ہوئي دشمن
جب سے تیرا وہ دوستدار ہوا

سکتا نہیں ہے بات ' کسي کي تو اے سجن
تجھ کو ترا غرور ' نہ جانوں کرے گا کیا

خون دل کا ' مجھے شراب ہوا   جگر سوختہ ' کباب ہوا

مجھے مت بوجھ پیارے اپنا دشمن
کوئي دشمن بھي ہوگا اپني جاں کا

اگر آوے مرے گھر وہ پیارا   کروں اس ماہ کو پتلي کا تارا

مرا دشمن ہوا '' یکرنگ '' وہ شوخ
کیا کیوں عشق میں نے آشکارا

وصل اور ھجر اِس صنم کا مجھ پر یکساں ہو گیا
درد میرا ہی مجھے آخر کو درماں ہو گیا
مجھ کو اِس دل سے توقع تھي مدد کي ' وقت پر
تھر خوباں کا تو وہ "یکرنگ" پیکاں ہو گیا

——

کم نہیں کچھ بوے گل سیتی فغان عندلیب
برگ گل سے ہیگی نازک تر زبان عندلیب

——

میں روز و شب ' وصال سے تیرے ہوں کامیاب
کیونکر کہوں کہ تجھ سے یہ بہتر ہے آفتاب

——

زبانِ شکوہ ہے مہندي کا ہر پات
کہ خوباں نہیں ' لگاے ہیں مجھے ہات
خیال چشم و ابرو کر کے تیرا
کوئي مسجد گیا ' کوئی خرابات
مسخر حسن کے ' شاہ و گدا ہیں
رکھے ہے خوبرو ' ظاہر کرامات

——

یاد آتی ہے تازگئي بہار
دیکھ ' ہر خشک خار کی صورت
سچ کہے جو کوئی سو مارا جاے
راسکی ہیگی دار کي صورت

——

مجھ کو معلوم یوں ہوا گل سے
پھول جاتے ہیں اس سے دولتمند

کیوں ہوے ہو تم ' کہو ! دشمن ہمارے ' اس قدر
دوست کا دشمن کوئي ہوتا ہے پیارے ' اس قدر

ہوا نہ راحت جاں مہرباں حیف
مري محنت گئي سب رائگاں حیف

بظاہر مصلحت ہے یہ جو تم سے
رہا ہے روٹھ دن دو چار " یکرنگ "

محبت کا عجب ' " یکرنگ " ہے رنگ
کبھی عاشق کبھي معشوق ہیں ہم

روٹھتا ہوں اس سبب ہر بار میں
تا گلے تیرے لگوں اے یار میں

برنگ شمع ' دائم تجھ لگن میں
سجن روتے پھرے ہم انجمن میں

کیوں کھینچتے ہو تیغ، ستم مجھ میں دم نہیں
پلکاں نگہہ تمہاری یہ، گھٹتی سے کم نہیں
کہتے ہیں ہم پکار، سنو کان دھر سجن
گر غیر سے ملو گے تو دیکھو گے، ہم نہیں

تجھ زلف کا یہ دل ہے گرفتار بال بال
"یکرنگ" کے سخن میں خلاف ایک مو نہیں

دل مرا لیکے جو دبدھے میں پڑے ہو اس بہانت
کیا سجن ؟ اس کا کوئی جگ میں خریدار نہیں
چاہتا تھا کہ کہے عشق کی باتیں "یکرنگ"
کیا کرے ہائے اسے طاقت گفتار نہیں

ہرگز تم اب کسو کے سخن آشنا نہیں
سب خوبیاں ہیں تم میں ولے اک وفا نہیں

پارسائی اور جوانی کیونکہ ہو
ایک جاگہ آگ پانی کیونکہ ہو

نگہباں چاہئے سرشار کے اپاس
تری آنکھوں سے دل کیونکر جدا ہو

اس پری پیکر کو مت انسان بوجھ
شک میں کیوں پڑتا ہے اے دل! جان بوجھ

برگ حنا اُپر لکھو احوال دل مرا
شاید کبھی تو جا لگے اس دلربا کے ہاتھ

جو کوئی توڑتا ہے غنچۂ گُل	دل کو میرے شکستہ کرتا ہے

نہ کہو یہ، کہ یار جاتا ہے	میرا صبر و قرار جاتا ہے
گر خبر لینی ہو تو لے صیاد	ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہے

لگے ہے جا کے کانوں میں بتوں کے
سخن "یکرنگ" کا گویا گُہر ہے

کیا جانیئے کہ وصل ترا کس کے ہو نصیب
ہم تو ترے فراق میں اے یار مر گئے

اس کو مت بوجھو سجن اوروں کی طرح
"مصطفیٰ خاں" عاشق "یکرنگ" ہے

نہ تو ملنے کے اب قابل رہا ہے
نہ مجھ کو وہ دماغ اور دل رہا ہے

جنس کے درد دل میں کچھ تاثیر ہے
گر جواں بھی ہو تو میرا پیر ہے

رونق اسلام تیرے رو سے ہے
کفر کا رشتہ ترے گیسو سے ہے
بے قراروں کے تئیں آرام دل
اے مرے پیارے ترے پہلو سے ہے

جدائی سے تری ' اے صندلی رنگ
مجھے یہ زندگانی درد سر ہے

یکرنگ " پاس کیا ہے سخن اور کچھ بساط
رکھتا ہے دو نین جو کہو تو نظر کرے

ہوا معلوم یہ غنچے سے ہم کو
جو کوئی زر دار ہے سو سنگدل ہے

(مرثیہ)

زخمی برنگ گل ہیں ' شہیدانِ کربلا
گلزار کی طرح ہے ' بیابانِ کربلا
اندھیر ہے جہاں میں کہ اب شامیوں کے ہاتھ
ہے سربریدہ ' شمع شبستانِ کربلا [۱]

کلیم

محمد حسین نام ' دہلی کے رہنے والے تھے میر تقی سے قرابت تھی - نظم اور نثر دونوں پر قدرت تھی -

شاعری کے علاوہ اپنی فضل و کمال علمی میں بھی مشہور تھے ' اشعار اگرچہ صاف اور سلیس نہیں لیکن مضمون کے اعتبار سے بہت بلند ہیں -

بیدل کی طرز کے پیرو تھے -

فصوص الحکم کا ترجمہ اُردو میں کیا تھا عروض و قافیہ میں ایک رسالہ اُردو میں لکھا - ایک کتاب نثر رنگیں میں بھی لکھی ہے -

ہر تار پیچ زلف کا ' عالم کی جان ہے
گویا یہ اژدہا تھا کہ سب کو نگل گیا

---

[۱] مخزن نکات - نکات الشعرا - چمنستان شعرا - گلشن ہند -

نہ کچھ برا ہوا پرویز کا نہ شیریں کا
ترے ہی سر پر اے فرہاد جو ہوا سو ہوا

نشاں مجھ دل کا مت پوچھو، یہ مجنوں
کہیں اُس طرف ویرانے کے ہو گا

نقاب اپنے رخ کا جو تو باز کرتا
تو گُل اپنی خوبی پہ کیا ناز کرتا

تجھے برق خار سے کام کیا جو حیا ہے، حق کو تلف نہ کر
یہ ازل کے دن سے نصیب ہے کف پائے آبلہ‌دار کا

لگا جب غیرسیتی، ہم طبق ہونے وہ مہمان کش
وہ اپنا ہاتھ دھوتا تھا میں اپنا ہاتھ ملتا تھا

کیا ہوا زلف سے گرہ کھولی   میرے سر کا تو یہ گرہ نہ گیا

وہی اک ہے جو اِن دونوں گھروں میں خلق ڈھونڈھے ہے
پس اے زاہد اگر مسجد سے بت‌خانہ ہوا تو کیا

زبانِ موج سے ' یوں بحر کہتا تھا حبابوں سے
'' کہ اپنا سر ہی کھاتا ہے جہاں میں جن نے سر کھینچا ''

اے شمع تیری باری ہے شب کو ' کہ شام تک
اپنے دنوں کو ' جتنا میں رونا تھا رو چکا

وہ نازک تن لطافت سے کسی کو نہیں نظر آتا
مقرر ایک جا تو ہے نہ کیا جانے کہاں ہوگا

گو روضۂ رضواں کو میں اک ان میں دیکھا
جب گل کی طرح جھانک گریبان میں دیکھا

لگتی ہے اب تو قلقل مینا سے دل کو ٹھیس
وے دن گئے '' کلیم '' کہ یہ شیشہ سنگ تھا

قبر میں بھی لئے ہمراہ گیا اپنے '' کلیم ''
آہ کیوں درد دل اپنا نہ کسی کو سونپا

عمر رفتہ کا نہ پایا کھوج ہرگز اے '' کلیم ''
آپ کو جوں شمع ' میں ہر انجمن میں گم کیا

کس پریشاں نے قدم رکھا ہے پیچ و تاب سے
جادۂ آتا ہے نظر جوں زلف کج ' برہم ہوا

پاسِ ناموسِ محبت ہے مجھے اُن سے " کلیم "
باغ میں جاؤں نہ ہرگز بےرضائے عندلیب

رکھتا ہے زلف یار کا کوچہ ہزار پیچ
اے دل سمجھ کے جائیو ہے راہ مار پیچ

زلف کو خواب میں دیکھا تھا جلوں سے شب کو
صبح بیدار ہوا پائی گلے میں زنجیر

ہو گیا حشر ' گئی دوزخ و جنت کو خلق
رہ گیا میں ترے کوچے میں گرفتار ہنوز

تو یار مل کے ہم سے ' جب ایک ہو گیا ہو
کس کو بعید مانیں کس کو کہیں قریں ہم
تم ہو تو ہم کہاں ہیں ' ہم ہیں تو تم کہاں ہو
یا تم ہی سب ہو ہم میں ' یا سب کے سب ہمیں ہم

تری جناب میں آیا ہوں اے الہ نہ پوچھ
یہی کہ بخش دے اور مجھ سے کچھ گناہ نہ پوچھ

اب ہم شمردگی سے مجھے کاروبار ہے
ہردم مرے حساب میں روز شمار ہے

سو زخم کھا چکا ہے دل' اس پر جگر جلا
کہتا ہے زخم' مجھ کو ہے اک آرزو ہنوز

ہم ہوگئے ہیں ضعف سے جوں بومیان باغ
پھرتا ہے رنگ گل' کہ ہمارا کرے سراغ

پوچھ مت غم کی داستاں اے دل
گر پڑا' ٹوٹ آسماں اے دل

طریق عشق میں مجنوں و کوہکن کو نہ کہہ
ہزاروں ہوگئے غارت' سو ایک دو معلوم

پیری کی بھی سیر کر گئے ہم
اس پل سے بھی بس گزر گئے ہم
واں غصہ ہوئے رقیب پر تم
یاں مارے ادب کے مر گئے ہم

درازی شب ہجراں و زلف یار "کلیم"
نہ مجھ سے پوچھ کہ کاٹی ہے رات آنکھوں میں

مانند سرو ہوں کہ نہ گل ہے نہ بر مجھے
بیکار باغ ہوں نہ سزاوار باغ ہوں

نے اور طنبور میں ' یہ سوز تو معلوم ہے مطرب !
کسی کا دل ہوا ہے شاید اس پردہ میں آ نالاں

غرور حسن ممکن کیا ؟ کسی کی داد کو پہونچے
غرض تم سن چکے احوال ' ہم فریاد کو پہونچے

تجھے میں آنکھوں میں کیونکر رکھوں کہ ہے برسات
پھر ایسا گھر ' کہ یہ خانہ خراب ٹپکے ہے

اس کے ابرو کی اگر تصویر کھینچنا چاہئے
اول اپنے قتل پر شمشیر کھینچنا چاہئے

(رباعی)

دنیا کے ہاتھ سے جو دل ریش ہیں ہم
اس واسطے یاں عاقبت اندیش ہیں ہم

دنیا داری و نوکری ' محنت و کسب

جب کچھ نہ بنا ' کہا کہ درویش ہیں ہم [۱]

واقف

(شاہ) واقف نام ' دھلی کے رھنے والے تھے بلند پایہ درویش تھے - منطق ' معانی و بیان ' رمل وغیرہ کے ماھر تھے -

اشعار میں روانی اور درد دونوں ھیں یہ دونوں صفتیں مشکل سے جمع ھوتی ھیں [۲] -

خیال وعدہ ترا بسکہ شب نظر میں رھا

تمام رات مرا جی صدائے در میں رھا

جلایا مجھ کو مرے ضبط آہ نے جوں شمع

اٹھا جو شعلہ جگر سے تو پھر جگر میں رھا

کبھی ایسا بھی اے خدا ھوگا وہ صنم ھم سے آشنا ھوگا

روز و شب مجھکو ھے یہی دھڑکا نہ ملوگے ملوگے کیسا ھوگا

یہ دل پھر آہ مژگان بتاں سے بے طرح اٹکا

مجھے جس خار کا ڈر تھا سو پہلو میں مرے کھٹکا

---

[۱] نکات الشعرا - مخزن نکات - تذکرہ میر حسن - سخن شعرا -

[۲] میر حسن کے سوا اور مشہور تذکرہ نویسوں نے ان کو معلوم نہیں کیوں نظر انداز کر دیا ھے - مرتب -

کروں میں شکوہ اگر تیری بے وفائي کا
جہاں میں نام نہ لے کوئي، آشنائی کا
ابھی حواس بھي ثابت مجھے نہیں آئے
خدا کے واسطے مت نام لے جدائي کا

نہ قاصد ہی پہونچ سکتا ہے اب واں، نہ کام اپنا
الهي مضطرب ہوں کس طرح بھیجوں پیام اپنا
بہت موقوف شکوے وصل پر تھے اس جفا جو کے
کیا سو اک نگہ نے اس کی، قِصّہ ہی تمام اپنا

دام سے زلف کے، پھر دل کو چھڑایا نہ گیا
سر سے اس بخت سیہ کا مرے، سایا نہ گیا
اچپلاہٹ اسے کہتے ہیں کہ شوخی سے وہ شوخ
میري آنکھوں کي تصور میں سمایا نہ گیا

دیار عشق میں تک دیکھ تو کیا ہے ستم "واقف"
کریں ہیں مُتّہم اس سے، نہیں ہیں جس سے ہم واقف

تیری نگہہ لطف سے وابستہ ہیں یاں ہم
جوں عکس ذرا پھرنے میں رو، کے کہاں ہم
کہہ اٹھتے، کبھی بیٹھتے نسا طالکھوں سے
جوں سایہ جہاں تو گیا اے دوست وہاں ہم

ان رتبوں سے گئے گزرے ہیں کیا اے یار ہم
وہ شریک بزم ہوویں اور نہ پاویں بار ہم

خون آنکھوں سے ہم جو روئے ہیں
تیری مژگاں کے کانٹے بوئے ہیں
جو، صنم تجھ سے دل لگاتے ہیں
سو وہ ہم سے، خدا کے کھوئے ہیں

پیار کی باتوں سوا، ہم بھی تو رہ سکتے نہیں
دل میں آتا ہے کہ کچھ کہئے، پہ کہہ سکتے نہیں

مژگاں تری اِدھر ہے کدھر پھر کے رو کریں
اب کس کے دل میں دیکھئے ناحق فرو کریں
ہرچند وہ جمال ہے آنکھوں کے سامنے
لیکن کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

کبھی کبھی جو کرم کی نگاہ کرتے ہو
فرشتہ جان مري ا دل میں راہ کرتے ہو
ہمارا تھوڑے دنوں میں یہ حال پہونچایا
بھلا رقیب سے کیوں کر نباہ کرتے ہو
یہ کون ڈھب ہے کہ '' واقف '' سے میں نہیں واقف
وہي نہ جس پہ کرم کی نگاہ کرتے ہو

هر آن هم سے کیوں ہے عبث بدگمان تو
اپنا سا اور کو نہ سمجھ میری جان تو
اک روز کی جدائی میں مرتے ہیں یا نہیں
یکبار بھی یہ کرلے مرا امتحان تو
کیا کیا کہا تھا ' کیونکہ لیا تھا ہمارا نام
قاصد خدا کے واسطے پھر کر بیان تو

صبا کہیو چمن کے عندلیبانِ غزلخواں کو
کرو تم چہچہے ہم دام میں ہو جائیں زنداں کو
ڈھلا دن آج کا بھی اور نہ آیا تو تو پھر ہم نے
چراغ آہ سے روشن کیا شام غریباں کو

جنّت و سایہ طوبےٰ نہیں درکار مجھے
بس ہے اے یار ترا سایۂ دیوار مجھے
ہوس سیر چمن ! لے تو چلی ہے یاں سے
پر کسی دام میں مت کیجو گرفتار مجھے

خوبرو ہوکے باوفا ہووے میں نہ مانوں ' اگر خدا ہووے

جب کہ یاد آتا ہے گلشن میں مرا گلرو مجھے
خضر راہ بے خودی ہوتی ہے گل کی بو مجھے

وداع یار سے دل پر ملال ہے سو ہے
زباں سے گو نہ کہا جی کا حال ہے سو ہے

نہ پوچھ حسن سلوک آہ مجھ سے اُس بت کا
وہی ستم وہی ایذا کی چال ہے سو ہے

تم تو شب، وعدہ پر اپنے گھر سے چل کر رہ گئے
صبح ہوتے ہوتے ہم جوں شمع جل کر رہ گئے

آن ملنے ملنے کا اُس کے یاد آتا ہے سماں
اک قدم رکھا تو دس جاگہ مچل کر رہ گئے

جب تک وہ مقابل بت مغرور نہ ہووے
بیتابی دل کوئی طرح دور نہ ہووے
سرگوشی سے جو سامنے کرتا ہے مرے، بات
ڈرتا ہوں اُسی کا کہیں مذکور نہ ہووے

درد جو بے اختیار، ہم سے ہم آغوش ہے
یاد ہے '' واقف '' تو آج کس کی فراموش ہے

غیر کی جا ، تو اگر ہم سے بھی اے یار ملے
عکس سے اپنے بھی ، پھر آنکھ نہ زنہار ملے
سب سے ملتے تو ہو ظاہر میں ، پہ دھڑکا ہے مجھے
کہیں مجھ سا نہ کوئی اور گرفتار ملے

صد نالۂ جانکاہ گرہ در تہ لب ہے
کیا جانئے کیا آج مرے دل پہ تعب ہے
غرہ نہ ہو ، قرب کرم یار پہ "واقف"
اِس ابر کے دامن میں نہاں برق غضب ہے

ہجر جانکاہ کس طرح گزرے
یار بن آہ کس طرح گزرے
تو کہیں ، میں کہیں ، بھلا اوقات
اپنی دل خواہ کس طرح گزرے

صبح پر ، وصل یار کی ٹھہری
آہ پھر انتظار کی ٹھہری
کیا طرح اُس گلی میں ، کہہ تو صبا
میرے مُشت غبار کی ٹھہری
مت بکو اُس سے بس کر اے "واقف"
اب تو دار و مدار کی ٹھہری

روز خزاں، چمن میں جو دیکھا هزار کے
اک مشت پر، پڑے تھے تلے شاخسار کے
آوارہ هوکے دل سے شکیب و قرار و صبر
یارب کہاں بسیں گے یہ اُجڑے دیار کے
یارانِ همنشین و رفیقانِ دوستدار
سب آشنا هیں زندگیِ مستعار کے
جب مُند گئی یہ آنکھ، تو اے دوست بعد مرگ
پھٹکے ھے پاس کون کسی کے مزار کے

صبا گلشن میں جاوے گی تو یہ کہہ دیجیو گل سے
تجھے اے بے وفا کیا فائدہ ھے خونِ بلبل سے
شکیب و طاقت و صبر و توان و دین و دل اپنے
سبھی آوارہ هو کر اُٹھ گئے تیرے تغافل سے

کہوں کیا اُس کے وعدے کی حقیقت پوچھتے کیا هو
وهی شام و سحر ھے اور وهی امروز فردا ھے

توقع زندگی کی دوستاں رکھئے کا کم، هم سے
کہ جوں نقش قدم چھٹتا نہیں کوئی صنم هم سے
ھے جس کی خرمی سے زندگانی اپنی وابستہ
خفا رهتا ھے وہ ساعت بساعت دمبدم هم سے

نہ پوچھو فتنہ برپائی کو میرے سرو قامت کی
اُٹھا مجلس سے وہ اور اہل مجلس پر قیامت کی

جگر میں آہ ہے آنکھوں میں نم ہے
خدا جانے یہ کس کا تازہ غم ہے

جو صنم خاطر نہ رکھے عاشق رنجور کی
ایسے ملنے سے بھلی صاحب سلامت دور کی

حاتم

ظہورالدین نام ' دھلي میں سکونت تھي - پہلے اپنا تخلص رمز کیا اس کے بعد حاتم ' ان کادیوان بہت ضخیم تھا جس میں تمام اصناف شاعری شامل تھی ' آخر میں اپنے تمام کلام کا انتخاب کرکے اس کا نام دیوان زادہ رکھا - ان کا کلام سوز و گداز کا آتش خانہ ہے ' غزل میں خاص رنگ ہے ' آمد کی روانی موجزن ہے بعض اشعار کا ایک ایک لفظ چٹکی بھی ہے اور نشتر بھي -

ان کے اشعار غزل ' اخلاقیات ' پند و نصائح ' خمریات کے رندی سے مملو ہیں لیکن سب کا ایک رنگ ہے - "سودا" ان کے شاگردوں میں شاعری کے رکن اعظم گزرے ہیں - سنہ ۱۱۱۱ھ میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۲۰۷ھ میں وفات پائي -

شام کو کرتا ہے عزم قتل اور بخشے ہے صبح
کاشکے ایسے دورنگے سے نہ ہوتا آشنا
گرم ہو ملنا ہے سب اہل جہاں کا بے ثبات
آشنا چاہے تو ہو "حاتم" خدا کا آشنا

ہر گل اُس باغ کا نظروں میں دماں ہے گویا
صورت غنچہ جو دیکھو تو زباں ہے گویا
"حاتم" اب اس کے سبھی منہ کی طرف دیکھیں ہیں
شیشہ مجلس میں یہاں پیر مغاں ہے گویا

صفا کر دل کے آئینہ کو "حاتم"
کیا چاہے اگر اُس کا نظارا

شانہ نہ کیجو زلف کو زنہار دیکھنا
بہتوں کے دل ہیں اس میں گرفتار دیکھنا
دیکھا تھا دور سے میں اُسے چھپ کے ' ایک روز
نظروں میں پا گیا وہ ستمگار دیکھنا

نہ بلبل میں نہ پروانے میں دیکھا
جو سودا اپنے دیوانے میں دیکھا
کسی ہندو مسلماں نے خدا کو
نہ کعبے میں نہ بت خانے میں دیکھا

اس تیغ نگہ سے ہو مقابل
ایسا کوئی بے جگر نہ دیکھا

رات ہم خواب میں اُس زلف کو پیچاں دیکھا
صبحدم حال دل اپنے کا پریشاں دیکھا
شور اُس حسن کا یک چند تو ہم سنتے تھے
چشم‌بددور اب آنکھوں سے دوچنداں دیکھا
میرے اشکوں نے دیا آج دو عالم کو بہا
نہ کبھو ہم نے سنا تھا نہ یہ طوفاں دیکھا
کعبہ و دیر میں ''حاتم'' بخدا غیر خدا
کوئی کافر نہ کوئی ہم نے مسلماں دیکھا

تو زاہدوں کی طرح بیٹھ گھر میں مت ''حاتم''
نکل کے قید سے تک دید کر خدائی کا

ہمارے حوصلے سے دور ہے محبوب کا شکوہ
جو کچھ گذری سو گذری کیا بیان کیجئے مصیبت کا
کہاں ہیں معصیت نامے تمہارے اے گنہگارو
کہ پھر شست و شو ہے منتظر باران، رحمت کا

قفس میں پھینک ہم کو، پھر وہیں صیاد جاتا ہے
خدا حافظ ہے گلشن میں، ہمارے ہم صفیروں کا

ریختہ میں ہند کی طوطي کا " حاتم '' ہے غلام
فارسی میں خوشہ چیں ہے بلبل تبریز کا

خمارآلودہ ہوں ساقی تنک ظرفی نہ کر ظالم
میں تیرے ہاتھ سے مشتاق ہوں جام لبالب کا

اے باد مت اُڑا تو گریباں کی دھجیاں
لے ہے جنوں' حساب یہاں تار تار کا

نہیں معلوم میرے کام کا انجام کیا ہوگا
یہي ہے فکر ہر دن صبح کیا اور شام کیا ہوگا
خبر قاصد کے آنے کی سنے سے جي دھڑکتا ہے
خدا جانے کہ اُس بے مہر کا پیغام کیا ہوگا

" حاتم '' دیا ہے شیخ نے اب دل صنم کے ہاتھ
دیوانہ میں تو تھا یہ سیانے نے کیا کیا

دیکھو شعور اس دل خانہ خراب کا
عاشق ہوا ہے کس بت مست شراب کا
'' حاتم '' تعینات کا گر وہم دور ہو
اُٹھ جائے درمیان سے پردہ حجاب کا

ہمارا جان گیا ہم نے آہ بھی نہ کیا
یہ کیا غضب ہے کہ تم نے نگاہ بھی نہ کیا
میں اپنے دل کو بڑا کارداں سمجھتا تھا
پر ایک کام مرا سر براہ بھی نہ کیا

امتداد اس مرے آزار کا ، مت پوچھ طبیب
روز میثاق تلک زار ہوں ، کن کا ؟ اِن کا
ہے بجا فخر کروں اپنے اگر طالع پر
کفش برداروں کا سردار ہوں ، کن کا ؟ اِن کا

ہماری سیر کو گلشن سے کوئے یار بہتر تھا
صفیر بلبلاں سے نالہ‌ہائے زار بہتر تھا
کبھو بیمار سنکر وہ عیادت کو تو آتا تھا
ہمیں اپنے بھلے ہونے سے وہ آزار بہتر تھا

ہمارا دل اگر شیدا نہ ہوتا
تو ایسا عشق کا چرچا نہ ہوتا
برا ہوتا جو ہوتا عشق معدوم
بھلا ہوتا جو میں پیدا نہ ہوتا
نہ چاہا چاہ " حاتم " ! آفریں ہے
خدا جانے کہ ہوتا یا نہ ہوتا

میرے بغل میں رات وہ مست شراب تھا
حسرت کی آگ میں دل دشمن کباب تھا
وقت سحر چمن میں وہ گل بے نقاب تھا
ہر ذرہ اس کی تاب سے جوں آفتاب تھا
ہر حال اپنے حال کے تئیں بوجھ مغتنم
آیندہ ہے خیال جو گذرا سو خواب تھا
نامے کو میرے دیکھ کے خاموش ہو رہا
قاصد کے تئیں جواب نہ دینا جواب تھا
فانی ہوا جو بحر میں، خود بحر ہوگیا
وہم حباب، پردۂ چشم حباب تھا
مجلس میں رات گریۂ مستاں تھا تجھ بغیر
ساغر بھرا شراب کا چشم پر آب تھا

نامہ بر دل کی تسلی کے لئے بھیجوں ہوں
ورنہ احوال مرا قابل مکتوب نہ تھا
طاقت اب طاق ہوئی صبر و شکیبائی کی
کب تلک صبر کرے دل مرا ایوب نہ تھا

کچھ حسن کی ہوتی نہ یہاں قدر نہ قیمت
جو عشق کبھو اس کا خریدار نہ ہوتا

میں اپنے دست پر، شب خواب میں دیکھا کہ اخگر تھا
سحر کو کھل گئی جب آنکھ، میرا ہاتھ دل پر تھا

چلا جاتا تھا " حاتم " آج کچھ واھي تباھي سا
جو دیکھا ھاتھ میں اس کے ترے شکوے کا دفتر تھا

مستوں میں جو شیخ آ پھنسا تھا
میخانے میں طرفہ ماجرا تھا
مدت سے خبر نہیں کچھ اس کي
اک دل بھي ھمارا آشنا تھا

درد ھجراں کو ترے وصل نے درماں بخشا
للہ الحمد کہ محتاج طبیباں نہ ھوا

یک عمر بعد گھر مرے آیا وہ ناز سے
یعنی گذار اس کا قضاکار ھو گیا
آنے کي ماندگي سے اُسے نیند آگئی
گھر اپنا جان خواب میں دلدار ھو گیا
میں تب ادب سے اُس کے لگا پانوں دابنے
سوئے مرے نصیب وہ بیدار ھو گیا
" حاتم " عجب ھے رسم یہ اقلیم عشق میں
پاؤں کو ھاتھ لگتے گنھگار ھو گیا

ایک نے پائي نہ اب تک نبض کي رفتار حیف
درد میرا تختۂ مشق طبیباں ھو گیا

مسجد میں آج وعظ کا ہنگامہ گرم تھا
میرے قدم سے بزم حریفانہ ہو گیا
" حاتم " کا دل تھا شیشے کے مانند بزم میں
ساقی کے فیض دست سے پیمانہ ہو گیا

وصف کہنے میں ترے حسن کے شرمندہ ہوں
اس کے قابل نہ زباں ہے نہ دہاں ہے اپنا

میرے رونے سے ناصح تو جو ناخوش ہے تو کیا باعث
دل اپنا ، دامن اپنا ، دیدۂ اشک رواں اپنا

کیا تھا دن کا وعدہ رات کو آیا تو کیا شکوہ
اسے بھولا نہیں کہتے جو بھولا گھر کو شام آیا
جواں مارا گیا " حاتم " بقول میرزا مظہر
برا تھا یا بھلا تھا الغرض جیسا تھا کام آیا

کہو تو کس طرح آوے وہاں نیند
جہاں خورشید رو ہو آکے ہمخواب
ہمیں بہتر ہے سونا جاگنے سے
بھلاتا ہے ہمارا درد و غم خواب

کہاں جاتا ہے ہمیں چھوڑ کے اے رونق بزم ؟
تیرے اُٹھ جانے سے ہو جائےگا کاشانہ خراب

دل صد چاک مرا راہ یہاں کب اپاوے
کوچۂ زلف میں پھرتا ہے ترے ' شانہ خراب

ساقی کے تئیں بلاؤ ' اُٹھاؤ طبیب کو
مستوں کے ہے مرض کی جہاں میں دوا ' شراب

طالبِ باراں نہیں " حاتم ' ہماری کشتِ عشق
اپنی چشموں سے وہاں ہم مینھ برساتے ہیں آپ

شہر میں پھرتا ہے وہ میخوار مست
کیوں نہ ہو ہر کوچہ و بازار مست

میکشو " حاتم " کو متوالا کہو
ایسا ہم دیکھا نہیں ہشیار مست

عشق میں پاس جاں نہیں ہے درست
اس سخن میں گماں نہیں ہے درست

دے کے دل اس کے ہاتھ اپنے ہاتھ
ہم نے سودا کیا ہے دست بدست

آج اُس بن ہوں بے قرار محبت ہاتھ سے دوں ہوں اختیار محبت

تعویذ کرکے تجھ کو' گلے سے لگا رکھوں
دل چاھتا ہے اس کا بتا دلربا علاج

کوئي بتلاتا نہیں عالم میں اس کے گھر کي راہ
مارتا پھرتا ھوں اپنے سر کو دیواروں سے آج

ایک دن ھاتھ لگایا تھا ترے دامن کو
اب تلک سر ہے خجالت سے گریبان کے بیچ

نقد دل کھویا ہے ھم نے جان کر اس راہ میں
في الحقیقت عاشقوں کو سود ہے نقصان کے بیچ

غنچے کہیں ھیں' سر کو جھکا کر چمن کے بیچ
یعني نہیں ہے جائے سخن اس دھن کے بیچ
اِس دُھن پہ ھم کیا ہے گریباں کو تار تار
شاید لگے کوئي بھی ترے پیرھن کے بیچ

دل تو کوچے کي ھوا سے تری ایسا پھولا
کہ سماتا ھي نہیں ارض و سماوات کے بیچ

باغباں مجھ سے مقابل نہ ہو گل‌چینی میں
جائے گل ' لخت جگر ہیں مرے داماں کے بیچ

یار نکلا ہے آفتاب کی طرح
کون سی اب رہی ہے خواب کی طرح

ہر قدم عمر چلی جائے ہے ایسی "حاتم"
جیسے جاتی ہے اُڑی ریگ بیاباں برباد

اسی کو خلق کہے ہے جہاں میں طالع مند
کرے جو دست گدا کی طرف کو دست بلند
ہوا جو رزق مقدر سو ہو نہ بیش ' نہ کم
تلاش و فکر و تردد کیا کرو ہر چند

عمر گذری ' کہ ہے کھلی "حاتم"
چشم دل انتظار کی خاطر

غطر کو مل کے نہ آؤ ہم پاس ذبح کرتی ہے یہ بو بندہ نواز
واجب‌القتل تمہارا میں ہوں اور کا ناؤں نہ لو بندہ نواز
دل سے "حاتم" بخدا بندہ ہے دور خدمت سے ہے گو ' بندہ نواز

بندے کو شاہ کرو' بندہ نواز ورنہ آزاد کرو' بندے کو

مسجد میں سر پٹکتا ہے تو جس کے واسطے
سو تو یہاں ہے دیکھ ادھر آ خدا شناس
پکڑا نہ جائے ان کے گناہوں میں تو کہیں
جائے ہے میکشوں کے پرے جا خدا شناس
" حاتم " پھروں ہوں ڈھونڈھتا عالم میں کوبکو
آوے کہیں کوئی بھی نظر ناخدا شناس

کھا ہے جب سے نکل کر تو میرے ہاتھوں سے
ملوں ہوں تب سے میں حسرت زدہ' کف افسوس

پھڑکوں تو سر پھٹے ہے' نہ پھڑکوں تو جی گھٹے
تنگ اس قدر دیا مجھے صیاد نے قفس
" حاتم " جہاں کو جان کے فانی خدا کو چاہ
اللہ بس ہے اور یہ باقی ہے سب ہوس

عمر میں باقی نہیں اور ہجر کو پایاں نہیں
" حاتم " اتنی زیست پر عاشق ہوا ہوتا نہ کاش

حاتم " اس بے وفا کا نام نہ لے ایسے نا آشنا سے کیا اخلاص

عاشقي کے فن میں هیں اُستاد هم
لے گئے فرهاد و مجنوں هم سے فیض

پایا نہ همنے آکے کہیں زندگي کا حظ
گویا کہ اِس جہاں میں نہیں زندگی کا حظ

عالم هے کامیاب ترے باب فیض سے
ایسا کیا هے حق نے تیرا آستاں وسیع

جب وہ دیکھے هے میری جاں کي طرف
دیکھتا هوں میں آسماں کي طرف
بلبلو ! چہچہے مبارک هوں
وہ گل آتا هے گلستاں کي طرف

دشت وحشت میں مرا دست جنوں اور خار عشق
یہ هے داماں کا حریف اور وہ گریباں کا حریف
دیکھتے هي رنگ تیرا اُڑ گیا هے گل کا رنگ
کیوں هوا تو اس قدر ظالم گلستاں کا حریف

حرم کو چھوڑ کے اس دم طواف دل کا کروں
جس آن آ کے مرے دل میں جا کرے معشوق

اسے زنجیر کي حاجت نہیں ہے　ہے پابندجنوں دیوانۂ عشق

قیامت پر قیامت ہوئےگی روز جزا ظالم
اُٹھیں گے داد تجھ سے مانگتے ' جب صف بہ صف عاشق

جانے نہ دونگا ہاتھ سے اُس کو کسي طرح
مقدور میرا ہوئے گا "حاتم" جہاں تلک

کر چکے شرط بندگي ' ہم سے ہوئی جہاں تلک
دل تو کباب ہو گیا حق نمک کہاں تلک

سالہا گذرے پر اب تک سر پٹکتے ہیں پڑے
تیرے ماروں کو نہیں آرام یکدم زیر خاک

کیونکر ہو میکشوں کے تئیں اِس ہوا میں صبر
کیا ابر ہے ' نظر تو کرو آسماں کا رنگ
"حاتم" کسو میں گرمئی صحبت نہیں رہی
دل دیکھ دیکھ سرد ہوا ہے جہاں کا رنگ

اے حسن کے گلزار و بہارِ چمنِ دل
گلشن ترے آنے سے ہوا انجمنِ دل

آئے تھے ہم اس باغ میں مانند غنچہ ' سر بہ جیب
اور چلے جاتے ہیں اب جوں گل گریباں خاک ہم
رحم تیرا ظلم ہے ' حق میں ہمارے اے اجل
دیر کیا کرتی ہے کیا جی کر کرینگے خاک ہم

جب آپ سے ہی ' گذر گئے ہم | پھر کس سے کہیں کدھر گئے ہم ؟
کیا کعبہ و دیر و کیا خرابات | تو ہی تھا غرض جدھر گئے ہم
آئے تھے مثال شعلہ سر گرم | جاتے ہوئے جوں شرر ' گئے ہم
کچھ اپنے تئیں کیا نہ معلوم | کیا آپ سے بے خبر گئے ہم
اس درجہ ہوئے خراب الفت | جی سے اپنے اُتر گئے ہم
فیض اس لب عیسوی کا " حاتم " | بالعکس ہوا کہ مر گئے ہم

کس جگہہ لے جائیں تیری ظلم کی فریاد ہم
تجھ سے ہی تیرے ستم کی چاہتے ہیں داد ہم
بحر و بر میں ہے ' ہماری شہرت دیوانگی
عاشقی کے کام میں مجنوں کے ہیں استاد ہم
سوکھ کر کانٹا ہوئے پنجرے میں ' تب چھوڑے ہے تو
کہہ ! کہاں لے جائیں اب یہ مشت پر صیاد ہم
دیکھ لے سارے گنہگاروں میں جی دینے کو آج
سر سے حاضر ہیں تری خدمت میں اے جلاد ہم

لبریز جب سے عشق کے ساغر ' پئے ہیں ہم
کرتے نہ تھے جو کام ' وہی سب کئے ہیں ہم

فانوس تن کے بیچ ہیں روشن، مثال شمع
جو داغ دل پہ عشق میں تیرے دئے ہیں ہم
شمشیر عشق کے جو تھے " حاتم " کے دل میں داغ
سوزن پلک کی تار نگہ سے سئے ہیں ہم

—

اس ابر اس ہوا میں ' یوں آوتا ہے دل پر
پی پی شراب ' ہوویں بے اختیار ہم تم
" حاتم " کا اس گھڑی سے دشمن ہوا ہے حاکم
جس روز سے ہوئے ہیں اے یار! یار ہم تم

—

اڑے ہے تو جو ایسی آسماں پر ' ہر سحر شبنم
تجھے خورشید کے دیکھے سے ' کیا لگتے ہیں پر ؟ شبنم !

—

خدا بغیر نہیں ' دل کو اب توقع غیر
کسو سے کام نہیں مجھ کو ' کام سے کیا کام
مثال گنگ ہوں خاموش ' مجھ سے مت بولو
جو بے زبان ہو اس کو کلام سے کیا کام

—

کسو کو قید کرے ہے کسو کو باندھے ہے
اسے ہے اپنے عمل بیچ بندوبست سے کام

—

مدت ہوئی ، پلک سے پلک آشنا ہوئے
کہا اس سے اب زیادہ کرے انتظار چشم
ظالم خدا کے واسطے " حاتم " کو منہ دکھا
مدت سے دیکھنے کی ہیں امیدوار چشم

قطعہ

ایک دن " حاتم " میں جاتا تھا بیاباں کی طرف
ناگہاں اک گور اوپر جا پڑا میرا قدم
خاک سے اُس شخص کی آواز آئی کان میں
یعنی وہ یہ بیت پڑھتا تھا ، بصد سوز و الم
" از فریب باغباں غافل مشو اے عندلیب
پیش ازیں من هم دریں باغ ، آشیانے داشتم "

اس درجہ دلبروں سے گئی رسم دلبری
دل ہاتھ پر لئے ہوں ، کوئی دلستاں نہیں

میں کس امید پر "حاتم" بناؤں گھر کو یہاں
جہاں میں عمر کی بنیاد پائدار نہیں

ایک ہم ہیں کہ ترے ظلم و جفا سے خوش ہیں
ورنہ تجھ سے کوئی بیزار کہاں ہے ، کہ نہیں

چلو شراب پئیں بیٹھ کر کنارے آج
کہ ہووے رشک سے ماھی کباب، دریا میں

جدا ہوتا نہیں یک آن، صدقے اُس کی الفت کے
نہ دیکھا درد سا ہم نے کوئی غمخوار دنیا میں

قطعہ

ایک دن گذرا میں گورستان میں
دیکھکر مردوں کو آیا دھیان میں
یہ وھي سب ھیں کہ جن کہ واسطے
حق نے سب پیدا کیا اک آن میں
کس طرح یہ جامہ زیبان جہاں
یوں پڑے ھیں خاک کے دامان میں
کون اس میں نیک ھے اور کون بد
کون خوش ھے کون ھے زندان میں
تھا اسي غم‌میں کہ ناگہ پیر غیب
کہہ گیا آھستہ میرے کان میں
رحمت حق سے نہیں کوئي ناامید
دیکھہ لے ''لاتقنطو'' قرآن میں
سنتے ھی دل‌کو تسلی ھوگئی
پھر کے آئی جان میري جان، میں

بسکہ میں تشنۂ شہادت ہوں   دل کو اپنے شہید کرتا ہوں

میکدے میں صاحب جام و شراب و شیشہ ہوں
محتسب! دونوں جہاں کے غم سے بے اندیشہ ہوں

تجھے تو اپنی عبادت پر ہے نظر لیکن
میں اس کے فضل کے اوپر نگاہ کرتا ہوں

افسوس کہ آپ مجھ کو اب تک   معلوم نہیں کیا کہ کیا ہوں

جنوں جب سے ہوا ہے آشنا اے ناصح مشفق
خرد کیساتھ اک مدت ہوئی دست و گریباں ہوں

قیامت تک جدا ہووے نہ یارب   جنوں کے دست سے میرا گریباں

منھ سے تک دور کر نقاب کے تئیں
لے غلامی میں آفتاب کے تئیں

گالیوں میں فریب پرور ہے   میرے بد و ضع بدزباں کی زباں

آرزو ہے ' مجھے صیاد اگر دے رخصت
ایک پرواز کروں تاسر دیوار چمن
عندلیبو! تمھیں گلگشت مبارک ہو وے
ہم سے اب دشت نوردوں کو کہاں بار چمن

ہاتھ سے ' دشت جنوں! میں ترے ' عاجز آیا
خار پانوں سے نکالوں میں کہ خار دامن
کس طرح چاک کروں آہ ' کہ ہے پاس ادب
ہے گریباں میں نشانی تری ' تار دامن

چڑھایا آسماں پر ہم کو ' آخر خاکساری نے
بگولے کی طرح گو خانماں برباد رکھتے ہیں

بجز صبح قیامت ' رات اُس زلفوں کے عاشق پر
نہیں کوتاہ ہونے کی ' درازی اِس کو کہتے ہیں
اُٹھاکر خاک سے '' حاتم '' چڑھایا آسماں اُوپر
مرے اللہ کی ' بندہ نوازی اس کو کہتے ہیں

لطف اس کا ' ستم سمجھتے ہیں
ایسی باتوں کو ' ہم سمجھتے
جس کو ہستی کہے ہیں اہل جہاں
ہم تو اس کو عدم سمجھتے ہیں

میں پیمایش کیا مدتوں صفت یکسر بیاباں کو
نہ پہنچا دامنِ صحرا مرے چاکِ گریباں کو

تم کہ بیٹھے ہوئے اک آفت ہو
اُٹھ کھڑے ہو تو، کیا قیامت ہو؟

"حاتم" اب کس کی مجھ کو پروا ہے
کوئی میرا خدا نہیں تو نہ ہو

کیا کہیں اُس کا گھر ہے کتنی دور
تھک گئے ہم تو راہ سے پوچھو
حسن سے کیوں ہے عشق کا دعوےٰ
حق ہے شاہد گواہ سے پوچھو

فدوی ہے، جاں فشاں، ہے غلام قدیم ہے
"حاتم" کی بندگی کو فراموش مت کرو

اُس کے ہاتھوں سے نہ جیتا ہوں، نہ میں مرتا ہوں
کس مصیبت میں گرفتار ہوں اللہ اللہ

مے وحدت کا طلب‌گار ہوں سبحان اللہ
کس خرابات کا مےخوار ہوں سبحان اللہ

آنکھوں کو چھوڑ تیری نظر کس طرف کروں
رھتي ھے میکشوں کي سدا جام پر نگاہ

تـرا دھـن ھے گویا انگشتري کا حلقہ
اور ھونٹھ رنگ پاں سے ' ھے لعل کا نگینہ

تو سیر کرے ھے جس چمن کي
ھر گل میں صبا ! اُسی کي بو ھے

کاملوں کا یہ سخن مدت سے مجھہ کو یاد ھے
یعنی بے معشوق جینا زندگی برباد ھے

تنہا نہیں چلا ھوں میں "حاتم" بتاں کے شہر
ھمراہ اس سفر میں مرے ' آہ و نالہ ھے

خواب میں تھے جب تلک ' تھا دل میں دنیا کا خیال
کھل گئیں آنکھیں تو دیکھا ھم نے سب افسانہ ھے
معتکف ھو ' شیخ اپنے دل میں مسجد سے نکل
صاحب دل کے بغل میں دل ' عبادت خانہ ھے

مدت ھوئي کہ مر کر میں خاک ھو گیا ھوں
جیلے کا بد گماں کو اب تک مرے گماں ھے

آپ ہی میں دیکھ ''حاتم'' وحدت کے بیچ کثرت
تو ایک جا ہے اور دل کہاں کہاں ہے

بزم میں کس کے تئیں فرصت مےنوشي ہے
نگہِ مست تري ' داروئے بےہوشي ہے

بےخود اس دور میں ہیں سب ' ''حاتم''
اِن دنوں کیا شراب سستي ہے ؟

جس کو تیرا خیال ہوتا ہے اس کو جینا محال ہوتا ہے

خاکساروں کا دل ' خزینا ہے
اِس زمیں میں بھی کچھ دفینا ہے
اُس کے وعدے سبھی ہیں سچ ''حاتم''
دن برس ہے ' گھڑي ' مہینا ہے

بخشي ہے مجھے بےپروبالي نے اسیري
آپہونچ شتابي ' مرے صیاد کہاں ہے !
کس کو ہے توقع کہ ہو آزاد قفس سے
احوال اسیروں کا ' اُسے یاد کہاں ہے
''حاتم'' میں جسے دیکھوں ہوں بندا ہے خدا کا
کہنے کو ہے آزاد ' پر آزاد کہاں ہے

هماري عقل بےتدبير پر ' تدبير هنستي هے
اگر تدبير هم کرتے هيں تو تقدير هنستي هے
اسيروں کا نهيں غل يه ' جو تم سنتے هو زنداں ميں
مرے ديوانه پن کو ديکھ کر ' زنجير هنستي هے

مريض عشق هوں ' مطلب نهيں مسيحا سے
تو منهه دکھا که مرے درد کي دوا تو هے

دل سے بوئے کباب آوے هے　　کون مست شراب آوے هے

اے صبا کس طرف کو گذري تهی　　تجهه سے بوئے نگار آوے هے
تک ادهر بهي گذر که اس بو ' سے　　ميرے دل کو قرار آوے هے
اِس قدر بس ' که روز ملنے سے　　خاطروں ميں غبار آوے هے

عشق کے شهر کی کچهه آب و هوا اورهي هے
اُس کے صحرا ميں جو ديکھا تو فضا اور هي هے

تو ' هم سے جس طرح مل جانتا هے
زباں سے کيا کهيں ؟ دل جانتا هے
مرے کيونکر نه تيرے غم ميں ' عاشق
يهي جينے کا حاصل جانتا هے

ٹک کھول زلف اپني ' زنجیر ہے تو یہ ہے
دیوانہ پن کی میرے تدبیر ہے تو یہ ہے
میں راستي کہوں ہوں تم بخشو یا نہ بخشو
دل چاہتا ہے تمکو ' تقصیر ہے تو یہ ہے
کس کام کي ہمارے یہ کیمیائے ہستي
محتاج یک نظر ہوں ' اکسیر ہے تو یہ ہے

ہر قدم پر ہمیں ہے سیر بہشت   اُس کا ہر نقش پا ' گلستاں ہے

نکلے سے جس کے "حاتم" شہروں میں عید آوے
سارے برس میں مجھ کو وہ ایک ماہ ' بس ہے

سر پٹکتے ہیں پڑے ' کنج قفس میں مجھ سے سو
ایک میري بے پروبالي سے کہا پروا مجھے

مزا لے لے کے جلنے کی طرح سے شمع واقف ہے
جلے تو ہے ' پر اِس لذت کے تئیں پروا نہ کیا جاے

رو رو ہوا ہوں خشک یہاں تک ' کہ دیکھ لو
آنسو بھی اب نہیں کہ مري چشم ' تر کرے
دعویٰ کیا ہے شیخ نے "حاتم" سے عشق میں
دونوں میں دیکھئے یہ مہم ' کون سر کرے

جو اپنے کام کو سونپے خدا کو تو "حاتم"
تو سب سے خوب ترا کام، کارساز کرے

دل مرا لے کے پھر مکرتے ہو تم تو ایسے نہیں، خدا نہ کرے

گردن اپر مرے سر پرشور، بوجھ ہے
ابرو کو تک دکھا کے، سبک بار کیجئے

ابھی مسند نشین طارم افلاک ہو جاوے
جو سب کچھ چھوڑ دل، تیرے قدم کی خاک ہو جاوے
چمن میں خون سے بلبل کے گل آسودہ داماں ہے
اگر شبنم اُسے دھووے تو شاید پاک ہو جاوے

جہاں کے باغ میں کرتا ہے سیر اس واسطے "حاتم"
کبھو شاید محبت کی، کسو بھی گل سے بو آوے

دل کی دعاؤں سے ہے مری اُس کو سب خبر
درکار نامہ بر نہیں پیغام کے لئے

کبھو دیکھی نہ اُس سے "حاتم" نے
دلبری، دل دہی و دل جوئی

جانتے تھے ' اپنے ہیں ہوش و حواس
یک نگہہ میں سب تمہارے ہو گئے
جب ہوئے "حاتم" ہم اُس سے آشنا
دوست بھی دشمن ہمارے ہو گئے

تمہارے عشق میں ہم ننگ و نام بھول گئے
جہاں کے کام تھے جتنے ' تمام بھول گئے

معلوم ہے کسو کو کہ وہ آج شعلہ خو
مجھ کو لگا کے آگ لگانے کدھر گئے

کیا مدرسہ میں دھر کے ' الٹی ہوا بھی
واعظ نہی کو امر کہے ' امر کو نہی [۱]

امانی

خواجہ امامی نام ' شاہجہاں‌آباد کے رہنے والے تھے - مرثیہ خوانی اپنا پیشہ بنا لیا تھا -

کلام میں ذہانت اور شوخی ہے ' سلاست اور زبان کا لطف نہیں ' مضمون آفرینی بھی کم ہے - سنہ ۱۱۸۷ھ میں مرشدآباد جاتے ہوئے انتقال کیا -

اُس کے کوچے ستی ' غبار اُٹھا کون سا ' واں سے خاکسار اُٹھا
عندلیبو! بساؤ اب صحرا باغ سے موسم بہار اُٹھا

---

[۱] انتخاب حسرت - خمخانۂجاوید - تذکرہ مصحفی -

ھچکیاں سے گلا بھاں روئیں بزم سے جب وہ مے گسار اُتھا
عزم رخصت ھوا جب ھی اس کا میرے دل سے وھیں قرار اُتھا

وائے اپنی اس بصارت پر ' کہ ہر ذرے میں آہ
جلوہ‌گر ھے آفتاب ' اور تاب بینائی نہیں

کون سا دن ھے کہ مجھ کو یاد تو آتا نہیں
کون سا دم ھے ' کہ آنکھوں بیچ پھر جاتا نہیں
عشق میں کس کے " امانی " مبتلا ھے ' جس بغیر
تجھ کو نظارہ گُلوں کا ان دنوں بھاتا نہیں

چمن سب لہلہاتے ھیں پڑے ' بادل برستے ھیں
شتاب آ ساقیا ! ھم بادہ نوشی کو ترستے ھیں
زمانہ جائے عبرت ھے ' چمن کا حال چل دیکھو
تجمل جن گُلوں کا کل تھا سو وے آج جھڑتے ھیں
مساوی جانیو خوش طالعی و بدنصیبی کو
" امانی " ! منعم و مفلوک سب کے دن گذرتے ھیں

" امانی " تو ھوا تیغ تغافل ھی ستی بسمل
بھلا بتلائیے کس پر کمر اب آپ کستے ھیں

ھم ترا نزع تلک ' جور سہے جاتے ھیں
یاد آویں گے بہت اتنا کہے جاتے ھیں

وائے وا ماندگی اپنی، یہ آنکھوں آگے
کارواں رو میں ہے، ہم پیچھے رہے جاتے ہیں

اثر ہو سنگ میں کیا، کیونکہ اس کو رام کریں
بتوں کے دل ہو، تو یا رب یہ آہیں کام کریں

دیکھ تو، کیا ہے وہ بت، سنگ دلی پر نازاں
تجھ میں اے نالۂ جانکاہ! اثر ہے کہ نہیں

یارو گر دار پہ منصور نہیں دیکھا ہے
نوک مژگاں پہ مرے لخت جگر کو دیکھو

صف مژگانِ آہو چشم کا ہوں کشتہ، اے یاراں
سرِ تربت پہ چن دیجو مری، خار بیاباں کو
زباں پر راز عاشق کا نہ لانا سر کٹا دینا
سر شتہ کس سے ہاتھ آیا ہے یہ شمع شبستاں کو

میں نے پہلو سے گم کیا تجھ کو
آہ دل! کن نے لے لیا تجھ کو
اشک! آوارگی سے تو نہ تھا
میں نے آنکھوں میں گھر دیا تجھ کو

اللہ رے صنم! یہ تری خود نمائیاں
اس حسن چند روزہ پہ اتنا غرور ہے

دم بدم اس کی خلش سے اب مجھے آزار ہے
دوستاں یہ دل نہیں ' پہلو میں میرے خار ہے

چاہ میں کس کی ' دل ڈبو بیٹھے
آہ! ہم کیسے دل کو ارو بیٹھے
کیوں '' امانی '' گیا نہ آخر دل
کف افسوس اب ملو بیٹھے

ہم سا جو ناتواں عقب کارواں رہے
جوں نقش پا وہیں کے ہوئے پھر جہاں رہے

صدمے جو پڑے ہیں دل پہ غم کے
آنسو نہیں تھمتے چشم نم کے
خوش خواب میں ہیں مگر ' جو اب تک
جاگے نہیں خفتگاں عدم کے
ہے صبح کو عزم رفتن یار
تک نکلیو آفتاب تھم کے

آنکھیں نہیں ملتی ہیں ' عجب جی یہ تعب ہے
یارب دل حیراں کو مرے کس کی طلب ہے

دم لینے نہیں دیتے ہیں ' پیہم کے یہ نالے
کیا جانئے کیا دل کو مرے درد کڈھب ہے
ہجراں کے شب و روز کا مت پوچھو گذرنا
دن کٹ گیا جوں توں کے ' تو پھر رات غضب ہے
مدت سے سروکار غم ہجر سئتي ہے
کچھہ عیش سے تو کام نہ آگے تھا نہ اب ہے

فغاں

اشرف علي خاں نام ' احمد شاہ (بادشاہ) کے کوکا تھے ' شعر و شاعری کي مہارت کے ساتھ لطیفہ گوئی اور بدلہ سنجی میں بھي طاق تھے اسي وجہ سے احمد شاہ نے اُن کو ظریف‌الملک کا خطاب دیا تھا - دھلی میں سکونت تھي ' درانیوں کے حملے سے پریشان ھو کر مرشدآباد اپنے چچا کے پاس چلے گئے ' وھاں سے فیض‌آباد آکر نواب شجاع‌الدولہ کے خاص مصاحب ھو گئے پیسے سے ھاتھ جلنے کی وجہ سے نواب سے خفا ھو کر عظیم‌آباد راجہ شتاب رائے کے دربار میں آ گئے ' باقي عمر عزت سے یہیں بسر کر دي -

اُن کي شاعري' گداز کا آئینہ' اور کہنہ مشقي کا ثبوت ہے ' زبان اتني صاف ہے کہ دور موجودہ میں بھي اکثر شعرا کے بس سے باہر ہے -

چھوٹے چھوٹے الفاظ کے کوزے میں معانی کا دریا بھر دیتے ہیں - لطف محاورہ میں بے ساختگی ' بندش کی چستی یعنی غزل کے تمام لوازم موجود ہیں اور بہتر صورت میں موجود ہیں -

علی قلی ندیم کے شاگرد تھے [۱] ' سنہ ۱۱۸۶ ھ میں وفات پائی -

صنم بنا تو خدائی میں تجھ کو کیا نہ ہوا
ہزار شکر کہ تو بت ہوا خدا نہ ہوا

زخم دل تو سہا نہیں جاتا   بن سہئے بھی رہا نہیں جاتا
اے "فغاں" دیکھنا سمجھ لینا   دے کے دل' پھر لیا نہیں جاتا

ایسی نگاہ کی ' کہ مرا جی نکل گیا
جھگڑا مٹا ' عذاب سے چھوٹے خلل گیا

عالم کو جلاتی ہے تری گرمئی بازار
مرتے ہم ' اگر سایۂ دیوار نہ ہوتا

جب گلشن بہار کو رنگ خزاں نہ تھا
مشفق ہمارے حال پہ تو مہرباں نہ تھا

---

[۱] تذکرۂ مصحفی -

دل بستگی قفس سے یہاں تک ہوئی مجھے
گویا کبھی چمن میں مرا آشیاں نہ تھا

ر کو فدائے خنجر بیداد کرچکا
پہونچا میں اپنی داد کو فریاد کرچکا

ابھی مٹا نہیں دعویٰ ستم رسیدوں کا
کفن ہوا نہیں میلا ترے شہیدوں کا

کہا تو شب فراق میں جیتا رہا " فغاں "
یاں تک گماں نہ تھا ترے صبر و قرار کا

بے سبب شمع کب جلے ہے " فغاں "
لطف سوز و گداز میں پایا

مت قصد کر صبا تو دل داغ دار کا
ظالم ! یہ ہے چراغ کسی کے مزار کا

ساقی نہ میں ' یاں آپ سے کچھ چشم تر آیا
دل ' دیکھتے ہی ابر کو بے ساختہ بھر آیا

آوارہ پریشان و شکستہ دل و بد نام
سنتے تھے " فغاں " جس کو سو آج ہی نظر آیا

اس قدر طاقت نہیں ' جو بال و پر بھی وا کروں
کس گرفتاری میں آیا ہوں الٰہی کیا کروں ؟

نہ اے قاصد ' میں رو یار کی فریاد کرتا ہوں
ترے دیکھے سے ' میں اپنے لکھے کو یاد کرتا ہوں

میری طرف سے خاطر صیاد جمع ہے
کیا اُڑ سکے گا طائر بے بال و پر کہیں ؟

کاش ! آ جاوے قیامت اور کہے دیوانِ حشر
وہ " فغاں " جو ہے گریباں چاک فریادی کہاں

صیاد ! راہ باغ فراموش ہوگئی
کُنجِ قفس سے ' ہمت مجھے آزاد کیجیو

تقویت ہے داغ سے میرے دل بیمار کو
اے فلاطوں ! کہہ تو ' کیا کہتے ہیں اس آزار کو ؟
چھوڑ کر مجھ کو کہاں جاتا ہے ' اے خانہ خراب
سونپتا ہے کیا مرے سر سے درو دیوار کو

نکالا خط ' ہمیں پیغام کیا ہو ؟ اب اس آغاز کا ء انجام کیا ہو
نہ اُلفت ' نے محبت ' نے مروت تری خاطر کوئی بدنام کیا ہو

مجھ مبتلا کی چشم ' کہاں تک پُرآب ہو
اے دل ! خدا کرے ترا خانہ خراب ہو !

اس کے وصال و ہجر میں یوں ہی گزر گئی
دیکھا تو ہنس دیا جو نہ دیکھا تو رو دیا
کیا پوچھتے ہو حال "فغاں" کا سدا نہیں
خانہ خراب عشق نے دنیا سے کھو دیا

ہستی کے خراب نظر آتے جو عدم میں
ہرگز کوئی اس خواب سے بیدار نہ ہوتا

ممکن نہیں کہ غیر نہ ہو وے رکاب میں
تجھ کو خدا نہ لائے ہمارے مزار پر

یہ امتحاں نہ کر ' اے میرے مہربان عزیز !
جہاں میں کوئی بھی تجھ سے رکھے گا جان عزیز

پاؤں چلتے ہوئے دیکھے ' تو بیاباں کی طرف
ہاتھ اُٹھتے نظر آئے تو گریباں کی طرف

کہتا ہے یہ ' بہشت میں مستوں کی جا نہیں
زاہد کا کیا خدا ہے ہمارا خدا نہیں ؟

خط بھیجیو چھپا کے ' ملے وہ اگر کہیں
لینا نہ میرے نام کو ' اے نامہ بر کہیں

نے زندگی میں وصل میسر ' نہ بعدِ مرگ
عاجز ہوا ہوں اے دل ناشاد ' کیا کروں ؟

ملے ہے غیر سے ' ہرگز اسے حجاب نہیں
کہوں تو کہہ نہیں سکتا ' رہوں تو تاب نہیں
خراب دیکھ ' کہے گا مری خرابی کو
ہزار حیف ! کہ وہ خانماں خراب نہیں

عاجز ہوں ترے ہاتھ سے ' کیا کام کروں میں ؟
کر چاک گریباں تجھے بدنام کروں میں

مت کوئی روشن کرو ' مجنوں کی تربت پر چراغ
روح جل جائے گی ' دیوانے کی پروانے کے ساتھ

بک گیا اب تو یہ دل کافر خوں‌خوار کے ہاتھ
بندہ گئے رشتۂ الفت سے ' گنہگار کے ہاتھ

صلم کھلنے سے کیا خوش ہے وہ کافر
خدائی کا تصور ' بندھ رہا ہے
" فغاں " کو وصل میں آرام کیا ہو
جدائي کا تصور ' بندھ رہا ہے

عبث ! تو تڑپے ہے ' کُنج قفس میں مرغ چمن
اسي تڑپ سے تو یہ بال و پر گئے اپنے

شب فراق ' نہ تنہا مجھے رلاتی ہے
یہ صبح وصل بھی ' آنسو سے منہ دھلاتي ہے

اگر میري زباں پر ' بار دیگر انتظار آوے
ابھي رونے پہ ظالم دل ' مرا بے اختیار آوے

دل ' زلف میں اُلجھا مجھے آرام یہی ہے
میں صید بلا کش ہوں ' مرا دام یہی ہے

تار کی طرح کہیں زلف بتاں سے ٹوٹے
یا الٰہی ! دل بیمار بلا سے چھوٹے

ضعیف ہے دل بیمار، اس قرینے سے
اشک کے آہ نکلتی ہے میرے سینے سے

عشاق تیرے، گرمی بازار کر گئے
اس جنس کو گراں، یہ خریدار، کر گئے

اٹھ چکا دل مرا، زمانے سے اُڑ گیا مرغ، آشیانے سے
ہم نے پایا، تو یہ ستم پایا اس خدائی کے کارخانے سے

غیر از دوئی کے، مانع دیدار کون ہے
وہ یار ہوگیا تو پھر اغیار کون ہے؟
بیم غضب، رکھے ہے ہمیں مغفرت سے دور
گر وہ کریم ہے تو گنہگار کون ہے

مجھ سے جو پوچھئے، تو بہر حال شکر ہے
یوں بھی گزر گئی، مری ووں بھی گزر گئی

صنم نامہرباں ہے اس قدر، اے میرے رب! کیا ہے؟
مری تقصیر کچھ ثابت نہیں، وجہ غضب کیا ہے؟

پھر لیجئو! دامن میں "فغاں" لخت جگر کو
هم خانه بدوشوں کا ، سر انجام یہي هے

تیرے هي دل سے پوچھئے ، اس غم کو هاں "فغاں"
الفت ، بري بلا هے ، کسي کو خدا نه دے

یه دل ، ترے وصال کا مذکور کیا کرے ؟
مقدور جب نهووے ، تو مجبور کیا کرے ؟

ترے فراق میں ، کیوں کر یه درد ناک جئے
مرے تو مر نهیں سکتے ، جئے تو خاک جئے

اثر کرتي نهیں ، اس بت کے دل میں آه ، کیا کیجے
عجب حالت هے میري ، اے مرے الله ، کیا کیجے

مجھ دل ناشاد کو ، هر وقت غم سے کام هے
کیا خوشي یارو زمانے میں اسي کا نام هے ؟

کٹ گئي ساري عمر ، غفلت میں
کچھ ، تري بندگي ادا نه هوئي

عکس میرا ، شب هجراں میں تماشائی ہے
ایک میں آپ ہوں اور گوشۂ تنہائی ہے

میں تو وہ ہوں ، کہ مرے لاکھ خریدار ہیں اب
لیکن اس دل سے میں ڈرتا ہوں کہ سودائی ہے

نالاں نہ ہو تو ، یار کے شکوے سے باز آ
سن پائے گا "فغاں" کوئی فریاد رس ابھی

قاصد ، جو نا امید پھرا کوئے یار سے
خفت مجھے ہوئی ، دل امیدوار سے

دل میں اس شوخ کے ہو پاس وفا ، سو معلوم
کہنے سننے کے لئے ، بات بنا رکھا ہے

مظہر

شمس‌الدین نام ، جانجاں لقب تھا - ان کے والد مرزا جان عالمگیر کے منصب‌دار تھے ، نسب ، ماں کی طرف سے محمد بن حنفیہ تک پہونچتا ہے ، باپ کی طرف سے تیموری خاندان سے تعلق تھا -

جب یہ پیدا ہوے تو عالمگیر نے "جانجاں" کا خطاب دیا اور کہا کہ "پسر جان پدر می باشد" ۱۸ برس کے ہوے تو ان کے والد نے انتقال کیا ، تقدیر یاور تھی شیخ محمد افضل

سیالکوتي شیخ المحدثین سے حدیث کي تکمیل کي - تیس برس تک مشائخ نقشبندیہ سے فیوض حاصل کئے -

مرزا صاحب نہایت خوش تقدیر ' اور صاحب فضل و کمال تھے ' مستغنی ایسے تھے کہ کسی امیر کے سامنے نہ کبھي حاجت لے گئے اور نہ کسي کو خاطر میں لائے -

چونکہ فارسی تغزل میں خاص پایہ رکھتے تھے ' اور دل میں تصوف نے گداز پیدا کردیا تھا ' عشق حقیقي کی کھٹک دل میں تھی اس لئے اُردو کي غزلیں شراب کیف کے پیمانے ھیں ' معانی کا جوش ' الفاظ کي بندش سے باھر ھوا جاتا ھے -

مرزا صاحب نے اُردو تغزل کے آب حیات میں سب سے پہلے تصوف کی شیرینی ملائی ھے - ان کي زبان بھی سلیس ھے ' بندھ کي چستی ' لطف دوبالا کرتي ھے -

انعام اللہ خاں یقین ' - میر محمد باقر حزیں - خواجہ احسن اللہ بیان - بساون لعل بیدار - ھیبت قلی خاں حسرت - محمد فقیہ درد مند - مشہور تلامذہ تھے - مرتب گل رعنا نے ان کے شاگردوں میں '' یکرنگ '' کا نام بھي لیا ھے -

ان کے علاوہ بھي ' بعض شاگردوں کا نام لیا جاتا ھے - بقول بعض تذکرہ نویس ' ان کي تصانیف کے سلسلے میں '' خریطۂ جواھر '' شعراے فارسي کے کلام کا انتخاب ' فارسی کا منتخب دیوان ھے -

شاہ شاھد علي صاحب سبز پوش ' تخلص فانی رئیس گورکھپور کا بیان ھے کہ مرزا صاحب کا مکمل دیوان اردو قلمي ' کتب خانہ

خانقاہ جونپور میں موجود ہے ، اس کے علاوہ اور کوئی نشان نہیں ملتا -

۱۱ رمضان سنہ ۱۱۱۱ ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۰ محرم سنہ ۱۱۹۵ ھ میں شہید ہوئے -

---

چلے اب گل کے ہاتھوں سے لٹا کر کارواں اپنا
نہ چھوڑا ہائے بلبل نے چمن میں کچھ نشاں اپنا
یہ حسرت رہ گئی ، کس کس مزے سے زندگی کرتے
اگر ہوتا چمن اپنا ، گل اپنا ، باغباں اپنا
الم سے یاں تلک روئیں ، کہ آخر ہو گئیں رسوا
ڈبویا ہائے آنکھوں نے مژہ کا خانماں اپنا
جو تونے کی ، سو دشمن بھی نہیں دشمن سے کرتا ہے
غلط تھا ، جانتے تھے تجھ کو جو ہم مہرباں اپنا
مرا جلتا ہے جی ، اس بلبل بیکس کی غربت پر
کہ جس نے آسرے پر گل کے ، چھوڑا آشیاں اپنا
کوئی آزردہ کرتا ہے سجن اپنے کو ، ہے ظالم
کہ دولت خواہ اپنا "مظہر" اپنا "جانجاں" اپنا

گرچہ الطاف کے قابل یہ دل زار نہ تھا
لیکن اس جور و جفا کا بھی سزاوار نہ تھا
لوگ کہتے ہیں موا "مظہر" بیکس افسوس
کیا ہوا اس کو ، کہ اتنا بھی وہ بیمار نہ تھا

جواں مارا گیا خوباں کے اوپر، میرزا "مظہر"
بھلا تھا یا برا تھا زور کچھ تھا خوب کام آیا

زخمی تری نگہ کا، اک پل جیا تو پھر کیا
صیاد کی بغل میں، تک دم لیا تو پھر کیا

اس گل کو بھیجنا ہے مجھے خط، صبا کے ہات
اس واسطے لگا ہوں چمن کی ہوا کے سات
"مظہر" چھپا کے رکھ، دل نازک کے تئیں مرے
یہ شیشہ بھیجنا، ہے کسی میرزا کے ہات

سب یہ کہتے ہیں مر گیا "مظہر"
فی الحقیقت میں، گھر گیا "مظہر"

ہم نے کی ہے توبہ اور دھومیں مچاتی ہے بہار
ہائے بس چلتا نہیں، کیا مفت جاتی ہے بہار
ہم گرفتاروں کو، اب کیا کام ہے گلشن میں، لیک
جی نکل جاتا ہے جب سنتے ہیں، آتی ہے بہار

اتنی فرصت دے، کہ رخصت ہو لیں؛ اے صیاد! ہم
مدتوں اس باغ کے سایہ میں تھے آزاد ہم

گر، گل کو گل کہوں، تو ترے رو کو کیا کہوں ؟
بولوں نگہہ کو تیغ، تو ابرو کو کیا کہوں ؟

توفیق دے، کہ شور سے اک دم، وہ چپ رہے
آخر، یہ میرا دل ہے، الٰہی ! جرس نہیں

مت اختلاط کر، اے نو بہار تو ہم سے
چمن میں ہونے کا اس خاک کو دماغ نہیں
یہ بلبلوں کا، صبا ! مشہدمقدس ہے
قدم سنبھال کے رکھیو ترا، یہ باغ نہیں

آج مت رنگ حنا سے کف پا، لال کرو
اے بتاں اس دل پر خون کو، پامال کرو

کسی کے خون کا پیاسا، کسی کی جان کا دشمن
نہایت منھ لگایا ہے صنم نے بیرۂ پاں کو

آتش کہو، شرارہ کہو، کوئلا کہو
مت اس ستارہ سوختہ کو دل کہا کرو

الٰہی ! مت کسو کے پیش، رنجِ انتظار آوے
ہمارا دیکھئے کیا حال ہو جب تک بہار آوے

تجلی، گر تری، پست و بلند اُن کو نہ دکھلاتی
فلک یوں چرخ کیوں کھاتا زمیں کیوں فرش ہو جاتی
حنا، تیرے کف پا کو، نہ اس شوخی سے سہلاتی
یہ آنکھیں، کیوں لہو روتیں اُنھوں کی نیند، کیوں جاتی ؟
الٰہی ؟ درد و غم کی سر زمیں کا، حال کیا ہوتا
محبت گر ہماری چشم تر سے مینھ نہ برساتی

یہ دل، کب عشق کے قابل رہا ہے ؟
کہاں ! اس کو دماغ اور دل رہا ہے
نہ تو ملنے کے اب قابل رہا ہے
نہ مجھ کو، وہ دماغ و دل رہا ہے
خدا کے واسطے اس کو نہ تو کو
یہی، اک شہر میں قاتل رہا ہے

خدا کو اب تجھے سونپا ارے دل یہیں تک تھی، ہماری زندگانی

اگر ملے تو رخصت ہے، نہ ملے تو قیامت ہے
غرض، نازک مزاجوں کی محبت سخت، آفت ہے

حسرت

میر محمد حیات نام، عظیم آباد وطن تھا، ہیبت قلی خاں کے لقب سے مشہور تھے -

نواب سراج الدولہ ' ناظم بنگالہ کی سرکار میں داروغہ تھے ' لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجي میں شہرت رکھتے تھے ' اُردو شاعري کو ترقي دینے ' اور سلیس بنانے میں اُن کا نام بھي مشہور ھے بعض جگہہ اُن کے کلام میں تعقید ھے - مرزا مظہر جانِ جاں کے شاگرد تھے [ا] -

کیا پہلے عزیز اتنا ' گرایا آنکھ سے آخر
قیامت دور لیجا کر ' مجھے اے سر و قد پٹکا

عشق پوشیدہ ' نمایاں نہ ھوا تھا سو ھوا
چاک دل ' چاک گریباں نہ ھوا تھا سو ھوا

طلب نہیں مجھے ' حسرت ' بتوں سے دل کا کام
کہ عہد ھے مجھے ' دیدار کي گدائی کا
ہزار حیف نہ سمجھا تو ' رسم دلداري
رھا ھمیشہ ' تجھے ذوق دلربائي کا

مہربانی سے تو گھر کس کے نہ آیا تنہا
اک ھمیں نے ترا سایہ بھی نہ پایا تنہا

[ا] مظہر کے شاگرد ھونے کی وجہ سے اُن کا نام دھلي کے شعرا کے سلسلے میں لکھا گیا ورنہ لب و لہجہ ' بعض خصوصیات زبان و ترکیب کے اعتبار سے اُن کو دھلي کي شاعري سے کوئي نسبت نہیں - مرتب -

رات اُس خانہ برانداز نے ، بزم اپنی سے
اور سب بیٹھے رہے مجھ کو اُٹھایا تنہا

سحر رکھتا ہے ہمارا شیوۂ دیوانگی
عشق نے ، داغ جنوں سے ہم کو گلدستہ کیا
عالم بالا سے ، حسرت ! پہنچے ہے فیض سخن
فکر قد نے اُس کی ، اپنا شعر برجستہ کیا

ترے سلوکوں سے ، دل اب تو سیر ہے جاں سے
فریب لطف کا ، ہرگز نہیں میں کھانے کا

نظروں میں اُس کی ہیں ، کس کے لب خنداں " حسرت "
کیا بلا جوش میں ، یہ دیدۂ گریاں ہے آج !

دلدار کا وصال ، میسر ہو یا نہ ہو
مشتاق کو ہے شام و سحر ، انتظار فرض

خواری نے مجھے عشق کی ، جینے سے کیا سیر
جی جائے کہیں ! تاکہ مٹے یہ خلش دل

میں تیرے قول کا قائل ہوں ، ناصح مشفق !
ولے قرار دل بے قرار ، ہے مشکل

نسبت رکھے ھے اُس سے جفا ، اور جفا سے ھم
نالاں رھے ھے ھم سے وفا ، اور وفا سے ھم
ھم خاک کوے یار رکھیں ھیں ، وہ بوے گل
سودا کرے ھے ھم سے صبا ، اور صبا سے ھم
اس کی امید وصل میں ، از بس ھے ناقبول
ھے ھم سے شرمسار دعا ، اور دعا سے ھم

برھمن ھونے کو آتا ھے ، بتا سچ آج کون ؟
ھو رھی ھے ھر طرف ، " حسرت " صنم خانے میں دھوم

کب تلک دیکھیں تجھے دور سے ، حیراں ھیں ھم
کیا کوئی حسن کی دولت کے ، نگہباں ھیں ھم
کون دیوانۂ بد مست کی ، رمزیں پاوے
حسرت اس چشم سخن گو کے ، زباں داں ھیں ھم

تپا کرتا ھے دل ھر لحظہ ، لب پر رھتی ھیں آھیں
نگاھیں تھک گئیں ، تکتے ھی تکتے یار کی راھیں

ھم سے وحشت ، اسے کیا کہتے ھیں ؟
سب سے الفت ، اسے کیا کہتے ھیں ؟
لی اُٹھا ، چشم مروت ھم سے !
بے مروت ! اسے کیا کہتے ھیں ؟

اس کے دل میں، کبھی تاثیر نہ کی
اے محبت! اسے کیا کہتے ہیں

یاں بھی آ آ کر ستاتے ہیں، ملامت گر مجھے
چھوڑ کر جاؤں میں یا رب! کلبۂ تنہائی کہاں؟

میں جدائی میں بھی، دلدار سے مہجور نہیں
دل میں بستا ہے وہ، آنکھوں سے مری، دور نہیں

ہاتھ سے اپنے نہ دے، وصل کی فرصت راحت
پھر خدا جانے، کہ ہم ہوویں کہاں، یار کہاں؟

گرچہ ہیں غواص دریاے سخن، "حسرت"! سبھی
ہر قلم کو، دست گاہ گوہر افشانی نہیں

توقع، عشق میں، کس سے رکھوں میں دوست داری کی
ہماری ہمدمی ہے، بہار خاطر آہ و افغاں کو

کم نگاہی سے، کم ادھر دیکھو دیکھتے ہو تو، پھر نظر دیکھو

دل مرا لے کے، میاں! جان طلب کرتے ہو
لوٹ تم نے تو مچائی ہے! غضب کرتے ہو

جو ہوتا محرم راز رموز عاشقی ' "حسرت"
وہ ان طرزوں کو کیا جانے ' وہ یہ انداز کیا سمجھے

مقید زلف کا ہوں ' اُس کے رخ سے مجھ کو کیا نسبت ؟
ہواے سیر گلشن کو ' اسیر دام کیا جانے ؟

میری بات سنتا ہے اس طور سے
کہ کہتا ہوں گویا کسی اور سے

سر مرا خاک ہوا ' راہ وفا میں آخر
شکر ! ضایع تو مری ناصیہ سائی نہ گئی

عاشق زار کی عرض ' اے شہ خوباں سن لے
دل پر درد کا آزار برا ہوتا ہے

بلا کش عشق کے ' اجر وفاداری کے طالب ہیں
بتوں کو ' حسن توفیق جفا کاری ' خدا دیوے

اے دل ! نہیں سینے میں ' قرار اب تجھے اک دم
پھر کس سے ؟ تری ' خانہ خراب آنکھ لگی ہے

بھرا ھے دل ' مژۂ اشک بار سے اب کے
اماں ھے ' گریہ بے اختیار سے اب کے

عشق میں ' خواب کا خیال کسے ؟
نہ لگي آنکھ ' جب سے آنکھ لگی
یـــار آتـــا ' نظـــر نہیں آتـــا
ھے اُدھر میري کب سے آنکھ لگي

حسد سے ھم صفیروں کے چمن ھے تنگ اب ھم پر
دعا تک میري ' اے باد صبا ! صیاد کو پہونچے

جو دلدار اپنا ' کوئي اور ٹھہرے
محبت میں ' کچھ زیست کا طور ٹھہرے

تمھیں اے مے کشو ! ھو نوش جاں پیمانۂ عشرت
لبالب خون دل سے ' ھم تو اپنا جام کر بیٹھے

ایک پر خوں ' ایک ھے پر اشک ' تیرے ھجر میں
یعني چشم و دل کا پیمانہ ' یہاں لبریز ھے

عشق کي ' عاشق و معشوق میں نسبت نہیں ایک
طـرز سوزش ھے جـدا ' شمع سے پـروانے کـي

دشوار پڑا سخت، ترے کوچے تک آنا
ہر روز مری راہ میں، اک سنگ نیا ہے

موحد بھی نہیں ہوتے ہیں منکر، بت پرستی کے
بنایا جس نے تجھ سا بت، میں اس اللہ کے صدقے

یہ دوستی، یہ مروت، یہ غم گساری ہے
کہ ناخوشی میں ہماری، خوشی تمہاری ہے

اتنا نومید نہ ہو، دل کو خوشی رکھ، "حسرت"!
صبر کر، دیکھ تو کیا ہوتا ہے ہوتے ہوتے

یقین

انعام اللہ خاں یقین، مرزا مظہر کے خاص شاگردوں میں تھے - ۲۰ برس کے سن میں انتقال کیا، لیکن اس عمر میں بھی طبیعت قیامت تھی، اپنے زور طبیعت کے سامنے کسی کی حقیقت نہ سمجھتے تھے، میر تقی میر کی یہ رائے صحیح نہیں کہ "ذائقہ سخن فہمی نہ دارد" -

ان کے کلام کو دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ "مرتبہ استادی" میں کسی سے کم نہیں، کلام میں سلاست اور گداز ہے، مختصر الفاظ میں مضمون آفرینی کی شان نمایاں ہے - دیوان شایع ہو گیا ہے -

سریر سلطنت سے ' آستان یار بہتر تھا
ہمیں ظل ہما سے ' سایۂ دیوار بہتر تھا
مجھے زنجیر کرنا ' کیا مناسب تھا بہاروں میں
کہ گل ہاتھوں میں اور پاؤں میں میرے خار بہتر تھا

"یقیں" ! امید جینے کی نہیں تیری ان آنکھوں سے
اگر پرہیز تو کرتا ' تو یوں بیمار کیوں ہوتا ؟

شکوہ حسن سے آنسو ہمارے سوکھ جاتے ہیں
"یقیں" ! سورج کے آگے کب اثر رہتا ہے شبنم کا ؟

رہا میں بے خبر ' افسوس ' لذت سے اسیری کی
جو میں یہ جانتا ' کنج قفس میں آشیاں کرتا
کیا مجھ کو "یقیں" ! اس ناتوانی نے خجل ' ورنہ
گلی کو یار کی ' اپنے لہو سے گلستاں کرتا

اس گل سے کچھ حجاب ' ہمیں درمیاں نہ تھا
جس دن کہ یہ بہار نہ تھی ' گلستاں نہ تھا

یہ کوہ طور ' سرمہ ہوگیا سارا ہی ' کہنا کچھ
کوئی پتھر بھی بچ رہتا ' تو دیوانے کے کام آتا

نہیں معلوم، اب کے سال، مے خانے پہ کیا گذرا
ہمارے توبہ کر لینے سے، پیمانے پہ کیا گذرا
مجھے زنجیر کر رکھا ہے، ان شہری غزالوں نے
نہیں معلوم، میرے بعد ویرانے پہ کیا گذرا
برہمن سر کو اپنے پیٹتا تھا، دیر کے آگے
خدا جانے، تری صورت سے بت خانے پہ کیا گذرا

ہیں زخم مرے کاری، اس سینے سے کیا ہوگا؟
اب مرنا ہی بہتر ہے، اس جینے سے کیا ہوگا؟

پاؤں کو اپنے، "یقیں" کی چشم گریاں پر، نہ رکھ
مت کر اے گل، آب جو میں دامن رنگیں خراب

تری آنکھوں کی کیفیت کو، میخانے سے کیا نسبت؟
نگہ کی گردشوں کو، دور پیمانہ سے کیا نسبت؟
یہ جیوے ہجر میں، وہ وصل میں بھی جی نہیں سکتا
تکلف برطرف! بلبل کو پروانے سے کیا نسبت؟

تصور کرکے لیتا ہوں مزہ میں اس کی باتوں کا
مرے اس چپکے رہنے کا ہے، وہ شیریں دہن باعث
محبت کا نہیں ہے ظلم بھی، خالی عدالت سے
ہوا پرویز کے جینے کا، مرگ کوہ کن باعث

رنگ گل کی آگ پر ، دامن نہ مار ، اے باد صبح
کیا کریں گی بلبلیں ، پھر آشیانے کا علاج
شیشۂ دل کے تئیں اپنے ، سنبھالے رکھ "یقیں"
پھر کرے گا کون ، اس کے پھوٹ جانے کا علاج

فصل گل بھی آن پہنچی ، دیکھیے کیا ہو "یقیں" !
اب کے چلتا ہے جنوں پر ، جی ہمارا بے طرح

باغباں بے رحم اور دربند ، دیواریں بلند
بلبل بے بال و پر ، گلشن میں جاوے کس طرح

کرے ہے آئینہ ، بے طرح نکتہ چینی حسن
نہ کر تو اِس کو ، اب اتنا بھی روبرو گستاخ
ترے ادب سے ، جنوں کو گیا ہوں ایسا بھول
کہ ہاتھ جیب سے گویا نہ تھا کبھو گستاخ

پھوک کر جی نکل جاوے گا ، بلبل کی طرح میرا
کھلا بند گریباں کو نہ رکھ اے گل بدن بس کر

بہار آخر ہوئی ہے ، اب تو سینے دے گریباں کو
"یقیں" ! کرتا ہے کوئی اس قدر دیوانہ پن ، بس کر

ایک شب ' تو یار کے کوچے میں رہنے دے ہمیں
اس قدر بھی پاسباں ! بے خانمانوں کو نہ چھیڑ

آپ سے ہم نے مقرر کی ہے ' اپنی جا ' قفس
ورنہ تک پھڑکیں ' تو ہو جاویں تہہ و بالا قفس

جنوں کے ہاتھ سے محفوظ اک دم رہ نہیں سکتا
رفو کرنا " یقیں " ! میرے گریباں کے نہیں لائق

کیوں عبث سیتا ہے ناصح ! تو " یقیں " کا چاک جیب
ہاتھ اس کا چھوڑتا ہے کب ' گریباں کا خیال

ہمارے درد کی دارو ' اگرچہ ہے تو دارو ہے
یہ سب کچھ سن کے ساقی ! بات پی جانے کا کیا حاصل ؟

بہ مقدار جفائے یار ' بڑھتی ہے وفا میری
کوئی چاہے تو آ دیکھے محبت اس کو کہتے ہیں

درد بن ' ہم کو کچھ اس آگ سے مقصود نہیں
عشق پھیکا ہے اگر داغ نمک سود نہیں

ہم تو حاضر ہیں، عشق یار کہاں
خار و خس جمع ہیں، شرار کہاں

کرتا ہے کوئی یارو، اس وقت میں تدبیریں
مرتا ہے یہ دیوانہ، اب کھول دو زنجیریں

گلی میں عشق کی، دل بھول جاپڑا تھا "یقیں"!
پھر ان دنوں سے دوانے کا کچھ سراغ نہیں

عمر آخر ہے، جنوں کر لوں، بہاراں پھر کہاں
ہاتھ مت پکڑو مرا یارو! گریباں پھر کہاں
ہے بہشتوں میں "یقیں"! سب کچھ ولیکن درد نہ
بھر کے دل رو لیجئے، یہ چشم گریاں پھر کہاں

کوئی دن اور کرنے دو جنوں، مجھ کو بہاراں میں
عبث سیتے ہو اس کو، کیا رہا ہے اس گریباں میں

بلائے عقل سے، کچھ چھوٹنے کی راہ نہیں
بغیر مے کدہ، یارو کہیں پناہ نہیں

بتاں خدا کی خدائی کے سب مظاہر ہیں
جو ان کا بندہ ہوا ہے تو کچھ گناہ نہیں

اسیران قفس کي نا امیدي پر ' نظر کیجو
بہار آوے ' تو اے صیاد ! مت ہم کو خبر کیجو
کہا جاتا نہیں مجھ سے ' جو کچھ تیں کہہ سکے کہیو
مری اس بے زباني پر نظر ' اے نامہ بر کیجو

جفا کے عذر میں ' اے ظالمو نہ دیر کرو
مری زباں کو ' شکایت پہ مت دلیر کرو

یہ محراب نماز بے خودی ہے زاهداں ! سمجھو
خدا کے واسطے ' مستوں کے پیمانے کو مت چھیڑو

عمر میں ' تیں نے تو دیکھي ہے ' بہت غم خواری
اب تو اے چرخ ! تک اک اس دل ناشاد کو دیکھیے

جو نہ جي سکتے ہوں بے تابي سے پھر ' وہ کیا کریں
جی نکل جانے میں کیا ہے بے قراروں کا گناہ

کسو کا دست کوتہ ' اس کے دامن تک کہاں پہونچے
تمنا کي زباں ' مت کر دراز اے بوالہوس چپ رہ

کیا دھوم مچائي ہے ' صحرا میں دوانوں نے
اس فصل مبارک میں ' آباد ہے ویرانہ

بدلہ ترے ستم کا ، کوئي تجھ سے کیا کرے ؟
اپنا هي تهو فریفتہ هووے ، خدا کرے
قاتل همارے لاش کی ، تشہیر ہے ضرور
آئندہ ، تا کوئي نہ کسی سے وفا کرے

اس اشک و آہ سے مجھ کو ، هوا [۱] یہی معلوم
یہ دل کچھ آب رسیدہ ہے ، کچھ جلا بھي ہے

حق ، مجھے باطل آشنا نہ کرے
میں بتوں سے پھروں ، خدا نہ کرے
ناصحو ! یہ بھی کچھ نصیحت ہے
کہ "یقیں" یار سے وفا نہ کرے

اپنے بندوں کو جلا کر خاک کرتے هیں ، "یقیں" !
اِن بتوں کی ضد سے هوجاؤں مسلماں تو سہی

چلا آگے سے جب کشتي میں ، وہ محبوب جاتا ہے
کبھي آنکھیں بھر آتي هیں کبھي دل ڈوب جاتا ہے

نوٹ - [۱] مصحفي نے اپنے تذکرے میں یہ مصرعہ اس طرح لکھا ہے :-
اس اشک و آہ سے سودا بگڑ نہ جاے کہیں " - مرتب ۔

بہار آئی ' بجاؤ عندلیباں ساز عشرت کے
گئیں حسرت کی وہ راتیں گئے وہ دن مصیبت کے

دوانا ہوں میں ' جی دینے میں مجنوں کے سلیقے کا
مزا لے لے کے ' مرنے کی طرح ' فرہاد کیا جانے

اجل نہ چھوڑے گی آخر ' "یقیں" کو لازم ہے
کہ اپنے سر کو ' ترے پاؤں پر نثار کرے

اگر اس کی جگہہ ' پہلو میں ہوتا خار ' بہتر تھا
بہت دیتا ہے میرا دل مجھے آزار ' کیا کہیے

بے قراری کب ٹھہرنے دے ہے مجھ کو ' زیر تیغ
مارنا سیماب کا مشکل ہے ' قاتل کیا کرے

نہ دے فرصت کہ اِن ہاتھوں سے کچھہ کام اور ہی نکلے
ہم آخر ہوں گے دامن گیر اس چاک گریباں کے

عجب سچ سے کیا ہے قتل مجھ کو ' کوئی مت ٹوکو
طلب کرتا ہے ایسے قاتلوں سے خوں بہا کوئی

نہ نکلا صبر سے کچھ کام اب فریاد کرتا ہوں
مری فریاد ہی شاید، مری فریاد کو پہونچے

اگر زنجیر میرے پاؤں میں ڈالی، تو کیا ہوگا
بہار آتے ہی میرے ہاتھ ہیں، اور یہ گریباں ہے

گریباں چاک کرنے سے کسو کے، کیا تجھے ناصح ؟
ہمارا ہاتھ جانے اور ہمارا پیرہن جانے

مفت کب آزاد کرتی ہے، گرفتاری مجھے
جان آخر لے کے چھوڑے گی، یہ بیماری مجھے

عاشق جو رہے جیتا، معشوق کے کام آوے
کیا لطف ہے جل جانا پروانے کو کیا کہیے

سبزے میں "یقیں" ! آہو کیا حور سے پھرتے ہیں
فردوس نہ کہیے تو ویرانے کو کیا کہیے [۱]

بیان

(خواجہ) احسن‌اللہ نام، آباد و اجداد کا وطن اکبرآباد تھا، دہلی میں پیدا ہوئے، آخر عمر میں حیدرآباد گئے اور وہیں

---

[۱] گل رعنا -

زندگي بسر کي ' وفات بھی وھیں ھوئي ' خلیق ' پاکیزہ مزاج ' ظریف الطبع ' کثیرالاحباب اور متواضع تھے ' شاعري کے فنون پر عبور تھا -

کلام میں سادگي ' سادگي میں لذت اور کشش ھے ' جابجا نمکیلي دل کے زخم پر نمک پاشي کرتي ھے ' محاورات کی بندش چست اور بے ساختہ ھوتي ھے - مرزا مظہر کے شاگرد تھے ' رائے گلاب چند ' ان کے مشہور شاگرد ھیں ان کا قلمي دیوان انڈیا آفس میں موجود ھے سنہ ۱۲۱۳ھ میں وفات پائی [۱] -

مت سمجھہ بے حواس ' اے ھمدم
شکوۂ ھجر ' میں جو سر نہ کیا
گو کہ خسرو نے ' سو بنائے قصر
دل میں شیریں کے ' ایک گھر نہ کیا
کیا غبار اُس کے دل میں تھا ' کہ '' یقین '' !
خاک پر بھی مري ' گذر نہ کیا

اس راہ عاشقي میں چلنا اسے روا ھے
سر اول قدم پر ' جو شخص کھو سکے گا
تقلید کر '' یقین '' کی رویا تو بوالھوس بھي
پر سخت دل ' مژہ میں کھونکر پرو سکے گا

---

[۱] تذکرۂ مصحفي - دیوان یقین -

قفس میں، میں رہائی کے لئے کیا کیا نہیں کرتا
پھڑکتا ہوں، تڑپتا ہوں، کوئی پروا نہیں کرتا

سیرت کے ہم غلام ہیں، صورت ہوئی تو کیا
سرخ و سفید مٹی کی مورت ہوئی تو کیا

بے حساب دوستاں درد دل، مثل مشہور ہے
پر عجب ہیں دوست، جو دل میں بھی کرتے ہیں حساب
خان و ماں کچھہ ہم بھی رکھتے تھے کبھو، لیکن "یہاں"
اب بھی در ہے، یہی گھر، خانۂ الفت خراب

تو بزم سے اُتھا، کہ ہوئی تلخ مے کشی
میں سچ کہوں، شراب کو سمجھا حرام آج

خدا کے واسطے مت کہیو پھر کہ مے، کم ہے
کہ اُس کے سلتے ہی ساقی خمار ہے موجود

حال غربت میں، دیکھئے کیا ہو؟
رہ خطرناک اور منزل دور
گو کہ ہے یار تو، بہ دل نزدیک
سیکڑوں کوس مجھہ سے ہے دل، دور

جز خدا، آشنا نہیں کوئی
کشتی ٹوٹی ہے اور ساحل دور

ہم سرگذشت کیا کہیں اپنی کہ مثل خار
پامال ہوگئے ترے دامن سے چھوٹ کر

جھانک، تک باغ دل میں اپنے "بیاں"
اس چمن میں بھی، کم بہار نہیں

چراغ صبح ہوں، یا آفتاب وقت آخر ہوں
کوئی ساعت کا مہماں ہوں، کوئی دم کا مسافر ہوں
تمنا بادشاہی کی، کسی سفلے کو ہووے گی
مرے دل میں خدائی کا بھی خطرہ ہو تو کافر ہوں

صد حیف کہ دریا کے کنارے ہوں تشنہ
خم پاس اور افسوس کہ مجبور پڑا ہوں

کہتا ہے کون، ہجر مجھے صبح و شام ہو
پر وصل میں بھی لطف نہیں، جو مدام ہو

بوسے کے نام ہی پہ، لگے کاٹنے زباں
کتنی عمل سے آگے مکافات بڑھ گئی

کوئی ایسا ، جہان میں نکلے
کہ درست ، امتحان میں نکلے
سو برس میں ، نہ نکلے دل کی خلش
اور نکلے ، تو آن میں نکلے
کچھ یہ لازم نہیں ، کہ جنس عزیز
مصر ہی کی دکان میں نکلے

رسوا نہ کر ، خدا سے ڈر اے چشم تر مجھے
آنا ہے اُس کی بزم میں ، بار دگر مجھے
میں سست گام ، قافلۂ عمر تیز رو
تنہا نہ چھوڑ جائیں کہیں ، ہم سفر مجھے
ساقی تری نگاہ کے صدقے ، میں ، ایک بار
دونوں جہاں کی فکر سے کر ، بے خبر مجھے
جتنا ستم کرے وہ اُٹھاؤں گا میں "بہار"
دل کے عوض بھی ، حق نے دیا ہے جگر مجھے

جادو تھی ، سحر تھی ، بلا تھی
ظالم ! یہ تری نگاہ ، کیا تھی ؟
مارا ہے "بہار" کو جس نے ، اے شوخ !
کیا جانئے ؟ کون سی ادا تھی

کون کہتا ہے ، چاہ مشکل ہے
چاہ آساں ، نباہ مشکل ہے

صلح اور جنگ، تجھ کو سب آساں
مجھ کو ہر طرح، آہ مشکل ہے

مبارک ماہ کنعاں! اے زلیخا چشم ما روشن
بس اتنی بات کہنے مصر میں یعقوب جاتا ہے

سلگتی ہے اک آگ، مدت سے یار
اس آتش کی گرمی، کدھر جائے گی
جو ہم بن، تمہاری، گزرتی ہے خوش
ہماری بھی، تم بن گزر جائے گی

میں جانتا تھا، وصل کی شب بھی دراز ہے
آنکھیں جو کھل گئیں، تو در صبح باز ہے

اسی امید و بیم میں گذری
گاہ کی اُن نے مہر، گاہ نہ کی

ہے کدھر قیس، کہاں ہے فرہاد
عشق سے، نام چلا جاتا ہے

مری ناؤ پہونچی ہے، آ، منجدھار
تری اک توجہ سے، بس پار ہے

بہار آئی ہے اے ناصح! ہمیں بے باک رہنے دے
ہمارے طور پر ہم کو، گریباں چاک رہنے دے

یا ہوجیئے افلاطوں، یا عقل کو کھو مجنوں
دنیا میں بھر مضموں، اک نام تو کچھ کرئیے
آیا وہ مہ تاباں، جاں ہم نے کری قرباں
جب آوے کوئی مہماں، اکرام تو کچھ کرئیے

پائے طلب، بیٹھ کے کھینچوں کہاں
خانہ نشینی کو بھی، گھر چاہئیے
دل تجھے، جیسا کہ خدا نے دیا
مجھ کو بھی، ویسا ہی جگر چاہئیے

شب فراق کی دہشت سے، جان جاتی ہے
یہی ہے صبح سے دھڑکا، کہ رات آتی ہے

کہا تھا سارباں کے کان میں، لیلٰی نے آہستہ
کہ مجنوں کی خرابی کا، کہیں مذکور مت کیجو [۱]

---

[۱] انتخاب حسرت - تذکرۂ مصحفی ؏ نکات الشعرا -

تاباں

میر عبدالحئی نام ' دهلی کے رهنے والے ' حضرت موسیٰ علی رضا کی اولاد میں تھے - بہت خوبصورت تھے ' ابتدائے جوانی میں انتقال کیا ' صاحب دیوان هیں - سلاست کے ساتھ اشعار میں زبان کے چٹخارے بھی موجود هیں - عناصر سوز و گداز اور اثر کا پتا مشکل سے چلتا ھے - مرزا صاحب کے شاگرد تھے ' شفیق نے حاتم کا اور میر نے حشمت کا شاگرد لکھا ھے ان کا ایک قلمی دیوان کتب خانہ ' الاصلاح دسنہ ' ضلع پٹنہ میں موجود ھے ' دیوان چھپ بھی گیا ھے -

---

آشنا هو چکا هوں میں سب کا
جس کو دیکھا سو اپنے مطلب کا

بھلے برے کی ترے عشق میں اڑا دی شرم
همارے حق میں کوئی کچھ کہو ' هوا سو هوا

جو کہ عاشق هو میں کہتا هوں اسے ' لیوے سیکھ
شمع جلنے سے کی ' پروانے سے مرنے کی طرح

کیا قتل اُن نے مجھ کو ' غیر سے مل
هوا دشمن جدا خوش ' وہ جدا خوش

بے وفاؤں سے ، جی میں ہے '' تاہاں ''
اور سب کچھ کروں وفا نہ کروں

گر تو ناخوش ہے ، مرے شور جنوں سے ناصح
کر مجھے شہر بدر لائق زنداں تو نہیں

اب ہم ، دنوں کو اپنے نہ رووِیں تو کیا کریں
کرتے تھے جن میں عیش وہ ایام ہي نہیں

ان جان ہو تو اُس سے کوئي درد دل کہے
جو جانتا ہو اس کو میں آگاہ کیا کروں

برستا ہے مینہہ ، میں ترستا ہوں مے کو
غضب ہے یہ ، باران رحمت نہیں ہے

مجھے ان دنوں سخت دیوانہ پن ہے
کدھر کو ہے مجنوں ، کدھر کوہ کن ہے

بیاں کیا کروں ناتوانی میں اپنی
مجھے بات کہنے کی طاقت کہاں ہے
تمنا تیری ٹھوکروں کی ہے لیکن
رکھوں پاؤں پر سر ، یہ جرات کہاں ہے

ممکن نہیں کہ ان سے کبھو دل مرا پھرے
گو ان بتوں کے عشق میں ناصح خدا پھرے
شور جلوں کا سرد ہے بازار' ان دنوں
آوے بہار جلد' الہی ہوا پھرے [۱]

شاعر

میر کلو نام' میر درد کے عزیز اور مرزا مظہر کے شاگرد تھے [۱] تفصیلی حالات معلوم نہ ہوسکے -

مرزا مظہر کے شاگردوں کا جو رنگ ہے ان کے کلام میں بھی موجود ہے -

ہر بوالہوس سے مل کر اے "عشق"! مت سبک ہو
ہے کام عاشقوں کا' تجھ سے نباہ کرنا

بھول کر بھی ادھر نگاہ نہ کی
کہہ! ترا اس میں کیا ضرر ہوتا

دشمن ایمان و جان و طاقت و آرام ہے
یہ بتاں کا حسن اور یہ جوش ایام شباب

دیوانہ ہے ' جلوں سے کہیں مر نہ جائے دل
نام بہار روبرو اس کے نہ لو عبث

رونے میں دم کے رکنے کي گر ہے یہی طرح
تو جوش غم سے ہم نہیں بچتے کسی طرح

کس سے جاکر کروں تري فریاد
توھی دے آپ اپنے ظلم کی داد

ہے روشني کو بس ' دل سوزاں مرا مجھے
تربت پہ میري لائے کوئي یا نہ لائے شمع

یاں تک تو عزیز تھا ترا غم لے گور میں بھي اسے گئے ہم

کوئی ہو کعبے میں خوش ' کوئي دیر میں محظوظ
ہمیں تو ایک دن اس بن کہیں قرار نہیں

کیوں نہ ہووے بہار آنکھوں میں
ہے مرا گل عذار آنکھوں میں

کیا کیا اثر دئے ہیں بتوں کی نگاہ کو
یارب عطا ہو کچھ تو ہماری بھی آہ کو

کروں میں جوش جنوں ضبط کس طرح یارو
کہ آہ سینے میں میرے ، نہیں سماتی ہے

کیا کام ہے تک تو ٹھہر ظالم
کیوں پا بہ رکاب ہو رہا ہے [1]

ضیا

(میر) ضیاءالدین نام ، دھلی کے رھنے والے تھے ، آخر میں عظیم آباد کو مسکن بنا لیا تھا متواضع اور درد بھرا دل رکھتے تھے ، میر حسن اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں کہ جب کوئی شعر سوز و گداز سے بھرا ہوا سنتے تھے ان کی آنکھوں سے بے ساختہ آنسو نکل آتے تھے -

غزلیں درد کا مرقع ہوتی ہیں ، سادگی بیان میں دل نشیں انداز ہے رباعیوں میں بھی گداز ہے -

میر حسن - راجہ شتاب رائے (ساکن عظیم آباد) کے بیٹے ان کے شاگردوں میں مشہور ہیں - سنہ ۱۱۹۴ ھ میں وفات پائی -

---

[1] خمخانۂ جاوید - تذکرۂ میر حسن -

جمع کرکے درد سارے ' تونے پیدا دل کیا
کہہ تو اے دست قضا ! پھر اس سے کیا حاصل کیا ؟
کیا مزے سے جي نکلتا جو وہ تک پھر دیکھتا
کام آساں مجھ پہ قاتل نے مرے ' مشکل کیا

باؤ بھی کھائي نہ تھی دل نے کہ مرجھانے لگا
آہ یہ غنچہ تو کچھ کھلتے ھي کمھلانے لگا
کل کي رسوائي تجھے کیا کم نہ تھي اے ننگ خلق ؟
اُس کے کوچے میں " ضیا " تو آج پھر جانے لگا

برس اے ابر جتنا چاھے تو ' اب تیري باري ھے
کبھي دل تھا تو میں بھي رو رو ' اک دریا بہاتا تھا

کیوں گریباں دم بہ دم کرتا ھے اپنا ' چاک تو
ھاتھ سے تیرے " ضیا " ! کس گل کا دامن چھٹ گیا

ھر طرف زخم زخم تھا ' ھر سو سے داغ تھا
دل بھي " ضیا " ! ھمارا کبھي رشک باغ تھا

کیا کہا قاصد ؟ " ضیا " سنتے ھي جس کے مر گیا
بات تھی کچھ یاس کي یا ھجر کا پیغام تھا

آہ کرتے دھک گئے ہیں ہم کیا شتابی بھوک گئے ہیں ہم
آپ کو آپ میں نہیں پاتے آہ کیدھر بہک گئے ہیں ہم

جیسے دو ہم درد آپس میں کریں غم خوار گی
دل ہمارا درد اپنا ' دل کا غم کھاتے ہیں ہم

جان کر زلف ' دل ! نہ دھس اس میں
دام ہے دیکھ تو نہ پھس اس میں
دل تو غنچہ ' جھڑ پڑا افسوس
رہ گئی کھلنے کی ہوس اس میں

پڑے برق تجلی ایسی ازلی لن‌ترانی پر
کہ موسیٰ ہووے بے خود اور ہو دیدار پتھر کو

کبھي جا گل کو دیکھے ہے ' کبھي دیکھے ہے نرگس کو
خدا جانے یہ چشم اپني ' پھرے ہے ڈھونڈتی کس کو

آہوں سے سلگوں کب تک ؟ اے شعلہ تو بھوک اُٹھ !
بجلي کي طرح مجھ پر ' اک بارگی کڑک اُٹھ

آہستہ پانو رکھیو اے بوئے گل چمن پر
سوتے ہیں اس زمیں میں ' نازک دماغ کتنے

تربت ''ضیا'' کی دیکھی ، کل رات دور سے میں
آئے مجھے نظر واں ، شمع و چراغ کتنے

سب اُمید اپنی کر حصول ، گئے
اک ترے در سے ہم ملول گئے
بھول کر بھی کبھی نہ یاد کیا
ہم ترے جی سے ایسے بھول گئے

برعکس وضعیں آئیں ، اس کے نباھنے کی
شاید یہی ہے تاثیر اس دل کے چاھنے کی
جلدی ''ضیا'' خبر لے ، آتی ہے تجھ جگر سے
آواز ناتواں سی ، دل کے کراھنے کی

تک آہ بچ نکل ، نہ کہیں دل تہلک پڑے
یہ جام بھر رھا ہے مبادا چھلک پڑے
ترے ''ضیا'' کا حال ، میں پوچھا تھا شمع سے
اک آہ اُس نے کھینچی اور آنسو ڈھلک پڑے

کسی کا نام لے ، کوئی عشق اپنا یاد کرتا ہے
مروں ہوں بدگمانی سے کہ شاید تجھ پہ مرتا ہے

کیا جور؟ کیا تعدی؟ جو کچھ کرو بجا ہے
بدلا ہے دل دہی کا، اس کی یہی سزا ہے

یہ آرزو "ضیا" کے دل کی، بتاں! خدا دے
تم اُس کو گالیاں دو اور وہ تمہیں دعا دے

اک تبسم میں کیا خلق کو ساری تسخیر
مسکرانا ہے ترا یا کہ کوئی افسوں ہے

کون سے زخم کا، کھلا ٹانکا
آج پھر دل میں درد ہوتا ہے

نہیں کھلنے کی اُمید ہی، نہیں بو کی آس ہے
غنچہ ہوں دل کا، مجھ میں فقط داغ یاس ہے
تم تو ہمارے پاس سے جاؤگے کل، یہ ہائے
اپنی نظر میں، آج جہاں سب اُداس ہے

کعبے میں چھپ رہا ہے یا دہر میں نہاں ہے
خانہ خراب! جلدی تو بول اٹھ کہاں ہے

(رباعی)

کیا عیش و نشاط شادمانی کرتے
کیا ناز و نیاز جاودانی کرتے
گر یار کبھی میں اپنے ہوتا ' تو ہم
کیا خوب طرح سے زندگانی کرتے [۱]

احسن

مرزا احسن علی نام ' دهلی کے باشندے تھے - نواب شجاع‌الدولہ لکھنؤ کے سرکار میں ملازم تھے غزل اور قصیدے کا خاص رنگ ھے ' اِن کي غزل میر ضیا کا عکس معلوم ہوتي ھے ' اس لئے میر ضیا کے ساتھ دور اول میں ان کا نام شامل کیا گیا - سنہ ۱۱۶۵ھ میں بہ مقام عظیم‌آباد پٹنہ انتقال کیا -

---

اسي لئے تو میں تجھ سے خفا ہوں اے " احسن "
گھڑی گھڑی مرے پاؤں کو چشم تر ' نہ لگا

ھجر میں کیوں کر نہ ہووے آہ و زاري بیش تر
ھے قرار اس دل میں کم اور بے قراري بیش تر
روز ھجراں هي میں تنہا ' کچھ نہیں روتے ھیں هم
وصل کي راتیں کٹیں یوں هی ھماري بیش تر

---

[۱] خمخانۂ جاوید - چمنستان شعرا - تذکرۂ مصحفی - گلشن ھند -
ان کے دیوان کا انتخاب پٹنہ سے شائع ہوا ھے ؛ مرتب --

خاک چمن میں، کس کی ملی آرزوے دل
جو غنچہ یاں کھلے ہے تو آتی ہے بوے دل
جو دل اُدھر گیا سو وہ ماٹی میں مل گیا
تیری گلی میں خاک کریں جست وجوے دل

سجدہ گہ ہے خاکِ "احسن" اب تو ساری خلق کی
جان دی تھی اُس نے کس کی حسرت پابوس میں

تم غیر کے ہاتھوں سے، واں جام چڑھاتے ہو
یاں حلق میں، لوہو کے سو گھونٹ اُترتے ہیں

چھٹتا ہے کوئی نالہ، ہم سے دم آخر تک
دم جب تئیں ہے دم میں، دم آپ کا بھرتے ہیں

محروم ہم ہوں، محرم اسرار ہو کوئی
خلوت میں ہو کوئی، پس دیوار ہو کوئی
راتوں کو اُس کے کوچے میں جاتا تو ہوں ولے
دھڑکے ہے دل پڑا کہ نہ بیدار ہو کوئی

زخم لگا کے سیکڑوں، کرنے لگا شمار وہ
جو ہوئی سو ہوئی دلا! اب تو سر حساب ہے

نامہ پتنگ کے ہاتھ سے ' آئینہ دیکھنے لگا
اس سے یہ ہم پہ کُھل گیا صاف ہمیں جواب ہے

یاد ہے " احسن " ان دنوں ' کن نے ہمیں بھلا دیا
سینے میں دل کو اپنے کچھ خود بہ خود اضطراب ہے

اسی منہ سے تمہیں دعوی مے خواری ہے اے " احسن "
ہوا ظرف آپ کا معلوم ' دو ہی جام میں بہکے [۱]

عشق

رکن‌الدین نام ' گھسیٹا عرف تھا - دهلي کے رہنے والے تھے - شاہ فرہاد مشہور درویش کے نواسے تھے -

شروع جواني میں دهلي سے مرشدآباد گئے تھے ' جب تک وہاں رہے اعزاز دنیاوي حاصل تھا ' وہاں سے عظیم‌آباد آئے تو ان کے پاس تو کل سرمایہ تھا اور فقر و درویشی طرۂ امتیاز -

تغزل میں تصوف کي چاشنی بھري ہوئی ہے ' انداز بیان دل نشیں ' زبان سلیس اور اثر انداز ' ترکیب میں بے ساختگي ہے -

---

[۱] گلشن ہند - تذکرۂ میر حسن -

باتیں نہ سن تو میری جل جائےگا دوانے
میں برق آسماں ہوں ' یا " عشق " کی زباں ہوں

دیکھلے بن اُس کے یک دم ' چین یہ رہتا نہیں
اس دل کافر کے ہاتھوں سخت گھبرائے ہیں ہم

قدرت

میر قدرت‌الله نام ' میر شمس‌الدین فقیر کے عزیز اور شاگرد تھے ' دهلی وطن تھا ' آخر عمر میں مرشدآباد میں سکونت کر لی تھی ' یہاں کے امرا نے ان کی عزت کی ' اس لیے فراغت سے زندگی بسر کی -

اشعار میں اگرچہ سلاست نہیں لیکن پھر بھی روکھے پھیکے معلوم نہیں ہوتے ' حق‌الوسع زبان کا خیال رکھتے ہیں ' غزل گوئی کے نکات اور ضروریات سے واقف ہیں - سنہ ۱۲۰۵ ھ میں وفات پائی [۱] -

---

ہنگامۂ پرهیز و ورع اب بہ سر ایا
اے بادہ کشاں مژدہ کہ پھر ابرتر آیا

کچھ دیر ہوئی ' اشک نہیں آنکھوں سے گرتے
شاید تہِ مژگاں ' کوئی لختِ جگر آیا

---

[۱] گلِ رعنا -

ترے حضور میں ' جب قصد عرض حال کیا
ہجوم گریہ نے ' میری زباں کو لال کیا
میں داغ تازہ میں ' تورے یہاں تلک ناخن
کہ ایک بدر کا کاسہ ' پُر از ہلال کیا

ٹوٹی کمند ' بخت کا وہ زور رہ گیا
جب بام دوست' ہاتھ سے کچھ دور رہ گیا
اُوپر سے زخم گرچہ ہرے ہو چلے ولے
ناسور تھا جگر میں ' سو ناسور رہ گیا

مدتوں سے رخنۂ دل ' یاں جو نت مسدود تھا
اک ذرا کھولا تو دیکھا خانۂ پر دود تھا
کبریائی کا جو دیکھا میں نے جس جاپر ظہور
اپنی اپنی حد میں جو پشہ تھا اک نمرود

بے تابیوں سے ' یہ دل بے تاب رہ گیا
اپنی طپش میں جل کے یہ سیماب رہ گیا
آنسو تھمے ہیں ' پر نہیں سوکھی ہے چشم تر
دریا اتر گیا ہے ' یہ گرداب رہ گیا

ہم پہ ایام مصیبت ' آج پھر آنے لگا
یار گھر جانے لگا ' اے وائے گھر جانے لگا

جب مسیحا دشمن جاں ہو تو کب ہو زندگی
کون وہ بتلا سکے ' جب خضر بھکانے لگا
کب تلک ' اے نالہ ! زیر لب رہے گا تو گرہ
حوصلہ باقی نہیں بس جی تو گھبرانے لگا

دل سدا ' سینے میں جلتا ہی رہا
لخت دل آنکھوں سے ڈھلتا ہی رہا
تونے گو مجھ کو دلاسے میں رکھا
جی مرا ' تو بھی تو گھلتا ہی رہا

آگے نہ چل سکا ' ترے کوچے کو چھوڑ کر
خورشید ' جا کے تابہ لب بام ' رہ گیا
" قدرت " ! کس آسرے یہ کٹے گی یہ زندگی
آنے سے اب تو نامہ و پیغام رہ گیا

آتش فروز دل ہے ' تا حسن شعلہ رو کا
ہر اشک ہے شرارہ ' ہر آہ ہے بھبھو کا
ڈھونڈھے ہے پاس اب کیا ؟ سینے میں غمزدوں کے
مدت سے لٹ چکا یاں ' سامان آرزو کا
کشتہ ہوں جان و دل سے ' تیرے خدنگ کا میں
پھر کساں میں ' ہے کا پیاسا مرے لہو کا

تشنہ لب مرتا ہے نت، موجِ دمِ شمشیر کا
اے غرور ناز! کچھ بھی فکر اس نخچیر کا
رنگ خون تشنگاں، جس جا سے اُڑ سکتا نہیں
ہوں اسیر ناتواں اُس خاک دامن گیر کا

گھر سے جس وقت، وہ غارت گر ایماں نکلا
کفر سے گبر گیا، دیں سے مسلماں نکلا

اس چشم سے ہو کے آب نکلا سینے سے دل خراب نکلا
جو نالہ جگر سے پار نکلا لے سیخ پر اک کباب نکلا

بیت‌الحزن میں، شب کہ ترا انتظار تھا
کھٹکا ہر ایک دل کا، مرے جی کے پار تھا
ایدھر بھی ایک بار، جفا کی عناں کو پھیر
دل ہے خدنگ دوست، جگر ہے سناں طلب

دست‌برد ظلم سے تیرے، ہیں جتنے ہم خراب
اس قدر بھی ہو وے گا عالم میں کوئی کم خراب
زخم سے دل کے ابھی اے چارہ گر بہتا ہے خوں
مت ڈبو بے فائدہ پھاہے، نہ کر مرہم خراب

کبھی رونا، کبھی سر کو پٹکنا خوشا ایامِ اوقاتِ محبت

هرزہ گردي سے رهائي کی چهوا
پهر مجهے زنداں میں ' اے زنجیر ! کهینچ
جان هے وابستہ ' اس پیکاں کے ساتھ
میرے پہلو سے نہ ایذا تیر کهینچ

ذرا قفس سے قفس ' تو ملا کے رکھ صیاد
کہ تا اسیر کریں مل کے ایک جا فریاد

کسے جز خون دل ' مے خانے میں منظور ہے ساغر
مري آنکھوں میں تجھ بن ' دیدۂ ناسور ہے ساغر

آہ روے پاک تیرا ' کس طرح آوے نظر
لخت دل جب چها رها هو دیدۂ غم ناک پر

یہ دلِ شوریدہ ' جب سے ساتھ ہے زیر زمیں
شور محشر هي رها '' قدرت '' کي مشت خاک پر

تجلي ' جلوہ چاهے تو صفائي سینہ پیدا کر
اگر دیدار کا طالب ہے تو آئینہ پیدا کر

ہے نالۂ شام ' آتش و آہ سحر آتش
کیا زیست هو اپني ' اِدهر آتش اُدهر آتش

چل بسے دنیا سے ' بن دیکھے ترا دیدار حیف
لے چلے حسرت بھرا ' یاں سے دلِ افگار حیف

——

صبح کے ہوتے ہی ' ہووے جس کی یہ حالت تباہ
آہ وہ بے چارہ پھر جیوے گا کیوں کر شام تک
کر چکا ہے کام اپنا ' یاں تو دردِ انتظار
جب تلک پہونچے ہے قاصد ' اِس بت خود کام تک
ہم نہ کہتے تھے کہ " قدرت " مت چمن کی راہ چل
لے گئی آخر ہوائے گل ' شکنجِ دام تک

——

رنگ کچھ اور ہی بدلتا ہے مرا بے تاب دل
ہے گھڑی آتش کا پرکالہ ' گھڑی سیماب دل

——

ہوا یوں پھر گئی ' اِس بزم میں اپنے نصیبوں سے
گلے جاتے ہیں اور سب دوست ٹھہرے ' ایک دشمن ہم
شب ہجراں کو " قدرت " ! اس طرح ہم روز کرتے ہیں
کبھی سر کو پٹکتے ہیں ' کبھی کرتے ہیں شیون ہم

——

نسبت ہے ہماری تری ' جوں سایۂ و خورشید
جس جا نہیں تو ہم ہیں ' جہاں تو ہے نہیں ہم

——

تیرے جاں سوختہ ' خورشید قیامت کے تئیں
ہر سحر ' پنبۂ ناسور جگر کرتے ہیں

بھیج مت مرہم کافور تو "قدرت" کے حضور
یہ علاج اور ہی زخموں پہ اثر کرتے ہیں

ابرو تیرے کہتے ہیں کہ میں تیغ دوسر ہوں
عاشق کا یہ دعویٰ ہے کہ میں سینہ سپر ہوں
شایستۂ دنیا ' نہ سزا وار ہوں دیں کا
اے وائے میں "قدرت" ! نہ اِدھر ہوں نہ اُدھر ہوں

دل سے کہا سناں نے کہ سینے میں یاں رہوں
ناوک یہ پوچھتی ہے ' بھلا میں کہاں رہوں
"قدرت" ! بہ زیر خاک بھی آرام کب ملے
یہ درد و داغ ساتھ ہیں میرے جہاں رہوں

آگ اُس داغ کو لگیو کہ نمک سود نہیں
پھوٹے وہ آنکھ جو لخت جگر آلود نہیں
مرحبا آتش دوری کہ جلایا ایسا
جل بجھے سر سے لے پاؤں تک اور دود نہیں
زخم پر زخم لگے ' تب ہو تسلی دل کی
حوصلے پر مرے اک زخم کچھ افزود نہیں

شام کو دھوتا ہوں ' سو خوں جگر سے آستیں
صبح خون آلودہ ہے پھر چشم تر سے آستیں

تو بھی کم ابر بہاری سے نہیں اے چشم تر
کر دے اب رشک چمن خون جگر سے آستیں
لخت دل اور اشک ' ہرگز خاک پر گرنے نہ دے
بھر لے اے '' قدرت '' ! تو اِس لعل و گہر سے آستیں

جلوں تیرے ناخن مگر گھس گئے ہیں
کہ عقدہ پڑا ہے بہ کار گریباں
چھلکنے لگے ' اشک گل گوں مژہ سے
پھر آئی ہے فصل بہارِ گریباں

قافلے کے قافلے ' اس رہ میں جوں نقش قدم
ہو گئے پامال ' تیرے حسرت پا بوس میں

بہ نہ کر مرہم سے ' داغ سینۂ پر نور کو
کوئی بجھاتا ہے ارے ظالم چراغ طور کو
داغ نے دل کو مرے ' تنہا نہ چھوڑا ایک دم
زخم سینہ سے سدا اُلفت رہی ناسور کو

نہ جا اس بزم سے ہرگز ' جھٹک مت طرف داماں کو
نہ دے برباد اے ظالم ! غبار خاک ساراں کو
ہوا دست جلوں سے تار تار ' از بس کہ پیراہن
گریباں ڈھونڈھے ہے دامن کو اور دامن گریباں کو

تم نے تو منہ چھپایا ' اِس زلف عنبریں میں
یہ شام غم ہماري ' اب کس طرح سحر ہو ؟

میں رکھا ہے ابرو کماں کے نشاں کو
ھما ! چھیڑیو مت ' مرے استخواں کو
گلوگیر ہے ' یاں تلک ناتوانی
کہ سینے سے لب تک نہیں رہ فغاں کو
اُڑائی زبس خاک ' ماتم میں دل کے
کیا ہم نے آخر زمیں ' آسماں کو

نوح ! کشتی سے خبردار کہ یاں چھاتی سے
مرہم تازۂ ناسور کہن چھوتے ہے

کس کی نیرنگی ؟ یہ برق خاطر مایوس ہے
جو شرر دل سے اُٹھا ' سو جلوۂ طاؤس ہے
صبر و طاقت تو کبھی کے کوچ یاں سے کرگئے
اب وداع ننگ ہے اور رخصت ناموس ہے

لے گئی یک بارگی ' گور غریباں کی طرف
جس جگہہ ' جان تمنا سو طرح مایوس ہے
مرقدیں دو تین دکھلا کر لگی کہنے مجھے
یہ سکندر ہے ' یہ دارا ہے ' یہ کے کاؤس ہے

سینہ اُس کا ہے، دل اُس کا ہے، جگر اُس کا ہے
تیر بیداد جدھر رخ کرے، گھر اُس کا ہے
اُس گلی سے جو کوئی گذرے سو جی سے گذرے
دیکھ! اس راہ نہ چل، راہ گذر اس کا ہے
لخت دل، نوک مژہ پر نہ سمجھ اے ہمدم!
تخم غم، دل میں جو بویا تھا ثمر اُس کا ہے

نہ تھی تاب نگہ، جب لگ گیا وہ دور آنکھوں سے
نہ ہونا چشم کا بہتر تھا ایسی کور آنکھوں سے
زباں '' قدرت '' کی ضعف ہجر سے از بس ہے لکنت میں
اشارت بات کی کرتا ہے جوں رنجور آنکھوں سے

کر اقلیم قناعت کا سفر، تا تجھ پہ روشن ہو
کہ چشم مور سے بھی تنگ تر، ملک سلیماں ہے
لب '' قدرت '' سے جز فریاد کچھ ریزش نہیں کرتا
یہ کچھ شاعر نہیں ہے، اپنے دل کا مرثیہ خواں ہے

نہ واقف کارواں سے ہوں، نہ کچھ آگاہ منزل سے
کیا میں وادی الفت کو طے، اک جذبۂ دل سے
گئے وے دن کہ بہتے تھے پڑے نالے ان آنکھوں سے
سر مژگاں تلک، اک اشک اب آتا ہے مشکل سے

فلسفت بوجھ ملا کو، یہ عالم ایک افسوں ہے
کدھر فرہاد شیریں ہے، کدھر لیلےٰ و مجنوں ہے
تو کیا سامان پوچھے ہے کہ تجھ بن کھونکر گذرے ہے
یہ سر ہے اور زانو، آستیں اور چشم پر خوں ہے

آساں نہ کٹے گی، یہ جدائی کی جو شب ہے
مشکل ہے، قیامت ہے، مصیبت ہے، غضب ہے

دلِ گم گشتہ خبردار! کہ یاں سینے میں
تیر بیداد سدا درپئے جاسوسی ہے

جس جگہہ جلوہ ترا، مایۂ مدہوشی ہے
یاد میں اپنی اگر ہے تو فراموشی ہے
آہ یہ کون سی منزل ہے کہ رکھتے ہی قدم
نقش پا سے، مرے سجدے کو ہم آغوشی ہے

سر گشتہ، ترے لیے جہاں ہے — اے خانہ خراب، تو کہاں ہے
جو زخم کہ ہوچکے نہ ناسور — وہ زخم نہیں، وبال جاں ہے
جو نقش قدم ہے اس زمیں پر — آئینۂ حال رہ رواں ہے
"قدرت"! ٹک کھول چشم عبرت — گر فکر سراغ رفتگاں ہے

اشک اب آنے سے کچھ تھم رہے
لخت دل مژگاں پہ شاید جم رہے

اب تو اس منزل سے نہیں اُٹھتے قدم
همرهاں! آگے چلو تم، هم رهے

هر آن اک ستم هے هر لحظه اک جفا هے
کوچه ترا هے ظالم، یا دشت کربلا هے

ملتا نهیں کسي سے، اس پر هے کیا مصیبت؟
یا رب یه دل همارا کس سے جدا هوا هے

هو گردباد جدهر، هم کو اُدهر هے جانا
صحرا میں گم رهوں کا یه خضر رهنما هے [۱]

مائل

میر محمدی نام، دهلي کے رهنے والے تهے - غزل گوئی میں ایک خاص انداز کے مالک هیں - قدرت‌الله قدرت کے شاگرد تهے -

اتنا میں مرکے دل سے ترے دور هوگیا
ایک دن بهي آکے تو نه سر گور هوگیا

---

[۱] تذکرهٔ مصحفي - گلشن بے خار - گلشن هند - نکات‌الشعرا - تذکرهٔ میر حسن - سخن شعرا -

جلوہ کرنے مدرسے ھي میں تو اے جانا ! نہ تھا
دیر بھي دیکھا تو ترا خاص خلوت خانہ تھا
حال کھلنے کي نہ دي گریہ نے فرصت رات کو
آج پھر کہہ دو اسے " مائل " وہ کیا افسانہ تھا

بتوں سے مل کے گنواتا ھے دین و دل " مائل "
یہ کافر ' آہ خدا کا بھي ڈر نہیں کرتا

نالے کو ھم نے ضبط کیا ' ناصحا ! تو کیا
منہ سے تو رنگ زرد ' چھپایا نہ جائے گا

اشک کي طرح گرا جب ' تو پھر اٹھنا معلوم
میں وہ اُفتادہ نہیں ھوں کہ سنبھل جاؤں گا

معلوم کچھ نہیں ' دل غمخوار کی خبر
کیا جانئے کہ کیا ھے مرے یار کي خبر
ھو جا نہ رفتہ رفتہ ' تپ عشق کارگر
" مائل " شتاب لے تو اس آزار کي خبر

کیا کیا کہوں میں تجھ سے دل زار کي ھوس
مشہور ھے جہان میں بیمار کی ھوس

عجب صحبت برار آتی ھے ' ان دونوں کی آپس میں
جدا اک دم نہیں رہتے ' جہاں ہو گل وہیں بلبل

سب یار ہیں تمہارے ' اغیار ہیں تو ہم ہیں
آنکھوں میں یاں سبھوں کے ' اک خار ہیں تو ہم ہیں
چلتا بھلا ھے تو تو ' پیارے ! تری بلا سے
آزار ھے تو ہم کو ' بیمار ہیں تو ہم ہیں

" مائل " سے یارو ' مرد مسلماں پہ ' یہ ستم
اللہ کا بھی ' اس بت کافر کو ڈر نہیں

پیاپے ساقیا ! دے مجھ کو بھر بھر جام گلشن میں
کہ دونا لطف رکھے ھے ' مے گل فام گلشن میں
مجھے آہ و فغاں ' ان ہم صفیروں کا خوش آتا ھے
وگرنہ مجھ سے دیوانے کا ھے کیا کام ؟ گلشن میں

نالے میں سب کے ' فرض کیا میں اثر نہیں
اے آہ صبح ! تو بھی تو کچھ کارگر نہیں

کچھ تعجب نہیں گر مر گیا " مائل " تیرا
یار کیا لگتا ھے انسان کے مر جانے کو

کہتا نہ تھا میں بار آ ہردم کی اس ہمنسی سے
آخر گیا نہ ظالم! اک بے گناہ جی سے

حزیں

(میر) محمد باقر نام، دہلي کے رہنے والے تھے غزلوں میں شہرہلي سے زیادہ گداز ہے، قریب قریب ہر صنف شاعري پر طبع آزمائي کي ہے - غزل کا خاص رنگ ہے - مرزا مظہر کے شاگرد رشید تھے - دیوان اُردو مرتب اور مکمل ہے لیکن کم یاب ہے [۱] -

---

ہے کہاں قدرت ہمیں یاں تک، جو ہم سے ہوسکے
نعت پیغمبر کی یا اس شاہ حیدر کي ثنا
جس طرح جي چاہتا ہے، ہو نہیں سکتی "حزیں"
حضرت استاد یعنی شاہ مظہر کي ثنا

غم نے آباد کیا خانۂ ویراں میرا
ابر مژگاں سے ہوا سبز بیاباں میرا

خوب سوجھا ہے مزا عشق میں رسوائی کا
معتقد دل سے ہوں، اس دل کی میں دانائي کا

---

[۱] گل رعنا -

یہ کہہ کر باغ سے رخصت ہوئی بلبل کہ یا قسمت
لکھا تھا یوں کہ فصل گل میں چھوٹے آشیاں اپنا

میں تو بندہ ہوں، تری جور و جفا کا لیکن
سخت دھڑکا ہے مجھے اس دل سودائی کا

شیریں نے دی تھی دل میں اگر کوہ کن کو جا
اس نے بھی جی کو دے کے، حق اس کا ادا کیا
نالاں نہیں ہے جور و جفا سے ترے "حزیں"
جو تو نے اس کے حق میں کیا سو بجا کیا

جو ہیں آنکھوں کے مخمور، ان کو مے خانے سے کیا نسبت
نگہ کے ہیں جو تشنہ، اُن کو پیمانے سے کیا نسبت
خبر لے یا نہ لے صیاد! ان کو دام میں مرنا
گرفتاروں کو تیرے آب اور دانے سے کیا نسبت

اس پر نہیں ہوا، یہ دل مبتلا عبث
ناصح! تک اُس کو دیکھ، مجھے مت ستا عبث

مری رنگیں کلامی کا ہے وہ گل پیرہن باعث
کہ ہو ہے بلبلوں کی خوش صفیری کا چمن باعث

" حزیں " ان شعلہ رخساروں سے ممکن جی کو لگا ہوگو
ہوئی آخر کو پروانے کے جلنے کی ' لیکن باعث

وہ نگاہ مست ہے اس چشم گریاں کا علاج
مے سے ہوتا ہے ' خمار مے پرستاں کا علاج

دیکھتا ہوں دیکھ کر الفت میں پروانے کی طرح
جی سے خوش آتی ہے مجھ کو اس کے مر جانے کی طرح
امتحاں نے کوہ کن کا ' کر دیا خانہ خراب
دیکھ لی شیریں کی ' ہم نے کام فرمانے کی طرح
نو بہار آئی " حزیں " اب کیجئے کیا جاں کا فکر
بے طرح مجھ کو نظر آتی ہے دیوانے کی طرح

دیکھنے میں اس کے ' کب آتی ہیں ایسی صورتیں
دیکھ کر تجھ کو ' نہ ہو آئینہ حیراں کس طرح

یہ شانہ زلف سے تیری ہے ' مو بہ مو گستاخ
نہ کر تو آپ سے ظالم ! ہر ایک کو گستاخ

کون دے گا ؟ دیکھ ! اس ماتھ کو دل مجنوں کی ملد
لی نہیں جائے گی محشر میں بھی ' اس کے خوں کی داد

گوارا ہوگیا دل پر ہمارے ' جور یار آخر
ہمیں رنج و الم سے ہوگئی صحبت برآر آخر

نہ ہو اے باغباں بلبل کو مانع گل کے ملنے سے
نہیں رہنے کی گلشن میں بہار آخر سدا ہرگز

خوب رو شاید مزا پاتے ہیں اپنے جور سے
اس قدر جو ' ان کو ہوتی ہے ستانے کی ہوس

شیشۂ دل کیوں نہ ٹوٹے عشق کے صدموں سے ہائے
اس بچـارے کو ہے ' اس بار گراں سے اختلاط

بے خبر ہوتے ہیں جو کہ ' عشق کی لذت ستی
وہ نہیں رکھتے ' مزے سے زندگی کی اطلاع

یہ تجلی حسن کی تیرے ' کہاں پاتی ہے ؟ شمع
دیکھ کر تجھ کو خجالت سے پگھل جاتی ہے شمع

بجھ گیا تھا مرگ سے مجنوں کی ' الفت کا چراغ
داغ نے میرے ' کیا روشن محبت کا چراغ

خجل رکھتی ہے ہم کو ناتوانی ' جور جاناں سے
یہ تھوڑا سا لہو ' اس تیر مژگاں کے نہیں لائق

نہ ہوتا اس قدر خوباں میں ' گر وہ تند خو نازک
تو کب ہوتی ؟ ہماری شاعری کی گفتگو نازک

آئی ہے نوبہار ' دھڑکتا ہے دل کہ ہائے
پھر شور و شر کرے گا یہ خانہ خراب دل

دے کر دل اپنا ' کیوں عبث افسوس اب کھاتا ہے دل
جاتا رہا جب ہاتھ سے پھر ہاتھ کب آتا ہے دل

فصل گل آخر ہوئی ' کیا دیکھ ہوں گے شاد ہم
کچھ کر ' اے صیاد ! اب ہوں گے نہیں آزاد ہم

اس بے وفا کے عشق سے کچھ مجھ کو جس نہیں
پاؤں تلک بھی ہائے مجھے دسترس نہیں
جس دن سے میں سنا ہے کہ آخر ہوئی بہار
اس دن سے چھوٹنے کی مجھے کچھ ہوس نہیں

کچھ کہا شاید اس نے قاصد سے
دل پہ میرے ' وہ اضطراب نہیں

نہ وصل میں اسے راحت نہ ہجر میں آرام
کسی طرح سے "حزیں" دل کو تمکیں قرار نہیں

لطف سے سرسبز کر اپنے محبت کا چمن
خشک رہتا ہے وفا بن ' جان الفت کا چمن
خاک پر میرے ترشح مت کر اے ابر بہار!
ہو رہا ہے اشک سے سیراب حسرت کا چمن

بے طرح دیوانگی پر ' عشق میں آیا ہے دل
دیکھئے ! اب زندگی کا کیا ؟ مرے اسلوب ہو

حال اے قاصد مرا ' جو کچھ کہ تو جانتا ہے دیکھ
اس طرح سے اس سے مت کہیو کہ وہ محجوب ہو

کچھ محبت میں نہیں ' عاشق بچاروں کا گناہ
دل کی گردن پر ہے سب دن ' دل کے ماروں کا گناہ
عاشقوں کے دل میں کب ہے ؟ صبر کی طاقت "حزیں"
نوحہ کرنے میں نہیں ' ان بے قراروں کا گناہ

میں چاہتا ہوں عشق چھپاؤں ' پہ کیا کروں
رسوا کرے ہے خلق میں ' یہ چشم تر مجھے

کچھ کٹے وصل میں ' کچھ ہجر میں گریاں گزرے
کیا مری عمر کے اوقات ' پریشاں گزرے

راحت نہ دل کے ہاتھ ' میں پاؤں کا ایک دم
جب تک کہ میرے ساتھ یہ خانہ خراب ہے

" حزیں " میں درد دل کا ' کس طرح ظاہر کروں اس سے
مجھے کہتا ہے ' " تیری بات مجھ کو خوش نہیں آتی "

وفا مہری ' اگر جور و جفا تجھ کو نہ سکھلاتی
تو کیا آرام سے ؟ یہ زندگانی ہائے کٹ جاتی [۱]

لطف

مرزا علی نام ' ان کے والد کاظم بیگ ' اسطرآباد (ایران)
، رہنے والے تھے ' مرزا کاظم بیگ نادرشاہ کے ساتھ ہندوستان آئے
ے اور دربار میں داخل ہوگئے فارسی کے اچھے شاعر تھے ۔

---

[۱] انتخاب حسرت ۔

" لطف " نے عرصۂ قلیل میں اُردو میں ایسی مہارت پیدا کی کہ ان کا شمار استادوں میں ہونے لگا - سلاست کے ساتھ جذبات تغزل کا اظہار کرتے ہیں زبان کا بھی لطف ہے اور محاورہ بندی کا بھی - انہوں نے اکثر ترکیب اور مضمون فارسی سے لیکر اُردو کو مزین کیا ہے - تذکرہ گلشن ہند نہایت تحقیق سے لکھا ہے [۱] -

پاس ناموس محبت ' فرض ہے پروانہ وار
شمع ساں ' سوز شب ہجراں زباں پر لائیں کیا
بلبل و گل میں وہ جوشش ' سرو قمری میں یہ ربط
گلستان دھر میں ' پھر دل کے تئیں الجھائیں کیا

چمن کو کل ' جو تری مے کشی کا دھیان رہا
ہر ایک پات کے کھڑکے پہ ' گل کا کان رہا
جو عمر خضر ہو شاید ' تو وصل ہوے نصیب
یہ زندگی جو تھی ' اس میں تو امتحان رہا

نہ کر ' اے بلبل دل سوختہ ! صیاد کا شکوا
کہ جاں بازوں کے دیں میں کفر ہے ' جلاد کا شکوا
نہیں شیریں پہ کچھ موقوف ' یہ قسمت کی خوبی ہے
زبان تیشہ سے کوئی سنے فرہاد کا شکوا

---

[۱] گل رعنا -

ایک دن ، حال دل زار نہ دیکھا نہ سنا
سچ تو یہ ، تجھ سا بھی دل دار نہ دیکھا نہ سنا
دیکھ، کل نبض مری ، رو کے لگا کہنے طبیب
کبھی میں نے تو یہ آزار نہ دیکھا نہ سنا

ہے اس شدت سے ، رنگینئ کوئے یار کا چرچا
کہ بھولا عندلیبوں کو گل و گل زار کا چرچا
ڈھکا رہ جائے اسرار محبت ، تو غنیمت ہے
ہوا ہے اب حکیموں میں ، مرے آزار کا چرچا
ہمیں ہے یار کے چرچے سے یہ فرصت ، کہاں ہمدم ؟
کہ اب دن رات بیٹھے کیجئے اغیار کا چرچا

زہے غفلت ! کہ ہم دنیا کو بزم عیش سمجھے تھے
کُھلی چشم حقیقت بیں ، تو کام اژدہا نکلا
نہ کر اے "لطف" ناحق رہ روانِ دہر سے حُجّت
یہی رستہ تو کھاکر پھیر ہے کعبے کو جا نکلا

فرہاد سا نہ رنگ ، نہ مجنوں سا کہا حال
کس منہ سے ؟ اُسے بھیجئے پیغام محبت

کیوں کر نہ بھلا ہمدم ! ہو زندگی اب مشکل
ہیں دل میں تو سو باتیں اور جنبشِ لب مشکل

اک آہ کے کرنے کو سو چاہئیں تمہیں
کس سے کہوں ؟ حال دل ' ہے آہ عجب مشکل
دو لاکھ بہانے ہوں ' نت روئیے دو آنسو
دو دن کا ہوا جینا ' ہم کو تو غضب مشکل

میں کیا ہوں باختہ رنگ ' اُس شعلہ رو کے آگے
مہتاب کے بھی منہ پر ' چھٹتی ہوائیاں ہیں
طاقت حباب ساں ' اک نظارہ کی ملی ہے
ان فرصتوں پہ ظالم یہ خود نمائیاں ہیں
اے "لطف" ! اس غزل پر کہنا بقول سودا
یہہ عاشقی نہیں ہے زور آزمائیاں ہیں

او میاں تیغ والے ! اور اک زخم
کب سے ہم ایڑیاں رگڑتے ہیں
برگ گل ' جس نمط خزاں میں جھڑیں
لخت دل ' یوں مژہ سے جھڑتے ہیں
بس غم یار ! اب نبڑ جلدی
ورنہ اب یار ہی نبڑتے ہیں

تم ہو ' بزم عیش ہے واں ' اور صحبت داریاں
ہم ہیں کنج غم میں یاں اور جان سے بے زاریاں
تم کو سیر باغ و گل گشت چمن کا واں ہے شوق
یاں بدن پر ہے ہجوم داغ سے گل کاریاں

دھیان ہے ' آرایش زلف پریشاں کا تمھیں
یاد ھیں حال پریشاں کی مرے ' کچھ خواریاں
یاں بہ رنگ پیکر تصویر ' ہم خاموش ھیں
گفتگو کی تم دکھاتے ھو وھاں طراریاں

نہیں یہ شیشہ ' مت اے محتسب مچادھومیں
دھرا ہے آبلۂ دل ' ھمارے پہلو میں
کب اپنی چشم میں طوفانِ نوح کو ہو قدر
نہاں ہے یاں ' وھی عالم ھر ایک آنسو میں
اگرچہ فرق زمیں آسماں کا ہے تاھم
ملے ہے وضع فلک کی بہت ' تری خو میں

گذر جا سر سے مانند قلم ' گر ہے سر شاہی
نہ آساں سمجھیو ' پانا سیہ بختی افسر کو
کبھی تو خاک ساروں کا بھی غم خانہ ' کرو روشن
نہیں گو کچھ بھی ' نقش بوریا تو ھوگا بستر کو

کیا ہم نے تو ترک مدعا کو ' مدعا اپنا
خدا توفیق بخشے نیک ' چرخ سفلہ پرور کو

نہیں معلوم ' کیا اس سینہ سوزاں میں پنہاں ہے
کہ ھر تار نفس ' جوں رشتۂ شمع ' آج سوزاں ہے

سری طرز سخن ' پہنچی کہیں اے '' لطف '' گلشن میں
نئے انداز سے ' بلبل چمن میں اب غزل خواں ہے

جس دن سے ہم ' جدوں کے ہیں داماں لگے ہوئے
دامن کی جا ' یہاں ہیں گریباں لگے ہوئے
اللہ رے تھد خانۂ ہستی ' کہ دم کے ساتھ
ہر اک قدم پہ لاکھوں ہیں زنداں لگے ہوئے
بارے ! چھٹے اسیر بلا ' اُس گلی میں آج
ہیں تودہ ہائے گنج شہیداں ' لگے ہوئے
بیمار کا ترے ' تو کھلا حال بعد مرگ
سینے میں زخم تھے کتنے ' پنہاں لگے ہوئے
رکھ ! سوچ کر قدم مری وادی میں گردباد '
پاؤں سے اپنے ہیں یہ بیاباں لگے ہوئے

خورشید کی بھی آنکھ فلک پر جھپک گئی
تک جو گرہ نقاب کی اس کے سرک گئی

سب کنارہ گیر ' اپنے اور بیگانے ہوئے
اب کی فصل گل میں ہم ' بے طرح دیوانے ہوئے
سنتے ہیں ' کی محتسب نے بیعتِ دست سبو
مژدہ ' مے نوشاں ! کہ پھر آباد مے خانے ہوئے

وہ خودفروش آگیا بارے چمن میں ' کل
بوئے خودی ' نکل گئی گل کے دماغ سے

ھوے' فضائے ھستي مرحوم کا ہرا
کلنج عدم میں کاٹتے تھے کس فراغ سے ؟

گردش چشم بتاں کے' بس کہ سافر نوش تھے
گردش گردوں کو' ھم کہتے تھے گردش جام کي
جب سے کھینچا "لطف" رنج فرقت یار و دیار
اب ھوئی معلوم' مصیبت گردش ایام کی

کیوں دل پہ مرے جادو' ان آنکھوں کا نہ تھن جائے ؟
جس پر کہ پڑے آنکھ' سو دیوانہ سا بن جائے
بے چین بہت' "لطف" کی ھے کل سے طبیعت
اللہ کرے' آج وہ روٹھا ھوا من جائے

اِدھر سے جتني یگانگت کي' اُدھر سے اُتني ھوئي جدائی
بڑھائي تھوڑي سي جب اِدھر سے' بہت سی تم نے اُدھر گھٹائی
نہ ھم سے بگڑو نباہ دو جی! نہیں ھے کچھ تم کو دھیان اس کا
کہے گی خلقت' کہ ھوچکي بس' وہ دیکھو دونوں کی آشنائي

(رباعیات)

جلت سے کہے بزم' مري ہو دیکھو ؟
یوں جام کہے جم سے' کہ مجھ کو دیکھو
ھر آئینہ' آئینہ مدل کا تیرے
کہتا ھے سکندر سے' کہ مجھ کو دیکھو

ملہ رکھتے ہیں کیا ؟ صاحب تاج و دیہیم
جو خاک نشینوں کے تئیں جانیں سقیم
ہم ' آنکھ اُٹھا دیکھیں نہ گردوں کی طرف
گر خم نہ ہو ماہ نو برائے تعظیم [۱]

رنگین

(مرزا) سعادت یار خاں نام ' ان کے والد مرزا طہماسپ بیگ توران کے رہنے والے تھے ' لاہور آئے اور نواب حسین الملک کی سرکار میں ملازم ہوئے -

رنگین سرہند میں پیدا ہوئے ' دہلی میں تربیت پائی شہ سواری ' تیراندازی میں کمال تھا ' گھوڑوں کے بہت اچھے معالج تھے ' اکثر شاہزادوں کے مصاحب رہے ' کبھی کبھی تجارت بھی کرتے تھے ' شوخی اور بذلہ سنجی میں مشہور تھے ' زبان کے چٹخارے زیادہ ہیں ' لیکن مضمون آفرینی سے بھی نہیں چوکتے ' کلام میں گداز بھی ہے -

تصانیف میں چار دیوانوں کا مجموعہ ہے دواوین کے نام ریختہ - بیختہ - آمیختہ - انگیختہ ہیں ان کے سوا اور بھی کتابیں ہیں -

ایجاد رنگین - فرس نامہ - رنگین نامہ - مجالس رنگین - مثنوی دل پذیر - اپنی اپنی جگہ پر مقبول اور قابل قدر ہیں - ایجاد

---

[۱] گلشن ہند - دیوان لطف -

رنگیں میں چھوٹی چھوٹی حکایتوں کے ذریعہ سے اخلاق کي تعلیم دی ہے - حاتم کے شاگرد تھے - سنہ ۱۲۵۱ ھ میں وفات پائي [۱] -

---

کر اپنے دل میں تو انصاف ' میں روٹھا رھوں کیوں کر ؟
گلے میں ڈال کر با نہیں منانا تیرا ' یاد آیا

تا حشر رھے ' یہ داغ دل کا　　یارب ! نہ بجھے چراغ دل کا

کیا کرتے ھو ناصح ! تم نصیحت رات دن مجھ کو
اسے بھي ایک دن تم جا کے سمجھاتے تو کیا ھوتا ؟

کھینچ لائي ھے اسے ' اے کشش دل تو یاں تک
بارے صد شکر کہ تجھ کو بھی یہ مقدور ھوا

قسم ھے ایک عالم کو ' رُلا دیتا ھے اے " رنگیں "
وہ اس کي جھڑکیاں کھاکر ' ترا مجبور ھوجانا

جو لکھا تھا ' اُس نے ' وہ تو پڑھ لیا اے نامہ بر !
اب یہ جي میں ھے کہ لیں حرف زبانی کا مزا
لذت اُس کے تیر کي ' " رنگیں " ! بیاں کس سے کروں ؟
میں نے پایا ھے کچھ ' اس درد نہاني کا مزا

---

[۱] مہر جہاں تاب -

پابوس یار کی ہمیں حسرت ہے اے نسیم!
آہستہ آئیو تو ہمارے مزار پر

رہروانِ عدم، ذرا ٹھہرو!
ہم بھی چلتے ہیں ساتھ، دم لے کر

راکھ کا اک ڈھیر دیکھا اور کچھ پایا نہ خاک
اپنے سینے میں بہت سی، میں نے کی دل کی تلاش

مجھ سے ہے کعبہ و بت خانے کی یارو! رونق
نظر آتا ہے مجھے دونوں جگہ جلوۂ حق

کل شام کو، "رنگیں" سے کہیں آنکھ لڑی تھی
سر کے نہیں وہ، روزن دیوار سے اب تک

زاہد! بتا کہ کعبے میں کیا دیکھتا ہے تو؟
جاتے ہیں دیر میں تو صنم دیکھتے ہیں ہم

تو نہ گزرے گا جفا سے تو، یار!
جان سے اپنی گزر جائیں گے ہم
تیری دہلیز پر، اپنے سر کو
ایک دن کاٹ کے دھر جائیں گے ہم

دم کہیں لیں گے نہ پھر ' تابہ عدم
تیرے کوچے سے اگر جائیں گے ہم
زیست باقي هے ' تو اپنا '' رنگیں''
نام اس عشق میں کر جائیں گے هم

گرم اِن روزوں میں ' کچھ عشق کا بازار نہیں
بیچتا دل کو هوں میں ' کوئی خریدار نہیں

دل وہ کیا دل هے کہ جس دل میں کوئي یار نہیں
یار کیا یار هے جو یار کہ دلدار نہیں
غم وهي غم هے کہ جس غم سے بھرا هو سینہ
سینہ کیا سینہ هے جو سینہ کہ افگار نہیں

هم رهے کنج قفس میں ' فصل گل جاتي رهے
اب ' کہو چشم رهائي کیا رکھیں صیاد سے ؟

چاہ کر هم اُس پری رو کو جو دیوانے هوئے
دوست ' دشمن هو گئے اور اپنے ' بیگانے هوئے
پھر نئے سر سے یہ جي میں هے کہ دل کو ڈھونڈھئے
خاک کوچے کی تري ' مدت هوئی چھانے هوئے

دل کو کوئی کس طرح سنبھالے
یاں جان کے پڑ رہے ہیں لالے

روح نے جسم پر، گرانی کی اب یہ حالت ہے ناتوانی ہے

خوب ہے ایک سے ، دنیا میں جو محبوب ہے
پر جو ہم نے خوب دیکھا تو وہی کچھ خوب ہے

ہر گھڑی دھیان اُدھر ، اے دل نادان نہ جائے
ہے یہی خوب کہ یہ بات کوئی جان نہ جائے
جوش سودا میں تو واشد نہیں ہوتی دل کو
جب تلک ہاتھ مرا ، تابہ گریبان نہ جائے

تشنہ کاموں کو بھی کرنا ، ایک دو قطروں سے یاد
جب کہ تو لبریز ساقی ! ساغر صہبا کرے

" رنگیں " اک وضع پر گذارا نہ ہوا - دنیا میں آہ
گذرا جو کچھ ، وہ پھر دوبارا نہ ہوا - ہر شام و پگاہ
چاہا ہم نے بہت نہ چاہا اس نے - مجبوری ہے
چاہا اس کا ہوا ، ہمارا نہ ہوا - اللہ اللہ

رباعی

اے موجب عیش و شادمانی پھر آ
اے باعث لطف زندگانی پھر آ
میں ہوں ترے بن، چشم خوباں میں ذلیل
پھر آ تو اب اے میری جوانی پھر آ [۱]

نمونہ مثنوی ایجاد رنگیں :—

حمد باری

ہوسکے ہے حمد کیا، اس پاک کی
پاک کی، جس نے یہ صورت خاک کی
سوخت ہوں جس جا، ملائک کے بھی پر
اس جگہہ میں کر دیا اس کا گذر
یاں تلک رتبہ دیا اس خاک کو
کر دیا فرماں میں ہفت افلاک کو
واقف اسرار اس کو کر دیا
تھا جو نور معرفت، سو بھر دیا
کنج مخفی میں جو تھا اسرار غیب
اس پہ ظاہر کو دیا بے شک و ریب
پھر "نفخت فیہ" فرمایا کسے
جز بشر، یہ حکم آیا ہے کسے
بے ستوں، برپا کیا افلاک کو
اور پانی پر بچھایا خاک کو

---

[۱] انتخاب حسرت —

پھر پکو نے جب لگا وہ رنگ فرش
کوہ کے ' اس پر رکھے تب سنگ فرش
صانع قدرت نے جس دم کی رقم
صفحۂ تقدیر پر لے کر قلم
کن کے کہتے جس گھڑي بنیاد کی
صورت کون و مکاں ایجاد کي
عاشق و معشوق کو پیدا کیا
ایک اوپر ' ایک کو شیدا کیا
طوق قمري کي دیا گردن میں ڈال
سرو کا ' دل میں رکھا اس کے خیال
کر دیا خاکستري ' اس کا لباس
اس کو بھي آزاد رکھا ہے اُداس
شمع کا جو کچھ کہ ہے سوز و گداز
دل پہ پروانے کے کھولا اس کا راز
یہ ادھر جلتا ہے اس پر ہر گھڑی
دیکھ کر روتي ہے اس کو وہ کھڑي
کر دیا معشوق ہر ایک گل کو پھر
عاشق اس کا کر دیا بلبل کو پھر
وہ تو ہے نالاں اُسی کے شوق میں
ہے گریباں چاک وہ بھي ذوق میں
اپنا مظہر ' پھر محمد کو بنا
نور سے اپنے اُسے پیدا کیا
کیا کہوں ؟ نعت اُس شہ لولاک کي
جس کے باعث ہے ' یہ عزت خاک کي

اس کی هستی کا نه هوتا گر سبب
تو یه مخلوقات ' کچھ هوتی نه تب

حکایت طوطا

ایک طوطا بولنے میں طاق تھا
اس کا پڑھنا شهرۂ آفاق تھا
شعر اچھے ' یاد تھے اس کو هزار
اور لطیفے بولتا تھا بے شمار
پوچھتا جو اس سے جو کچھ ' وہ شتاب
بات کا اس کے وهیں دیتا جواب
هر سخن اس کا تھا ' مصری کی ڈلی
بات اس کی سب کو لگتی تھی بھلی
گھولتا تھا قند ' هر اک بات میں
سو اُپج لیتا تھا ' دن اور رات میں
کیا کهوں وصف ؟ اس کی میں تقریر کا
تھا وہ مشغولا جوان و پیر کا
مالک اس کا ' ایک اهل هند تھا
پر بهت بد و ضع مرد رند تھا
اپنے افعالوں سے هوکر منفعل
ایک دن رونے لگا ' وہ سنگ دل
بولا طوطا ' بے سبب روتا هے کیوں ؟
تو خلاف عادت ' اب روتا هے کیوں ؟
بولا وہ ' اے مرغ دل‌کش خوش نوا
دردعصیاں کی دوا مجھ کو بتا

کہہ تو تو ' اس درد کو کہتا ہے کہا
ہوسکے مطلق نہ جس کی کچھ دوا
بولا طوطا جو ہیں دکھ ' دنیا میں آج
کوئی اُن میں تو نہیں ہے لا علاج
اور لگا کہنے کہ یہ آ ساں ہے
جو نہ جانے اس کو ' وہ ان جان ہے
آج تک تو ہیں کھلے ' توبہ کے در
حق سے ڈر کر ' دل میں استغفار کر
جب خدا نا کردہ ' ہو جاویں گے بند
تب نہیں ہونے کی توبہ سود مند
فرق گو عصیاں میں ہے ' سرتا بہ پا
پر اُمید عفو سے ' مت ہاتھ اُٹھا
کچھ خلل اپنے نہ لا ' اوسان میں
ہے لکھا '' لا تقنطو '' قرآن میں [۱]

نثار

محمد امان نام ' سعادت‌اللہ معمار کے بیٹے اور '' اُستا '' معمار کی اولاد میں تھے ' جامع مسجد دہلی اِنھیں کی بنائی ہوئی ہے - دہلی کے رہنے والے تھے -

دہلی پر جب آفت آئی تو یہ لکھنؤ چلے آئے ' یہاں ان کی عزت ہوئی - غزل کی ضروریات ' کلام میں موجود ہیں الفاظ

---

[۱] نسخۂ قلمی ایجاد رنگین -

..مانی سے زیادہ لاتے ہیں، اپنے رنگ خاص کے استاد ہیں، شاہ حاتم کے شاگرد تھے -

---

گہوارے میں آپ اپنے، وہ جھولے ہے شب و روز
انسان میں یہ دم، نہیں آتا ہے نہ جانا
ہے نام "نثار"! اپنا حقیقت میں بھکاری
اور اسم شریف اس کا جو پوچھو تو ہے داتا

اک ایک سے کہا کہ مجھے چاہتا ہے یہ
خانہ خراب تو مرا پردہ اُٹھا گیا
اس سر زمیں پہ لاکے مجھے، آج آسماں
سجدے کو تیرے نقش قدم کے، بٹھا گیا

کیا فسوں تونے خدا جانے، یہ ہم پر مارا
تجھ سے پھرتا نہیں دل، ہم نے بہت سر مارا

تجھ سوا کوئی نہیں عشق بتاں میں یارب!
زور بازو کا بھروسا ہے نہ زر کا تکیا
ضعف کا کام کھلنچا، اب تو بہت دور "نثار"
پنبۂ داغ کیا ہم نے، جگر کا تکیا

بگڑ نہ مجھ سے ' میں دیکھوں ہوں پاک نظروں سے
کچھ اور جی میں نہ لے جا ' کدھر گمان گیا

اچھا نہ ہوگا بیمار ' اُس چشم سرمہ سا کا
بس اے طبیب بس کر ! دیکھا اثر دوا کا
اقبال زخم سینہ ' ہے بر سر ترقی
شاید کہ تیر تیرا ' رکھتا تھا پر ہما کا

ہوگئی عید مرے کلبۂ احزاں میں " نثار " !
اس صنم کو جو مرے گھر میں خدا لے آیا

غیر ہمدم ہو گیا اور ہم ہوے دم میں جدا
واہ وا اے چرخ برہم ! کیا کیا تھا ' کیا ہوا

ہے جو سینے میں جگر ' دھکے ہے انگارا سا
دل جو پہلو میں ہے ' بے تاب ہے وہ ' پارا سا
دل کہیں ' دیدہ کہیں ' جی ہے کہیں ' جان کہیں
گردش چرخ میں ہر ایک ہے ' آوارا سا

ہم چھین لیں گے آئینہ ' مت دیکھ اپنی انکھڑیاں
اے شوخ تو بیمار ہو ' کیوں کر یہ دیکھا جاے گا ؟

کہتا ہے یار مجھ سے ' تو ساتھ مت پھرا کر
میں بھی خراب ہوں گا ' تو بھی خراب ہوگا

دل سے ترا خیال ' کوئی کیا اُٹھاے گا
یہ نقش کالحجر ہے ' اسے کیا مٹائے گا
میری طرح دیا ہے جسے حق نے داغ عشق
کس واسطے چراغ ' وہ گھر میں جلاے گا

حیف صد حیف ' ہمیں بھول گئے بندہ نواز
ایک پرزہ نہ کسی روز رقم فرمایا

منظور ہے جو تم کو ' ہم زخمیوں کا جینا
تار نگہ سے پیارے ؛ سیئے کے زخم سینا
گو عید کو نہ آئے تو بعد ہی کو ملئے
اے رشک ماہ ! خالی جاتا ہے یہ مہینا

گالی رہی اُدھر سے ' اِدھر سے دعا رہی
اُس کا رہا یہ قول ' ہمارا یہ ڈھب رہا
جانے دے مال و جان ' دل و دیں گیا تو جائے
اپنی جو ایک آن رہی یاں ' تو سب رہا

خبر رہی نہ مجھے تن بدن کی اُس جب
مری خبر کے لگے، تب وہ بے خبر آیا
پھرے تھا دامن صحرا میں، جیب چاک کئے
"نثار" شہر میں آیا، تو راہ پر آیا

کس جفاکار سے ہم، عہد وفا کر بیٹھے
آخر اس بات نے، اک روز پشیمان کیا
آج بولا وہ صنم مجھ سے، مبارک ہو "نثار"
تیری مشکل کو خدا نے ترے، آسان کیا

چھوڑا جو کام باقی، پھر جیب میں رفو کا
اے پنجۂ جنوں! ہم جانیں گے تجھ کو چوکا
وہ خود بہ خود جو یاں تک آوے، تو زندگی ہے
ہم کو تو اب نہیں ہے، مقدور جستجو کا
کیا قہر ہے؟ میں جس کی دیدار کا ہوں تشنہ
وہ تشنہ ہو رہا ہے یارو! مرے لہو کا

اُمید شفا ہے لب جاں بخش سے، اس کو
شرمندۂ عیسےٰ نہیں بیمار تمہارا
ہے نام رہائی سے جسے ننگ، جہاں میں
محبوس سو وہ کون؟ گرفتار تمہارا

دل گرا چاہ زنخنداں میں ، سنبھالا نہ گیا
سامنے آنکھوں کے ڈوبا ، پہ نکالا نہ گیا

صورت لکھوں کہ ناز لکھوں یا ادا لکھوں
مانی کہے ہے دیکھ تجھے ، آہ کیا لکھوں ؟

شاید کہ اُس گلي میں کسی سے لڑي ہے آنکھ
یہاں بیٹھنا "نثار" ترا بے سبب نہیں

عید کا چاند ہوگئے ہو تم کب کے ؟ ہم انتظار بیٹھے ہیں

اس شوخ ستم گر سے ابھی یار ہوئے ہیں
ہم تازہ مصیبت میں گرفتار ہوئے ہیں

کچھ بات "نثار" اس کي نگاہوں کي نہ پوچھو
یہ تیر ، کلیجے کے مرے ، پار ہوئے ہیں

روبرو ہوتے ہي اُس کے ، عقل ہوجاتی ہے گُم
کچھ کا کچھ بکنے لگوں ہوں ، بات کر آتي نہیں
آہ کس بے درد ، بے پروا کے ہم پھندے میں ہیں
سیکڑوں مرتے ہیں ، اس کو ایک کا بھي غم نہیں

نے دھواں دل سے اُٹھے ' یارو ! نہ پروانہ جلے
آتش خاموش ہوں ' مانند گلزار چمن
بلبل رشتہ بہ پا ' لٹکے ہے شاخ گل سے آج
سخت الجھیڑے میں ہے ' یارب ! گلھ گار چمن

جگر پہ ' عشق یہ کہتا ہے ' داغ دیتا ہوں
شب فراق ! میں تجھ کو چراغ دیتا ہوں

رات بہکی جو زباں ' یار کی ' مے نوشی میں
جو نہ کہنا تھا کہا ' عالم بے ہوشی میں
خط مرے یار نے ' واں جاکے لکھے سب کو "نثار"
رہ گئے ایک ہمیں ' ہائے فراموشی میں

اشک ہوئے ہیں اب تو ایسے ' ہم کو بہائے دیتے ہیں
تختی کیسی ؟ حیف یہ لڑکے ' دھوکے مٹائے دیتے ہیں

بہت کھوں لگ چلے اس سے ' جو ناحق جھڑکیاں کھائیں
وقار اپنے کو ' ہم نے کھو دیا بے امتیازی میں

شعلہ و پروانہ کا سا ' مہرے اس کے ربط ہے
آشناؤں کا نہیں یارو ! میں شب کا یار ہوں

مہتاب نے دیکھا ہے جو اُس پردہ نشیں کو
بدلی میں سے وہ جھانکے ہے، چھپ چھپ کے زمیں کو

یارو؟ مجھے سنا کے نہ تم اس کا نام لو
سر پھوڑ مر نہ جاؤں، مجھے پہلے تھام لو

لڑاتا ہے جو آئینہ سے وہ آنکھیں، لڑانے دو؛
اگر آتا ہے اپنے دام میں آپھی، تو آنے دو
ہمارا ہاتھ مت پکڑو، بہار آئی ہے جانے دو
گریباں کی، ہمیں اب دھجیاں یارو، اُڑانے دو

بد عہد ہو، بد قول ہو، گم راہ تمہیں ہو
ہاں سچ ہے کہ جھوٹوں کے شہنشاہ تمہیں ہو

کہاں رہا ہے مجھے؟ اپنے تن بدن کا ہوش
ہوا ہوں مست، تری پر خمار آنکھوں سے

رخ پر جو ترے، زلف سیہ فام نہیں ہے
یہہ صبح قیامت ہے، اسے شام نہیں ہے
ہر صبح، ترے در پہ نہ آبیٹھوں میں کیوں کر
ناچار ہوں، مجبور ہوں، آرام نہیں ہے

غنچہ ساں ' اپنی زباں لال ہے لاچاری سے
بول سکتے نہیں کچھ ' دل کی گرفتاری سے

مژگاں پہ ' جو انگشت نما لخت جگر ہے
اس ماہ سے ' یہ آنکھ لڑانے کا ثمرا ہے

شوق پروانہ کو اب مژدۂ مایوسی ہے
کیونکہ وہ پردہ نشیں شعلۂ فانوسی ہے

سینہ کاری جوں نگیں ' یارو ' ہمارا کام ہے
کوہ کن کی طرح ' اپنا بھی جہاں میں نام ہے

یاں تو جلدی ہے جی سے جانے کی دیر ہے بس تمہارے آنے کی
صورت نقش پا "نثار" ! اُسے آرزو ہے مرے مٹانے کی

تو غیر کے گھر جاکے بغل گرم کرے ہے
مرتا ہے جو تجھ پہ ' وہ دم سرد بھرے ہے

جل بجھے سینے میں دل ' لیکن نہ نکلے منہ سے آہ
در مقفل کر کے ' میں گھر کو جلادوں تو سہی

وہ سوئے خواہ جاگے ' جاویں گے کام کر کے
سرکیں گے هم تو اپنا قصہ تمام کر کے

اتراؤ بہت ' نہ پان کھا کے باتیں نہ کرو ' چبا چبا کے

گریہ و نالہ و فریاد و فغاں رکھتے هیں
عاشقوں میں هیں ' ترے هم سروساماں والے

کہتا ہے مبارک ' کوئي کہتا هے سلامت
هے روٹھ کے ملنا بھي ' ملاقات مزے کي

اے هم نشیں ! تمنا مت پوچھ میرے جی کي
اظہار کیا کروں میں ' هے آرزو کسي کی

هم کو تو یاد کوئي غزل هے ' نہ فرد هے
مصرعہ هے ایک یاد ' سو وہ آہ سرد هے

جوں سایہ ' ساتھ ساتھ پھروں کیوں نہ یار کے
هوں اختیار میں ' دل بے اختیار کے
تارے جو گن رہا هوں جدائي کی رات میں
گویا کہ هوں عذاب میں روز شمار کے

لبریز فغاں، ہجر میں تاچند رہوں میں
یہ عمر کا ساغر، کہیں اب جائے چھلک بھی

جگر تو ٹکڑے ہوا، تیغ غم سے کٹ کٹ کے
خدا کرے نہ کسی کا کسی سے دل اٹکے
ہر ایک تار میں، افسوں جدا جدا ہے ڈلا
ہزاروں یاد ہیں زلف نگار کو لٹکے
نہ سوکھ سوکھ وہ کانٹا ہو کس طرح سے "نثار"
کہ جس کے دل میں سدا خار غم پڑا کھٹکے

بے کار کبھو رات کو بھی میں نہیں رہتا
جوں شمع، مجھے تا بہ سحر مشق فنا ہے
کیا قہر ہے ہم دیکھ کے خوش ہوتے ہیں جس کو
سو اس کی یہ صورت ہے کہ صورت سے خفا ہے

معلوم حال میرا، یارو تمہیں نہیں ہے
بیٹھا تو ہوں میں تم میں، پر دل مرا کہیں ہے

آ بنی ہے اب "نثار" ناتواں کی جان پر
دیکھنا تک اے دل نا کام، تیرے واسطے

اُس آئینہ طلعت کي ' اب مجھ سے یہ صورت ہے
ظاہر میں صفائي ہے باطن میں کدورت ہے

ہم سے کیا پوچھتے ہو ؟ گوہر دل کی قیمت
ہم نے مختار کیا آپ ہي ٹھہرا دیجے

تھا جنھیں حسن پرستي سے ہمیشہ انکار
وہ بھي اب طالب دیدار ہیں ' کن کے ؟ ان کے

خنجر نہ کمر میں نہ وہ تلوار رکھے ہے
آنکھوں ہي میں چاہے ہے جسے ' مار رکھے ہے

ہے درد سے بےکل' جو ترا چاہنے والا
پہلو میں مگر دل کی جگہہ ' خار رکھے ہے

کہتا ہے کوئی برق ' کوئی شعلۂ آتش
اک دم جو ٹھہر جائے ' تو اک بات ٹھہر جائے

بوندوں کی جتا کھولے ' آتي ہے گھٹا کالي
لا ساغر مے ساقي ' بدلی بھي ہے متوالي

سیماب ہے یا شعلۂ آتش ہے الٰہی
کیا چیز ہے سینے میں کہ دل جس کا لقب ہے

کیا کام ہوا ہم سے خدا جانئے ایسا
اپنا ہی، جہاں سنتے ہیں مذکور رہے ہے

نقاب اپنے منھ سے اُٹھا دے اُٹھا دے
تجلی کا جلوہ دکھا دے دکھا دے

جانے کا اپنے نام نہ لو تم، زبان سے
تم شہر سے گئے، تو گئے ہم جہان سے

یارو معاف رکھیو درخود نہیں رہے ہم
اب اختیار، اپنے ہاتھوں سے جارہا ہے

دل نہیں، ہوش نہیں، صبر نہیں، تاب نہیں
اب وہ، کس چیز کی خاطر مرے گھر آتا ہے؟

انکار تو نہ کر؛ مرے ہاتھوں سے پان لے
کافر! خدا کے واسطے یہ بات مان لے

اگر جھولے تو میرے دل کے جھولے میں تواے ظالم!
رگ جاں، سے ترے جھولے کو، میں رسی بنائی ہے

تجھ بن، چمن کي سیر سے، کیا یار لے گئے
جوں لالہ، داغ سینے پہ دو چار لے گئے

حسرت

جعفر علی نام، ابوالخیر عطار کے بیٹے اور لکھنؤ کے رہنے والے تھے - معمولی تعلیم پائي تھی لیکن شعر و سخن سے فطری مناسبت ہونے کي وجہہ سے مہارت اور کمال پیدا کر لیا تھا - زندگی کا بڑا حصہ فراغت سے گزرا، آخر عمر میں فقیری کے رنگ میں آکر گوشہ نشیں ہو گئے تھے - مشہور ہے کہ جس قدر ان کے تلامذہ تھے کسي شاعر کو نصیب نہ ہوے، اشعار میں جذبات کي موجیں ہیں، خیالات بلند اور پاکیزہ ترکیبیں موزوں ہیں، بندش چست، بے ساختگی اور انداز بیاں بہت دلچسپ ہے -

راے سرب سنگھہ دیوانہ کے شاگرد اور جرأت اور خواجہ حسن کے سے مشہور اساتذہ فن کے استاد تھے - سنہ ۱۲۱۷ ھ میں وفات پائي [۱] -

---

کیوں مرے خون سے شمشیر کو آلودہ کیا
آپ نے رنج اُٹھایا، مجھے آسودہ کیا
زیست میں بادہ کشي، حسن پرستی سے مرا
اس سوا جس نے کیا کام سو بے ہودہ کیا

---

[۱] - گل رعنا - گلشن ہند -

یوں خزاں آئی چمن پر ' ہائے بلبل کیا ہوا ؟
لالہ و سوسن کہاں ہیں ؟ سنبل و گل کیا ہوا

دل پر نہیں اختیار اپنا ۔ افسوس ! گیا قرار گیا
کی دل نے بھی آہ بے وفائی کوئی نہیں غم گسار اپنا
تو آنے کو یاں کے ' دن گنے ہے ہم کرتے ہیں ' دم شمار اپنا
تیرا تو تب اعتبار کیجئے جب ہووے کچھ اعتبار اپنا

شاید اس کوچے میں جاکر ' وہ بھی کھو آیا حواس
بولے ہے بہکا ہوا ' پیغام بر کو کیا ہوا

مجھے ٹک سانس بھی ' یہ دردِ غم لینے نہیں دیتا
عجب کچھ درد ہے دل میں ' کہ دم لینے نہیں دیتا
اجل سو بار آئی ' رنج میرا دور کرنے کو
ولے احساں ' مجھے تیرا کرم لینے نہیں دیتا
تمنا خاک کو میری قدم بوسی کی ہے ' لیکن
چلے ہے بچ کے وہ ظالم ' قدم لینے نہیں دیتا

پھر ادھر قتل کو ' آنکھوں سے اشارا نہ کیا
جسم بسمل ہی رکھا ' کام ہمارا نہ کیا

اے دل! اگر تڑپنا تیرا یہی رہے گا
کاہے کو تو جئے گا کاہے کو جی رہے گا

رہنے دے مے کو ساقی! ہم تو چلے یہاں سے
قسمت میں جس کی ہوگا، سو جام پی رہے گا

کوئی اپنا، نہ آشنا دیکھا
جس کو دیکھا سو بے وفا دیکھا
بھولتا ہی نہیں وہ دل سے، اُسے
ہم نے سو سو طرح بھلا دیکھا

خدا حافظ ہے، کیوں محفل میں اُس کا نام آیا تھا؟
تڑپنے سے ابھی دل کو مرے، آرام آیا تھا

کیا مجال اس کی، کہاں تو اور کہاں میرا غبار؟
لگ چلا دامن سے، تیری مہربانی کے سبب
اپنے لب تو، وا کر اے خندۂ زخم جگر
چرخ دے گا لاکھ غم، اس شادمانی کے سبب

نہ تیغ یار سے گردن پھراؤں میں ہرگز
کہ عین لطف سمجھتا ہوں میں، جفائے حبیب
پتنگے شمع کے صدقے ہوں، بلبلیں گل پر
کوئی کسی کا فدا ہو، میں ہوں فدائے حبیب

دن تو کٹتا ہے شغل میں، لیکن
درد دیتا ہے زخم کاری رات

وصل ہے ' عیش کي آمد ہے ' ادھر آج کی رات
غم کا اس دل سے ہے ' آهنگ سفر آج کي رات
کل کو کیا جانئے ? صحبت یہ رہے یا نہ رہے
ساقیا ! جام جو بھرنا ہے تو بھر ' آج کی رات

آنکھوں میں دم تھا سو بھی چلا ' بے وفا ! پہونچ
آنا اگر ہے تجھ کو ' تو جلدي سے آ پہونچ

دیکھي نہ ایسي جنگ ' نہ میں زینہار صلح
سو بار دن میں لڑتے ہو اور سو ہی بار صلح
پسائے رقیب ' صلح کے اب درمیان ہے
کس طور سے رہے گی میاں پائیدار صلح

مجنوں ! ترے ہی پاؤں کے ' ٹوٹے ہیں آبلے
ہر نوک خار سرخ ہے ' دیکھا ہے بن ' بہ تر

حسن کی قسمت میں رہائي تھي ' چمن جا دیکھا
فصل گل بھي چلي ' ہم تو رہے زنداں میں هنوز
سیکڑوں بار کیا تو نے خراب اس دل کو
پر محبت ہے تري ' اس دل ویراں میں هنوز
سووے آرام سے ' کس طور ? کوئي زیر زمیں
فتنۂ عشق تو بیدار ہے ' دوراں میں هنوز

اپنی خاطر ، نہیں منظور رہائی مجھ کو
ہم ہوں آزاد تو ہو رنج سے آزاد قفس

مست میں تو ہوگیا ، تیری نگہہ سے ساقیا !
اب نہیں مجھ میں رہا ، مے اور پیمانے کا ہوش

قابل غارت نہیں ، اس خانۂ ویراں کی بساط
دیکھ لے دست جنوں ! میرے گریباں کی بساط

اتنی مجھے نہیں ہے دل و جاں کی احتیاط
منظور جتنی ہے ترے پیکاں کی احتیاط
گر ہے یہی بہار کی شورش ، تو ناصحا !
تجھ سے نہ ہوسکے گی ، گریباں کی احتیاط
وہ جس کو معصیت سے بچائے ، وہی بچے
"حسرت" ! نہ کام آئی کچھ انساں کی احتیاط

بہت مشتاق ہے سننے کا ، "حسرت"
کوئی تو منہ سے کہہ ، پھر خدا لفظ

جان جاتی ہے مری ، درد و الم سے کیا کروں ؟
آہ اے بے تابی دل ، وائے شورش ہائے داغ ؟

اک نظر دیکھا تھا کیا تجھ کو کہ آیا مجھ پہ ظلم
کیا کہوں میں ؟ ہوگئے سب اپنے بیگانے حریف

ہم کو نہ مرگ نے نہ قضا نے کیا ہلاک
اس کے ستم اور اپنی وفا نے کیا ہلاک

تری فرقت میں ہے شام و سحر مجھ کو ' عجب مشکل
جو شب کاٹی تو دن مشکل ' جو دن کاٹا تو شب مشکل
کرم سے کھول ! جو عقدے پڑے ہیں کام میں میرے
ترے آگے ہیں سب آساں ' مرے نزدیک سب مشکل
ابھی تو " حسرت " اس پر عشق یہ پوشیدہ ہے تیرا
وہ جب پہچان جائے گا تجھے ' ہووے گی تب مشکل

صبح روشن رہے ' گلشن میں مبارک گل کو
" حسرت " ! اپنی مجھے غربت کی ہے اس شام سے کام

آخر ترے غم میں ' مر گئے ہم
بھرنا تھا جو دکھ سو بھر گئے ہم
عقبیٰ کی بھی ' کچھ خبر نہیں ہے
دنیا سے تو بےخبر گئے ہم
کر تک تو اثر ' کہ اپنے جی سے
اے نالۂ بے اثر گئے ہم
شبنم کی مثال ' اس چمن میں
شب آئے تھے ہم ' سحر گئے ہم
واماندوں پہ دیکھئے کہ کیا ہو ؟
اپنا تو نباہ کر گئے ہم

نہ ہووے درد کیوں کر ؟ آہ صبح و شام پہلو میں
کہ دل لیتا نہیں اک آن بھی آرام پہلو میں

بھلادیں یار نے دل سے ہمارے اور بھی یادیں
عجب تاثیر یہ رکھتی ہیں اہل دل کی فریادیں

جو بےتابی ' دل عشاق کی باطل سمجھتے تھے
مرے سینے پہ آکر ان دنوں وہ ہاتھ دھر دیکھیں
لگیں تھیں آہ اک مدت سے جس کے ساتھ یہ آنکھیں
سو غائب ہوگیا آنکھوں سے اپنی ' اب کدھر دیکھیں
سدا آہٹ لگی رہتی تھی ہم کو ' جس کے آنے کی
سو کس امید پر اب ہائے ہردم سوئے در دیکھیں

نہ دیکھ اے شیخ تو ان کی طرف چشم حقارت سے
گدایان خرابات اک نگہ میں شاہ کرتے ہیں
قفس میں ہم نہیں کچھ بولتے صیاد کے ڈر سے
چمن کے مرغ ' نالے اپنے خاطر خواہ کرتے ہیں
سخن آورد کا " حسرت " نہ پہونچے درد کو ہرگز
کہ دل پر ' آہ نکلے ہے تو اس پر واہ کرتے ہیں

دشت میں کر ' چلنے کی تدبیر ہونا ہو سو ہو
توڑ دیوانے تو اب زنجیر ' ہونا ہو سو ہو

موت آجائے کہیں اس دل شیدائی کو
روز سمجھائے کہاں تک؟ کوئی سودائی کو
ناتوانی سے تڑپنے کی بھی طاقت نہ رہی
کس طرح کاٹیے یارب! شب تنہائی کو

ہرآن ہے مژگاں پر لخت جگر تازہ
یہ نخل محبت میں دیکھا ثمرِ تازہ

زنہار نہیں پیارے یہ وضع پسندیدہ
ہرآن ہو آزردہ ہروقت ہو رنجیدہ
آ نکلے اگر ایدھر، کیا کیجئے نثار اس پر
اک جان ہے سو والہ، اک دل ہے سو شوریدہ
ایک عمر ہمیں گذری وصلت کا نہ دن دیکھا
جاگیں بھی کہیں یارب! یہ طالع خوابیدہ

جگر سوزاں ہے دل بے تاب ہے اور چشم گریاں ہے
الٰہی! دن ہے میری مرگ کا یا شام ہجراں ہے
جو ایسا ہی دل دیوانہ میرے درپئے جاں ہے
تو پھر اک روز میرا ہاتھ اور اُس کا گریباں ہے

شروع عشق ہے اے ہم نشیں اور جوش سودا ہے
نہ کو زنجیر مجھ کو میں ہوں اور دامانِ صحرا ہے

نہیں چین ایک آن، کیا کیجئے؟
مفت جاتی ہے جان کیا کیجئے
تجھ سے کیا کہئے درد دل لیکن
نہیں رکتی زبان کیا کیجئے
آشیاں ہی اُجڑ گیا اپنا
رہ کے اے باغبان کیا کیجئے

موا بھی میں، تو تری چشم کی کبھو نہ گئی
یہ شکر ہے کہ گیا جی پہ آبرو نہ گئی
بہار ہو چکی اور شور بلبلوں کا گیا
مرے دماغ سے اس گل کی ھائے بو نہ گئی
غبار ہو کے صبا سے ملے کہ واں پہونچے
غرض کہ خاک ہوئے تو بھی آرزو نہ گئی
نہ جانوں کیا تجھے الفت تھی گل سے اے بلبل
کہ اپنے جی سے گئی، پر چمن سے تو نہ گئی

پٹکنے دے مجھے سر اس کے آستانے سے
خبر کروں ہوں میں اپنی، اسی بہانے سے
مثال نقش قدم، یاں سے اٹھ نہیں سکتے
تری گلی میں نہ جانا، بھلا تھا جانے سے
تسلی ہے دل بیمار کو ترے باعث
خدا کے واسطے مت اٹھ! مرے سرھانے سے

کسی کا حال کوئي پوچھتا نہیں ھرگز
وفا کا رسم اتھا " حسرت " ! اس زمانے سے

کھینچتا ھوں نالۂ جاں کاہ ' دل کے ھاتھ سے
آہ دل کے ھاتھ سے ' صد آہ دل کے ھاتھ سے

مجھ کو تجھ سے خدا ' جدا نہ کرے
تجھ سے میں ھوں جدا ' خدا نہ کرے
اُڑ گئي پر سے ' طاقت پرواز
کہیں صیاد اب رھا نہ کرے
تم جو کہتے ھو کہہ دو " حسرت " سے
آہ و فریاد یہاں کیا نہ کرے

سرشک و خون ' مري چشم سے ملے نکلے
مگر یہ پھوٹ کے سینے کے آبلے نکلے
تمام دن تھے جدا ' آہ شمع و پروانہ
ملے جو شب کو تو آپس کے سب گلے نکلے
سراغ پوچھوں میں کیا ؟ اشک و آہ کا دل سے
کہ اس دیار سے ھو ' کتنے قافلے نکلے

واعظ نے قیامت کي اک بات بنائی ھے
کہتے ھیں جسے محشر ' سو روز جدائي ھے

معلوم ہے مجھ کو کہ میں تجھ بن نہ جیوں گا
کیوں کر نہ کروں تجھ سے میں انکار جدائی

ترے بن، کس طرح یارب مري اوقات گزرے گی
الهي! دل کو بے تابي هے کیونکر رات گزرے گی

تمھیں غیروں سے کب فرصت، هم اپنے غم سے کم خالي
چلو بس هوچکا ملنا نہ تم خالي، نہ هم خالي

نہ تنہا مشت خس کے پھونکنے سے باغباں گزرے
همارے آشیاں سے برق بھي دامن کشاں گزرے
گذر اس کا ادھر هو یا ادھر اپنا گذارا هو
جو اپني گردشوں سے ایک دم بھی آسماں گذرے
جو کچھ شرط وفا تھي سو بجا لاے هیں هم دونوں
نہ گذرے تم ادھر اور اپنے جي سے هم یہاں گذرے

کہہ بیٹھے برا منھہ سے، بھلا اور بھي کچھ هے
دشنام هي دي جاتي هے یا اور بھی کچھ هے

همارے کام پہ هرچند، آسمان پھرے
تجھے قسم هے جو تو اس طرف کو آن پھریے

رونا نہیں جو یارو ! اپنا دیار چھوٹا
مرنا ہے یہ کہ ہم سے اب کوئے یار چھوٹا
قول و قرار اس کا ، جھوٹا ہوا تو غم کیا
غم ہے کہ اپنے دل سے صبرو قرار چھوٹا
رونے سوا نہیں ہے فرقت میں کام اپنا
یہ کام ہے کہ تجھ بن سب کارو بار چھوٹا

ضبط کر کے ہم قلق کو دل میں ، گھبرائے بہت
منع بے تابی کیا پر اس میں دکھ پائے بہت
دل کو لے آئے تھے اس کوچہ سے ہوکر ہم خفا
پر دل و جان ہم پہ اب مل کر بلا لائے بہت

جاتی رہي غم سے ' دل ناشاد کي طاقت
سو ظلم کرے وہ ' کسے فریاد کی طاقت

سو گئے تم ، ہمیں نہ آئي نیند　　کس طرح سوئے پرائی نیند
چشم گریاں ہے مفت میں یارو　　سیل میں اشک کے بہائي نیند

اے برق ! آشیاں پہ مرے تو گذار کر
جاوے اب اس چمن سے مري بود و باش کاش

دے تو بیٹھا وہ ناز سے گالي　　شرم سے پر نہیں اُٹھائي آنکھ

کچھ دل میں جلوں تیرے ارمان نہ رہ جاوے
کي جیب تو سو ٹکڑے دامان نہ رہ جاوے

(ساقي نامہ)

کیفي اس کے ھمک رھے ھیں
اللہ اللہ بک رھے ھیں
ہے شیشۂ عجب خلل ھوا ھے
دل آبلۂ بغل ھوا ھے
ساقي تجھے جام کي قسم ھے
مے خانے کے نام کی قسم ھے
اپني تجھے سر کشي کي سوگند
مت رکھیو خرد کا مجھکو پابند
ھردم ھے خزاں چمن کے درپے
لانا ھے تو لاوے ساغر مے
تجھ کو اپنی ادا کي سو گند
تجھ کو دل بے وفا کی سو گند
برسات کي بدلیاں یہ کالي
اور تو رکھے اپنا جام خالی
رہ جائے گي اتنی یادگاري
ھم سے ساقی نے کي نہ یاري [۱]

---

[۱] انتخاب حسرت -

قسمت

(نواب) شمس الدولہ نام و لقب بارگاہ قلي خاں کے بیٹے تھے مرثیہ اور سلام میں بقول مصحفي ید طولے رکھتے تھے ' غزل میں زبان اور محاورہ بندي کے علاوہ جذبات تغزل کم ھیں جعفر علی حسرت کے شاگرد تھے -

---

جوں ماہ منور ہو ' شب تار ھماري
'' قسمت '' ! وہ اگر چاندسی صورت نظر آوے

کہتے ھیں یوں چمن میں پھر آئی بہار گل
شکر خدا ' کیا تھا بہت انتظار گل

اگر تسبیح ھاتھ آتي نہیں ھے تیرے اے '' قسمت '' !
تو دانے توڑ ڈال اس کے کہ پھر زنار ھاتھ آوے

قاصد ! ترا گذر ہو اگر کوئے یار میں
کہیو نہ آرزو میں تري ' مرگیا کوئي

آتي نہیں کسي کي جو یارب صدائے پا
وا ماندہ گان قافلہ ' یارب ! کدھر رہے

آتا نہیں شب کو خواب، تجھ بن
بیداری ہے عذاب، تجھ بن
اے ماہ سپہر خوب روئی
سرگشتہ ہے آفتاب تجھ بن
سینے سے نکل پڑے گا گویا
ہے دل کو یہ اضطراب تجھ بن
"قسمت" کی بھی تجھ کو کچھ خبر ہے
دیکھا میں اسے خراب، تجھ بن

مرے اس خستہ دل کو پاس اپنے، یار رہنے دے
کوئی پوچھے تو کہنا میرے عاشق کی نشانی ہے

شب ہجراں ہے اور میں ہوں یہ آنکھیں اور آنسو ہیں
اذیت ہے، مصیبت ہے، نہایت ناتوانی ہے [ا]

ممنون

میر نظام الدین نام، فخرالشعرا لقب تھا، میر قمرالدین منت کے بیٹے تھے محمد اکبر شاہ بادشاہ دھلی کے استاد تھے۔ پانی پت میں پیدا ہوئے، دھلی میں تعلیم پائی، عرصہ تک لکھنؤ میں رہے۔

[ا] تذکرہ مصحفی۔

کلام میں روانی بھی ہے ، اور لطف بندش بھی ، تلمیحات تصوف و ضروریات تغزل دونوں موجود ہیں اپنے والد کے شاگرد تھے - مفتی صدرالدین آزردہ کے استاد تھے ، سنہ ۱۲۹۰ع میں وفات پائی -

---

دیکھ کے نور جمال ، سوچ کے کنہ کمال
مائل حیرت نظر ، قائل حسرت ، ذکا
باز ہو گر راہ دید ، تو ہے ہر اک سو پدید
آئینہ خانہ جہاں ، حسن ترا جلوہ زا

موسی دل رہ خموش ! دل ہی میں رکھ دل کے جوش
اس کے جھگڑے سے ہوش ، کس کے رہے ہیں بجا
پائے خرد آبلہ ، سعی بلا راحلہ
عرصہ گہہ معرفت ، بے سرو بے انتہا
خوں میں تپاں سو بہ سو ، جان دو صد آرزو
ہر طرف اس دشت میں ، معرکۂ کربلا
ترس مناجاتیاں ناز خراباتیاں
کر کے گمان غضب ، رکھ کے یقین عطا
سینہ ہے صندوق راز ، نطق کرے قفل باز
ایک ہے گنج ہنر ، ایک خزاین کشا
یہ جو ہے "ممنون" ترا ، بندۂ دل خوں ترا
تجھ سے ہی چاہے تجھے ، کس سے کرے التجا

تجھے ' نقش هستي مٹایا تو دیکھا
جو پردہ تھا حائل ' اٹھایا تو دیکھا
یہ سب ' تیرے هي حسن کا پرتوا ہے
نہ دیکھا تجھے ' تیرا سایا تو دیکھا

گماں نہ کیونکہ کروں تجھ پہ دل چرانے کا
جھکا کے آنکھ سبب کیا ہے مسکرانے کا
و فور گریہ ' ترحم ! هجوم نالہ ' کرم !
کہ ہے ارادہ ' اسے درد دل سنانے کا

الهي جیب ' کہ دامن کہ آستیں ' دھوؤں
مژہ نے سیکھ لیا ' شغل خوں فشانی کا

رشک اس پر ہے ' کہ یوں مر کر جو بسمل رہ گیا
سر قدم پر ' ھاتھ میں دامان قاتل رہ گیا
چل بسے پیش از سحر ' تھے جو رفیقان سفر
آہ اک سوتے کا سوتا ' میں ھی غافل رہ گیا

غش سے همیں افاقہ ' دم بھر کبھو نہ آیا
جب تک صبا کا جھونکا ' لے تیری بو نہ آیا

کیا کہہ گئے اطبا ' بیمار کو تمہارے
کہتے ہوں ' آسرے پر اس کو خدا کے چھوڑا
" ممدوں " ! مئے محبت ' پی سہل مت سمجھ کر
یہ جام ' کب کسی نے منھ سے لگا کے چھوڑا

سینے میں ایک نفس بھی ' نہ ترا تیر رہا
خون حسرت میں تڑپتا ' دل نخچیر رہا
ہائے رے بے کسی دامن و بے یاری جیب
کہ مرا دست جنوں ' بستۂ زنجیر رہا

غمزے نے کس کے ؟ تیغ لگائی کہ چشم میں
انداز صد نگاہ تمنا ' لہو ہوا

اس کی آنکھوں سے ستاروں کی نمک ریزی پوچھ !
صبح تک جس کا کھلا دیدۂ بے خواب رہا

گلہ میرا ہے ' رنگ چہرہ گونا گوں ہو مجلس میں
اشارہ غیر سے کرنا ' گلہ ہے جان من کس کا

تھا حسن میں نہ رنگ ادا کا ' نہ ناز کا
یہ نقش یادگار ہے ' آئینہ ساز کا

اے اشتیاق بہت صنم! تیرے ہاتھ سے
چھٹتا ہے ساتھ، راہروانِ حجاز کا
تصویر بت چھپائی ہے "مسلوں" نے سجدے کو
گوشہ اُلٹ کے دیکھو تو تک جانماز کا

کس بے ادب کو، عرض ہوس ہر نگہ میں تھی
آنکھ اس نے بزم میں، نہ اٹھائی تمام شب

لگ اٹھی آگ، قفس میں صیاد!
برق ہے، اپنے نفس میں صیاد!

یہ نہ جانا تھا کہ اس محفل میں دل رہ جائے گا
ہم یہ سمجھے تھے، چلے آئیں گے دم بھر دیکھ کر

آہ کس کا دل زخمی ہے نہ خاک، ہنوز
کہ نکلتے ہیں لئے گل، جگر چاک ہنوز

کیوں کریں؟ ہاتھ کو اب ہم سوئے مغرور، دراز
پاؤں، بیٹھے ہیں کیے ہم طرف گور دراز

دل خروشاں یہاں ہے، لب خاموش
خم سر بستہ میں بھرے ہیں جوش

کون محفل میں، اب ہوا ساقی
ہر طرف سے ہے، بانگ نوشا نوش

کیا عشق کی ہے صید گہ، یاں نیم زخم ناز کو
بے تاب اک جانب خضر، مضطر مسیحا اک طرف

ساتھ اپنے، گر گیا دل بے تاب زیر خاک
تو ہو چکا نصیب مجھے خواب، زیر خاک

اے برق بس اُلجھ کہ نہ اُڑ جائیں دھجیاں
دامن اُٹھا کے آئیو! اِس آشیاں تلک

ہے تیری بوئے عطر گریباں سے، مست گل
گل سے چمن، چمن سے ہوا، اور ہوا سے ہم

ہونے پایا مرے قاصد کا نہ پیغام تمام
تھا سخن لب پر، کہ قاتل نے کیا کام تمام
طپش دل نے نہ چھوڑا کہ کبھی ہم اک بار
لائیں تسکیں کے لئے، لب پہ ترا نام تمام

"مسلموں" ! جیتے رہے شب ہجر
منہ وصل میں کیا دکھائیں گے ہم

چشم گریاں ، ترے رخسار پہ شب تھی کس کی
شبنم آلودہ سا ، کچھ فکر سفر ہے کہ نہیں

صورت نقش قدم ، مجھ سے اُٹھا جائے کہاں
اس سر راہ پہ بندہ تو رہا ، جائے کہاں

خم میں بیٹھا جو فلاطوں تو یہ کہتا تھا سپہر
رہ ! تری خاک کو ، میں صرف سبو کرتا ہوں

صبا پیغام یہ کہیو ہمارا ، ہم صفیروں کو
سنا جایا کرو ، آواز گاہے ہم اسیروں کو

آپ کو خاک کیا ، خاک کو برباد دیا
کوششیں کی ہیں دم عشقِ فنا ، کیا کیا کچھ

یارب ، یہ کس کا کوچۂ دل کش ہے ، جو ادھر
جاتا ہے جی کھنچا مرا ، ہر اک قدم کے ساتھ

روش کچھه اور هے اس کي ، مرے طریق هیں اور
دلا ! نظر نهیں آتي هے کچھه نباه کي راه

پاؤں " مسلوں " نے نکالے هیں بهت ، دیکھو تو
هیں بهي اس شهر میں زنجیر بنانے والے

کهلا نه ، حالت " مسلوں " هے کیا ؟ یه دیکھوں هوں
که هاتهه ، دو دو پهر تک دل طپاں پر هے

غمزے کو پهر هیں کاوشیں ، اِس دل پاش پاش سے
قطرۂ خوں هے دو بدو ، دشنۂ جاں خراش سے
وصل میں بهي نگاه شوق ، تامژه یاں ، نه آ سکی
عشوه کے اهتمام سے غمزے کی دور باش سے
حسرت و یاس ورنج و غم ، محنت و غصه ، درد وسوز
خانۂ دل کو ، آئے هیں ڈهونڈه کے سو تلاش سے

دماغ اس شور هستي کا کهاں نازک دماغوں کو
مگر اب ، خواب راحت ، زیر دامانِ عدم کیجئے
بهري آتي هے چهاتي ، یاد میں یاران رفته کی
یه دل اور اس قدر صدمے ؟ بهلا کس کس کا غم کیجئے

کرنے نہ پائے نہم تبسم ' کہ بس چلے
جوں غنچہ ' رنگ گلشن ہستی پہ ہنس چلے

رکے ہے ' ضبط سے دم ' آہ سے جگر اپنا
نہ ضبط کرتے ہی بن آئے ہے نہ آہ کئے
سنا ہے "مسدوں" آ مرز گار اس کا نام
اس آسرے پہ ' نہ کیا کیا ' یہاں گناہ کئے

بے طاقتی نے جس جا ہم کو بٹھا دیا ہے
پھر اضطراب دل نے واں سے اُٹھا دیا ہے
خوبی پہ ناز اپنی ' جو کیجیے بجا ہے
مکھڑا خدا نے تم کو اک چاند سا دیا ہے [۱]

وفا

نول رائے نام ' خوش گزران اور خوش اوقات تھے - بعض قول کے مطابق خواجہ حسن کے معاصر تھے - کلام میں قدرت اور مہارت کا رنگ ہے اس کے ساتھ ضروریات غزل بھی ہیں سلاست اور روانی بھی ہے ' طرز بیان میں خوبی بھی ' لیکن اثر کم ہے -

عارض پہ تمہارے ' یہ پسینا ہیرے کا ہے ' لعل پر نگینا
اس غم میں بری ' گر رہا سلامت پتھر سے بھی سخت ہے ' یہ سینا

---

[۱] انتخاب حسرت -

پہلے تو دل سہج میں ' گرفتار ہوگیا
اب چھوٹنا یہ زلف سے دشوار ہوگیا

کہے ہے کس سے ؟ دل ' احوال اپنا
پڑا ہے یاں ہمیں ' جنجال اپنا

کل دل کسو لیا ' مکر گئے آج
بس ! آپ کا اعتبار دیکھا

حباب آسا نہ بھول ! ہستی پر اپنی
کہ غافل ! کیا بھروسا ہے نفس کا ؟

اُس کو ' منظور یاں سے جانا تھا   گریہ میرا ' فقط بہانا تھا
دل نہ کرتا تھا اس طرح سے خراب   عاقبت ' وہ ترا ٹھکانا تھا

شعلہ زن ہے ہمیشہ ' داغ اپنا   بجھ نہیں جانتا ' چراغ اپنا

اپنی غرض کو ' ہم تو سبھی کچھ سہیں گے ' لیک
ہوتی ہے گالیوں سے ' تمہاری زباں خراب

عشق میں ' امتیاز رتبہ نہیں   خاک پائے ایاز ' ہے محمود

بت سے لیتے ہیں کار، حضرت حق
شیخ تک دیکھ اعتقاد ہند-سوز

ہوئے گا دل سے محو، غم یار کب تلک
کیوں ہم نشیں! یہ جاوے گا آزار کب تلک؟
کہنے لگا وہ، سن کے مرا نالۂ و فغاں
یارب! جیا کرے گا یہ بیمار کب تلک؟

نوبت، غم فراق میں پہنچی ہے، جاں تلک
ظالم! شکیب و صبر پھر آخر کہاں تلک؟

اک راہ کوئے زلف، سو سربستہ اے وفا!
ہم آہ کس طرف کے تئیں لیں سراغ دل

کچھ خیریت نہیں نظر آتی مجھے، کہ آج
لگتے ہیں اس کے کان سے اغیار، دم بہ دم

بس کہ اپنے انقلاب بخت سے ڈرتے ہیں ہم
بستر گل پر بھی سوزاں ہی، قدم دھرتے ہیں ہم

شعلہ، درہم باؤ سے ہوتا نہیں اے اہل بزم
شمع، سو ہلستی ہے کر کر یاد، پروانے کے تئیں

شیخ! کچھ فرق ہے تیرے ہی نظر آنے میں
ورنہ ہے ایک وہی، کعبہ و بت خانے میں

اپنی ہی چشم کے تئیں، تاب نظر نہیں
ورنہ وہ آفتاب کہاں جلوہ گر نہیں

حسن عمل پہ اپنے، نہ بھول اس قدر کہ شیخ
واں کے معاملے سے کسی کو خبر نہیں

پھول بہتے، لب دریا جو نہ دیکھے ہوں تو آ
ساتھ آنسو کے ہیں، یاں قطرہ خوں تاب رواں

بیچے ہے، اک نگاہ پہ دل کے تئیں "وفا"
لینا ہو گر تمہیں تو کچھ اتنا گراں نہیں

مے کشوں نے، مے میں پایا، بلگیوں نے بلگ میں
مل رہا ہے وہ، طرح پانی کی ہر اک رنگ میں [۱]

---

[۱] مخزن نکات -

راقم

بندرابن نام ' قوم کائستھ ' دھلي کے رھنے والے تھے - ان کي شاگردي کے متعلق مختلف اقوال ھیں ' بعض ' مرزا مظہر کا شاگرد بتاتے ھیں - بعض سودا کا اور کوئی مہر کا شاگرد کہتا ھے ' مگر صحیح یہ ھے کہ مہر ھی کے شاگرد تھے کیونکہ خود مہر نے ان کو اپنے تذکرے میں اپنا شاگرد بتایا ھے ' آخر میں "سودا" کو بھي کلام دکھاتے تھے - فن شعر کے ماھر تھے ' اور خوب کہتے تھے - ان کے اشعار میں روانی کافی ھے ' غزل میں رنگ کسي قدر پھیکا ھے ' تاھم لطف سے خالي نہیں -

---

دل ' کنج قفس میں کر یاد بہت رویا
ھنسنے کے تئیں گل کے ' کریاد بہت رویا

نامہ کا مرے ' اس سے لے کر جواب پھرنا
پر واسطے خدا کے ' قاصد ! شتاب پھرنا
اک وے بھی دن تھے یارب ! جو تھا ھمیں میسر
گلشن میں ساتھ اس کے ' پیتے شراب پھرنا

نہ ترے عشق میں بلبل ھي کو ' نالاں دیکھا
چاک ھر گل کا ' گلستاں میں گریباں دیکھا

سلتے ہیں ہم، کہ ہوتی ہے جگ میں دوام صبح
ہوگی کبھی اے چرخ! ہماری بھی شام، صبح

کہے کیا، درد دل بلبل گلوں سے
اُڑا دیتے ہیں اس کی بات ہنس کر
جو چاہے گوہر مقصود اے دل!
صدف کی طرح تو پاس نفس کو

صیاد کیا تو چھوڑے گا مجھ کو، قفس سے آہ
کھٹکے ہے میری دل میں بہت، خار خار باغ

اے عشق! مجھے کوئی طرح مار
تا یار کہے کہ ہائے عاشق

کس کے گلے کے قطرۂ خوں، ہیں تہ زمیں
جوں تکمہ، اُگتے ہیں گل اورنگ اب تلک

ابر ترسے، چشم گریاں کم نہیں
موج دریا ہے، شکنج آستیں

اے باغباں نہیں ترے گلشن سے، کچھ غرض
مجھ کو قسم ہے، چھیڑوں اگر برگ و بر کہیں

اتنا ہی چاہتا ہوں کہ میں اور عندلیب
آپس میں درد دل کہیں، ٹک بیٹھ کر کہیں

دیکھا نہ ہو جسے میں، کوئی سر زمیں نہیں
پر تخم دل ہو سبز جہاں، سو کہیں نہیں
سنتے تھے ہم جہان میں، اہل کرم کے ہاتھ
آیا جو دید میں تو کم از آستیں نہیں

مری بد شرابیوں سے، کریں توبہ مے گساراں
زہے وہ عمل کہ ہووے، سببِ نجات یاراں

کام عاشقوں کے کچھ تجھے منظور ہی نہیں
کہنے کو ہے یہ بات کہ مقدور ہی نہیں
کہتا تھا کون یہ، کہ خوشی تھی جہاں کے بیچ
اس بات کا تو یاں کوئی مذکور ہی نہیں

یاں تک، قبول خاطر کیجے تری جفا کو
تا سب کہیں کہ "راقم! رحمت تری وفا کو"

معصیت میری بہت ہے، یا کہ بخشش تیری بیش
اپنی رحمت پر نظر کر! میری عصیاں کو نہ دیکھ

مژگاں سے دل بچے تو ' ٹکڑے کرے ھے ابرو

یہ کہہ کے میں نے اس سے جب دل کی داد چاھی

کہنے لگا کہ " ترکش جس وقت ھو وے خالی

تلوار پھر نہ کھینچے تو کیا کرے سپاھی "

پہونچا نہ آہ درد کو ' میرے کوئی طبیب

یارب ! عجب طرح کا کچھ آزار ھے مجھے

بیچوں ھوں میں اُس پاس ' یہ دل نیم نگہ کو

اس پر بھی ستم ھے ' جو خریدار نہ ھو وے

رونے میں اس قدر تو جگر ' اے جگر نہ کر

دیکھا نہ تونے کچھ کہ دل و دیدہ کیا ھوے [۱]

فیض

(میر) شمس‌الدین نام ' دکن کے رھنے والے امیر اور فارغ‌البال فاضل اور صوفی تھے ' اشعار میں ھندی الفاظ اور محاورات اکثر لاتے ھیں تاھم صاف اور سلیس کہتے ھیں - متعدد کتابوں کے مصنف تھے - وفا کے کئی دیوان بھی ھیں جو چھپ بھی گئے

---

[۱] مخزن نکات - نکات‌الشعرا - چمنستان شعرا -

ہیں - سنہ ۱۱۹۵ھ میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۲۸۲ھ میں وفات پائی [۱] -

---

کفر جو تھا ' دین مرا ہوگیا   بت بھی ' نصیبوں سے خدا ہوگیا
کیسی دوا ! مجھ کو مسیحا نے دی   درد محبت کا ' سوا ہوگیا

حرم میں ' دیر میں ' جب کوئی رو بہ رو آیا
مجھے یقین ہوا بس یہی کہ تو آیا
اُڑائیں جیب کی لاکھوں ہی دھجیاں میں نے
مگر نہ قبضے میں دامانِ آرزو آیا
کسی کا کوئی بھی مسلوں نہیں ہے کر انصاف
اِدھر سے میں نکل آیا ' اُدھر سے تو آیا

کریں ہم کس کی پوجا اور چڑھائیں کس کو چندن ہم
صنم ہم ' دیر ہم ' بت خانہ ہم ' بت ہم ' برہمن ہم
در و دیوار ہیں نظروں میں اپنی ' آئنہ خانہ
کیا کرتے ہیں ' گھر بیٹھے ہوئے آپ اپنا درشن ہم
کب اُٹھتے ہیں اُٹھائے سے کسی شیخ و برہمن کے
درِ دلبر پر اپنے ' مار کر بیٹھے ہیں آسن ہم

---

[۱] دکن میں اردو -

خط جادو ہوں یا میں نقش پا ہوں
غرض ' افتادگی کا رہ نما ہوں
عبث رکھتے ہیں مجھ پر تہمت مرگ
بہت راتوں جگا تھا ' سو رہا ہوں
نہ کر ! اس چشم کا پھر مجھ کو بیمار
ابھی اے '' فیض '' مر مر کے جیا ہوں

نہیں فرق کچھ دیر میں اور حرم میں
جو بت چاہتے ہیں ' خدا چاہتا ہے [۱]

خاموش

(شاہ) معین‌الدین نام ' بیدر (دکن) کے رہنے والے تھے صابریہ طریقے کے فقیر تھے ' کلام میں تصوف کا رنگ ہے ' اس کی خاص خاص اصطلاحیں موزوں طریقے سے لائے ہیں ' زبان عامی زیادہ ہے سنہ ۱۲۸۹ع میں انتقال ہوا [۲] -

---

[۱] دکن میں اُردو -

نوٹ - یہ بھی دکن کے رہنے والے لیکن دھلی کے پیرو تھے - مرتب -

[۲] دکن میں اُردو -

نوٹ - فیض اگرچہ دکن کے رہنے والے ہیں ' لیکن دھلی کے شعرا اور وہاں کی شاعری کے پیرو ہیں اس لئے ان کا نام شعرائے دھلی کے سلسلے میں درج کیا گیا - مرتب -

کفر ، کافر کو بھلا ، شیخ کو اسلام بھلا
عاشقاں آپ بھلے ، اپنا دل آرام بھلا

شکل انساں میں خدا تھا ، مجھے معلوم نہ تھا
حق سے ناحق میں جدا تھا ، مجھے معلوم نہ تھا
ایک مدت ، حرم و دیر کو ڈھونڈھا ناحق
سہم بر ، بر میں چھپا تھا ، مجھے معلوم نہ تھا
ہو کے "خاموش" عجب سیر و تماشا دیکھا
رنگ بے رنگ ہوا تھا ، مجھے معلوم نہ تھا

آشیاں اپنا ، گلستاں سے اٹھا لے بلبل
باغ کو چھوڑ دے ، جنگل کی ہوا لے بلبل
چہچہے کرتی ہے کیا ؟ اس سے نہیں کچھ حاصل
مثل پروانہ پر و بال جلا لے بلبل

چڑھا ہے سولی پہ خاموش ہو کے ، جب منصور
سوائے حق ، نظر آئی نہ دار ، آنکھوں میں [۱]

امین

(خواجہ) امین‌الدین نام ، عظیم‌آباد کے رہنے والے تھے - ان کے خمیر میں دوستی اور دوست پروری تھی ، کچھ دنوں

---

[۱] دکن میں اردو -

مظفر جنگ بہادر کي مصاحبت میں رهے ؛ اُس کے بعد گوشه نشین هوگئے - مضمون کي تلاش میں آمد کی پروا نہیں کرتے ' بندھ اور صفائي میں اِن کا کلام ممتاز هے -

ان کا ایک مختصر دیوان هے ' سنه ۱۲۵۹ ھ تک زندہ تھے -

دنیا میں جو اگر نه کرے عشق بتاں کا
نزدیک همارے ' هے یہاں کا نه وهاں کا
مانند نگیں آپ سے کاوش میں پڑا هے
مشتاق جو کوئي هے ' یہاں نام و نشاں کا

گھر مرے آنا اگر منظور
آئے هوتے لطف سے کیا دور تھا ؟

جس کا دل آپ نے لیا هوگا
خاک میں لے ملا دیا هوگا
هم کو کیا ' گر بہار آئی هے
دل ' وہ غنچه نہیں که وا هوگا
مل گیا هوگا خاک میں ' جوں اشک
تیري آنکھوں سے جو گرا هوگا

شور هے عالم میں ' تیرے حسن عالم گیر کا
تو هی هوگا ' گر کوئی هوگا تري تصویر کا

دیکھ بھال ' اس دل صد چاک کو لیتے ہیں بتاں
میں نے یہ شیشہ کہا ' کیا ہی ہنر سے پیوند ؟

ڈر سے ترے ' نالہ بھی نکلتا نہیں لب سے
ظالم ! ہے ترے ظلم کی تاثیر ہوا پر

دل خیال زلف میں ' بے خواب و بے آرام ہے
رات ہوتی ہے "امیں" بھاری ہر اک بیمار پر

کیا کہوں ؟ یار سے ایسی سی کیے جاتا ہوں
گالیاں کھاتا ہوں ' غصے کو پئے جاتا ہوں
جی نکلتا ہے ' یہ لب یاد میں ہلتے ہیں ترے
مرتے مرتے بھی ترا نام لیے جاتا ہوں

چاک سینے کا مرے لوگ عبث سیتے ہیں
ہم تو زخمی ہیں نگاہوں کے ' مگر جیتے ہیں
فائدہ کیا ہے بھلا ہم جو کریں فکر معاش
غم کو کھاتے ہیں "امیں" خوں جگر پیتے ہیں

بتاں مجھ سے کہتے تھے کیا کچھ نہیں
و لیکن جو دیکھا ' تو تھا کچھ نہیں

میں بوسہ جو مانگا ، تو جھلجلا کے وہ
لگا کہنے : " کیا ہے " ؟ کہا ، کچھ نہیں

مجھے تو کبھی عمر بھر غم نہ ہو
ملاقات تیری اگر کم نہ ہو
میں در گذرا صاحب سلامت سے بھی
خدا کے لیے اتنا برہم نہ ہو
ہم آنے کو مانع نہیں غیر کو
پر اتنا بھی خلوت میں ہردم نہ ہو
" امیں " کی غذا اب رہی ہے یہی
الٰہی ! یہ خونِ جگر کم نہ ہو

ہوئی ہے آشنائی جب سے اُس بے ہوش سے مجھ کو
جو صاحب عقل ہیں کہتے ہیں اہلِ ہوش سے مجھ کو
بھڑکتا ہے جگر میرا ، دل پر داغ کی دولت
" امیں " جلنا پڑا اس آتش خاموش سے مجھ کو

کیا کہیں ؟ درد آہ کی تاثیر ؟
گھر کا گھر ہے سیاہ ، مت پوچھو
مفت مارا گیا ، ہزار افسوس
تھا " امیں " بے گناہ ، مت پوچھو

جب دکھاتا ہے وہ شرابی آنکھ
وہ نہیں جاتی ہے گلابی آنکھ
لخت دل کتنے رہے ہیں مژگاں سے
ہے مگر خانۂ کبابی آنکھ

دن کٹا فریاد میں اور رات زاری میں کٹی
عمر کٹنے کو کٹی ' پر کیا ہی خواری میں کٹی ؟
صبح گر صبح قیامت ہو تو کچھ پروا نہیں
ہجر کی جب رات ' ایسی بے قراری میں کٹی
تیری آنکھوں کی پرستاری میں دل گھبرا گیا
ہائے اس بیمار کی ' بیمار داری میں کٹی
اِس زمانے میں ' "امیں" ' مت کر کسی سے دوستی
شمع کی گردن ' نہ دیکھی ' دوست داری میں کٹی ؟

رنگ چہرے کا زعفرانی ہے
عاشقی کی ' یہی نشانی ہے
کس سے تشبیہ دیں بھلا تجھ کو ؟
دیکھا یوسف تو تیرا ثانی ہے
شمع رویاں سے اتنا گرم نہ مل
اُن کی جو بات ہے ' زبانی ہے
رات دن جھینکتے ہی جاتا ہے
کیا " امیں " ایسی زندگانی ہے ؟

خضر نے اک دم پیا تھا ' لے کے آب زندگی
مانگتے ہیں اب تلک ' اُس سے حساب زندگی
کیا بھلا اس مے کدے میں ' جی کسی کا شاد ہو
مر گیا آخر کو پی جن نے شراب زندگی

معلتی آرام کیا ہے؟ تو نہ کچھ سمجھا " امیں "
ہم تو مدت سے اُلٹتے ہیں کتاب زندگی

چتلے تھے محفل میں ، تھا سب سے تپاک اور اختلاط
ایک ہم کم بخت گویا واں گلہ گاروں میں تھے
ہاتھ اُٹھانا جان سے ، پیارے ! نہت دشوار ہے
کیوں ؟ نہ دیکھا کل سبھی تو ناز برداروں میں تھے

بھر عمر گدائی میں بھی کرتے رہے شاہی
دنیا میں جو ٹھانی تھی ، یہاں ہم نے نباھی
کیا دین سے غافل ہیں ، " امیں " مردم دنیا ؟
سکے کو سمجھتے ہیں سدا اپنا الٰہی

نری نگہ کے جو ہوں کے مارے ، نہ مانگا ہوگا اُنہوں نے پانی
نہ ایسی دیکھی ہے تیغ ہم نے ، نہ ایسی دیکھی ہے آب داری

بتاں ، اُٹھا تے نہیں ہاتھ میرے سینے سے
رہے ہے سنگ کے تئیں لاگ ، آبگینے سے
نہ اُٹھ سکے گا مرے لب سے حرف بوسے کا
مٹا سکے ہے کوئی نام کو نگینے سے ؟
" امیں " ضعیف میں اتنا ہوا ہے بقول " فغاں "
" اتنک کے آہ نکلتی ہے میرے سینے سے "

کیا برا وقت تھا، اُس شوخ سے جب آنکھ لگی ؟
جب تلک جیتے رہے روز نہ شب، آنکھ لگی

حیات جاوداں بخشے ہے تیغ آب دار اُس کی
اگر باور نہ آوے جا کے کھاوے، جس کا جی چاہے

یار بھی اب گلہ لگا کرنے یہ بھی اپنے نصیب کی خوبی

ہاتھ میں اپنا سر، لیے رہنا
عشق کی پہلی یہ سلامی ہے

زاہد، کبھو تو گرد نہ پھر یو شراب کے
یاں آگ ہے چھپی ہوئی، پردے میں آب کے

کہا کرتے ہو مجھ کو، قابل جور و جفا "یہ ہے"
جو کوئی چاہے کسی کو، اے بتاں ! اُس کی سزا یہ ہے
برہمن دیر پوجے ہے اور کعبہ کے تئیں زاہد
پرستش ہم جسے کرتے ہیں، وہ نام خدا یہ ہے

رباعی

یہ جور و جفا، یہ بے وفائی کب تک
بس کیجئے پاس آشنائی کب تک

کرتا ہے کوئی حسن پر اتنا بھی غرور
دیکھیں تو رہے ہے یہ خدائی کب تک

مثنوی

ایک ہیں آشنا مرے غم خوار
پوچ گو، بے وقوف بدالطوار
ان کی تعریف کیا کروں میں بیاں
کیسی شرمائی ہے کی منھ میں زباں
دل ہے اُن کا کہیں، دماغ کہیں
گھر میں ڈھونڈو تو بھونی بھانگ نہیں
منھ کو اُن کے خدا نہ دکھلاوے
گر کوئی دیکھے خاک کیا کھاوے؟
چار پیسے کا سیر بھر ٹھرا
پی کے رکھتے ہیں جی میں یہ غرا
آج دنیا میں ہیں جو کچھ، ہم ہیں
مالکِ چار دانگِ عالم ہیں
دیکھتا ہوں جو اُن کی میں صورت
یاد آتی ہے جن کی صورت
گال جبڑے سے یوں رہے ہیں لپٹ
لگ رہے ہوں کواڑ کے جوں پٹ [۱]

---

[۱] خمخانۂ جاوید - سخن شعرا -

حسن

خواجہ حسن نام ' خواجہ ابراہیم کے بیٹے اور خواجہ بہکھاری مودودی کے نواسے تھے ' دھلی اِن کا وطن تھا - وجیہہ اور خوبصورت تھے ' لطیفہ گوئی اور موسیقی میں کمال رکھتے تھے ' لکھنؤ کی رھنے والی بخشی نام کی طوایف پر عاشق تھے ' اشعار اندر جابجا اپنے خیال میں اِس کے نام کا نگینہ جڑا ھے ' نجوم میں کافی مہارت تھی - کلام میں موسیقیت کا رنگ لفظ لفظ سے نمایاں ھے ' اکثر اشعار دل کی زبان سے کہتے ھیں - جذبات عشق کے اظہار میں محاورات اور زبان کی چنداں پروا نہیں کرتے ' جعفر علی خاں حسرت کے شاگرد تھے -

---

حال دل اپنا ' میں ھر ایک سے کہوا دیکھا
واں کسی ڈھب سے یہ ھوتے نہ پزیرا دیکھا
وقت نظارہ نہ رو ' کہتے تھے اے چشم تجھے
شدت گریہ سے ' لے خاک نہ سوجھا دیکھا

یہی شورش عشق ھے تو اِلٰہی
اِس آغاز کا ' کیونکہ انجام ھوگا
رھی بے قراری اسیروں کی یوں ھی
تو صیاد ! ٹکڑے ترا دام ھوگا
موئے ھم تو ' پر بے قراری وھی ھے
خدا جانے کب دل کو آرام ھوگا

اگر نزع سے جاں بخشی کو آئے
تو اِس میں تمہارا بڑا نام ہوگا

جو بندہ خانے میں آئے گا، فقیر تم کو دعا کرے گا
کسی کے دل کو جو خوش کروگے خدا تمہارا بھلا کرے گا

عالم اِس حور کی جو جلوہ گری کا دیکھا
پھر یہ جلوہ نہ کسی حور و پری کا دیکھا

پہونچے وہاں کچھ، جب تیئں پیغام ہمارا
یہاں تب تیئں آخر ہی ہوا کام ہمارا

کیا قتل اور جان بخشی بھی کی
"حسن" اِس نے احساں دوبارا کیا

اُمڈ کے آنکھ سے اک بار بہہ چلے آنسو
ہنسی ہنسی میں، جو ذکر وداع یار ہوا

وقت و داع یار دل بے قرار نے
یہ آہ کی کہ عرش مُعَلّےٰ ہلا دیا

آنا محال ' هوش میں هے مجھ سے مست کا
بد هوش هوچکا هوں ' میں روز الست کا

کیسی صحبت اُٹھ گئی! کیوں یار ' کیا تھا کیا هوا ؟
مٹ گیا نقشہ وہ سب ' یک بار کیا تھا کیا هوا ؟

وہ جب تک کہ زلفیں سنوارا کیا کھڑا اس پہ میں جان وارا کیا

مانوں میں وعدہ' فردا اے یار جب ترے وعدے کا فردا هوتا

تو جو ڈھونڈے هے '' حسن ''! خلوت کو
عین خلوت میں اکیلا هوتا

دل دلاسوں سے کرے هے آہ و زاری بیش تر
خانۂ ماتم میں هو پُرسے سے ' زاری بیش تر

جان بخشی کو بھی آیا نہ دم نزع '' حسن ''
اِس نے اِس وقت میں بھی هم سے چھپائیں آنکھیں

بھلا میں دوانا سہی پر یہ ناصح
مرے ساتھ بکتا هے ' عاقل کو دیکھو
یہاں تھک کے بیٹھے هو کیا راہ میں تم ؟
چلو راہ رو! اپنی منزل کو دیکھو

حقیقت کہیں کیا، ہم اِس انجمن کی
نہ تھی واں خبر، اپنے ہی تن بدن کی
اگر جاں کنی میں وہ جاں بخش آوے
تو ہو نزع سے جان بخشی "حسن" کی

یہ تو نے مجھ سے نالۂ شب گیر! کچھ نہ کی
یاں دل جلایا اور وہاں تاثیر کچھ نہ کی

کب میں کہتا ہوں کہ میری جان جانے سے رہے
پر تک ایسا ہو کہ یہ دل تلملانے سے رہے
آہ کس کس بے وفائی کا؟ میاں! کیجیے شمار
اور تو سب اک طرف، منہ بھی دکھانے سے رہے
کس طرح سے زیست ہو وے گی بھلا اے دوستو!
اب تو قاصد بھی، اِدھر کو آنے جانے سے رہے

آکر بلا سے قتل ہی کر جائیے مجھے
صورت اِسی بہانے سے دکھلائیے مجھے

غم نے ایذا جو اے صنم بخشی
یہ بھی سرکار کی، کرم بخشی [۱]

---

[۱] سخن شعرا - خمخانۂ جاوید -

گرفتار

سلگی بیگ نام، قوم کے مغل فوج میں ملازم، حاتم کے شاگرد تھے، کلام میں تغزل کی شان ہے، زبان بھی صاف اور سلیس ہوتی ہے [۱] -

---

ساقی یہ غنیمت ہے جو دم جام سے گزرے
اس عالم فانی میں بھروسا نہیں دم کا

جستجو دنیا کی مت کر اے "گرفتار" اس قدر
کیا بھروسا ہے جہاں میں، عمر بے بنیاد کا

خانہ خراب، عشق اِکا ہو اور کیا کہوں
خواب عدم سے سوتوں کو ناحق جگا دیا

اُس طرف گزرے کبھو، اس شہہ سوار حسن کو
اے صبا! کہیجو ہماری خاکساری کی خبر

لطف سے تیرے تو کچھ دور نہیں، پر ہم کو
ناتوانی سے ہے ہر ایک قدم پر منزل

---

[۱] مجموعۂ نغز ج ۲ ص ۱۳۸ - میر قدرت اللہ قاسم، مرتبۂ محمود شیرانی -

خدا کے واسطے، کوئی کہو میرے مسیحا کو
جو آتا ہے تو آ! کوئی رمق ہے جان آنکھوں میں

——

اے "گرفتار" اس کی باتوں پر نہ بھول
یہ لگاوٹ کی ہیں دل آویزیاں

——

شکایت ترے جور کی، کیا کریں ہم؟
خدا جو دکھاتا ہے ہم دیکھتے ہیں
جگر جل گیا، آتش غم سے اپنا
تعجب ہے آنکھوں کو نم دیکھتے ہیں

——

جلتا ہے جگر، جاکے کہو دیدۂ تر کو
اے خانہ خراب! آگ لگی ہے ترے گھر کو

——

آتش غم سے شب ہجراں میں با سوز و گداز
شمع کے مانند جلتا ہوں سحر تک شام سے

——

شب ہجراں میں تیری کیا کہوں؟ جو کچھ کہ گذرے ہے
کٹے ہے دن تو جیوں تیوں، پر قیامت رات بھاری ہے

——

درد ہو جس کے، کچھ دوا کیجے
جی ہی بے چین ہو تو کیا کیجے؟

——

موج گل ' حلقۂ زنجیر ہوئی ہے بلبل
پھنس گئے ہم تو ' کہیں تو نہ خبردار پھنسے

دل جو ہے بے قرار کیا جانے ؟
کس کا ہے انتظار کیا جانے ؟
درد مندوں میں ' دیکھئے وہ شوخ
کس کا ہو غم گسار ؟ کیا جانے

عظیم [۱]

(مرزا) عظیم بیگ نام ' کابلی اصل ' مگر دہلی میں آباد ہوگئے تھے ' " حاتم " کے شاگردوں میں ان کا درجہ بھی بلند تھا ' قریب قریب ہر صف میں طبع آزمائی کی ہے ' لیکن میدان غزل ہی رہا ہے ' کلام میں خیال بندی اور نفاست ' لطافت بیان اور مضمون آفرینی کی شان ہے - اور آخر عمر میں خواجہ میر " درد " اور " سودا " سے بھی توسل تھا - " میر انشا " کا زمانہ بھی پایا تھا ' بلکہ ان کی ہجو میں ایک مخمس بھی موجود ہے -

---

اتنی تو بے حواسی ' دیدار کی ہوس پھر
بس ہم نے موسئی دل دیکھا شعور تھرا

---

[۱] مجموعۂ نغز -

شوق میں تیرے ' لگا نام کو عالم کے کلنگ
تو بھی تو مثل نگیں ' گھر سے نہ باہر نکلا

موقوف نہ ساقي ھی پہ رکھہ کام ھمارا
تو ھي کبھی اے عمر ! بھر اب جام ھمارا

جلوہ فرما ' دل جو مے خانے میں وہ مے نوش تھا
مثل جام و شیشہ ' دل با دیدہ ھم آغوش تھا

ھر آن ھم غلي ھیں ' عریاں تنی کي دولت
جامہ رکھے سو جانے ' دامن دراز کرنا

نالہ و شور و فغاں ھے تری دم سازی سے یار !
ورنہ جوں نے ' دل ھمارا محض بے آواز تھا

گل چشم خوں فشاں سے ' گلزار پیرھن تھا
دامن کا تھا جو تختہ ' یک تختۂ چمن تھا

عقل و ھوش ایدھر کو دل کھینچیں اُدھر وحشت جنوں
دیکھئے ھوتا ھے کس کے یہ دریکتا نصیب

بعد میرے ہوئی ' یہاں [۱] عشق کو تاثیر نصیب
مثل سیماب ' موئے پر ہوئی اکسیر نصیب

روشن کرے ہے نام نگیں کر کے روسیاہ
ہے اس میں بھی ہنر جو کرے اختیار عیب

خاک غبار خاطر و باد دم حباب
آب شراب او آتش رنگ گل بہشت
چاروں یہی عناصر موہوم کر بہم
دل کی ہمارے صانع قدرت نے کی سرشت

پیدا کرے جو نام کوئی تو مٹے ہے کھوج
عنقا کے جی سے پوچھئے نام و نشاں کی بات
بیٹھا ہوں سر لیے تری تقریر پر " عظیم "
جوں شمع سر کے ساتھ ہے میری زباں کی بات

ہوں میں وہ مست ازل ساکن ظلمات کہ جو
حشر کو بھی نہ سنوں کان سے آوازۂ صبح

جوں صبح چاک جیب سے ذرہ پھرے نہ آنکھ
یہاں ہے بہ شکل مہر نظر تار تار پر

---

[۱] تمام نسخوں میں " یہاں " ہے لیکن " یاں " پڑھا جائے گا ' اس دور میں اکثر یہی صورت نظر آتی ہے -- مرتب -

غم میں ترے جو یونہیں اڑاتے پھریں گے خاک
پہنچے گی کوئی دن میں زمیں آسمان پر

جوں شانہ سینہ چاک ہوں لیکن سوائے شکر
گذرا کبھی نہ شکوہ سر مو زبان پر

تقریر سر گذشت نہ پوچھو کہ خامہ وار
آتا ہے گریہ ہر سر حرف بیان پر

بانگ و صلوٰۃ شیخ پہ ناداں نہ جائیو
یہاں کاٹنا گلو کا ہے تکبیر سے غرض

ہے خاک در سے تری' آرزو تیمم کی
بھرا اگرچہ ہے آب رواں سے خانۂ دل

حال دل کہنے کی یارب ہم سے کیا تدبیر ہو
جوں قلم پہلے زباں کٹ لے تو پھر تقریر ہو

خاکساری پہ سیہ چشموں کی' مت جا اے دل
سرمہ سا پھرتے ہیں یہ' آنکھوں میں گھر کرنے کو

دیکھے ہے تری چشم تو کہتا ہے یہ ساغر
پیمانہ ابھی عمر کا یارب! کہیں بھر جائے

قطرۂ نیساں کا موتی ، فی الحقیقت آب ہے
اشک جب آنکھوں سے ٹپکا ، گوہر نایاب ہے

رباعی

پوشاک پہن کے ، سج بنائی تو کیا ؟
جوں آئینہ کی جو خود نمائی تو کیا ؟
موہوم ہے جوں عکس ، نظر میں یہ شکل
آئی تو کیا و اگر نہ آئی تو کیا ؟

مخمس ہجو انشا

وہ فاضل زمانہ ہو تم جامع علوم
تحصیل صرف و نحو سے جن کی مچی ہے دھوم
رمل و ریاضی حکمت و ہیئت جفر نجوم
منطق ، بیاں ، معانی ، کہیں سب زمیں کو چوم
تیری زباں کے آگے نہ دہقاں کاہل چلے
اک دو غزل کے کہنے سے بن بیٹھے ایسے طاق
دیوان شاعروں کے نظر سے رہے بہ طاق
ناصر علی ، نظیری کی طاقت ہوئی ہے طاق
ہرچند ابھی نہ آئی ہے فہمید جفت و طاق
ٹھنگری تلے سے قدسی و عرفی نکل چلے
نزدیک اپنے آپ کو کتنا ہی سمجھو دور
پر خوب جانتے ہیں مجھے جو ہیں ذی شعور

وہ بحر کون سی ہے نہیں جس پہ یاں عبور
کب میری شاعری میں پڑے شبہ سے قصور
بن کر قبل نکالنے کو تم خلل چلے
موزونی و معانی میں پایا نہ تم نے فرق
تبدیل بحر سے ہوئے بحر خوشی میں غرق
روشن ہے مثل مہر ' بہ از غرب تا بہ شرق
شہ زور اپنے زور میں گرتا ہے مثل برق
وہ طفل کیا گرے گا جو گھٹنوں کے بل چلے

بقا [۱]

بقاءاللہ نام ' آبائی وطن اکبرآباد ' مولد دھلی اور مسکن لکھنئو تھا - شاعری کے ساتھ ساتھ تسخیر کواکب کا بھی شوق تھا - فارسی میں مرزا فاخر یکتا سے اصلاح لیتے اور غمگین تخلص کرتے تھے - اُردو میں درد اور حاتم دونوں کے شاگرد تھے - خودبیں اور زود رنج آدمی تھے - کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے ' نازک دماغی میں میر اور تلدمزاجی میں سودا کا جواب تھے - معرکۂ سخن میں دونوں سے دست و گریبان ہو جاتے تھے ۔ میر کی نسبت کہتے ہیں :—

پگڑی اپنی سنبھالئے گا میر
اور بستی نہیں یہ دلی ہے

---

۱ - بقا ' کو بعض تذکرہ نویسوں نے صرف " حاتم " کا شاگرد لکھا ہے ' اگرچہ " درد " کا زمانہ بھی پایا تھا ' لیکن ان کے کلام پر " حاتم " کی پیروی کا رنگ غالب ' ہے اس لئے " حاتم " کے تلامذہ کے سلسلے میں ان کا نام رکھا گیا - مرتب -

ایک جگہ ' سودا ' اور ' مہر ' دونوں کے متعلق لکھتے ہیں -

' مرزا ' و ' مہر ' دونوں باہم تھے نیم ملا
فن سخن میں یعنے ہر ایک تھا ادھورا
اس واسطے " بقا " اب ہجووں کی رسیماں سے
دونوں کو باندھ باہم میں نے کیا ہے پورا [۱]

بقا کی زندگی افلاس اور تنگدستی میں گذری لیکن خود داری کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوٹا -

بقا کی طبیعت میں رنگیلی اور شگفتگی تھی اس سے اُن کے کلام میں درد کم ہے - زود رنجی اور تند مزاجی نے ان کو ہجو گوئی کی طرف مائل کر دیا تھا -

بقا سنہ ۱۲۰۶ھ میں عتبات عالیات کی زیارت کے لئے روانہ ہوئے مگر راستے میں انتقال کیا -

---

خال لب آفت جاں تھا مجھے معلوم نہ تھا
دام دانے میں نہاں تھا مجھے معلوم نہ تھا
خواہش سود تھی سودے میں محبت کے ولے
سر بسر اس میں زیاں تھا مجھے معلوم نہ تھا

---

[۱] مجموعۂ نغز ج ۱ ص ۱۱۱ -

میں تو آیا تھا "بقا" باغ میں سن جوش بہار
پر یہ ہنگام خزاں تھا مجھے معلوم نہ تھا

پہنچی اُس بت کو خبر نالۂ تنہائی کی
مدعی کون کھڑا تھا پس دیوار لگا

قضا نے حال کل، جب صفحۂ تقدیر پر لکھا
مری دیوانگی کا ماجرا زنجیر پر لکھا

کعبہ تو سنگ وخشت سے اے شیخ مل بنا
کچھ سنگ بچ رہا تھا سو عاشق کا دل بنا

ڈالا نہ بار عشق، زمیں پر "بقا" نے یار
سر سے اگر گرا تو لیا تھام دوش پر

آئینہ دیکھ جو کہتا ہے کہ اللہ رے میں
اس کا میں دیکھنے والا ہوں "بقا" واہ رے میں

تجھ سیہ چشم سے امید وفا جو رکھیں
چاہئے اشک سے پہلے ہی وہ منہ دھو رکھیں

کیا کریں؟ سینہ جو ناصح سے چھپاتے نہ پھریں
داغ سے داغ ہیں کچھ اپنے گریباں کے تلے

دل سے نکلے کہیں پابوسئی قاتل کی ہوس
کاش وہ خوں کو مرے رنگ حنا ہی جانے
تیرے بیمار کو کب ہووے شفا جس کے طبیب
نہ تو کچھ درد کو پہنچے نہ دوا ہی جانے

کچھ تعین نہیں اس راہ میں جوں ریگ رواں
جس جگہہ بیٹھ گئے آہ وہی منزل ہے
کھول دو! عقدۂ کونین "بقا" کے پل میں
یا علی تم کو یہ آسان، اُسے مشکل ہے

جدا مت ہو اے داغ چھاتی سے میرے
گئے دل کا، اب اک نشاں ہے تو تو ہے

تصحیح اغلاط

نمبر شمار	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۵	۴	اشروع	شروع
۲	۱۲	۹	کرادیں	کردیں
۳	۲۲	۱۷	أساسان	أساساں
۴	۲۶	۳	فطب	قطب
۵	۲۶	۱۷	نانون	نانوں
۶	۲۶	۱۸	طوبان سون	طوباں سوں
۷	۲۷	۱۷	کون	کوں
۸	۲۸	۷	پھولان	پھولاں
۹	۲۸	۸	تون	توں
۱۰	۲۸	۹	چمنان	چمناں
۱۱	۲۸	۱۳	سون	سوں
۱۲	۲۸	۱۴	کون	کوں
۱۳	۲۸	۱۹	تون	توں
۱۴	۲۹	۷	اوس	أس
۱۵	۲۹	۱۹	کون	کوں
۱۶	۳۰	۱۲	شاهان	شاهاں
۱۷	۳۰	۱۷	مهرا گلستان	مرا گلستاں

نمبر شمار	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۸	۳۰	۲۰	تون	توں
۱۹	۳۰	۲۱	امامان	اماماں
۲۰	۳۱	۹	تہن	تہیں
۲۱	۳۳	۱۸	دپا	دیا
۲۲	۳۴	۶	تاز	ناز
۲۳	۳۸	۱	حمار	خمار
۲۴	۴۰	۳	نہن	نہیں
۲۵	۴۰	۱۶	انندان	اننداں
۲۶	۴۵	۲	حون	خوں
۲۷	۵۴	۹	ایس	اپس
۲۸	۵۴	۱۶	رصوان	رضواں
۲۹	۵۶	۱۶	نہن	نہیں
۳۰	۹۱	۲۱	مہزان	مہزاں
۳۱	۹۲	۱	عاشقان	عاشقاں
۳۲	۹۷	۴	کون	کوں
۳۳	۹۸	۵	اَن	اِن
۳۴	۹۸	۱۰	آئین	آئیں
۳۵	۱۲۷	۲۰	محدزون	محزوں

صحیح	غلط	سطر	صفحہ	نمبر
آسماں اور زمیں	آسمان اور زمین	۸	۱۵۹	۳۶
کوں	کون	۹	۱۵۹	۳۷
سکوں	سکون	۱۳	۱۵۹	۳۸
جہاں	جہان	۱۷	۱۵۹	۳۹
زمانے	رمانے	۱	۱۹۷	۴۰
اطوار	الطوار	۶	۴۰۰	۴۱

هندستانی اکیڈیمی (صوبۂ متحدہ) الہ آباد

کی مطبوعات

۱ - از منۂ وسطی میں هندستان کے معاشرتی اور اقتصادی حالات - از علامہ عبداللہ بن یوسف علی - ایم - اے ' - ایل ایل - ایم سی - بی - اے - مجلد ۱ روپیہ ۴ آنہ -

۲ - ایضاً ایضاً غیر مجلد ۱ روپیہ -

۳ - اُردو سروے رپورٹ - از مولوی سید محمد ضامن علی صاحب ایم - اے - ۱ روپیہ -

۴ - عرب و هند کے تعلقات - از مولانا سید سلیمان صاحب ندوی ۴ روپیہ

۵ - ناتن (جرمن ڈرامہ) مترجمۂ مولانا محمد نعیم الرحمان صاحب - ایم - اے ' ایم - آر ' اے - ایس - ۲ روپیہ ۸ آنہ

۶ - فریب عمل (ڈراما) مترجمۂ بابو جگت موهن لال صاحب ' رواں - ۲ روپیہ -

۷ - کبیر صاحب - مرتبۂ پنڈت منوهر لال زتشی - ۲ روپیہ -

۸ - قرون وسطی کا هندستانی تمدن - از رائے بہادر مہا مہو اُپادهیا پنڈت گوری شنکر هیرا چند اوجها ' مترجمۂ منشی پریم چند -

۹ - هندی شاعری - از ڈاکٹر اعظم کریوی -

۱۰ - ترقی زراعت - از خانصاحب مولوی محمد عبدالقیوم صاحب ' ڈپٹی ڈائرکٹر زراعت -

۱۱ - عالم حیوانی - از بابو برجموهن بہادر ' بی - اے ایل ایل - بی - ۲ روپیہ ۸ آنہ -

۱۲ - معاشیات پر لکچر - از ڈاکٹر ذاکر حسین ' ایم اے ' پی ایچ - ڈی - غیر مجلد ۱ روپیہ - مجلد ۱ روپیہ ۸ آنہ -

۱۳ - فلسفۂ نفس - از سید ضامن حسین نقوی -

زیر طبع کتابیں

۱ - مہاراجہ رنجیت سنگھ - از پروفیسر سیتا رام کوهلی ' ایم . اے -

---

سول ایجنٹ کتابستان ' الہ آباد